هو الغفور الرحیم
لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم
سراپائے بسیرا یا تماشا موسوم بہ اسم تاریخی
تماشائے عرب
جناب مولوی عبد الغفور خان
بحسن تصحیح و زیبا تسطیر در زمان سعادت اقتران
مطبع نامی منشی نولکشور مین مطبع منطبع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے ساقیٔ سیمبر کہاں ہے — اے ساقیٔ فتنہ گر کہاں ہے
اے ساقیٔ مہ لقا کہاں ہے — اے ساقیٔ باصفا کہاں ہے
اے ساقیٔ برق وش کہاں ہے — اے ساقیٔ بادہ کش کہاں ہے
اے ساقیٔ رشک جم کہاں ہے — اے ساقیٔ محترم کہاں ہے
اے ساقیٔ گلبدن کہاں ہے — اے ساقیٔ سیمتن کہاں ہے
اے ساقیٔ مہ جبین کہاں ہے — اے ساقیٔ نازنین کہاں ہے
اے ساقیٔ ماہ رو کہاں ہے — اے ساقیٔ مہر خو کہاں ہے
اے ساقیٔ شوخ شنگ مے لا — اے ساقیٔ سبز رنگ مے لا
اے ساقیٔ خود پرست مے لا — اے ساقیٔ نیم مست مے لا
اے ساقیٔ خوش لباس مے لا — اے ساقیٔ حق شناس مے لا
اے ساقیٔ مہ جمال مے لا — اے ساقیٔ باکمال مے لا
اے ساقیٔ گلعذار مے لا — اے ساقیٔ سحر کار مے لا
اے ساقیٔ مست ناز مے لا — اے ساقیٔ دلنواز مے لا

اے ساقی لالہ فام مے لا — اے ساقی خوش خرام مے لا
وہ مے دے کہ دلکو جوش آئے — وہ مے دے کہ مجھکو ہوش آئے
وہ مے دے کہ تاب دل فزون ہو — وہ مے دے کہ غم کا دل ہی خون ہو
وہ مے دے کہ دلکی غم کو کھوئے — وہ مے کہ کدورتونکو دہوئے
وہ مے دے کہ نور دل بڑہائے — وہ مے کہ سرور تازہ لائے
وہ مے کہ طرب فزائے دل ہو — وہ مے کہ گرہ کشائے دل ہو
وہ مے کہ زبان پہ حال دل لائے — وہ مے کہ بہار تازہ دکھلائے
منظور ہے وصف یار جانی — وہ مایۂ عیش و شادمانی
وہ باعث لطف زندگانی — وہ موجد عشرت جوانی
وہ جو ہے پریرخون مین مشہور — وہ جو ہے شرارتون سے معمور
یعنی یہ ہے جبین اوس پری کا — مستی مین رقم کرون سراپا

صفت قامت

ہے آفت جان بلا وہ قامت — یا کہیے نمونۂ قیامت
ہے غیرت نخل طور قامت — روشن ہے برنگ نور قامت
شاخ کی باتون کیطرح راست — وہ قد ہے غضب کا بے کم و کاست

صفت دوپٹا اور فرق مو اور گوہر فرق کی

وہ سر پہ دوپٹا آسمانی — عاشق کو بلائے آسمانی
وہ صاف ہے فرق مو کی تحریر — ہو ڈہال پہ جیسے خط شمشیر
کیا صاف ہے تیغ حسن کا ہاتہہ — ایسا نتو دیکھا نے سنا تہہ
رستہ کیا شام زلف کا صاف — کیا اوسکی صفائی کے ہون اوصاف
بالون سے دیتی ہے دکہائی — (ق) موتی سے بہری ہے مانگ اوسکی

یہ شام کے ملک پر ہے اسر — درّانی چپ ہے ہین فوج لیکر

صفت زلف اور چوٹی اور موباف کے

سب ہے منتخب اوسکی زلف پرفن — سب ہے مانگ کی یہ الف سے روشن
زلفون کی درازی کہیے کس سے — ہے عمر خضر کو رشک جس سے
لیلی ہے اگر وہ زلف شبگون — ہے شانۂ زلف اوسپہ مجنون
گیسو نہین اوسکے رخ پہ لٹکے — دل مانگنے کے ہین گویا لٹکے
یون پیٹھ پہ چوٹی ہے لٹکتی — ناگن بھی ہے سب پہ سر پٹکتی
چوٹی مین نہین زری کا موباف — لپٹی ہے سحر پہ شام سے صاف

صفت جبین و چین جبین و خال جبین و افشان جبین

روشن مہ و مہر سے ہے زائد — پیشانی ہے اوسکی قاب زاہد

قطعہ

اوس چین جبین سے دور رہیے — اوسکو رگ تیغ قہر کہیے
یا صفحۂ مہ پہ ہے مسطر — ہے خط جلی سے سورۂ نور

قطعہ

پیشانی پہ ہے جو خال پیدا — ہے سورۂ نور کا یہ نقطہ
یا خال جبین ماہ خوش خد — کعبہ مین دھرا ہے سنگ اسود
ہے جلوہ نما جبین پہ افشان — ذرے رخ مہر مین چھپان

صفت ابرو و چین ابرو و خال گوشۂ ابرو

ابرو مین جو اوسکے پیچ و خم ہے — شمشیر کا محو اوسپہ دم ہے
وندانہ تیغ حسین ابرو — فرق اسمین نہین ہے اک سر مو

ہین گوشے مین ابرو کے وہ تل — ہو زاغ کمان بہی جن پہ مائل +

صفت چشم اور مردم چشم اور نگاہ اور تحریر سرمہ اور دنبالہ سرمہ اور مژگان اور غمزہ اور شوخی اور کرشمہ اور ڈورونکی

قطعہ

بی مثل و مثال ہین وہ آنکہین — آیات قتال ہین وہ آنکہین +
شنجرف کے جدولین ہین ڈورین — ہین مردم چشم گویا نقطے +
خط وہ ہے جو سرمہ کی ہی تحریر — بنتیں اسے بنا ہی کوئی تقریر
ہین زیر و زبر وہ پلکین گویا — اعراب نہ کیون ہو مد کا دہوکا
ہے مست تو چشم غمزہ ہشیار — جس سے کہ ہو بخت خفتہ بیدار
ہے مردم چشم مردم آسا — جان بخش نگاہ ہے مسیحا +
دنبالۂ سرمہ ہے جو ایسی — مقتل سے نہین کم آنکہہ اوسکی
ہے شوخی چشم سے جگر چاک — خونریزیون مین کرشمہ بیباک

صفت بینی و ابرو و حلقۂ بینی و خال و دہن و لب

کیا بینی و ابرو پہ ہو تقریر — جوڑا ہوا ہے کمان مین تیر
شمع سر طور ہے وہ بینی + — فوارۂ نور ہے وہ بینی +

قطعہ

نقطۂ قاف ہے نقطے دو گوہر — میم اوسکا دہن ہے ای لب تر
گر کہیے قمر اوسے بجا ہے — بلکہ وہ قمر سے بہی سوا ہے

صفت گوش و بناگوش و زیور گوش

بینے ہے جڑاؤ کا نہین کان — دو کان ہے جوہری کی دوکان

جس سے کرے بات جان پائے | مردہ بھی جو ہو اوسے جلائے
ہے برق بلا اگر تبسم | ہے آفت جان غضب تکلم
دے جسکو وہ اون لبوں سے دشنام | عشاق میں کیوں نہو وہ خوش نام
گر وصل کا وہ کرے بھی اقرار | طرز ایسی کہ جس سے نکلے انکار

صفت ذقن

اب کہ ہے ذقن تہ تیغ زر سے | جس سے ہیں بہی کے دانت کھٹے
انجیر کا شق ہے جس سے سینہ | خسرو جسے سمجھے اک خزینہ
ہے سیب سے بو یا اور شیریں | سب ہے ہر گز نہ نار یا سین

صفت گلو بعقد مروارید

ہے اوسکے گلے میں وہ صفائی | دیتی ہے جو سانس تک دکھائی
موتی کا ہے یوں گلے میں مالا | ہو چاند کے گرد جیسے ہالا

صفت گردن

گردن کا وہ حسن ہے گلو سوز | جس سے جلے آفتاب ہر روز

صفت بر و دوش

ہیں وہ بر و دوش صاف و تاباں | آئینۂ ماہ جن سے حیران

صفت بغل

خوشبو وہ بغل جو سونگھ لیویں | گلزار میں گل بھی اپنی بغلیں جھانکیں

صفت دوش اور بازو اور ہتھیلی اور پور تن کی

بازو ہے شعاع مہر و کف دوش | ہیں جلوہ نور جیسے ہمدوش

ناخن سے بڑھا ہے حسن اون کا
ہے کوشش ہلال بین یہ چسپلا

ہین ناخن صاف پاک اے دل
فرق مہ نو یہ ماہ کا مسل

ہین ہاتھون مین اوسکے وہ علی بند
کڑیون مین ہین عاشقون کی جی بند

صفت جسم

وہ گون بدن بھرا بھرا ہے
سانچے مین مگر ڈھلا ہوا ہے

اوس غنچہ فریفتہ صبا ہے
اوس جسم پہ شیفتہ لطافت

عاشق ہے نزاکت اوسکے تن پہ
ہے محو ملاحت اوس بدن پہ

صفت محرم اور کرتی اور سینہ او پستان او بھٹیون کے

خورشید جمال ہے وہ سینہ
بلور کی ڈھال ہے وہ سینہ

لیکن چھپیان ہے اوسپہ پستان
الماس کا پھول ہے نمایان

پستانون پہ بھٹیون کا جلوا
دکھلاتا ہے رنگ شمع و گل کا

انگیا جو ہے پیچ بتیون کی
محرم کی نگہ غضب اٹھی تھی

ہاتھون سے سنبھتے ہے دو پستان
ہے میوہ نخل طور پستان

باریک کریپ کی وہ کرتی
وہ جوش شباب اور وہ پھرتی

انگیا سے وہ جالی کی غضب کی
چھپکا بھی جسپہ لوٹ ہے جی

انگیا ہین چھپین وہ شمع فانوس
پروانہ ہون جن پہ دست افسوس

صفت سینہ و پشت

سینہ و پشت صاف و تابان
جو دل ہین وہ سب وہ ہو نمایان

وہ پشت شفاف ہے جو اسکے
خورشید بھی اپنی پیٹھ دکھلائے

خم کرے خمیدہ پشت مہ کو
اوس پشت کے روبرو اگر ہو

صفت دل

دل اوسکا ہے سخت مثل سندان — ہے سینہ صاف سے نمایان

صفت پہلو

پہلو ہے وہ جوہر لطافت — جس سے ہو آئینہ کو خجالت
شفافیت و لطافت و صباحت و دیکھو — ہم پہلو سے مہر ہے وہ مہ پہلو

صفت آغوش

ہے بسکہ لطافت اوسکی ہمدوش — ہے موجۂ بوئے گل وہ آغوش

صفت شکم و ناف

ہے نرم وہ پیٹ مثل مخمل — یا شیشہ او سپر کہون تو جبکو ہو کل
پرکار کا دائرہ شکم ہے — مرکز سے کب اوسکی ناف کم ہے

صفت میان

ہے رشتۂ جان میان دلدار — یا تار نگاہ چشم بیمار
پیچ کہ ہے اور نظر نہ آسکے — نیرنگیان خلق کو دکھانے

صفت اندام نہان

قطعہ

تہا عقدہ بستہ زیر دامان — مشکل تہی کہ ہوتا وا یا شان
پر وصل کی شب کہلا یہ جوہر — ہے سیب مین ایک دانہ گوہر

دلکش ہے یہ حسن اوس صنم کا | گستاخ بھی جان سے ہے شیدا

خاتمہ

سب نے جو لکھا ہے یہ سراپا | ایسا نہ ہوا ہے اور نہ ہوگا
مضمون لکھے ہیں اس میں کیا کیا | تشبیہیں بھی لکھیں صدہا
دکھلائے ہیں عجیب ڈھنگ کے شعر | لکھے ہیں عجیب رنگ کے شعر
انداز جو ہے مرا نیا ہے | جو طرز ہے سب سے وہ جدا ہے
مومن کا جو رنگ ہے وہ ہو اور | غالب کا جو ڈھنگ ہے وہ ہو اور
پر حیف کہ اوستاد نا سے | وحشت وہ سخنور گرامی
وہ نیر برج خوش بیانی | وہ گوہر درج نکتہ دانی
والی قلمرو فصاحت | شاہنشہ کشور بلاغت
اس شہر سے پہلے اوٹھ گیا ہے | غم اسکا جو ہو مجھے بجا ہے
اب میر نہیں حسن نہیں ہے | کوئی بھی اب اہل فن نہیں ہے
خسرو ہیں نہ حضرت لقا ہے | فیضی ہے نہ باقی نہ جامی
جامی کا بھی دور ہو گیا ہے | باقر بھی تحدین سو گیا ہے
دکھلاؤں کسے میں یہ سراپا | ہے کون کہ اسکی داد دیگا
جیتے جو یہ لوگ تو یقیناً | اک وجد کا حال سبکے ہوتا
ہر ایک خندہ منہ سے یہ کہتا | کیا خوب کہا ہے یہ سراپا

تاریخ

جب ہو گیا ختم یہ سراپا | تب غیب سے یہ سروش بولا

تاریخ کی فکر میں نہ رہیے
تصویر نشاط روح کہیے
۱۳۱۲

ای به خط تو سبب زمزم — آشفته نوازی تو نازم
گیسوی تو حلال تو با عجب از — بهبود مرا چه پیکر ناز
ای سحر بیان کرشمهٔ تو — سر بر زده انچه نقش جادو
زیبان تبراوشن معانی — نقشی که کشیده کلک مانی
شیرین گوشت قلم به صنع تحریر — گشت به صفا کشیده تصویر
ستا بقدم چو نخل گلشن — سر سبزه وز جلوه گل پیراهن
گل کرده بنام ولعت بیش — تاریخ بهار جلوه زیبش
رو بیش چو به حسن وزا فزون — شد جلوه فزا انشبه گل موزون
اندیشه بدل نشاندم او را — تا طورهٔ حسن خواندم او را

۱۲۸۰ھ

قطعۂ تاریخ رشحۂ شاعر مشہور نزدیک و دور منشی اسد اللہ عرف علیجان ہوگلوی متخلص بہ منور شاگرد رشید مصنف

لکھ چکے جبکہ حضرت نساخ — یہ سراپا ہے بے مثال و نظیر
وصف اوسکا بیان سے باہر ہے — کب زبان کو ہے طاقت تقریر
یک قلم نور کے مضامین ہین — آیۂ حسن کی ہے یہ تفسیر
دیکھتے ہی یہ مجکو فکر ہوئی — سال تاریخ مین کرون تحریر

دل نے مجھسے کہا کہ اے منور
کہ سراپا ہے نور کی تصویر
۱۲۷۱ف

قطعۂ تاریخ از افکار ابکار گہربار مولوی عصمت اللہ متخلص بہ انسخ شاگرد رشید مصنف باشندۂ پنڈوہ

صنع برووان

سراپا کہا ہے جو اوستاد نے	عجب نقش زیبا ہے تصویر ہے
کہی اسکی تاریخ یون واہ واہ	سراپائے دلبر کی تصویر ہے ۱۲۸۰ھ

قطعہ تاریخ از میرزا محبوب علی لکھنوی متخلص بہ قوس شاگرد مصنف

سراپا لاجواب بے بدل نساخ نے لکھا	کہ ہر مضمون ہے جسمین چیدہ و برجستہ و بڑھیا
ہوئی جو قوس مجھکو فکر تاریخ سراپا کی	ندا یہ غیب سے آئی ۱۰ و تابا نقش یا اچھا ۱۲۸۰

قطعہ تاریخ از منشی آفرین الدین خان متخلص بہ منظور شاگرد مصنف باشندہ مالدہ

کہا میرے استاد نساخ نے کیا	سراپائے زیبا سراپا تماشا
کہی بیٹے تاریخ فصلی میں اوسکی	سراپائے معشوق کا نقش اچھا ۱۲۷۱ف

خاتمۃ الطبع

صورت نگاران آفرین را ستایش کہ این عروس زیبا مضامین و این شاہد نوآئین کہ موسوم بسراپائے **شاہد عشرت** ست در مطبع نامی **منشی نول کشور** واقع لکھنؤ بماہ نومبر سنہ ۱۸۷۴ عیسوی مطابق شہر شعبان سنہ ۱۲۹۱ ہجری سنیہ بدین اسلوب از زیور تمامی پیراستہ و بہ حلیۂ تزئین آراستہ شد۔

کس لیے لگتے بتون سے یہ بھلا ٹوٹ گیا
کوئی پتھر ہوا ناسخ مرا دل نہوا

کہتے ہین وہ اثر گریہ سے کیون ہوسے تم
کوئی پتھر ہوا ناسخ مرا دل نہوا

خوش مجھے قتل بھی کرکے دل قاتل نہوا
کہ ادب سے جو تپان ہین ہم بسمل نہوا

گلستان مین ہے غلام حبشی کا کیا کام
یہ ہوا خوب کہ جو رخ پہ ترے تل نہوا

بوسہ اوس منہ کے لیے کھولی گرہ کاکل کی
وا شب وصل مین کب عقدۂ مشکل نہوا

اسطرح نجد مین ہوتی تری مٹی خراب
قیس تو کسلیے گرد پس محمل نہوا

اپنے عاشق کو سمجھتے نہین عاشق جبتک
خوار ہاتھون سے عدو کے سر محفل نہوا

عمر بھر دشت نوردی سے رہا شوق مجھے
تا دم مرگ مین منت کش منزل نہوا

وہ چھری تیز چلی حلق پہ ناسخ کہ بس
حیف نظارۂ قاتل دم بسمل نہوا

خفا کیون ہوگئے تم یہ ہوا کیا
مری تقصیر کیا میری خطا کیا

نہین لکھی ہے جسکے قلمی چہر
ملیگا وصل کا اوسکو مزا کیا

سے چلے کیون اوٹھ کے سوے خانۂ غیر
یہ بیٹھے بیٹھے صاحب کو ہوا کیا

ہوے عاشق تو اوسپر جو نہ چھپے
ہماری عاشقی کا پوچھنا کیا

جو تیری چال کا انداز ہے اور
کوئی پیغام لائی ہے صبا کیا

نہین پاتا ہون جب مین اونکو گھر مین
خیال آتے ہین میرے دل مین کیا کیا

کرون جو عرض مطلب تو کہین وہ
کہ تو کیا اور تیرا مدعا کیا

شکایت میری کرتے ہو عدو سے
بھلا تمسے کرون اسکا گلا کیا

وفا کے وعدہ کو پوچھا تو بولے
کہ وعدہ چیز کیا ہے اور وفا کیا

ستمگر بے وفا و عاشق آزار
تمھاری خوبیون کا پوچھنا کیا

عذاب جان کبھی گھٹتا ہے ہر دم
وہ کرتے ہین مرے حق مین دعا کیا

مریض عشق کے حق مین طبیبو
مجرب موت سے ہوگی دوا کیا

نہیں بھیجتا جو قاصد لکھ گیا دل
کہیں بھولے سے خط میں کیا لکھا کیا

زبان ہی ہے ہم یون کاٹی نہ جاتی
منہ احباب نے کہ قاصد نے کہا کیا

بگڑ ہی جب گئی فستاخ اون سے
شکایت کیا ہے شکوہ کیا گلا کیا

گلگشت کے ساتھ وصل کا انکار دیکھنا
وہ نشہ میں بھی کیسے ہیں ہشیار دیکھنا

شمشیر کو نہ کھینچیے زنہار دیکھنا
کافی ہے قتل کو ترے ابروے یار دیکھنا

اون کے مکان سے جب نکالے گئے ہیں ہم
بس رہ گیا ہے آک در و دیوار دیکھنا

اونسے بھی کہکے دیکھیے کہتے ہیں کیا
بیچین ہے دل کو کوئی خریدار دیکھنا

اونکو نظر اوٹھا کے جو دیکھوں تو کہتے ہیں
دیکھو نہ اس طرف کو خبردار دیکھنا

فستاخ کوے یار میں لٹنے کا خوف ہے
جانے کو جاؤ پر رہو ہشیار دیکھنا

لوٹتے ہیں لطف ہم بزم خیال یار کا
دخل کیا یاں وھاں بھی آنا نہیں اغیار کا

وصل جو تقدیر میں لکھا نہیں ہے یار کا
شامت طالع مری اقبال ہے اغیار کا

کیا بگاڑا تھا ہماری آنکھوں نے اغیار کا
کر دیا کیوں بند ہر روزن تری دیوار کا

خانۂ صیاد میں حشر کہیں بر پا نہو
فصل گل میں ہے برا کھلنا مری منقار کا

آنکھ کا ڈھیلا نہ رکھا ہو کسی مشتاق نے
بند کیجو گر ہو گیا روزن تری دیوار کا

گر نہو وے صبح وصلت صبح محشر ہی سہی
ہجر کی شب منتظر ہوں صبح کے آثار کا

جھانکتے اونکو اگر دیکھا نہیں اغیار نے
بند ہونا بے سبب ہے روزن دیوار کا

اب بھی کہیے گا نہیں تاثیر گریے میں مرے
بے سبب گرنا نہیں ہے خانۂ اغیار کا

ناتوان وہ ہوں کہ مر جاؤنگا دیکھ ہے یقین
پڑ گیا سایہ کبھی گر مجھپر تری دیوار کا

جھانکتے دیکھا ہے مجھکو روزن دیوار سے
اب کوئی موقع نہیں ہے عشق سے انکار کا

وعدہ کی شب سو گئے ہیں بخت انجم کے سوا
ساتھ دیگا کون اپنے دیدۂ بیدار کا

وان کی باتیں اور ہیں وان کا قرینہ اور ہے
بزم جانان میں بھلا یارا کسے گفتار کا

روتے روتے ہوگئے یاں کو ہم تو بہر دید
اب بھروسا حشر میں کسکو بھلا دیدار کا

سیر کو آتے ہیں وہ یہ ہے نگاہوں کا ہجوم
بند یکسر ہوگیا ہے رستہ بازار کا

دیکھوں کیونکر کہ غافل ہیں وہ میرے حال سے
رات دن تو ہے خیال اونکو مرے آزار کا

حشر برپا ہوگیا گھر سے نہ باہر آئیے
کام نالوں نے نکالا آپ کی رفتار کا

جو جہاں تھا رہگیا وہ مثل نقش پا وہیں
سیر میں ہیں جب سے وہ دیکھا تری رفتار کا

اسقدر شوق شہادت ہے پھڑکتا ہے دل
نام اے نساخ کوئی لے اگر تلوار کا

سر پہ جو تم لگاتے تھے یہ بھی بہانہ تھا
کہیے تو مرگ غیر پہ آنسو بہانہ تھا

تم اور آتے میری عیادت کو سچ کہو
احوال میرا تمنے عدو سے سنا نہ تھا

وعدہ کیا تو مجھسے گئے گھر رقیب کے
شکوہ کیا جو آپ سے ہمنے بجا نہ تھا

نے وصل کا خیال نہ مرگ عدو کا دھیان
ملتے ہی اونکے دل میں کوئی مدعا نہ تھا

پھر پھر کے آنکھ خوب ہی دیکھا کیا اوسے
گویا شب وصال تھی روز جزا نہ تھا

ظلم و ستم ہے مجھپہ نہ اب جور و نے جفا
گویا کہ میں کبھی کا ترا آشنا نہ تھا

اوسنے رقیب کو جو لگایا نہیں ہے منہ
اگلا سا اوسکے بوسے میں نمکین مزہ نہ تھا

مارے خوشی کے سوتا نہ تھا لطف وصل رات
گہ مست ہو تھا گاہ میں محو ترانہ تھا

محشر میں دیکھتا کوئی بیتابیاں مری
گویا شب فراق تھی روز جزا نہ تھا

اب یوں سمجھتے نہیں مجھے خوبان روزگار
جیتا تھا جبتلوں تو مرا بھی زمانہ تھا

جھوٹی خبر اوڑائی تھی سچ تو یوں ہے
نساخ مرگیا ہے عدو نے کہا نہ تھا

سمجھو تو ذرا دل میں یہ حال مرا ہوتا
جھوٹا ہی کوئی وعدہ تمنے جو کیا ہوتا

دنیا کا نہ عقبے کا پھر شوق ذرا ہوتا
نساخ ہیں جسکا ہوں وہ کاش مرا ہوتا

ہے رنج ہی مجھکو کیوں رنج دیا تمکو
تھا خوب جو حال اپنا تمنے نہ سنا ہوتا

دن رات بھلا ہوتی یہ خط و کتابت کیوں
گر وصل دوام اوسکا قسمت میں لکھا ہوتا

بدنامی و رسوائی ہرگز نہ کبھی ہوتی تمنے جو رقیبون کا کچھہ پاس کیا ہوتا
ہوتی یہ خوشی مجھکو دل اپنا لگا آتا سینے پہ کبھی تمنے تو ہاتھہ رکھا ہوتا
دل دیکے ادا کیا ہو حق تیری محبت کا گر جان بھی دیدیتا تو بھی نہ ادا ہوتا
بیتابی و بیخوابی ایسی نہ کبھی ہوتی رسوا شب وصلت کا جو راز ہوا ہوتا
جسوقت گلے تونے ایجان لگایا تھا مرجاتے خوشی سے ہم اوسدم تو مزا ہوتا
دیتے نہ گرہ دلبر گر اپنی محبت کی عقدہ یہ مرے دل کا کس طرح سے وا ہوتا
آرام سے یون سوتے وہ غیر کے پہلو مین ای کاش مرا نالہ کچھہ بھی جو رسا ہوتا
کب رحم تمھین آتا ہوتا تمھین کیون باور حال اپنا جو غیرو دل سے تمنے نہ سنا ہوتا
اوسکے تو نہ آنے پر ہم جان کو دے بیٹھے بتلاؤ کوئی مجھکو وہ آتے تو کیا ہوتا
مین ہجر مین مدت سے تو صبر کا خوگر تھا گر بت مجھے نہ ملتے تم کیون رنج سوا ہوتا
جاتے یہ ترے دیجان بس خیر یہی گذری گر جان نہ دیتے ہم کیا جانیے کیا ہوتا
تم دل جو لیجاتے کیا سے لکھتے تمھین نامہ یہ ہاتھہ بھلا کیونکر سینے سے جدا ہوتا

بے عشق کے جینے سے نساخ بھلا حاصل
مرجاتے کبھی کے ہم گر دل نہ لگا ہوتا

تم مرتے دم نہ آئے مروت سے دور تھا اوسوقت پاس آپ کا ہونا ضرور تھا
مرنیکی میری سنکے دکھانیکے واسطے چہرے پہ تھا ملال پہ دلمین سرور تھا
بیجرم تمنے قتل کیا مجھکو ای بتو اللہ جانتا ہے کہ مین بے قصور تھا
احسان کیا کہ ساتھہ اوسے بھی لیے گئے یا ان جان کو عذاب دل اتنا صبور تھا
شیشے کی طرح گرتے ہی اوسکی نگاہ سے دل پاش پاش تھا تو جگر چور چور تھا
کیون رحم آگیا مرا احوال دیکھکر تمکو تو اپنی سنگدلی پہ غرور تھا

رسوا سے دہر و خانہ خراب و ذلیل و خوار
جو کچھہ تھا خوب آدمی عبد الغفور تھا

وہم نے رکھا گلے پہ تیز یک خنجر کھلا صبح سے پہلے جو شب کو اوس ہی کا در کھلا

صبح ہجر نے بھی نہ پائی اور نکلا سر کھلا ۔ وصل کی شب مہر عالمتاب کا جوہر کھلا

خواب میں بھی آئے تو لائے رقیبوں کو وہاں ۔ شب گل جذب شوق وصل سینہ میں پر کھلا

کر رہا ہے پھر نکلنا شمع کا شاید انتظار ۔ ورنہ کیوں ہے دیدۂ زخم دل مضطر کھلا

قتل پھر خاطر اعدا کیا اوسنے مجھے ۔ اب فریب امتحان جوہر خنجر کھلا

دیر میں کھینچے لگے پاسے بت پیر سر کھلا ۔ عقدۂ سربستۂ تقدیر سر تا سر کھلا

ہو گیا مجھکو غم ہجران سے بدتر عیش وصل ۔ نشہ میں مجھسے جو شب کو وہ پری پیکر کھلا

آئینہ بر تشنہائے گیسوے صیاد ہوں ۔ اوڑ کے کیا جاؤن اگر ہو بھی قفس کا در کھلا

نالہائے بے اثر کیوں اسطے کیا روک ٹوک ۔ پھر میں رہتا ہے ہردم گنبد بے در کھلا

دیکھتے ہی ہو گیا دم بند جوش رشک سے ۔ نامہ بر جو لیکے آیا نامۂ دلبر کھلا

اسطرف رسوائی کا اور اسطرف پردیکا ڈر ۔ وصل میں دونوں طرف سے شکوہ کا دفتر کھلا

بیخودی میں تو اپنا کام نالوں نے کیا ۔ مجھکو حیرت راز پنہان کب کھلا کیونکر کھلا

رنگ پان کھلتا ہے وہ مستی نہ گیسوے سیاہ ۔ بوسہ دینا وصل میں وہ آپ کے منہ پر کھلا

عندلیبون کی گلستان میں ہوئی منقار بند
جب کبھی نساخ کے اشعار کا دفتر کھلا

دشمن کا اگر میں نے کیا ذکر ہوا کیا ۔ یہی بات تو کچھ ورنہ بگڑنا ہے بھلا کیا

سنتے ہیں کہ بیہوش ہیں وہ بزم عدو میں ۔ کہیے تو بھلا مے کے رہیں ہوش بجا کیا

محفل سے اوٹھانا نہیں منظور حبیبا ۔ سرگوشیوں میں غیر سے صاحب نے کہا کیا

غیروں میں نہ تم جانتے نہ وہ چھیڑتے تمکو ۔ مجھسے خفگی کیوں ہے بھلا میری خطا کیا

تجھپر سے فدا جان ہو صدقے ترے قربان ۔ پیغام کوئی لائی ہے اے باد صبا کیا

آتا ہے کبھی ذکر تو کہتا ہے وہ عیار ۔ تم مجھسے کہتے ہو ہے چیز وفا کیا

سانسیں بھر ٹھنڈی مری آغوش میں ہکر ۔ کہیے تو بھلا ہوگا ستم اس سے سوا کیا

دشوار ہے کاٹنا گھڑیوں کا شب ہجر ۔ ہر ایک سے ہم پوچھتے گھنٹے میں بجا کیا

بیہودہ میں کیوں لب پہ مرے نالۂ موزون ۔ وہ غیر کی محفل میں ہوے نغمہ سرا کیا

تم غیر سے خوش رہتے ہو ہم سے ناخوش
مجھکو جو شکایت نہیں تو تمکو گلا کیا

کعبے کو گیا چھوڑ کے بتخانہ کو نساخ
اصنام کو حیرت ہے کہ اسنے یہ کیا کیا

پے ترے گلزار میں ہم جائیں کیا
داغ تازہ پھولوں کو دکھلائیں کیا

نقش پائے دشمنان ہے سر راہ
کوچۂ دلدار میں ہم جائیں کیا

یار کے ساتھ تعقد کرتے ہیں اغیار بھی
جذب دل کا زور ہم دکھلائیں کیا

سر کو چکر ہے نہ طاقت پاؤں میں
اون کے کوچے تک ہم جائیں کیا

وہ بھی تو بعد اب نصیب دشمنان
تیرے غم سے اپنا جی بہلائیں کیا

اوسکو عقل و فہم سے بہرہ نہیں
پھر دل ناداں کو ہم سمجھائیں کیا

دل سا دشمن غیر میں بھی ہوگا ساتھ
ہم تو مر جاتے وہ سنکے مر جائیں کیا

تاب کب لاتے ہیں نازک مزاج
داغ دل اونکو بھلا دکھلائیں کیا

اوسنے جو پوچھا کہاں تھے رات کو
کہتے ہیں وہ اوسکو ہم بتلائیں کیا

ڈرتے ہیں وہ جی نہ اوٹھیں ہم کہیں
قبر پہ بہر زیارت آئیں کیا

تو ہی اے نساخ کہ زندان میں
دل کو زنجیروں سے ہم بہلائیں کیا

تغییر و تبدم ہے مزاج کیلیے
دیکھا ہے رنگ یار کے عہد و قرار کا

اچھا ہوا کہ ساتھ تمہارے چلا گیا
تھا تحفہ منا حال دل بیقرار کا

نظروں میں چبھ رہے ہیں ترے سبزۂ بہشت
جلوہ عیاں ہے پھول میں خور دیار کا

کسکو بھلا خیال ہے ایام ہجر میں
دن ہے خزاں کا یا کہ ہے موسم بہار کا

ناخن ہلال زن آج ہے کیوں شور عندلیب
شاید گذر ہے باغ میں اوس گلعذار کا

مضطر جو بات ہو گئے وہ حال دیکھکر
ہے عرش پر دماغ دل بیقرار کا

مجھکو بچا لیا ستم روزگار سے
احسان میری جان پہ ہے جو یار کا

شب کو جو آج شاہد جی نے چڑھائی ہے
پروانہ قیس ہے مرے شمع مزار کا

وہ گلعذار باغ مین ہر دل عزیز ہی — ہاتھون مین اوسکے دل نہو کیونکر ہزار کا

نساخ جو بار اوٹھاتا مین یون ہجر
ہوتا اگر یہ کام مرے اختیار کا

اوڑتا ہی رنگ میرے قرار و ثبات کا — کیا پوچھنا ترے نگہ التفات کا

دن کو جو دن کہون تو یقین ہووے رات کا — وہ اعتبار یار کو ہی میری بات کا

کھاتے ہین او مرتے نہین خضر بن گئے — کیا اون کے غم مین ہی اثر آب حیات کا

پہچانتا ہون تجھکو نہ کھاؤنگا پھر فریب — آخر تو کچھ سبب ہی ترے التفات کا

سارا بناؤ کرکے وہ آتے ہین قبر پر — سوگ اسطرح سے رکھتے ہین میری وفات کا

اپنی کہیے کیسی کٹی بزم غیر مین — کیا حال آپ پوچھتے ہین مجھسے رات کا

وہ آتے آتے باغ مین جو گھر کو پھر گئے — ہی خوف مجھکو رنگ چمن کے ثبات کا

عصیان سے تو سوا ہی بہت رحمت خدا — اپنا گناہ ہی ہی نوشتہ نجات کا

چشم جہان سے ہو گئے مثل خضر نہان — ہی اپنے ضعف مین اثر آب حیات کا

برہم تمام بزم ہو بڑھ جاے گفتگو
نساخ دین جواب اگر اونکی بات کا

پڑھوانے مجھسے آئے ہین وہ خط رقیب کا — کیا تھا یہی لکھا ہوا میرے نصیب کا

پوچھو نہ حال اس دل حرمان نصیب کا — اے بت جو تم نہین تو خدا ہی غریب کا

مانگون دوا سے درد جگر مین نہ یار سے — مرجاؤن پر نہ ناز اوٹھاؤن طبیب کا

پھولی ہوئی ہی باغ مین اس گلکو دیکھکر — کانٹا نکل گیا ہی دل عندلیب کا

میرا تلاش یار مین یہ حال ہو گیا
نساخ بن گیا ہون مین سایہ رقیب کا

دل مری جان کا اک دشمن پنہان نکلا — سمجھے تھے خضر جسے غول بیابان نکلا

دل اصنام مین پائی ہی جگہ ہوکے خدا — سخت مشکل کا جو تھا کام وہ آسان نکلا

حال دل کو جو گیسو مین ہی ایسا کہ نہ پوچھ — جسکو ہم جمع سمجھتے تھے پریشان نکلا

آسمان یار عدو دل تجھے سمجھی تو وفت
اوس سے بھی بڑھ کے مری جان کج ہجران نکلا

بزم جانان میں رقیبوں کے اشارے سمجھے
اب تو ارمان ترا اے دل نادان نکلا

ہو گئے تم غیر کے یہ عقل میں آتا ہی نہ تھا
جسکو دشوار سمجھتے تھے وہ آسان نکلا

ہرزہ گردی رقیبان نے کیا ہے پامال
خوب در پر ترے مرجانے کا ارمان نکلا

لوٹتے در پر نہیں کوئی سبب ہو کہ نہو
میری توبہ سے سوا یار کا پیمان نکلا

نہیں دامن کا تو مدت سے نشان دست جنون
جسکو دامان سمجھتے تھے گریبان نکلا

اونکی آنکھوں میں تو نساخ رہے خوار مدام
دل کا کاشانہ کبھی صورت ارمان نکلا

خانۂ چشم کی بس خاک اوڑا دے نساخ
طفل اشک آہ ہر اک بار تو وہ طوفان نکلا

یار کے ہاتھ میں اپنا جو گریبان ہوگا
بزم میں چاک وہیں غیر کا دامان ہوگا

میکدے کو چلوں سودا جو بنے تو کر لوں
قیمت جرعۂ مے گیا مرا ایمان ہوگا

کہتے ہیں سنکے وہ احوال پریشانی دل
دل تو کچھ زلف نہیں ہے کہ پریشان ہوگا

آپکے آنیکی کیا بات ہے سبحان اللہ
ہجر میں موت بھی آئیگی تو احسان ہوگا

عید قربان میں اگر ذبح کریگا تو مجھے
ملک الموت ترے ہاتھ کے قربان ہوگا

تیغ میں سر کے دبے بیٹھے ہیں خدا خیر کرے
میں سمجھتا تھا کہ مرنا مجھے آسان ہوگا

سخت جانی مری کر جائیگی تریاق کا کام
گر ہلاہل میں بجھا یار کا پیکان ہوگا

دیکھا ہے شانہ ابھی سے میں کہے رکھتا ہوں
دل مرا لیکے وہ گیسو بھی پریشان ہوگا

ہمسے دیوانے کو کرتا ہے نصیحت ناصح
تجھسے بڑھکے کوئی دنیا میں بھی نادان ہوگا

اوس بت دشمن ایمان کو بنایا ہمکیش
کوئی نساخ سے بھی بڑھکے مسلمان ہوگا

دیکھ لینا یہی ویرانی جو نساخ رہی
گھر مرا مردمک چشم بیابان ہوگا

یاد ایام کہ جب وصل رہا کرتا تھا
درد دل کہتے تھے ہم اور وہ سنا کرتا تھا

خون ہو ہوکے ٹپکتا ہے جو اب آنکھوں سے
یہ وہی دل ہے کہ پہلو میں رہا کرتا تھا

زیست سے تنگ آ گیا ہوں غم ہجر میں
وہ نہ آئے کبھی مرنیکی دعا کرتا تھا

لطف و اشفاق و عنایات کا کیا ذکر کروں
یاد ایام کہ وہ جور و جفا کرتا تھا

یہ نہیں خانۂ ویران و خرابہ ہے کوئی
یہ وہی دل ہے کہ تو جسمیں بنا کرتا تھا

کیوں نہ ہوں نالوں کی تاثیر سے گریاں نساخ
یار خود غیر سے شب ذکر مرا کرتا تھا

پردہ نہ بیچ میں کبھی ہوویگا ناز کا
جب تیرے راز کھل گیا میرے نیاز کا

پردہ جو اوسنے دیکھکے مجھکو اوٹھا دیا
بے پردگی میں پردہ رہا میرے راز کا

رکھتے جو سلسلہ کسی زلف دراز سے
کھلتا خضر پہ لطف بھی عمر دراز کا

پایا ہے جسنے عشق میں رسوائیوں کا لطف
ہو خوف کسلیے اوسے افشائے راز کا

اک وجد کا ہے حال خیال حبیب میں
محتاج ہوں غنا کا نہ مطرب نہ ساز کا

جوش جنون میں کوہ و بیابان ہوا ہے ایک
مجھکو نہیں خیال نشیب و فراز کا

وہ چلتے وقت کر گئے ہوت سے منہ پہ مہر
یارا نہیں ہے مجھکو اب افشائے راز کا

عنقا سے بھی زیادہ ہے شہرت میں یکتا
نساخ اب یہ حال ہوا اپنے راز کا

یہ طلعت صدو ہے یا تیر ہے قضا کا
یہ چہرہ دلربا ہے یا قہر ہے خدا کا

شرما گیا میں اپنی بیباکیوں سے آخر
دیکھا جو میں نے عالم شب وصل میں حیا کا

میں ہجر میں ہوں یوں وہ لطف وصل میں ہیں
ہووے نصیب اعدا حاصل مری دعا کا

ولہ

زمین میں پستے اور فلک سے پیسے
سمند ناز اوڑاتے اگر غبار اپنا

اوٹھا لیں چھینکے نہ مجھکو وہ اپنی محفل سے
نہ ہووے اونکی نظر میں جو اعتبار اپنا

رکھیگا یاد تجھے بعد قتل ای نساخ
بنے گا خاطر جلاد میں مزار اپنا

دے مارتے پٹی پہ یہ تھا قصد تیشہ سر
وہ ضعف ہے بالین سے بھی سر اوٹھا نہ سکا

قاصد کی ہے کیا اصل بلانے کو جو بھیجین — خضر بھی تو گم کرے رستہ مرے گھر کا

ہے دلکو یقین اپنے وہ آج آئینگے بیشک
ہے شام یہ ناسخ گمان مجھکو سحر کا

نفع ہے نفع ہوا اسمین نہین نقصان میرا — بک گیا نیم نگہ پر بھی جو ایمان میرا

دل دشمن کو جلاتا نہین مین نالون سے — تار سے یار کی گردن پہ بھی احسان میرا

یا تو اللہ ہی آگاہ ہے یا وہ بت ہے — نہین دلبر بھی تو ظاہر غم پنہان میرا

لڑکے کیا پوچھے بھی تو دیکھتے ہی ہنستے ہین — کم تماشے سے نہین دیدۂ حیران میرا

ٹکڑے وحشت مین ہوا جاتا ہے پیوست دست — چاک کے نام پہ عاشق ہے گریبان میرا

وہ نہ نکلے تو نکلنا ہے محال اسکا بھی — غیر کی جان سے وابستہ ہے ارمان میرا

سیر ہے بزم عدو مین تو وہ ہین تشنہ مین اور — [illegible] ناسخ گریبان میرا

خواب مین آکے وہ کہتے ہین کہین ہر سو مین — [illegible] احسان میرا

وہ جنون [illegible] وحشت [illegible]
[illegible] اگر دستے بیابان میرا

شکوہ کیا [illegible] مین کرتے آپ سے — یاد آیا بھی تو کم یاد آیا

[illegible] کیا بھی عیش [illegible] — شب ہجران کا جو غم یاد آیا

[illegible] محشر مین لطف یزدان — مجکو اوس بت کا ستم یاد آیا

اون کے کوچے کی وہ تنبولیت
مجھکو ناسخ حرم یاد آیا

بیٹھا ہوا ہے غیر جو پہلوے یار مین — کچھ نقش پا نہین کہ اوٹھایا نجائیگا

رسوا کریگا بھی اوسکی نہین خوف ہے یہ حال — اب مجھسے راز عشق چھپایا نہ جائیگا

اس ضعف مین بھی ناز اوٹھاتے ہین آپکے — سر تو نہین مرا کہ اوٹھایا نہ جائیگا

ولہ

کیون سوئین وہ پاؤن پھیلا کر — نالہ اپنا رسا نہین ہوتا

ہے یہی بات میری دشمن جان — تو کسی سے خفا نہین ہوتا

وصل مین وصل سے رکھو محروم
جور اس سے سوا نہین ہوتا

ترک لذات ہو دے یان اللہ
اوس وان کیسے کیا نہین ہوتا

تیری صورت کی یاد ہے گویا
داغ دل سے جدا نہین ہوتا

وہ جفا کو کرین جو ترک کرین
مجھسے ترک وفا نہین ہوتا

نہین کھلتا وہ راز ان کا ای نساخ
عقدۂ بخت وا نہین ہوتا

اسطرف بھی کبھی تو آ جانا
بگڑی قسمت مری بنا جانا

ٹھوکر اک تیر پہ لگا جانا
بخت خوابیدہ کو جگا جانا

مجھسے کہتے ہین اونکو بلواؤ
مین نے یارونکا مدعا جانا

شمع مین ہون کوئی پتنگے کے
اپنی صورت ذرا دکھا جانا

اوسکو انکو گر کہون تو کہے
کہو تو تمنے مجھکو کیا جانا

ہوگا بدمست و بدعا اس ضرور
مجھکو جینے کہ یار سا جانا

اون کے گھر تک جو ہم پہونچینگے
عشق و بخت نارسا جانا

میری صحبت سے ہو گئے بیزار
کیون خوش آتا تھا کیون خفا جانا

اپنی تنہائی مین غنیمت ہے
خواب مین بھی تمھارا آ جانا

جلوہ دکھلاؤ مین نہین سنتے
سہل سمجھے ہو غش کا آ جانا

قطعہ

ہو جو فریاد ناگوار تمھین
تو کسی رات چھپکے آ جانا

تمھی وصل بوسۂ لب سے
مہر منہ پر مرے لگا جانا

عشاق جان دینے لگے ناز دیکھنا
مرتی ہے خلق خود بخود انداز دیکھنا

گاتے ہین وہ اور وجد مین ہین سارے اہل بزم
کیا کام کر رہی ہے یہ آواز دیکھنا

اوس نے لب ہلاتے ہی دی جان و دین صلہ
لعل حیات بخش کا اعجاز دیکھنا

مجھسے چھڑا کے اونکو ملایا رقیب سے
نیرنگ چرخ شعبدہ پرداز دیکھنا

غصے مین اونکے مین ہی تھا شب کے بجوش — ان گرمیون پہ شمع کا بھی رنگ زرد تھا
یہ اونکی ٹھنڈی گرمیون کا تھا اثر کہ رات — ہر گرم نالہ ہونٹھون تک آتے ہی سرد تھا

دی جان کوے یار مین جنت نصیب ہو
انصاف کی ہے بات کہ نساخ مرد تھا

مرتبہ مجھکو شہید رنگکا جو حاصل ہو گیا — کیون نہو گردن پہ میری حق تری شمشیر کا
لکھدیا کیون ہجر جانان میری قسمت مین بھلا — کیا بگاڑا تھا الٰہی کاتب تقدیر کا
وصل شیرین کب بھلا مستنگری سے ہاتھ لگے — یہ بھی اک فرہاد کچھہ لاتا ہے جوے شیر کا

ولہ

اسقدر گھر سے مشابہ ہے مرے کیا کہیے — دیکھکے سمجھا بیابان کو مین گھر اپنا
کیا بیابان ہے سمجھے کیا کیا ہین خیالات بھرے — ایک سوداے مجسم ہے مگر سر اپنا

ولہ

پاس افغان ہے نہ فریاد نہ آہ — یہ اثر ہے شب تنہائی کا
ہے یقین حشر مین بھی حیران ہو — یہی عالم ہے جو رسوائی کا

ولہ

سمجھا کے دلکو تھا یوہین لایا تھا مین کہ آہ — پہلو مین پھر وہ آن کے بیٹھے غضب ہوا

نساخ اور ہو وے مسلمان خدا کی شان
سن سن کے یہ تمام ہتون کو عجب ہوا

آگے رقیب کے ہمین یون گالیان نہ دو — کیا ہو ہمارے منہ سے بھی گر کچھہ نکل گیا
ہے دلکو یاد سرو قدان جو زبان سے — بے اختیار نالۂ موزون نکل گیا

ولہ

دین و دنیا کے بکھیڑے سے رہائی پائی — پھنس گیا جو کہ ترے دام مین آزاد ہوا
ہے خوشی مجھکو نشہ سے بادہ آئی — خوش ہے مجھے قتل جو کرکے دل جلاد ہوا

ولہ

ہیں عرش پہ جانے کو بھی ہوتا نہ روادار — نالے سے اگر کچھ بھی مرا کام نکلتا

کھولا تھا مرے نامہ کے خط کو تو عدو نے — تھا لطف اگر وصل کا پیغام نکلتا

ولہ

گھر میں اغیار ہی کے وہ ستم ایجاد رہا — اگر کہیں پہ اثر نالہ و فریاد رہا

ہوں میں وہ صید بچھا دام نہ میری خاطر — نہ کبھی گھات میں میرے لیے صیاد رہا

ولہ

ہو گیا اوٹھتے ہی نقاب فنا — وعدہ جو کچھ تمہارا روز محشر کا

مجھ سے لکھوائیں وہ رقیب کو خط — تھا نوشتہ یہی مقدر کا

ولہ

کس روز بھلا آنکی وہی تھی خبر اوس نے — کس رات کو وہ گھر میں مرے پھیر آیا

ہجراں میں گھڑی بھر بھی کسیطرح نہیں چین — آنکھ اشتاب سے خالی ہوئی جی اپنا گھبرایا

بند آنکھیں تھیں جاں ہوش تھا منہ پہ کہے تاں اشتاب
نساخ عجب حال ہے مجھکو نظر آیا

ایک کو ہنگامہ فشاں ایک کو گریاں دیکھا — جسکو دیکھا ترے عشاق میں نالاں دیکھا

آسمان ٹوٹ پڑا سر پہ ہمارے آخر — تو نے اے دل اثر گریہ پنہاں دیکھا

تو کسی کا نہیں کل رات کو یہ راز کھلا — بزم میں تیری عدو کو جو پشیماں دیکھا

پھر مرے سر پہ کوئی تازہ بلا آئے گی
رات اغیار کو نساخ پشیماں دیکھا

تیری آنکھوں نے وہ کیا مدہوش — ہوش دو دو پہر نہیں آتا

شب تاریک کو جو گیسو — خاک بھی تو نظر نہیں آتا

ولہ

بخدا بیٹھے رہو بزم میں سر گرم نہ اٹھو — ورنہ کہتے ہیں کہ ہنگامۂ محشر ہوگا

یا الٰہی کہیں ہو جائے قیامت برپا — سنتے ہیں حشر میں دیدار میسر ہوگا

ولہ

برق نظارہ ادا سے جلائیگا بس مجھے
ورنہ کیون وہ مرے مرنے پہ بھی راضی ہوا

ولہ

پاس آنیکی خبر پہلے تو یون دیتے تھے
ساتھ اپنے وہ رقیبون کو کہین لیگئے کیا
صبح کو آئے تو ہین لیکن یہ تو فرمایئے
رات کا ہم حال پوچھینگے تو بتلائینگے کیا

ولہ

کم ہے کب حق مین کوئی نہین آسمان سے
تا صبح ہوا رقیب ہوا دلربا ہوا

ولہ

نالہاے آتش افشان کا بھلا کیا ذکر ہے
نالہاے سرد سے اپنے کفن جل جائیگا

ولہ

جلوہ فرما پھر وہ مہ غیرون کے گھر ہونے لگا
نالہاے بے اثر کا پھر اثر ہونے لگا

ولہ

دل جو دیا یار کو اچھا کیا
چپ رہے ہم لوگون نے چرچا کیا
حیف جلایا نہ عدو کو سمجھے
بگڑے وہ ایسے کہ بنی بات نا
خوب کیا ناصحو اچھا کیا
راز شب وصل نے رسوا کیا
آہ شرربار سے ٹھنڈا کیا
غیر نے شکوہ جو ہمارا کیا
روٹھ کے کہتے ہو چلے دیر سے
حضرت ناسخ نے یہ کیسا کیا

قصۂ دردِ تنہائی کو مرے پاک کیا
دامن ضبط کو رسوائی نے وہ چاک کیا

ولہ

رات کو اغیار بزم یار مین جلتے رہے
جو دم سرد اپنا تھا یک آگ کا پرکالہ تھا

ولہ

حریف نالہ سوزان نہین خس خانہ کیا
بنے گا برق و شرر سے اب آشیان اپنا

ولہ

ادہر حور دش کے گھر مین ہوا سیت گیری گذر
نسّاخ مین بھی حضرت ادریس ہو گیا

ولہ

سایہ کی طرح ساتھہ ہی دن رات صبح و شام
گویا رقیب یار کا ہمزاد ہو گیا

ولہ

پھر گیا در پہ سے میرے ہائے وہ نازک مزاج
کب تحمل اوسکو ہو شور مبارکباد کا

ولہ

ہوئے بزم اعدا مین وہ بیحجاب
دھرے سینے پر ہاتھہ رکھکر کہا
کرشمہ ہی یہ بادۂ ناب کا
یہ دل ہی کہ معدن ہی سیماب کا

ولہ

تم چہپانکو چاک پردے سے دشمن کو اوپہان
چلمن کیطرح چاک ہو دامن نگاہ کا

ولہ

تیلا سیتے تیلا سیتے شرمانے لگے کیون
ہجر کونسا وہ ظلم کہ سہنا نہوا تہا

ولہ

بات اسلام کی اب تو نہین اسمین کوئی
ہاے نسّاخ کو کیون اونے مسلمان سمجھا

ولہ

مگر کہتا تہا میرے قتل کا وہ مشورہ شب کو
عدو سے بات کرتے ہین جو میرا نام لیتا تہا

ولہ

وہ ہون نسّاخ اور دنیا ہو
میرا کیا ہین ہوا ہوا نہوا

ولہ

صرصر کی کیا مجال کہ رکھے وہان قدم
لرزان ہی پاؤن کو بھی جہین انکے نسیم کا

ولہ

کیون ہو دین نہ غبار مرے قتل کے درپے
جو دوست ہی اونکا وہی دشمن ہی ہمارا

ولہ

میری صورت فگر گیسو مین ہوا الجھن یار کو
اے جنون مژدہ کہ اب اوسکو بھی سودا ہو گیا

ولہ

بیکسی نزع مین وہ ذکر تے ہون کہین
مین نے کہین شوق شہادت کی وہ تقریرین تیز
قتل کر کے نئے انداز کا سوگ اوسنے رکھا
مشورہ قتل کا کرتے ہین وہ دشمن سے مگر

کسلیے صورت خم دل کو مرے جوش ہوا
تشنگی مین لب شمشیر بھی خاموش ہوا
سرمے سے دیدۂ دلدار سیہ پوش ہوا
ورنہ کیون خون گلو کو مرے یک جوش ہوا

ولہ

لینے لگے جو وصل مین بوسے وہ بول اوٹھے
اللہ کیا کرون یہ مری جان کہا گیا

ولہ

خاموش سنکے ہوگئے سر کو جھکا لیا
گویا جواب ہی نہین میرے سوال کا

ولہ

نہ جاتی مری جان یون رایگان
یہ آنا تمھارا بلا ہو گیا

ولہ

وہ آتے آتے رہگئے دشمن کی بزم مین
پھر ہے شراب یاس سے دامن امید کا

ولہ

راز شب وصال کہا اوس سے چھیڑ کر
دشمن کو مین نے اور بھی دشمن بنا دیا

ولہ

فسلاخ مری جان نکلنے لگے جب دم
ارمان بھی ساتھ اوسکے نکلتے تو اچھا

ولہ

نالہ دل مرے کیا کام آیا
خانۂ غیر سے وہ گھر کو گئے

وہ کبھی شب نہ سر بام آیا
ورنہ کیون دل کو اب آرام آیا

ولہ

تدبیرین تو ہم لاکھون ہی کرنے مین وصلے غیر
سلکے کسطرح اوسسے جدا ہو نہین سکتا

دیکھیے ہین جان سے ہمنے جو اقرار کیا ہو
ہو آپ کا وعدہ کہ وفا ہو نہین سکتا

آسانی ہے تو روح عدو کو جو کرے قبض
آشنا بھی مگر تجھسے قضا ہو نہین سکتا

ازبس ہے مجھے شوق ہم آغوشی جانان
مجھسے ادب شرم و حیا ہو نہین سکتا

کیونکر ہو جدا آپکا سینہ تو نہین ہے
یہ داغ ہے جو سینے سے جدا ہو نہین سکتا

کیا آئین عیادت کو وہ ہین سنگدل ایسے
بیمار و نیہہ بھی رحم ذرا ہو نہین سکتا

پتھر ہے جو ہو جاے تو ہو جاے لیکن
اونپر اثر آہ و بکا ہو نہین سکتا

قربانیے فرماییے بہر خاطر اغیار
ہین بھی سخن نسخ سے کیا ہو نہین سکتا

عشاق مین لاکھ اپنی خدائی وہ جتاے
ناسخ جو بت ہے وہ خدا ہو نہین سکتا

نادان سے مٹے صور کا وہم بتا ہو اہی
ناسخ کبھی حشر بپا ہو نہین سکتا

بوسے کا نام منہ سے مرے سنتے ہی وہ رنج
جھنجلا کے بولے پھر تو کہو سنئے کیا کہا

ولہ

قصد کعبہ تھا دیر مین لاے
خضر کا گمرہی نے کام کیا

ولہ

نہین سنتا وہ بت خدا کی بھی
میرے غم کا بیان ہے گو یا

ولہ

تصور ہی تیرا ایلا ہو گیا
کہ دل مین مرے آبلا ہو گیا

ولہ

مجھسے چھپا نہین ہے کوئی حال رات کا
روزن ہر ایک در کا ترے دیدہ در ہوا

ولہ

راز اغیار جو نہین کھلتا
یہ بھی عقدہ ہے میری مشکل کا

ولہ

مین ہون گشتہ استاد دبستان جنون ایسا
کہ قیس و کوہکن آ کے لیتے ہین قدم میرا

ولہ

اوسکے اثر کا رات جو انکو گمان ہوا ۔ نالہ خوشی سے پھول کے اک آسمان ہوا

ولہ

سیر کو وہ آنے کہ تھے بکھر گئے جو راہ سے ۔ باغ مین برگ شجر ہر ایک کف افسوس تھا

ولہ

یقین ہو دام مین ملنے بت مشکل پسند آیا ۔ اگر اوسکو کسی صورت سے میرا دل پسند آیا

ولہ

وہ نہ آئینگے جو انکو بھی ہون ۔ آج کا وعدہ اگر یاد آیا
رو گے جاتے ہین وہ کیون منس منسکے ۔ میرے نالون کا اثر یاد آیا

ولہ

یار نے نسلخ اوسنے کہدیا ہو نشہ مین ۔ ورنہ راز وصل دشمن پر عیان کیونکر ہوا

ولہ

اونکے دل مین ہوا مقام مرا ۔ کعبہ و دیر کو سلام مرا
لو تو ہمکو اب سلام مرا ۔ کام ہوتا ہے یان تمام مرا
نہین پہچانتے یہ سمجھین لوگ ۔ اسلیے پوچھتے ہین نام مرا
مین وہ مہمان آج گھر مین مرے ۔ عرش سے ہو بلند بام مرا
قاصد و نامہ بر ہین سب دشمن ۔ کون لیجائیگا پیام مرا

اتنی رسوائیون پہ اے کشتاخ
نہین معلوم اون کو نام مرا

بزم عدو مین رات جو وہ بیحجاب تھا ۔ کیسا ہمارے جان پہ صدمہ عذاب تھا
تھا وہ جو چشم یار مین آیا دسکدہ ۔ لیکن جو مدرسہ تھا نہایت خراب تھا
بھیجا عدو کو اوسنے مرے قتل کے لیے ۔ اللہ کیا ہی میرے خط کا جواب تھا
نازان تھو رقیب مری بات یاد رکھ ۔ وصل صنم سے مین بھی کبھی کامیاب تھا

دیکھا جو حال ظرف کا سیسے ہوئے خجل
نسّاخ دختِ رز کو عبث احتساب تھا

ولہ

روح افزا جو خندہ ہو گل کا
تو ہو جانکاہ نالۂ بلبل کا

ولہ

گھر لیتے ہیں لے آیا اوسے بزمِ عدو سے
دشمن کو یقین آئیگا اب روزِ جزا کا

ولہ

قاصد سے اوا وصل کا پیغام نہوگا
ہم آپ نہ جائینگے تو یہ کام نہوگا

ہوں بند اگر شوقِ اسیری کی ہوا میں
آباد جہان قفس و دام نہوگا

ولہ

آکے مری نعش پہ رو دئے بخت
کہتے ہیں نسّاخ کو کیا ہوگیا

ردیف با

نالوں نے ایسی دھوم مچائی تمام شب
بیدار تھی تمام خدائی تمام شب

اوسنے زبان زبان سے لڑائی تمام شب
تھی صلح میں مزے کی لڑائی تمام شب

تھا انتظار مجھکو زبس اوس ملیح کا
آنکھوں میں میرے نیند نہ آئی تمام شب

نالوں سے آسمانکو اوٹھایا تھا سر پہ یاں
وان وہ تھے گرم نغمہ سرائی تمام شب

رکھنے دیا نہ رات کو موقع سے ہاتھ بھی
تھی وصل میں بھی مجھکو جدائی تمام شب

عیار وہ ہیں زانو پہ سے چڑھے نہ رات
کیا کیا نہ میں نے بات بنائی تمام شب

وہ میرے خواب میں بھی تو آتے نہیں بھلا
پھر کیوں عدو کو نیند نہ آئی تمام شب

مطلب یہ تھا کہ وصل میں اوٹھے لطیفِ وصل
تھے وہ جو گرم جوش ربائی تمام شب

جاگا کیا میں تا بسحر انتظار میں
کیا سو گئی کہ موت نہ آئی تمام شب

نسّاخ کیا ہو طالعِ بیدار ہی کا نام
اونکے بھی ساتھ نیند نہ آئی تمام شب

وہ ضعف ہے کہ جان بھی مجھکو گران ہے اب
کیسے تو ناز اوٹھانے کی طاقت کہان ہے اب

پھر خاک اوڑا رہے ہیں ہم انکی تلاش مین
پھر سر پہ اپنے ایک نیا آسمان ہے اب

جانتے ہی تیرے راز نہانِ شبِ وصال
جو دل سے ہم چھپاتے تھے سب پر عیان ہے اب

ہجران نے کر دیا ہے مجھے وہ نحیف زار
لیکن خیالِ وصل بھی اس پر گران ہے اب

پیوندِ خاک بھی کہین ہو جائے یا خدا
میری بغل مین دل نہین اک آسمان ہے اب

بیمار کا ترے ہے برا حال کب کہین
فریاد و آہ و نالہ نہ شور و فغان ہے اب

نساخ اونکے سامنے چپ لگ گئی ہے کیون
بتلایئے وہ سحر بیانی کہان ہے اب

وہ کیا بدل سکے کہ زمانہ بدل گیا
نساخ وہ زمین ہے نہ وہ آسمان ہے اب

ہو کے رخصت ہو گئے مجھسے وہ گھر آخرِ شب
اک قیامت تھی کہ آئی مرے سر آخرِ شب

کیفیت وصل مین دکھلاتا تھا کیا کیا مجھکو
نشہ کا آنکھون مین تیری وہ اثر آخرِ شب

تھا جو نساخ یہی وقتِ وداعِ جانان
روز پیدا ہی ہوا دردِ جگر آخرِ شب

آنکھین تیرے ہین جو اشاراتِ دلفریب
جنبش مین بھی لبونکی ہے اک بات دلفریب

ہر بات تیری دلنشین ہے جان کو عزیز
جچتی جو دل پسند ہے تو ہے لات دلفریب

نساخ کیجئے یار کے کس عضو کی صفت
سینہ جو دلربا ہے تو ہے گات دلفریب

عہد مین اوس بتِ ترسا کے ہے یہ اوجِ شراب
چشمِ زاہد مین بھی ہے جلوہ نما موجِ شراب

ردیف تا

لگے اوٹھکر بغل سے وہ جو گھر رات
بنا پہلو مین دل اک نیشتر رات

تڑپتے کیا حسینہ کا کل سے تا صبح
وہ تجھ سے رہ سکے اے جان مختصر رات

بلا ہجران مین دونون جان کو ہین
ستمگر دن ہے تو ہے فتنہ گر رات

ہمارے نالون مین افسوس افسوس ۔ نہ کچھ تاثیر دن کو نے اثر رات
اسی کا طالع بیدار ہو نام ۔ وہ میرے گھر مین آئے ہو کر رات
کہون اس سوت کو مرگ ہمایون ۔ وہ دوڑے آئے میری نعش پر رات
گزر دنکا نہین ہو گھر مین میرے ۔ یہان ہجران مین ہو آٹھون پہر رات
نسیبے بد طالعی تعجب ناسخ ۔ وہ آئے بے بلائے میرے گھر رات

سنا اول سے آخر تک مرا حال
وہ اے ناسخ آئے راہ پر رات

سوتے رہے وہ تو بے خبر رات ۔ کی جاگ کے مین نے بھی سحر رات
اب ہجر مین دن گزارتے ہین ۔ یا وصل مین کاٹتے تھے ہر رات
جینے کی بھلا ہو کون صورت ۔ گر ہجر بھی دن بھی ہو گر رات
گہ غنچہ کا دھیان گہ فلک کا ۔ کیا کیا تھا عذاب جان پر رات

ناسخ رقیب نے قضا کی
نالون نے کیا ہے کیا اثر رات

یہی کھینچیگا ناتوانی کی صورت ۔ ذرا دیکھو ناسخ مانی کی صورت
ہو لاکھون ہی درجے تو مرگ اس سے بہتر ۔ یہی ہو اگر زندگانی کی صورت

ولہ

واعظ سے کیا سنون مین بھلا گفتگوے دشت ۔ محشر کہین ہو جلد کہ ہون روبروے دوست

ولہ

در دلم عشق راه کرد و گذشت ۔ رخنه در خانقاه کرد و گذشت

ولہ

ہون شمع مین اسوقت بھی جنبش نہو [illegible] ۔ ہو مجھکو اگر تو لب جانان کی شکایت

ملنے مین نال نہو ناسخ یقین ہو
اوس بت کو نہو گر مرے ایمان کی شکایت

ردیف ثا

ہاے پیدا ہوا شاید کہ کوئی اور رقیب / ورنہ کیون دل مین نیا درد اوٹھا کیا باعث

ولہ

اوسے خوف تاثیر افغان عبث / عدو ہو گیا دشمن جان عبث

وہ سیر کو بھی گھر سے نکلتے نہین / ہین یہ جلوہ ہاے بہاران عبث

نہین سنتے گل نالۂ عندلیب / دل زار فریاد و افغان عبث

ہو گیا لطف تنہائی کی زیست کا / پیا خضر نے آب حیوان عبث

کسی گریہ بے اثر کا خیال / اوٹھایا ہی آنکھون نے طوفان عبث

مرا درد ایک لا دوا درد ہی / عزیزونکو ہی فکر درمان عبث

اوسے یاد رہتا ہی وعدہ کوئی / ہی ناسخ عشرت کا سامان عبث

ردیف جیم

ناسخ جذب شوق سے وعدہ مگر ہی آج / کیون ہر گھڑی نگاہ تری سوے در ہی آج

جانیکا اونکو قصد یہان سے مگر ہی آج / گردش بھرا آسمان کی برنگ گہر ہی آج

دشمن نظر مین یار کا کیون بام و در ہی آج / شاید رقیب تیرہ درونکا گذر ہی آج

ناسخ اونکے آنیکی شاید خبر ہی آج / رشک بہار رونق دیوار و در ہی آج

شاید کہ مشق تیغ زنی کر رہے ہین وہ / کیون دوش پہ وبال مجھے اپنا سر ہی آج

پوچھو نہ مجھسے کوچۂ گیسو کا حال وان / سودا زدہ کوئی کوئی آشفتہ سر ہی آج

اوس رشک گل کو سیر چمن کا ہی قصد کیا / چشم ہزار فرش سر رہگذر ہی آج

اونکی نگاہ سے کہین دشمن گرا نہو / کیون خود بخود دماغ مرا عرش پر ہی آج

ہشیار ہی تو ایک تری چشم مست ہی / ورنہ جو تیری بزم مین ہی بیخبر ہی آج

چہرہ خوشی سے سرخ ہے قاتل کا دیکھنا — عشاق کے جو خون پہ باندھی کمر ہے آج
وہ دیکھتے ہیں میری طرف عین مہر سے — ہر آہ اپنی مردم چشم اثر ہے آج
زانو پہ کیوں رکھے ہوئے ہے سر کو یا جلد — مایوس میری زیست سے کیا چارہ گر ہے آج

نساخ کسکی پھرتی ہے تقدیر دیکھیے — پھر دور چشم یار بہ رنگ دگر ہے آج

اللہ ایسے ضعف میں نکلے گی جان کیا — نہ لیجئے جو سانس اتنی بھی طاقت نہیں ہے آج

ردیف جیم فارسی

جان نکلے گی یوں ہی اپنی خنجر کو نکال — کچھ تکلف سے نہ لے کام تو شمشیر نہ کھینچ
دم نکلجانے دے ہو لینے دے مجھکو ٹھنڈا — ای ستم پیشہ ابھی سینے سے تو تیر نہ کھینچ
دیکھنا ہی نہیں منظور رہا اونکو تو بس — ہیں نہ کھینچو اونکا مانی مری تصویر نہ کھینچ

ردیف خا

کسکو یارا ہے کہ دے اونکو پیام نساخ — گالیاں کھائے اگر لے کوئی نام نساخ
روس سے افلاک کو رفعت میں بھلا کیا نسبت — سنگ در اونکا جو ہے ہے وہی بام نساخ
رخ و گیسو کو ترے اور بھلا کیا کہیے — صبح نساخ ہے یہ ہے تو وہ ہے شام نساخ
نام دشمن کے شنا سن کے ہیں سارے مضمون — اونکو کیا خاک پسند آئے کلام نساخ
آستان پر ترے سینے کو جو پائی ہے جگہہ — عرش اعلی سے بھی ارفع ہے مقام نساخ
ہو یقین ہو دے تمنا سے دل اوسکا خالی — جب تئی وصل سے لبریز ہو جام نساخ

ردیف دال

مجھکو جتنا ہے ترا جلوۂ رخسار پسند — تجھکو اتنی ہی ہے مری حسرت دیدار پسند
لطف کو اوسکے جو کرنے لگے اغیار پسند — ضد یہ ہے ہمکو کریں گے ستم یار پسند

بوسہ ہای لب شیرین جو ہین اغیار پسند
گالیان ہی تری ہم کرتے ہین ناچار پسند +

دل پہ آنکھ اونکی ہو اور دانت ہو میرا اوپر
وہ ہین دیوانہ پسند اور ہین ہشیار پسند

اونکا جی سیر و تماشے مین کہان لگتا ہی
وہ تو یوسف نہین کیون انکو ہو بازار پسند

ہی غرض یہ سے مرے اونکو مجھے اونسے غرض
وہ تو ہین سادہ پسند اور ہین پرکار پسند

ہمزہ شوریدہ ان وان ہی غضب کیفیت
مدرسے سے ہی سوا خانۂ خمار پسند

ایسے ہنگامے ہین کیا پھر گئے نظر دیکھین گے
سچ جو پوچھو تو نہین حشر ہین دیدار پسند

نہین فریاد عدو حیس سے کہ دگھبرا سے
بے اثر نالے وہ اپنے ہین کہ ہون یار پسند

دم لے بھاگی ہی مجھے صحبت دل اصنام
دی ہی اللہ نے وہ خاطر دشوار پسند

یاد ایام کہ دیتے تھے صلے مین گو سے
اپنی تعریف ہین کرتے تھے جو شعرا پسند

اردو گویان ہین پسند اپنے مین شعر مومن
فارسی گویون ہین ملکی کے ہین شعرا پسند

جیسے گستاخ جو آتے ہین گا سے گاہے
ہی شب ماہ سے بھی مجھکو شب تار پسند

وہ سخن فہم ہین تو ہین ہون سخن گو گستاخ
کیا عجب اونکو جو آئے مری گفتار پسند

ردیف را

اوسنا تو بدگمان ہنو گا جہان بیت
کیا کیا ہین وہم روزن دیوار دیکھکر

ہونٹ اوسکے منہ ہین باقی حیرانی ہی آج
کل آپ آئے تھے جیسے بیمار دیکھکر

لڑ و انکا نہین ہی ارادہ تو دیکھنا
دیکھو نہ مجھکو جانب اغیار دیکھکر

سید ہم سا تھا پڑا ہوا اقتل مین یا ہین بھی
جان آئی جان مین تری تلوار دیکھکر

گھر مین نہین ہی یا یہ کہ خلوت عدو سے ہی
کیون مضطرب ہی دل در و دیوار دیکھکر

بیمار کا ترسے ہو بھلا خاک اب علاج
ڈرنے لگے طبیب بھی آزار دیکھکر

بس نامہ و پیام کا سب حال کہدیا
لرزان ہون نامہ بر کی رفتار دیکھکر

غصے مین وہ پھر سے ہوئے آتے تو نشتر سے
رحم آگیا ہی حال دل زار دیکھکر

بیداد گر نہوسے ہنوسے جفا شعار — بھینچینگے دل کو لیک حسد یار دیکھکر

ولہ

عشق کا حال سناؤن کیونکر — اونکو تنہا کہین پاؤن کیونکر
آپ برسون سے تو آتے ہی نہین — کیسے مین آپ ہین آؤن کیونکر
اب کہان آہ شرر دم مین اثر — خانۂ غیر جلاؤن کیونکر
غیر کے نقش قدم رہزن ہین — کوچۂ یار مین جاؤن کیونکر

وہ کسی کی نہین سنتے ناسخ
بگڑی بات اپنی بناؤن کیونکر

گالیان دیتے جو مین دیتا بوسہ کا شوق سے — وصل کی شب مہر کر دینگے دہان یار پر

ولہ

لب جان بخش کا اعجاز یہی ہے شاید — بھاگتے ہو جو مریضون سے مسیحا ہوکر

ولہ

قصہ مرا تھوڑا سا کہا جائے تو چلیے — ہو روز قیامت جو شب غم کی برابر

ولہ

شب وصل اونکے شرمانیکا عالم یاد آیا ہے — بھلا بیٹھے ہوا ای ناسخ تم کیون ہنسکر

ولہ

افسوس کہ وہ جاتے ہین اور مین نہین مرتا — مرنا مری قسمت مین ہے لکھا کوئی دن اور
اصرار کیا اونکو جو رکنے کے آنے پہ بولے — ہم آج نہین جائینگے اچھا کوئی دن اور

ولہ

تدبیر مین مرہم کے جو مصروف ہے جراح — یہ دیکھیے زخم سلینے ہوسے خندہ زنان اور

ولہ

دل اغیار جو ٹھنڈا ہوا کس حجاب سے — دم سوز ہے کیا نالۂ شرر افگن ہوکر

حال اپنا بہت ابتر ہے بگڑا ای ناسخ

مانگتا ہی جو دعا غیر بھی دشمن ہوکر

ردیف زاے

رکھتے ہین اوس بت کو ہم جان سے عزیز
جان کیسی دین و ایمان سے عزیز

جوش وحشت مین ہم اک دست جنون
چاک کو رکھتے ہین دامان سے عزیز

میرے حق مین یار کی جھوٹی شراب
ساقیا ہی آب حیوان سے عزیز

مجھکو وہ شوق شہادت ہی کہ ہی
تیغ کا ڈورا رگ جان سے عزیز

وہ کبھی عاشق نہین ہی بوالہوس
جان کو رکھے جو جانان سے عزیز

ہون مین اے ناسخ ایسا زخم دوست
درد کو رکھتا ہون درمان سے عزیز

چلنے دے نہ اوٹھا حالت بیماری مین
میرے پاؤن مین نہین طاقت رفتار ہنوز

ردیف سین

جا کے بیٹھین بھی اگر بزم مین ہم یار کے پاس
ہی یقین اوٹھ کے وہ جا بیٹھین گے اغیار کے پاس

یہ عیادت تو نہین آتے ہو جان لینے کو
کہ خبر جان نہین اب ہم آپکے بیمار کے پاس

مردے جی اوٹھتے ہین تو زندے مرے جاتے ہین
معجزہ ہی یہ نیا آپ کی رفتار کے پاس

فصل گل مین بھی نہ صیاد جفا پیشہ نے
پھول رکھے قفس مرغ گرفتار کے پاس

کیا دم مرگ وہ آئینگے کہ ایسا ہی وہ ہم
کہ عیادت کو بھی جاتے نہین بیمار کے پاس

سر بیمار نہین ہی کہ اوٹھایا ہی نجاے
یہ تو دشمن ہی کہ بیٹھا ہی مرے یار کے پاس

ضد یہ ہی مجھسے کہ ناسخ گرا دی آخر
بیٹھتے تھے کبھی جا جا کے جو دیوار کے پاس

دل کا تڑا ہو کیسلیے چھیڑا عدو کا ذکر	جھنجھلا کے عین وصل مین اوسنے کہا کہ بس

ولہ

یان جو کہنے کو کہون تو کہتے ہین منہ پھیر کر	شمع بھی اوٹھ کر کہین جاتی ہے پروانے کے پاس

ردیف شین

نہین آہ و فغان کی آزمایش	ہے منظور آسمان کی آزمایش
اوسے ہر طرح سے چھیڑون شب وصل	کرون اوسکے دہان کی آزمایش
ہے حسین محفل خوبان مین جائین	کرین اہل بدگمان کی آزمایش
ذرا سینے پہ اوسکے ہاتھ رکھو	کرو سوز نہان کی آزمایش
وہ کہتے ہین کہ کیجے وصف بوسہ	یہ ہے میری زبان کی آزمایش
عدو فربہ ہین اونپہ تیغ کھینچو	بھلا کیا ناتوان کی آزمایش
اوسے منظور قتل عاشقان ہے	نہین تیر و سنان کی آزمایش
کہینگے مختصر حال شب وصل	کرینگے رازدان کی آزمایش
غرض مرنے سے بس نساخ سو ہے	لب معجز بیان کی آزمایش

ردیف طا

پیدا کیا ہے جب سے کہ اہل جفا سے ربط	ہے یہ عجیب کہ دلکو ہے اپنے وفا سے ربط

ردیف ظا

وصل مین شب اوٹھ گیا ایسا لحاظ	اونکو میرا نہ مجھے اونکا لحاظ

کوئی رسوا ہو تو ہو کیا تجھے
بیچ میں کیا راز پنہان کا لحاظ

نقشہ ہی کھل کھیلے ترے شہر میں
شرم تیکشی اونکو اور کس کا لحاظ

میرے آگے بیٹھے بیان دشمن کا نام
کچھ نہیں اونکو گر ہوا ہوتا لحاظ

بیچ میں کیا آ گئے ناصح و
پاس رکھا کیجیے کس کا لحاظ

ردیف عین

صادق وہی ہے عشق میں جسکے مزار پر
بلبل چڑھائے پھول تو پروانہ لائے شمع

ولہ

جلیگی یون ہی اگر آج تا تو ائی شمع
تو ہوگی تا بسحر ختم زندگانی شمع

جلے وہ آپ بھی جو دوسرے کے دلکو جلائے
کہا یہ رات کو پروانے نے زبانی شمع

ردیف غین

جلتا رہونگا تا بقیامت اسیطرح
مرنے پہ قبر پر نہ چڑھائے اگر چراغ

ای شمع رو تجھے نہیں پروا وگرنہ تو
جلتا ہے میرے حال پہ یان رات بھر چراغ

اونکی غرض یہی ہے کہ جلتا رہون مدام
لایا جواب خط کی عوض نامہ بر چراغ

جلتی ہے روز رات کو یان انتظار مین
گویا کہ بنگئی ہے مری چشم تر چراغ

ولہ

یہ سوزش اور یہ جلن اوسکو کہان نصیب
انصاف کیجیے تو کہان دل کہان چراغ

ردیف فا

موسم گل ہین چلا مین ہو گلستان کی طرف
ہاتھ وحشت نے بڑھائے ہے دامان کی طرف

نظر آتا ہے مجھے نقش قدم دشمن کا
جاؤن کیا خاک بھلا کوچۂ جانان کی طرف

وصل مین چھیڑ ہے اونکو تو بڑھاتے ہین ہاتھ
گاہ دامان کی طرف گاہ گریبان کی طرف

ہون وہ دیوانہ کہ کانٹے ہون قدم بوس تمام
جاؤ نہین جوش جنون مین جو بیابان کی طرف

تیرگی چھائے وہ چہرے پہ کہ ہو جائے سیاہ
آفتاب آئے جو میری شب ہجران کی طرف

یا خدا وہ مجھے سمجھے ہین مگر دیوانہ
دیکھتے ہین جو مجھے دیکھ کے زندان کی طرف

شب ہجران ہی مین آتے ہوئے گھبراتی ہے
آئے کیا وصل کی شب کلبۂ احزان کی طرف

دلمین آتا ہے جو کچھ لب پہ نہین لا سکتا
دیکھتا ہون مین تیرے لب خندان کی طرف

ہجر مین قصد یہ تھا جاؤن سوے ملک عدم
گم ہی لائی مجھے چشمۂ حیوان کی طرف

نے جگے تاب و توان اب وہ نظر رکھتے ہین
گہ مری جان کی طرف گہ مرے ایمان کی طرف

دیکھو نساخ کہ فتنہ نہ اوٹھانا کوئی
جا بیٹھیو جاتے تو ہو کوچۂ جانان کی طرف

ردیف کاف

ابھی تو آب گریہ تھا کمر تک
ابھی پہونچا الٰہی سر سے اوپر تک

خدا جانے کہ کیا اونکو گمان ہے
نہین دیتے وہ اپنی کچھ خبر تک

یہ بیماری دل کا ہی حال بگڑا
ادھر جاتا ہے ہوش چارہ گر تک

مرے زخموں کا ہے وہ حال ابتر
کہ خون روتی ہے چشم بخیہ گر تک

کبھی جو حشر سا برپا ہوا تھا
نہین آئے نکلکر اب وہ در تک

شب ہجر انکی تاریکی کے ڈر سے
نہ آیا یان بھی اونکا سحر تک

اگر ہو امتحان تیغ منظور
تو بسم اللہ یان حاضر ہے سر تک

نہ پوچھو آشیانہ کا مرے حال
جلاتے نالۂ سوزان نے پر تک

شب ہجران ہے وہ پرہول اپنی
کہ چپ ہے خوف سے مرغ سحر تک

کیا ہے ذوق پامالی نے مجبور
کوئی پہونچا دو اونکے رہگذر تک

یقین ہے حشر ہووے دشمنوں کو
قدم رنجہ کرو جو میرے گھر تک

نہ ہم در از وان کی کیا شکایت
ہوا ہے دشمن اپنا نامہ بر تک

تپ ہجران میں ہے وہ ضعف نساخ
کہ اوٹھہ سکتی نہیں اپنی نظر تک

ردیف لام

لاکھ حیلے کرو پر اونکا ہے آنا مشکل
وہ سمجھ جاتے ہیں کیسا ہو بہانا مشکل

یا الٰہی ہو ملاقات کی صورت کیونکر
اونکا دشوار ہے آنا مرا جانا مشکل

ضعف نے ہجر میں اس حال کو پہونچایا ہے
زیست سے بھی تو ہوا ہاتھ اوٹھانا مشکل

اقربا جان گئے اونکی ملاقات ہو کیا
اونکو تو ہو گیا آواز سنانا مشکل

وہ جو آجائیں تو آسان ہے دشوار نہیں
سب سمجھتے ہیں کہ ہے آپ میں آنا مشکل

قید وان وہ ہے کہ تقدیری تو ہے گیا اسل بھلا
نامہ بر باد صبا کا بھی ہے جانا مشکل

دل ہے مٹھی میں مرا کھول تو دو دیکھ تو لو
تم یہ سمجھے تھے کہ اسکا ہے بتانا مشکل

وان کا جانا تو ہے اک امر محال نساخ
ضعف سے مجھکو ہوا آپ میں آنا مشکل

ڈاک پر اپنی وہ تصویر نہ یون بھجوائے
اونکو نساخ نہیں گرمی تسکین کا خیال

ردیف میم

تنگ ہم آگئے ہیں جور بت بیوفا سے ہم
جی میں ہے اب لگائیں گے دل کو خدا سے ہم

اپنے لیے جو یہ جیسے معراج ہے یہی
پہونچے ہیں بام پر یہ بخت رسا سے ہم

اونکا تو بیوفائی سے بھرتا نہیں ہے جی
گھبرا گئے ہیں کیسے اپنی وفا سے ہم

آتی ہے بو کسے یار سے جیسے روز صبحدم
آتا ہے رشک اونجھتے ہیں باد صبا سے ہم

کہتے ہیں تمسے ورنہ قیامت ہی کیوں نہو
پنہان رکھیں گے راز دل اونکو خدا سے ہم

ہے فکر وصل یار نہ مرگ عدو کا دھیان
آسودہ ہوگئے دل بے مدعا سے ہم

بیباک شوخیوں سے کیا تھا تو وصل میں
شرمندہ ہوگئے یہ تمہاری حیا سے ہم

احسان ضعف ہے کہ اونہیں کچھ خبر نہیں
مثل گرہ لپٹ گئے بند قبا سے ہم

کیوں شکوہ سے کو جائیں نہ کیسے کو چھوڑ کر
رکھتے ہیں اک عداوت قلبی ریا سے ہم

ملتے نہیں تو نہ ملو اب غرض نہیں
اک عمر مانگ لیتے ہیں دیکھو خدا سے ہم

وہ آئیں یا کہ موت ہی آجائے ہجر میں
ناسخ مانگتے ہیں یہی تو خدا سے ہم

صبر کرتے ہجر جانان میں
ہوتے گر اپنے اختیار میں ہم

سخت جانی کا ہو برا ناسخ
نہ مرے ہائے ہجر یار میں ہم

ولہ

پڑتی ہے جا بجا ہر کی طرف آنکھ وصل میں
شوخی سکھا رہے ہیں تمہاری حیا کو ہم

جبتک ہے بوسہ لب جان بخش کا خیال
پاس اپنے آنے دیتے ہیں کوئی قضا کو ہم

کرتے ہیں چاک سینہ و دل دیکھ دیکھکر
دست عدو میں یار کے بند قبا کو ہم

ولہ

ظاہر تو کی سنگدلی اب ہوئی ہمیں
مدت کے بعد چونکے ہیں خواب گراں سے ہم

ڈرتے ہیں قصر یار کو بھی دیکھ دیکھکر
گھبرا گئے ہیں وہ ستم آسمان سے ہم

ولہ

اسطرح ملتے ہیں خوبوں سے کہ اونکو ہو خیال
اپنے سینے میں دل بے مدعا رکھتے ہیں

ردیف نون

گزرتا ہون جو مین کوے ستا نہین / کھٹکتا ہون نگاہ پاسبان مین

عدو جل جلکے ہو جاتے ہین ٹھنڈے / کہ ایک ایک برق ہے مری فغان مین

نہین معشوق اگر عالم مین تجھسا / تو مجھسا بھی نہین عاشق جہان مین

نہ منتے سنکے بزم غیر مین وہ / نہوتا کاش اثر اپنی فغان مین

اثر دل کچھ نہو یان جل بجھے دل / لگا دو آگ اس سوز نہان مین

ادھر کیون ہو نگاہ تیز اپنی برق / دھرا ہے کیا ہمارے آشیان مین

اسی سے زندہ سمجھے ہے مجھے خلق / اثر ہے آب حیوان کا فغان مین

وہ جو کہتے ہین کہتا ہون ہی مین / زبان یار ہے گویا دہان مین

کہے نساخ نے وہ شعر اردو
کہ جنکی دھوم ہے ہندوستان مین

قابو مین شب وصل مین وہ آئے ہوئے ہین / منھ فق ہے لٹین بکھری ہین گھبرائے ہوئے ہین

آنکھون کو جھکائے ہوئے شرمائے ہوئے ہین / کچھ بات مرے دل کی مگر پائے ہوئے ہین

اونی یہ شگوفہ ہے مرے داغ جگر کا / جو پھول ہین گلزار مین مرجھائے ہوئے ہین

شاید دل عشاق سے پھر پیچ کرین گے / گیسو ترے رخسار پہ بل کھائے ہوئے ہین

آئے ہین عیادت کو بھی تو بیٹھے ہین خاموش / ایسا نہو سمجھے کوئی سمجھائے ہوئے ہین

گویا دل افسردۂ عشاق ہین ایجان / ہاتھون مین ترے پھول جو کمھلائے ہوئے ہین

ہنگامہ سا ہنگامہ جو ہے راہگذر مین / ہمسائے ہین شاید وہ کہین آئے ہوئے ہین

آجاؤ کہین جلد خدارا اگر دیر / ہم جان کو لب پر ابھی ٹھہرائے ہوئے ہین

گاہے ہے تسلی تو کیے دیتے ہین تسکین
ابتک دل نساخ کو بہلائے ہوئے ہین

سر ہمارا جو تو ہم سے گریبان مین نہین / ہاتھ دشمن کا مگر یار کے دامان مین نہین

بے سبب ربط مرے دست و گریبان مین نہین / ہاتھ اونکا تو پڑا غیر کے دامان مین نہین

سنگ ہوا آب مرے نالون سے یہ ہے عجب / کہ اثر کچھ بھی دل نازک جانان مین نہین

جاؤن کہان وحشت مین کیا چاک کرون وحشت مین
پاؤن نہین زور نہین تار گریبان مین نہین

بخت خفتہ ہو گر یار کے گھر مین کیونکر
ایک شب خواب کبھی چشم نگہبان مین نہین

ناوک افگن جو نکالی نہین ہے اپنی جان
آب حیوان تو ترے تیر کے پیکان مین نہین

وہ جو سنتے ہین شب و روز یہی کیا کم ہے
نہ سہی ہمدم ہون تاثیر اگر افغان مین نہین

ہے جو ہر طرح سے اے یار چھپانا منظور
اسلیے وصل کا مضمون مرے دیوان مین نہین

خانۂ غیر کو تو دیکھیے خاک اوڑتی ہے
اب بھی کہدیگا اثر نالۂ سوزان مین نہین

دست وحشت نے نئے رنگ نکالے اکی
مین گریبان مین وہ چاک کہ دامان مین نہین

خانۂ یار مین اغیار ہین شاید نساخ
آج کچھ لطف جو نظارۂ دیوان مین نہین

میری وفا کا حال کچھ اونپر نہان نہین
شاید ابھی سبب سے سر امتحان نہین

گر اشک و آہ کے مین ہی طور دیکھتا
کچھ ہم مین یہ زمین نہین یہ آسمان نہین

کہیے تو کس سے راز دل اپنا بیان کرون
جو ہے ہمارا ہے کوئی ہمراز دان نہین

کوچے سے تیرے کم نہین جنت و لے وہان
لب پر کسی کے نالہ و آہ و فغان نہین

رہتا ہے اسطرح کی توجہ سے فائدہ
کاشانۂ حبیب تو کچھ آسمان نہین

مخفی ہو سے نہان ہے تن زار کی طرح
افواہ ہے یہ جھوٹ کہ اوسکے دہان نہین

پچتا رہا ہون سنے دل ہی کی رسوا کیا مجھے
ہے کونسا وہ راز کہ سب پر عیان نہین

آئے نہ موت گو کف صیاد مین مری
لیکن حریف برق مرا آشیان نہین

مرنے کے بعد بھی ہون بھلا کیون عذاب مین
کچھ قبر مین تو سر پہ مرے آسمان نہین

افسوس اپنی شامت طالع کو کیا کہین
آئے وہ ایسے وقت کہ جب لب پہ جان نہین

خود آپ آکے دیکھ لو تاے مین کیا لکھون
وہ حال ہے کہ قابل شرح و بیان نہین

کہیے تو کچھ کہون مین یہ نامہربانیان
دشمن کے حال پر تم اگر مہربان نہین

لاتے نہین زبان پہ ہم دل سے راز عشق
لیکن ہمارے چہرے سے کیا کچھ عیان نہین

مین حرف شکوہ زبان پہ لاتا نہین ہون کچھ
وہ مجھکو جانتے ہین کہ مین بدگمان نہین

کہتے ہیں ونکو دیکھکے بازار عشق میں
گر مفت ہاتھ آئے تو چندان گران نہیں

کسنے کہا کہ یار نے مجھکو پلائی مے
کل شب سے اپنے ہوش میں جو رازدان نہیں

وہ شوخ اپنے وعدے پہ آجائے کیا عجب
نساخ آج دلکو وہ شایان نہیں

باتیں کچھ ایسی میں نے لکھیں اضطراب میں
شاید وہ آپ آئیں گے خط کے جواب میں

فرق آہی جائے یار کے شرم و حجاب میں
نساخ ہم نہ جائیں جو بزم شراب میں

خط کیوں دیا تھا دیکھکے اوسکو عتاب میں
جز نامہ بر کی جان پڑی ہے عذاب میں

کل قصہ کو رازوہ ان کا عجب حال ہو گیا
نام اونکا لیکے چونک پڑے ہم جو خواب میں

جب جان پہ بنی ہے تو پائی شب وصال
اے دل نہ کام بگڑے کہیں اضطراب میں

بے پردگی میں ہو وسے نہ حاصل عدو کو بھی
جو لطف مجھکو ملتے ہیں تیرے نقاب میں

تشبیہ دیجیے اوسکو رخ صاف یار سے
عیب تھا اگر نہ داغ رخ ماہتاب میں

کرتا نہ تو کرنا مرے دست ستم کا کبھی
پیغام بر کہیں جو وہ ہو ویں عتاب میں

تاثیر جذب شوق نہیں ہے تو کیا ہے یہ
تشریف گاہ گاہ جو لاتے ہیں خواب میں

حاصل نہیں ہے خضر کو آب حیات سے
پایا ہے جو مزہ تری تلخی شراب میں

کچھ ہو نہ خضر و وعدے سے بگڑ گئی
پاتے ہیں فرق آج بہت اضطراب میں

ہم بے ادب نہیں ہیں کہ نالوں کو سر کریں
پڑ جائیں جیسے سیکڑوں رخنے نقاب میں

ہستی پہ میری ہنسنے لگی ہستی شرر
ایام ہجر کو جو نہ رکھوں حساب میں

تھا نہ نہ اونکی زلف میں کرتا ہو واعدو
یاں میری جان ہے خود بخود اک پیچ و تاب میں

ہو لیں گے ہم نہ صبح شب وصل کی یہ بات
جاتا وہ جلد جلد تر اضطراب میں

نساخ ہے جو اپنے صریر قلم میں لطف
حاصل نہیں ہے بربط و چنگ و رباب میں

نساخ تمکو خبر ہے یہ ہو گیا ہے کیا
توبہ کا ذکر کرتے ہو عہد شباب میں

قربان جان و دل کروں اوس شہسوار کے
نساخ جبرئیل تھے جسکی رکاب میں

نہ چھوڑے فصل گل میں جسکا دل سیر گلستان میں
بھلا وہ خاک اوڑانے جائے صحرا و بیابان میں

تکبر ہو عبادت کا بڑا جو تجھکو اے زاہد
یہی بس ایک دھبا ہو ترے دامان ایمان میں

نہیں فرہاد جو بیکوہ سے سر پٹکے وہ نکو
نہیں مجنون کہ مجھکو چین آئیگا بیابان میں

کبھی شوخی سے اوسنے وصل میں جو ہاتھ الٹا تھا
رگ جان سے سوا تار ہو اپنے گریبان میں

فنا ہو دم ابھی گر وصل کا پیغام سن پاؤن
دل بیتاب کا یہ حال ایسا درد ہجران میں

شگوفہ ہے اوسی گل کا ہو ورنہ دوست تھا کل تک
کھٹکتا آج ہون کانٹے کی صورت چشم دربان میں

یہ قصہ ہو اگر زنجیر بھی پاؤن کی کٹ جائے
جنون میں اوس سے بھلانے کے دل نیا کو زندہ تھا

اوہر دیکھو کیا حال ہے تمہارے دامان کا
تجمل کیون ہو یہ ہے ہو غصہ کو کیون الٹا گریبان میں

نہ ہوتی بدگمانی میری جانب سے اگر اون کو
مقابل اپنے بٹھلاتے وہ مجھکو بزم خوبان میں

یہی کہتا ہوا فسلخ اوس کوچے میں جا بیٹھا ہر
الٰہی خواب کا ہووے گزر چشم نگہبان میں

مرا نہ درد و غم میں یہان ہم بسر کرین
ہر شب عدو کے ساتھ وہان وہ سحر کرین

ہم گشت اونکے کوچے میں یا رات بھر کرین
وہ اور گھر میں غیر کے یارب بسر کرین

کہتے ہیں وہ کہ سنگ جو پانی ہوا تو کیا
نالے وہ ہین جو دل میں ہمارے اثر کرین

ڈرتے ہیں وہ کہ جی نہ اوٹھون ولیٹ جاؤ
بھولے سے بھی نہ گور پہ میری گزر کرین

ٹھنڈا اول رقیب ہو اللہ رے اثر
ہم نالہ ہائے شعلہ فشان کو جو سر کرین

یہ خوف اشتہار ہے کہ اللہ کی پناہ
وادی سے اپنے غول و خضر بھی حذر کرین

کیونکر آپ میرے نالون کو سنتے نہیں بھلا
باتیں یہ کچھ عدو کی نہیں جو اثر کرین

فسلخ اونکو اب نہیں وہ بدگمانیان
ورنہ وہ اور آنے سے پہلے خبر کرین

وہ اور ہمارے گھر میں آئیں
قاصد ہم اور فریب کھائیں

وہ ہمکو جو اپنے گھر بلائیں
رکھکر قدم آسمان پہ جائیں

آتے نہیں وہ ہمارا نہ آئیں
جائیں وہ عدو کے گھر میں جائیں

شانے کی کرون مین تیری یان جو — لے اوسکی جو زلف کی بلائین
کیا جانے عجب وصال ہو جانے — مانگون جو وصال کی دعائین
ہم ایک نہ مانینگے شب وصل — باتین وہ ہزار ہی بنائین
مین غیر نہین عدو نہین ہون — کیون بزم سے مجھکو وہ اوٹھائین
راز شب وصل جس سے کھلجائے — بات ایسی زبان پہ نہ لائین
اتنے مین رقیب تیرہ باطن — دوزخ مین سمائین تو سمائین
مین اشک نہین ہون مردم چشم — دیکھون تو نظر سے وہ گرائین

آئی ہے لبون پہ جان نساخ
آنا ہے اگر تو جلد آئین

ہم تو شکر اسکا بھی نساخ ادا کرتے ہین — وہ رقیبون سے ہمارا جو گلا کرتے ہین
سینے پہ پاے حنائی کو رکھا کرتے ہین — سوزش دل کی وہ اسطرح دوا کرتے ہین
آب و دانہ ہے یہی میرے مقدر کا لکھا — اشک پی پی کے ہم ایجان جیا کرتے ہین
یار سے اور رقیبون سے مگر بگڑی ہے — روز گیسو جو سیہ شام بنا کرتے ہین
حال وہ ہجر مین اپنا ہے کہ کیا یار کا ذکر — اب عدو بھی مرے مرنیکی دعا کرتے ہین
حشر سے کسکو ڈراتا ہے یہان اے واعظ — ایسے ہنگامے تو نالون سے ہوا کرتے ہین
چشم خونریز نے صندل کو بنایا مقتل — لب جان بخش ترے جینے کیا کرتے ہین

شکوہ ہجر جو کرتے ہین شب وصلت مین
آپ ہی حضرت نساخ برا کرتے ہین

ہجر کی رات ہے اور مرنے کے آثار نہین — کیا کرین کس سے کہین موت مری یار نہین
اونکے وعدہ کا ہے انداز نرالا سب سے — کبھی اقرار نہین ہے کبھی انکار نہین
لطف کیسے نہین اوٹھایا ہے شب وصلت کا — کونسی بات ہے جو قابل اظہار نہین
مین خدا جانے کیا دلمین سمجھکر چپ ہون — وہ سمجھتے ہین مجھے طاقت گفتار نہین
تیرے انداز کو ایجان کوئی کیا سمجھے — دلمین غصہ نہین تو آنکھ مین بھی پیار نہین

پھر بھی ہر تیرے ایسی ہی قناعت مجھکو
کہ ابھی وصل بھی تیرا مجھے درکار نہین

صفت دشمن ہوئی ہی مانع دید جانان
دل دیدار طلب پہ کوئی دیوار نہین

یہ تو کچھ وصل نہین یار کا جو سہل نہو
سخت جانی مین بھی مرنا مجھے دشوار نہین

جستجو مین تری پھرتا ہون مرا سر ہر دم
ضعف سے پاؤن مین گو طاقت رفتار نہین

شوق ہی حسن فروشی و تماشائی کا
گھر مین بیٹھے وہ کیون اپنی یہ بازار نہین

مجھسے کیا کہتے ہین کہیے تو عدو سے کہیے
مین جفا کار نہین ہون ہین دل آزار نہین

دن پہ دن کسلیے نساخ گھلے جاتے ہو
تم تو بیمار نہین تمکو کچھ آزار نہین

کب مرے دلکو چین و تاب نہین
کب مری جان پہ عذاب نہین

اونکو پردہ ہی تو ہمین سے ہی
اور کسی سے اونہین حجاب نہین

میرے کوچے مین کیون ہی غیر مگر
وصل دلبر سے کامیاب نہین

آہ و افغان ہین بے اثر دونون
ورنہ کیون اونکو اضطراب نہین

باتین ہون دشمنان جاہل سے
اور مین قابل خطاب نہین

ہی یہی پر وہ ہی ظلم کرنے کا
مجھسے اونکو اگر عتاب نہین

نالہ کچھ کام کر رہا ہی مگر
کسلیے دلکو اضطراب نہین

پھر ہین کسلیے پیین نساخ
ہم سے مانا کہ اجتناب نہین

نہین شایان یہ تو سے نساخ
کہ یہ پیری ہی کچھ شباب نہین

مگر رہی ہی بھر کے لیے وہ کبھی جو آتے ہین
تو ایک عمر کا [illegible] سامان بھی پھر جاتے ہین

مگر ہی قصد کہ پوشیدہ مجھکو قتل کرین
وگرنہ کیون شب تاریک مین بلاتے ہین

غرض یہ ہی کہ مین اوٹھ جاؤن شرم کے مارے
وہ مجھکو بزم مین جو صدر مین بٹھاتے ہین

لگانے تیغ پہین تیغ اور اگر پوچھو
تو بیٹھکے سمجھتے ہین ہم الفت اپنا تے ہین

کسے بتاب کہ نام عدو سنون اونسے
کیون اونسے پوچھون کہ صبا کہان سے آتے ہین

نہین ہوتا تو نہین لیتے جو خاصہ ہی کا
تو کیون عبث وہ مجھے گالیان سناتے ہین

ہنسی سے کیون نفس سرد بھرتے ہین نساخ
شب وصال مین وہ کیون مجھے جلاتے ہین

تسخیر کا جو سرمہ ہے چشم سیاہ مین
تو تنفس کا اثر ہے مری بھی نگاہ مین
ہو جاتی آکے جان مری لب پہ اسطرح
ہوتا اگر ذرا بھی اثر میری آہ مین
کیون دیکھتے ہو میری طرف چشم غور سے
کیا اب بھی شبہہ ہے مرے حال تباہ مین
کسکی مجال ہے کہ دل اپنا بچا سکے
لاکھون ہی شوخیان ہین تری ہر نگاہ مین
بدتر رقیب سے بھی ہماری نظر مین ہے
اک ایک نقش پا ترے کوچے کی راہ مین
نساخ دیر مین نہین ملتی ہے گر جگہ
آؤ نہ پڑ رہین گے کسی خانقاہ مین
ٹھیرے جو قتلگاہ مین نساخ کے سوا
جیتا نہین ہے کوئی ہماری نگاہ مین

مجھکو نکالے کون بجز رحمت خدا
نساخ مین تو غرق ہوا ہون گناہ مین

کرتا ہے لیکے دل کوئی ظلم اسقدر کہان
تمسا جہان مین کوئی بیداد گر کہان
ہو ڈھونڈھا یون کوے یار مین اب کیونکر آپ کو
وہ دل کہان دماغ کہان وہ جگر کہان
مسجد مین خانقاہ مین یا کوے یار مین
ہوتی ہے رات آج کی دیکھین بسر کہان
وہ آکے مجھسے پوچھتے ہین صبح اٹھ غضب
بتلائیے کہ آپ رہے رات بھر کہان

نساخ اب وہ آنے لگے کسلیے یہان
اگلا سا آہ و نالے مین اپنے اثر کہان

اسطرح سے وہ محبت مجھے دکھلاتے ہین
بے بلائے بھی مرے پاس چلے آتے ہین
جو رہے یاد تمھین رہ سکے جو یاد آتے ہین
وصل مین آنکھ ملانے مین بھی شرماتے ہین
سوز دل کا مرے اسطرح سے کرتے ہین علاج
میرے سینے سے شب وصل لپٹ جاتے ہین
کیون سما جاسے نہ ہر بند مین انکی الفت
وصل مین انگلیونکو میری وہ چٹکاتے ہین

کہتے ہین نالۂ و افغان کو مرے سُن سُنکر

ہم ہی ناسخ ترے دم میں کہاں آتے ہیں

کب مرے قتل پہ آمادہ ترے ناز نہیں — جان کب لینے کے در پے ترے انداز نہیں
قتل عشاق عدو کیوں نہیں کرتے ہیں بھلا — پھر کہوگے کہ لب لعل میں اعجاز نہیں
خانۂ غیر میں جب سے تری آواز سنی — ہے زبان بند نکلتی مری آواز نہیں
وہ محبت ہے قفس سے کہ بہار رنگین بھی — کچھ مجھے شوق چمن خواہش پرواز نہیں
سخت جانی پہ مری دھیان نہیں ہے بھلا — کہتے ہیں وہ کہ کوئی عاشق جانباز نہیں

قصۂ ناسخ کی تقریر جنون ہیں کوئی
جسکا انجام نہیں جسکا کچھ آغاز نہیں

شب تاریک دکوچہ کا کل — ایک دل اپنا ہزاران اور ہیں
دیکھوں تو مجھکو کون اوٹھاتا ہے — ہے ترا سنگ آستان اور ہیں
وہ ہیں بارہ دری ہے اور عدو — سر ہے اور سنگ آستان ہے ہیں
سر پہ احسان ضعف ہے ورنہ — یار کا سنگ آستان اور ہیں

ولہ

اس سے جو ہووے رہائی کوئی تدبیر نہیں — خط تقدیر ہے کچھ پاؤں میں زنجیر نہیں
دل و جان دو مری پھر کسنے جلا ڈالا ہے — کون کہتا ہے مری آہوں میں تاثیر نہیں
کوچۂ یار میں کیوں اوٹھکے نہیں جا سکتے — طوق گردن میں نہیں پاؤں میں زنجیر نہیں
ہیچ و لہ ادر بھلا کسکو گوارا ہوتا — خوش ہوں اس سے کہ مرے نالوں میں تاثیر نہیں
کسلیے غیر کٹے جاتے ہیں مقتل میں بھلا — اسقدر تیز زبان تو تری شمشیر نہیں

صبح ہوتی نہیں ناسخ شب وصل عدو
خاک بھی تو اثر نالۂ شبگیر نہیں

اونکو شب دیکھا غیر کے گھر جاتے ہیں — اب یقین ہے کہ وہ شرماینگے یارانے میں
شہر آباد کہو اسکو کہ بستا ہے تجھے ہم — نالہ و آہ و فغان کا مرے ویرانے میں
رونگٹے ڈر سے کھڑے ہوں ملک الموت کے بھی — آگئے ہجر کی شب کو مرے غم خانے میں

وصل مین بھی تم ہو مین انداز نرالے سارے | لطف شوخی سے سوا ہین ترے شرمانے مین

غش جو سن سنکے ہوئے واعظ و ناصح نساخ
ہے تجلی کا اثر یار کے افسانے مین

گو خاک ہون خاک سے بنا ہون | پر چشم فلک کا توتیا ہون
تم اور تجھے شب کو لیٹے گھر مین | مین سارے ٹھکانے جانتا ہون
مین نے ہی تو کی عدو سے یاری | بے پیچ ہے مین ہی تو بیوفا ہون
ہو آفت روزگار اگر تم | یہ جانیے مین بھی اک بلا ہون
تم اور کرو عدو سے یاری | مین آپ کو خوب جانتا ہون
اوس کوچے سے مین نہین نکلتا | گویا کہ مین اپنا مدعا ہون
تو مجھسے پھرے تو تجھسے پھر جاؤن | مین تیری طرح سے بیوفا ہون
اوس بت سے مراد دل ہو مانگون | کہتا ہے کہ کیا مین کچھ خدا ہون

گھٹ جائے کہین دم اپنا نساخ
مین سیر ہون زیست سے خفا ہون

تمکو دکھلاتے مین ہے ورنہ نہان عالم سے | داغ کچھ عشق نہین ہے کہ چھپا بھی نہ سکین
یا ان سے کہتے مین بھلا غیر کا کشتا کیا ہے | آپ ایسے نہین جو بات بنا بھی نہ سکین
شرم پھر کسکی شب وصل مین گل کر دین چراغ | سوز دل تو نہین اپنا کہ بجھا بھی نہ سکین

ولہ

ہین وہ نالے خاطر ناشاد مین | ہو اثر جنکا دل جلاد مین
باغ مین مرغ چمن نالان ہین کیون | کیا دھرا ہے خانہ صیاد مین
جا کے ہین وہ عدو کے ساتھ تو | یہ اثر ہے نالہ و فریاد مین
مین وہ ہون مرغ نوا زن ہم صفیر | ہے جگہ اپنی دل صیاد مین
بھولکر دنیا و دین نساخ نے | کی بسر تو زیست اونکی یاد مین

اضطراب دل سے ای نساخ دیکھ

کرتیا گر خاطر جلاد مین

کیون وہ شرمائین بھلا کیون منھ چھپائین ہمسے
بزم اغیار ہی کچھ محفل احباب نہین

کور وہ چشم نہین جسکو تصور تیرا
داغ وہ دل جو ترے عشق مین بیتاب نہین

کونسا عشوہ نہین آفت جان اغیار
کونسا غمزہ بلائے دل احباب نہین

غم بھی کھاتے نہین آنسو بھی نہین پیتے ہین
مدتون ہجر مین گزری کہ خور و خواب نہین

ولہ

شب کو آکر مجھے ہنس ہنس کے وہ کہتے ہین
کیون جی بتلاؤ تو اسکو بھی حیا کہتے ہین

دلمین کچھ جانتی ہو بات اونکی ہو وہ پہلو دا
بیوفا اونکو جو کہیے تو بجا کہتے ہین

ولہ

ای ہمنشین مفلسی پہ کچھ اونکی نظر نہین
کہتا ہو پھر کہ نالون مین میرے اثر نہین

جان اپنی ساتھ آہ کے ہو جائیگی ہوا
ہجران کے صدمہ مین مجھے جینے کا ڈر نہین

کرتے وہ امتحان کوئی دن کچھ عجب نتھا
دیوانگی کی بھی مری اونکو خبر نہین

پیری مین کسکو عشق کے صدمونکا حوصلہ
وہ دل نہین دماغ نہین وہ جگر نہین

مرنے کے بعد نعش پہ پہونچا دیا اوسے
شرمندہ اب تو نالون سے میرے اثر نہین

چشمک عدو کی آنکھون سے کسطرح دیکھتے
اچھا ہوا کہ بزم مین اونکی گزر نہین

گر حشر کا ہو روز کہ جسکی نہین ہے شام
تو ہجر کی ہے رات کہ جسکی سحر نہین

بتلاؤ تو کوئی یہ تغافل ہے کس لیے
اونکو جو میرے حال سے ہمدم خبر نہین

دل اونکا ہو وہ گنبد بے در کہ جس جگہ
کیا میرا ذکر غیر کا بھی تو گزر نہین

کیا آہ شعلہ ریز کا قصہ ہی پوچھنا
ہان جی ہی جلگیا یہ وہان کچھ خبر نہین

سچ ہو کہ غیر قتل کچھ اسکی سزا نہین
کچھ کم ہے یہ غلط کہ ہماری خطا نہین

رشک مسیح وہ ہون تو ہون لیکن اونکے پاس
کچھ میرے درد ہجر کی مطلق دوا نہین

سچ ہے کہ عاشقو نہین فقط ہم مین بیوفا
خوبو نہین کوئی تیری طرح باوفا نہین

میری شبِ وصال نے قاتل یہ کر دیا
دشمن بھی اب تو منکرِ روزِ جزا نہین

یان جان بلب ہون زیست کے آثار بھی نہین
اور اونسے پوچھیے تو ہین بیمار بھی نہین

کہنے مین صاف آج ہی کر دینگے فیصلہ
گر ہم نہین تو جانیو اغیار بھی نہین

جلتے ہین غیر کسلیے سن سن کے یا خدا
نالے تو سینہ ہاے شرربار بھی نہین

آکر سحر جو مجھکو یہ دیکھا تو بول اٹھے
مرنا تو یکطرف رہے بیمار بھی نہین

موہوم ایک امید پہ جیتے ہین ہم کہ وان
اقرار اگر نہین ہے تو انکار بھی نہین

اب مجھکو کیا ہے خم بخم زلف سے غرض
آزاد اگر نہین تو گرفتار بھی نہین

اللہ اب بتون سے پڑا ایسا معاملہ
وصلت تو درکنار ہے دیدار بھی نہین

کہتے ہو کیا کہ جان کا دینا نہین ہے سہل
آسان اگر نہین ہے تو دشوار بھی نہین

آنکھون مین ہے خمار لبون پر ترانہ ہے
بدمست اگر نہین ہو تو ہشیار بھی نہین

نسّاخ سے جو ملنے کو پوچھا تو بول اٹھے
مدت ہوئی کہ اوس سے سروکار بھی نہین

اس گردشِ فلک سے مٹے کیسے کیسے لوگ
وہ اب کہان ہے قیس کہان کوہکن کہان

یوسف کہان ہے اور کہان ہے عزیزِ مصر
یعقوب اب کہان ہے وہ بیت الحزن کہان

نسّاخ اگلی صحبتون کو ڈھونڈھتی ہے آنکھ
وہ اہلِ بزم کیا ہوئے وہ انجمن کہان

کب مری گھات مین نسّاخ وہ صیاد نہین
کب مری جان کے درپے ستم ایجاد نہین

وہ سمجھتے ہین کہ تسکین ہو قلق سے مجھکو
ناتوانی سے جو یان طاقتِ فریاد نہین

چھوڑ کر شہر کو کیون کوہ و بیابان مین پھرون
تیرا عاشق ہون مین مجنون نہین فرہاد نہین

یہی خوبی ہے کہ جس سے ہو معشوق پسند
بے اثر جو نہو ایسی مری فریاد نہین

کوچۂ یار مین پھر صبح کے ہوتے ہی چلا
شب کی ذلت تجھے نسّاخ مگر یاد نہین

یاد دلواؤ اگر مجھسے ہوئے وعدہ کو
ہنس کے کہتے ہین کہ نسّاخ مجھے یاد نہین

جب سے آئے ہیں بیابان سے اپنے گھر میں — سر مرا پھرتا ہے پھر بادیہ کی گردش سر میں
شب ہجراں میں وہ پرخوف ہو وہ کیا آئین — موت بھی لگتے ہوئے ڈرتی ہے جسکے گھر میں

ولہ

ضعف سے اتنی بھی باقی نہیں طاقت ہمین — طلب وصل کریں خواہش دیدار کریں

یہ فنا یاس سے جو کچھ ہوا ہے نساخ
چین آتا ہے کہ اب دل ہی کو ہم پیار کریں

ہر لحظہ اضطراب جگر بڑھ رہا ہے یاں — وہ آج اپنے وعدے پہ آئیں یقین نہیں

کیوں کھینچ مصور کا رہیوں نساخ منتظر
سینے میں جسکے نالۂ حشر آفریں نہیں

کسکا گھر جل رہا ہے دیکھو تو — کیوں مری آہ شعلہ بار نہیں

اوسکے پہلو میں دل نہیں ہوگا
آج نساخ بیقرار نہیں

ہے کونسی وہ جا کہ نہیں جلوہ گر وہ شوخ — دیر و حرم میں کسلیے پھر جستجو کریں
دل کون ہے کہ اوس سے کہیں راز عشق ہم — تیرے خیال سے بھی نہ کچھ گفتگو کریں

ولہ

ہے زندگی خضر سے مجھکو عزیز تر — کوئی گھڑی جو عمر کی گذرے فراغ میں
بس عشق یار میں یہ مرا حال ہو گیا — سر میں جنون ہے اور خلل ہے دماغ میں

ولہ

دشمن کے ہاتھ میں بت بے دین کا ہاتھ ہے — گویا کہ میری جان ہے دشمن کے ہاتھ میں

ولہ

وہ پھنساتے ہیں نئے دام میں مجھکو نساخ — وصل میں کہتے ہیں کنگھی جو کرو بالوں میں

ولہ

ہے یہ مطلب کہ کہوں میں بھی جو کچھ کہتے ہیں — اسلیے ٹھونستے ہیں مرے اپنی زبان تیغ دہن

ولہ

کیونکر بچاؤن جان و دل الله کیا کرون | آفت کے ہین نگاہ کے اشارے بلا کے ہین

ولہ

عقدۂ سر بستۂ تقدیر ہی | وصل مین منھہ اونکا وا ہوتا نہین

ولہ

ہی ادا کونسی تیری کہ نہین ہی وہ شوخ | کونسا ناز ہی تیرا کہ وہ بیباک نہین

ولہ

کیجیے فریاد اونکے ظلم کی کیا | کوئی شاہد نہین گواہ نہین

ولہ

کیفیت ہوگی اونکی بے مہریسے دشمن کو | ملا ہی مجھکو جو کچھ لطف انکی مہربانی مین

ولہ

حاصل ہوا یہ فائدہ جسم نزار سے | وہ خوش ہین دیکھ دیکھکے اور منفعل نہین

ولہ

ہی یقین نہ آئینگے شب ہجر | موت آجائے تو بعید نہین

ولہ

کسکو یہان عذاب جہنم کی تاب ہی | جانے یہ اونکے جان ندون ہین تو کیا کرون
کچھ لطف عشق کا نہین اوٹھتا بغیر رشک | ہمدم عدو کے مرنیکی مین کیون دعا کرون
ناصح خدا کا نام لے ہی یہ بھی کوئی بات | وہ بت جفا کرے تو مین ترک وفا کرون
کیا شیوہ دلبری کا یہی ہی کہ بزم مین | دین آپ گالیان مجھے مین چپ رہا کرون
وہ نغمہ زن ہو دین جو بزم رقیب مین | نالون سے اپنے کیون نہ مین قیامت بپا کرون

ولہ

جان جاتی ہی کہ وہ جاتے ہین پہلے دیکھین | آج کی رات کو وہ عزم سفر رکھتے ہین

ولہ

کہتے ہین ہنسکے پھول نہ عنبر نہ مشک ہون | گر کہیے اوسے تم مین محبت کی بو نہین
مجھکو وہ کیون بلانے لگے اپنی بزم مین | دشمن نہین ہون غیر نہین ہین عدو نہین

ولہ

کہتے ہین طالع بیدار اسیکو گستاخ | جاگکے ہجر کی راتین جو بسر کرتے ہین

ولہ

وعدہ وصل کیا اور گرہ بند مین دی | اسکا مطلب ہے کہ قصداً وہ فراموش کرین

ولہ

کھلا رہے ہین عبث اپنی بزم مین گستاخ | کہو یہ اوسسے کہ دل ہے کوئی سینہ نہین

ولہ

یہ حال ہے کہ راحت و رنج ایک ہے مجھے | کچھ وصل کی خوشی نہین ہجران کا غم نہین
لوگون سے کرکے قتل مجھے کہہ رہے ہین وہ | سمجھے رہو یہ خوب یہ کچھ جرم نہین

ولہ

ہے اتفاق ہی مرا میری جان کا دشمن | بتان مست جو یون احتراز کرتے ہین

ولہ

ہے میرے ساتھ ہی یہ بات اسکا شکر کرتا ہون | کہ وہ کرتے نہین توقیر میری اپنی محفل مین

ولہ

سیر گلزار کا شاید کہ نہین اونکو خیال | ورنہ کیون آج رخ زرد پہ وہ رنگ نہین

ولہ

دل مین مرے آگ بس لگا دی | کیا نالہ شعلہ زن ہے تجھ مین

ولہ

یا نزع مین تھا یا کہ بس اب خضر ہو گیا | کیا کہیے کیا اثر ہے تمہارے پیام مین

ولہ

تا دیکھ سکین ہم نہ نظر بھر کے بھی اونکو | دیتے ہین جگہ بزم مین وہ اپنی بغل مین

ولہ

کوئی دن وہ تھا کہ انکا عرش پہ تھا شور [?]
یا وہی نالے ہین جو مطلق اثر رکھتے نہین

ولہ

ہر غضب برقع کی جالی سے نگاہ
لاکھ رخنے پڑ گئے ایمان مین

ولہ

اونکو تو مین چاہتا ہون اور وہ اغیار کو چاہتے ہین
مین اوسے نباہون تو وہ دشمن سے نباتے ہین [?]
جس طرف کو دیکھو مین نگاہ ہون نگاہین [?]
اوس کو پیچ ہین یہ بکھیڑے ہین سب ہند ہین [?]

ولہ

ناتوان ہین تو نہین میری نظر آتی نساخ
کیون سر پہ چھوڑ کے ہین اونکی کمر کو دیکھ کر [?]

ولہ

باعثِ شوق اسیری ہم اسی کام مین ہین
کہ قفس مین ہین کبھی اور کبھی دام مین ہین

ولہ

وہ کہتے ہین ملے تیری زبان سے کیا یان اپنی
تو بنگالی ہے اور نساخ ہین ہندوستانی [?]

ولہ

قتل کرنے نہین تلوار کی کھا کھا کے قسم
روز مشتاقِ شہادت کو وہ دم دیتے ہین

ولہ

کیون چھڑاؤن دلکو زلفِ یار سے
مین نہین دیوانہ سودائی نہین
کہتے ہین جو وہ نہین کیون ہنس پڑا [?]
میری صورت تو ہرجائی نہین
یان نہ آؤ خانۂ دشمن مین جاؤ
اسمین بدنامی و رسوائی نہین

ولہ

پاؤنکو ٹکرا اب نہین سرکو نہین وہ دور بھی [?]
آگیا ہے خلل کہین گردشِ روزگار مین
وہ اغطو کچھ بھی ہوش ہے ترک ہوا اور فصلِ گل [?]
تو بہ اگر کرین تو کیون کرنے لگے بہار مین
بعدِ وفات ہم ہی جب سوزشِ دلسے مین جل [?]
آئین گے منکر و نکیر کیونکہ بھلا مزار مین

ولہ

صنعتے سوزش ہجران مین کیا ہے یہ حال — کہ ذرا تاب تپیدن دل مضطر مین نہین
دیکھ تاک حسرت دیدار تو نکلی دم ذبح — یہ ہوا خوب کہ تیزی ترے خنجر مین نہین

ولہ

حرف کا خد پہ ٹھیرتے نہین اوڑ جاتے ہین — حال جو رنگ پریدہ کا رقم کرتے ہین
دیکھیو شوخی مرے آگے عدو پہ ہر دم — پڑھ کے وہ سورۂ اخلاص کو دم کرتے ہین

سخت بیدرد ہین نساخ بتان کافر
کیسے اللہ کے بندو نپہ ستم کرتے ہین

ردیف واو

دل نساخ مین پھر کرنے لگے گھر گیسو — خط بھی آنے پہ اوٹھانے لگے ہین سر گیسو
فتنے انداز سے ہلتے ہین جو برخ پر گیسو — کچھ سنتے پیچ کے ہین فکر مین کافر گیسو
دھیان مین جسکے جو رہتے ہین برابر گیسو — دن بہ دن حال برا کرتے ہین ابتر گیسو
جو ستم چاہین کرین مجھسے ستمدیدہ پر — ہین ستم کش ہون جو ایدل ہین ستمگر گیسو
وصل مین اوس رخ روشن پہ جو غش ہوتے ہین — ہوش مین مجھکو وہ لاتے ہین سنگھا کر گیسو
جان نزار ہے یہ جو غش ہے دل بیمار اوسپر — خط اگر مشک فشان ہے تو معنبر گیسو
وصل مین کیون نہ معطر ہو دماغ عاشق — خال عنبر ہے تو ہے مشک سے بہتر گیسو
امتحان دیکھ کے حیران ہوا جاتا ہے — آفتین لاتے ہین جو کچھ کہ مرے سر گیسو
ایک سے ایک مری جان کو یہ سب آفت ہین — خال سے خط ہے سوا خط سے ہے بڑھکر گیسو
شانہ مین مجھکو تو بتلا تو بھی وجہ سبب — کسلیے دل سے اولجھتے ہین ستمگر گیسو
خال مشکین ہے بلا سے دل احباب اگر — آفت جان عزیزان ہے سراسر گیسو
وصل مین دیجیے دل کسکو نہ سمجھے کسکو — دلربا ہے رخ دلدار تو دلبر گیسو
یہ اشارہ ہے کہ رسوا ہو نہ راز سودا — چھپ گئے پردے مین جو مجھکو دکھا کر گیسو
رشک اسکا ہے کہ وہ ہاتھ مین کیون لیتے ہین — دست شانہ سے اولجھتے ہین برابر گیسو

جمع شاید دل عشاق ہوے ہین نساخ
آج ہے جو پریشان نہین کاکل گیسو

کیون حال زار ہجر مین سب پر عیان نہو
کیون مبتلاے آہ و نالے سے وہ سرگران نہو
نساخ وہ ہین کوئی اسرار دان نہو
ہاتھون سے اسکے آہ رہائی محال ہے
اب شک ہو کے سنگ سے بھی سخت ہوگیا
ہے دوست پاسبان نہ بنانا اوسے عدو
دلکا ترے غبار تو نکلا ہے پر ہے خوف
نامہربان نہو تو نہو اسکا غم نہین
کیسی خوشی ہے حشر مین دیدار کی ملے
اوس بت سے کیون بہشت مین بیٹھے رہنگے جدا
ہم دلکو ظلم دوست سے بہلائین کسطرح

کچھ کام کی ہے بات کہ لب پر فغان نہو
رسوا نہو دل اپنا جو گرم فغان نہو
جبتک مرید حضرت پیر مغان نہو
کوئی جگہ نہین کہ جہان آسمان نہو
خنجر ہمارے حلق پہ ہرگز روان نہو
اے دل تو اوسکے کوچے مین گرم فغان نہو
یہ بھی ہماری جان کو کہین آسمان نہو
اپنی خوشی ہے غیر پہ وہ مہربان نہو
ڈرتے ہین وان بھی سر پہ کہین آسمان نہو
میرے نصیب مین ہے غم جاودان نہو
نساخ ہے اپنے سر پہ اگر آسمان نہو

کچھ جل رہا ہے باغ مین نساخ دیکھنا
افسوس یہ میرا ہی کہین آشیان نہو

سینے مین میرے دل جو تپان اسقدر نہو
ہر رات تخلیہ نہو اور بستہ در نہو
افسوس آہ و نالے کا مطلق اثر نہو
ممکن نہین کہ آہ مین اپنی اثر نہو
دیکھیگا نقش پاے عدو کون آنکھ سے
جو شخص دور سے نظر آتا ہے ہمنشین
کرتے ہین اپنے نالے وہان کام جسجگہ
کیا کیجیے اپنا درد جگر ہے وہ لاعلاج

ممکن نہین کہ اونکو توجہ ادھر نہو
دشمن کی آہ تجھپہ اگر کارگر نہو
صد حیف حال زار کی اونکو خبر نہو
لیکن یہ طور ہے کہ کسیکو خبر نہو
اللہ کوے یار مین میرا گذر نہو
کہتا ہے دل مرا کہ کہین نامہ بر نہو
انسان کیا فرشتے کا ہرگز گذر نہو
ہرگز کسی دوا و دعا کا اثر نہو

ہر دم کھٹکتا ہی جو پہلو مین کیا ہی یہ
سینے مین میرے دلکی جگہ نیشتر نہو

آتے ہین میرے پاس وہ چھپ چھپکے رات کو
افسوس دشمنون کو گر اسکی خبر نہو

کیون کج اپنی باتون سے ہوتا ہی دلکو رشک
وان اوسنے ہمکلام مرا نامہ بر نہو

یان آہ و نالے مین کہین ہو جاے اگر کمی
ڈرتا ہون مین کہ ظلم وہان بیشتر نہو

سوداے عشق مین تو ہین دشمن ہی نفع کا
کرنا نہین وہ کام کہ جسمین ضرر نہو

ناسخ یہان تو نالۂ موزون کا شغل ہی
وان محفل رقیب مین وہ نغمہ گر نہو

تمھارے چہرے پہ ہر دم اگر نقاب نہو
ذلیل و خوار کوئی خانمان خراب نہو

نہو وے قدر کبھی اونکی مہربانی کی
کبھی کبھی یونہی ہمسے اگر عتاب نہو

اوٹھیگا لطف بھلا کیا درازدستی کا
شب وصال مین اونکو اگر حجاب نہو

ہر ایک نگاہ مین اوسکی ہی خمارانہ کیفیت
جو بزم یار مین ہمدم نہین شراب نہو

ہو کاربہ جملہ جہان دم مین حج سہم و بیم
عذار یار پہ ناسخ اگر نقاب نہو

بھلا وہ چین سے کسطرح سو سکین ناسخ
ہمارے دلکو جو ہر رات اضطراب نہو

بدستیان وہ غیر سے کرتے ہین پی کے گو
کیونکر نہ ایسی باتون سے بادہ حرام ہو

بے مجھسے وفا کرے تو کرون مین جفا کا ذکر
خوبان ظلم دوست مین تا نیک نام ہو

سچ سچ جو مجھسے پوچھیے تو فن شعر مین
ناسخ اپنے وقت کے تم بھی امام ہو

ولہ

سنبھلو نگاہ مری جان یہ جہانتک کہ بجا ہو
لیکن ہی یہی شرط کہ بعد اسکے وفا ہو

ناسخ مجھے ڈر ہی کہ کیا جانیے کیا ہو
نالے سے غنیمت ہی جو بس حشر بپا ہو

کچھ اونکی ہی تقصیر نہ کچھ دلکی خطا ہی
آنکھون نے کیا مجھکو خراب اسکا برا ہو

اوٹھتا نہین کیون کوچۂ جانان کی طرف پانون
یارب وہ کہین غیر کے گھر مین نہ گیا ہو

یان پہ تو میسر نہین دیدار بتون کا
وان دیکھیے کسطرح سے دیدار خدا ہو

یارب حالیہ کسطرح کوئی عمر گزارے　　مدت سے تو ہوتی ہو جفا اب تو وفا ہو
گھر سے نہ نکلنے پہ تو ہی دربپا حشر　　تم دربہ نکل آؤ تو کیا جانیے کیا ہو

ممکن ہی کہ بے مہر سے ادسے نیند بھی آئے
نالہ مرا گستاخ ذرا بھی جو رسا ہو

وہ کہتے ہین نہین پھیر خیر دامان گریبان کی　　لگایا ہاتھ تمنے گر مری زلف پریشان کو
یہ ضد عشاق سے رکھتے ہین اپنے قتل کرتے ہین　　کہ ہندو کو کرو مدفون جلا ڈالو مسلمان کو

ولہ

عجب کیا تجھسے ہو اے جلوۂ یار　　کہ دشمن ہو مرا جو راز دان ہو
لحاظ افغان کو اب ہو کیا کسیکا　　ہوا ناصح یار ہو یا آسمان ہو

ولہ

بھلا ہم کس سے جی بہلائینگے پھر جوش وحشت مین　　نکالو میری گردن سے نہ ہمدم طوق آہن کو
عدو کو جھانکتے ہین کسطرح ہم بھی تو دیکھینگے　　نگاہ شوق سے کردیتے ہین بند آنکھ روزن کو

ولہ

سرمہ آنکھو مین لگاتے کیون ہو　　خاک مین مجھکو ملاتے کیون ہو
زلفین دشمن کو دکھاتے کیون ہو　　پیچ مین مجھکو پھنساتے کیون ہو
میرے نالون مین ہو سرمے کا اثر　　ورنہ تم اشک بہاتے کیون ہو
دل سے بدتر تو نہوگی واعظ　　مجھکو دوزخ سے ڈراتے کیون ہو
کب برا مین نے کہا غیرون کو　　گالیان مجھکو سناتے کیون ہو
گر لگائی نہین اغیار سے آنکھ　　مجھکو تم آنکھ دکھاتے کیون ہو
میری دلجوئی کا گر دھیان نہین　　دل دشمن کو ستاتے کیون ہو
قصد ہو دل کے چرا لینے کا　　ورنہ چھپ چھپ کے تم آتے کیون ہو
نہین منظور اگر وصل تو پھر　　دل کو سینے سے لگاتے کیون ہو
اوسنے سچ سچ جو کہون جان چنا　　کہتے ہین بات بناتے کیون ہو

گر نہین اوس سے غرض اے نساخ
کوچہ غیر مین جاتے کیون ہو

بیوفا ہم ہی تو ہین آنکھہ ملاؤ تو ذرا | کیا کہین غیر جو سب کہتے ہو بجا کہتے ہو

ولہ

میری طرف سے یار ترا دل جو صاف ہے | آئین دلبری سے نہ ہرگز خلاف ہو
اپنے دل فگار کا کہون اگر مین حال | کاغذ کا سینہ پاک قلم مین شگاف ہو

ولہ

وصل کی شب کم رہی مستی لگانا چھوڑ دو | چھوڑنے کے ہم نہین ہمکو بہانا چھوڑ دو

ولہ

گالیان غیر کی نہین کھائین | چپ رہو منھہ نہ میرا کھلواؤ

ولہ

ہو اپنی شب وصل عدو کی ہی شب ہجر | منظور یہ ہے تا بہ ابد بھی نہ سحر ہو

ولہ

کیا تغافل ہے سمجھتے ہین جو مجنون کی شبیہ | دیکھتے ہین جب مرقع مین مری تصویر کو

ولہ

در کسی شب جو کھلا پاؤن تو آؤن بیخوف | مجھکو مانع کبھی اے یار خبردار نہو

ولہ

رکھتی ہے پھونک پھونک کے باد صبا بھی پاؤن | تا سیر باغ مین وہ گذر کہین نہو

ولہ

[illegible] بھی ہون باب بلا بد زبان | اپنے دم سے اگر تم آفت ہو

ولہ

[illegible] | یارب کہین مرا ہی یہ گم گشتہ دل نہو
مجھکو ہے یقین کہ نجا سے جان پہ | دلکو مرے تڑپ جو یہین متصل نہو

برقِ سوزان نے اپنی آنکھون پر
وہی جگہ ہے ترے آشیانے کو

کسلیے جابجا دیر و کعبے مین
چھوڑ کر دل کے آستانے کو

بیوفائی کا ہے برا انجام
گئے دیکھا نہین زمانے کو

کیا فشانِ اشک نے رسوا
ہم تھے رازِ دل چھپانے کو

نام اوسکا لیکے مٹتے ہین تیغ جو مین
شہرہ ہوا ہے ہم ہی سے مجنون کے نام کو

ولہ

ہین وہ مجنون مہذب ہون حیا آتی ہے ہمکو
شہر سے باہر نکلتا ہون مین استقبال کو

ولہ

اونکی زلفون کی بلائین جو مین شب لینے لگا
ہنسکے کہنے لگے پھر ہو گیا سودا تمکو

ردیف ہا

جی مین آتا ہے کرون دوستی اغیار کے ساتھ
کہ کسی طرح تو ہو ربط مجھے یار کے ساتھ

طلب وصل پہ کہدیتے ہین ہم یار سے
دم نکل جائیگا ظالم ترے انکار کے ساتھ

جھانک کر بھی تو کبھی دیکھنے آئی ہے وہ نشین
آنکھ کسکی ہے لگی روزن و دیوار کے ساتھ

انتظاری مین تری ہے یہ دعا ورد زبان
دم نکلجائے ہمارا ترے دیدار کے ساتھ

میان سے نکلی ادھر وہ تو ادھر سینے سے
جان وابستہ ہے اپنی تری تلوار کے ساتھ

بیوفا دن سے وفا کرتے ہین خوبان جہان
بیوفائی جو کرین بھی تو وفادار کے ساتھ

نشہ سے حیا نہ رہی مین کل یہ کھلا اے نساخ
سیر گلشن کو گئے رات وہ اغیار کے ساتھ

ردیف یا

بلائین لیتے ہین زلف دوتا کی
شب وصل اپنی جرأت ہے بلا کی

عجب تاثیر ہے میری دعا کی
کہ اوسنے باوفا نے بھی جفا کی

ہر اوسکا التفات اک نشتر جان
اوسے حاجت نہین جور و جفا کی

سبب کیا بیوفائی کا مرے ساقصہ — کہو کیا وجہ غیرون سے وفا کی
مرے گھر مین وہ آتے ہی عدو نے — قیامت میرے کوچے مین بپا کی
عجب کچھ لطف تھا شب لیتِ مشکین — لگے بگڑا کی اور گاہے بنا کی
نہ نکلی ایک شب بھی و اسے قسمت — ہمیشہ لگی دل ہی مین رہا کی
بلا مین لیتی ہے زلفونکی ہر دم — تری کنگھی بھی ظالم ہے بلا کی
کرشمے تیری نظرین قتلِ عالم — یہی شوخی ہے گر شرم و حیا کی
تری شدت سے کرینگے بیوفائی — قسم ہے بیوفا اپنی وفا کی
گذر ہوا تیرے گھر مین کسکا — بنی ہے بات اک بادِ صبا کی
ملا مین غیر کو سوتے سے اوٹھکر — ہے کیا تاثیر نالون مین بلا کی
لکھا وہ مختصر مین نے خطِ شوق — جگہ جسمین نہین ہو مدعا کی
گذر اب عرش پر بھی تو نہین ہے — نہ پوچھو نالہاے نارسا کی
ہے یہ بے التفاتی بےسبب کیون — خبر ملتی نہین اس مبتدا کی
شب ہجر اپنے وعدے پر نہ آئے — الٰہی موت نے شاید قضا کی
کوئی پامال ہے برباد کوئی — ہوئی مٹی خراب اہلِ وفا کی
مگر کھویا گیا ہے اوسکے آگے — کوئی صورت تو دیکھے مدعا کی
وہ کھلتے مین کہ لاوینگے کہین تاب — گرہ کھولین اگر بندِ قبا کی
بپا ہر گام پر ہے شورِ محشر — یہی شوخی ہے جو آوازِ پا کی

ہو افشا سخن اگر کہدیتے ہین ہم
ہنسی ہوگی لبِ غنچہ نما کی

نہ مین ہون کسکے لیے ہوش مین نہ جان کے لیے — ہوا ہون خلق فقط جورِ آسمان کے لیے
ہمیشہ ورد ہے نام دوست صبح و مسا — کہ شغل اس سے تو بہتر نہین زبان کے لیے
رکھا نشان بھی گل کا نہ باغ مین باقی — قدم بھی بلبلِ خستہ نے خزان کے لیے
ذرا تو دیکھیو شوقِ اسیری بلبل — قفس کی تیلیان چن لائی آشیان کے لیے

ہوگا وصال ہمکو بھی اغیار کو فراق
ایجان زمانے کا جو یہی انقلاب ہے

پیری میں ولولے وہ کہاں جوش وہ کہاں
گویا بہار موسم عہد شباب ہے

خوبان روزگار کا وہ پوچھتے ہیں حال
یہ وصل کی ہے رات کہ روز حساب ہے

ہم جانتے ہیں خالی ہی آئیگا نامہ بر
فقرہ ہمارے خط میں جو ہے لاجواب ہے

نسبت عدو کو اس سے ہے نہ آسمان کو
دشمن بغل میں وہ دل خانہ خراب ہے

وہ پہلے وقت لیگئے نساخ اساتھہ
تن میں توان ہے اور نہ کچھ دل میں تاب ہے

کیا پوچھتے ہو لعل روان بخش یار کی
نساخ آج شہر خموشان خراب ہے

یہی صورت ہے گر آہ و فغان کی
خرابی آچکی راز نہان کی

ہے پیش نالہ سے عرش پرواز
حقیقت کیا بھلا ہفت آسمان کی

یہی ہے زندگی تو عدن میں بھی
کسے خواہش ہے عمر جاودان کی

بھلا میں کیا عدو سے کب نبھیگی
یہی گردش رہی گر آسمان کی

وہ پردے سے نکل آئے جو باہر
حقیقت کھل گئی راز نہان کی

تمہارے ظلم کے خوگر ہوے ہیں
نکالو اور صورت امتحان کی

کبھی ایسی تھی آگے شب ہجر
ڈرانی سی ہے صورت آسمان کی

بنی خشت سر خم خاک میری
بڑا ہے خدمت پیر مغان کی

مرے سیل سرشک غم کے آگے
بھلا کیا خاک بنیاد آسمان کی

کہا کیا یہ جو اسی میں نہیں یاد
عجب صورت ہے شب راز دان کی

ہے گو یاد وصل بھی ہجران میں نساخ
خوشی ایسی ہے مرگ ناگہان کی

اوسیکی یاد ہے نساخ ہر دم
یہی ہے بات مرگ ناگہان کی

دیتے عدو کے آگے نہ دین گالیان مجھے
دیتا خدا تمھاری طرح جو زبان مجھے

بوسہ ہی دیتے ہیں نہ تو وہ گالیان مجھے
اونکے دہن کا حال ہو کیونکر عیان مجھے

پائین کا دھیان بزم میں اونکے نہ صدر کا
جا ہے جہاں بٹھاسے وہ دلبر وہاں مجھے

یا وہ بھی دن تھے جانیکا اونکے یقین تھا
یا اب نہیں ہے آنیکا اونکے گمان مجھے

صورت میں روز فرق نہ پاتا تو ہجر میں
دیتا ٹھیرنے در پہ ترے پاسبان مجھے

تیزی تلاش لاتی ہے کعبے سے دیر میں
اب لیکے یاں سے جاتی ہے دیکھیں کہاں مجھے

کرتے ہیں مجھسے وصلتِ دشمن کا ذکر یاسے
بیٹھے ہوے ہیں نشہ میں وہ رازداں مجھے

ہند و شیخ دیکھکے کعبہ کے لطف جدا ایک
آتا ہو یاد حشر میں جو ہے بیتاں مجھے

نساخ ہے عذاب میں گو شیون سے جان
اے کاش وہ سمجھیں کہیں بدگمان مجھے

خواب میں میری پھر وہ آنے لگے
پھر نئی طرح سے ستانے لگے

ربط پھر مجھسے وہ بڑھانے لگے
پھر مری عمر کو گھٹانے لگے

اپنی الفت وہ پھر جتانے لگے
پھر قسم میرے سر کی کھانے لگے

داغِ دل اونکو جو دکھانے لگے
ہنسکے بولے مجھے جلانے لگے

کیوں مجھے صدر میں بٹھانے لگے
کیوں مجھے بزم میں بلانے لگے

لذتِ بوسۂ لبِ جان بخش
گر سنے خضر زہر کھانے لگے

پھر نہاں ہوگئے نظر سے مری
پھر مرا صبر آزمانے لگے

پھر نہ لائیں کوئی بلا سر پہ
پھر مجھے گھر میں کیوں بلانے لگے

چھاگیا پھر جہاں میں اندھیر
پھر وہ زلف سیہ بنانے لگے

وصل کا اونسے جو سوال کیا
مجھکو وہ بے نقط سنانے لگے

دیکھکر لعلِ یار پر خطِ سبز
کیا عجب خضر زہر کھانے لگے

ولہ

نکلی کیوں آہ شرربار جگر سے میرے
آج نساخ وہ کیا جانے ہیں گھر سے میرے

داغ حسرت کا ہوں تاب بھلا خاک حریف
آہ بھی بچکے نکلتی ہے جگر سے میرے

نکرے دفع مری تشنہ لبی جز لبِ یار
آبِ شمشیر گزر جاسے جو سر سے میرے

چشمِ سوزن بھی بھر آتی ہے وہ ہے ابتر حال — بخیہ گر ڈرتے ہین زخمِ جگر سے میرے

کاہ کی طرح جو اوڑنا نہین منظور تو بس — کوہِ وحشت مین نہین اوٹھتے رہ گزر سے میرے

شبِ ہجران وہ بلا ہے کہ اوسے دیکھتے ہی — خوف سے داغ لپٹتے ہین جگر سے میرے

مثلِ خمخانۂ چشم کو نہین ہے ناسخ
سوزشِ ہجر مین نسبت کوئی گھر سے میرے

کیا ہے چشمِ جہان مین ذلیل و خوار مجھے — سلے مین حضرتِ دل خوب راز دار مجھے

ابھی تو گزرے ہین بس چند روز توبہ کو — شکست کے لیے دیتی ہے دم بہار مجھے

کہون کسی سے اگر مین تو کون مانیگا — کہ اپنے دل پہ نہین ہاے اختیار مجھے

ہزار طرح کے اوہام ہوتے ہین پیدا — خزان سے بھی ہے سوا موسمِ بہار مجھے

جو مجھکو دیکھ لیا رات بزمِ خوبان مین — لگے وہ طعن سے کہنے وفا شعار مجھے

کیا ہے یار نے محشر مین وعدۂ دیدار — رہیگا تا بقیامت اب انتظار مجھے

شکستِ توبہ کی نیت تو کر چکا ہون کب — ذرا بہار ہی کا اب ہے انتظار مجھے

وہ خوش ہین ایسے کہ گویا ہے اونکو وصل کی شب — جو دیکھا آکے شبِ ہجر بیقرار مجھے

خدا ہی جانے کہ کس طرح جانون ناسخ
جو ہو رقیب کی باتون کا اعتبار مجھے

کسلیے پھر تلاشِ عقبے چاہیے — وصل ہوا اونکا تو پھر کیا چاہیے

ہم قیامت تک کرینگے انتظار — کب ہو دیدار اونکا دیکھا چاہیے

اُف کرین تو کاٹیے میری زبان — کیجیے مجھپر ظلم جتنا چاہیے

ذکر میرا بھی کبھی آتا ہے وان — اونکے ہمرازون سے پوچھا چاہیے

ہو تو پی لین توڑ کر توبہ پڑے — کچھ تو ساقی کا اشارا چاہیے

ہو سکے ہم آغوش وہ کہنے لگے — تمکو اے ناسخ اور کیا چاہیے

ولہ

شرما گئے سمجھکے وہ طرزِ سوال سے — مین آپ آپ ہو گیا بس انفعال سے

کہتے ہیں چھپکے چھپکے وہ دشمن سے کیا بھلا | آگاہ وہ نہیں ہیں اگر میرے حال سے
حشر کہیں ہو جلد کہ دیدار ہو نصیب | اسکے سوا غرض نہیں کچھ اونکی چال سے
گویا کہ ہم پھڑک رہے ہیں تخم بر نمک | ہو تیری گفتگو دل شوریدہ حال سے
اونکی نظر سے دل کو یقین ہو کہ گر گئے | دشمن اوتر گئے ہیں ہمارے خیال سے
کیونکر مثال پستہ شیرین سے ہیں دہن | لب اونکے بند ہو گئے میرے سوال سے

تم اور وصل یار ذرا غور تو کرو
نساخ باز آؤ خیال محال سے

کچھ دل یار میں شاید کہ اثر کرتا ہے | آج نالہ مرا دل میں مرے گھر کرتا ہے
وصل کی شب کو رقیبوں سے ہے باز مجھکو | شور جو شام ہی سے مرغ سحر کرتا ہے
اوسپہ کیفیت دو رخ نہیں پنہاں گرنہ | جو ترے ہجر میں ایام بسر کرتا ہے
کیا بلا لائیگا اللہ ہی جانے کہ فلک | آج پھر دور باندازِ دگر کرتا ہے
نعل شب وصل عدو میں جو بتاتا ہے کہ بس | مجھپہ احسان بڑا مرغ سحر کرتا ہے
عیش خسرو کی حقیقت نہیں اوسکے آگے | جو ترے غم میں بھی ایجان بسر کرتا ہے
جرس نالہ کی آواز سے پیدا ہے کہ آج | کاروان ہستی عاشق کا سفر کرتا ہے
کیا ہی گھبراتا ہے در پہ سے مرے جاتے ہیں | اسطرف جو کبھی بھولے سے گزر کرتا ہے
بزم میں رشک سے کٹ جاتے ہیں دشمن سارے | تیز بھی وہ مری جانب جو نظر کرتا ہے
وہ مرے عشق سے آگاہ نہوتے ہرگز | حال دل اونپہ عیان چاک جگر کرتا ہے
مرض عشق میں ہو باب سے ملتے ہی ہیں نفع | جتنا پرہیز ہو اوتنا ہی ضرر کرتا ہے
اسقدر شہرہ ہوا ہے مری رسوائی کا | قیس بھی اب مری صحبت سے حذر کرتا ہے

اپنے جامے میں سماتا نہیں نالہ نساخ
پردۂ گوش صنم میں جو گزر کرتا ہے

کچھ مرا حاصل آہ با تاثیر کی تقصیر سے | ہوتی ہے برپا قیامت آہ بے تاثیر سے
[illegible] نامہ مرے [illegible] کہ [illegible] | مر گئے ہیں دشمن اونکو مری تحریر سے

جان ہی تو نے نکالی اوسکی ای ناوک فگن — کیا نکالا تیر کا پیکان دل نخچیر سے
ہو گیا میرے ستانیکے لیے ای بخت حیف — اتفاق اوس نوجوان کا چرخ پیر سے
ہنستے ہیں ہم جسکے وہ بھی او رعدو بھی یا نصیب — مجھکو یہ حاصل ہوا ہے آہ با تاثیر سے
نہیں کی قسمت میں لکھا وصل شب ہجر کے — ایسی بھی ہوتی ہے غلطی کاتب تقدیر سے
کوئی بھیجا نے نہ بھیجا نے مجھے اس بزم میں — لیک وہ پہچان لیں گے رنگ کے تغییر سے
لاکھ تیغ ابرو و خنجر مژگان کا دھیان — رات ہجران کی نہیں کٹتی کسی تدبیر سے
چین سے عمر اپنی ای خدا زندانمیں کٹتی — ہتھکڑی لاتے بنا کر یار کی شمشیر سے
وہ کبھی جو دن کو آتے تھے ہوا اب بھی نہ — کام کچھ آخر کو نکلا نالہ شبگیر سے

تو نکل اک روز سر پر گر پڑیگا آسمان
ہے یقیں نساخ مجھکو نالوں کی تاثیر سے

کیوں نہ شرمائے ہیں جفا کر کے — ہیں تو نادم نہیں وفا کر کے
رنج اوٹھائے اوسے خفا کر کے — کیا ملا ذکر غیر کا کر کے
بیوفائی ہے شیوہ خوبان — اپنے حاصل نہیں وفا کر کے
بتکدے میں چلا ہے پھر نساخ — ڈرتے ڈرتے خدا خدا کر کے

تمکو کہتے تھے ہم اے نساخ
کیجیے تو کیا ملا وفا کر کے

ہرگز نہ تو ملی ہوتی نہ یوں جستجو مجھے — دنیا اگر خدا دل سے آرزو مجھے
ہیں وہ نہیں کہ کہتے کروں ذبح وہ دل عزیز — ایجان تم سمجھتے ہو مشکل عدو مجھے
ہے بے تکلفی بھی غضب ہر کہ بزم میں — دشمن کو آپ کہتے ہیں وہ اور تو مجھے
کیا کیا نہ خاک اوڑائیں گے میدان حشر میں — مرنے کے بعد بھی ہے تری جستجو مجھے
اپنے گلے پہ آپ چھری پھیرتے عدو — اس عید میں گلے سے لگاتے جو تو مجھے

لکھیں ہیں دشمنوں کے جو خط میں نے تہنیت
نساخ وہ سمجھتے ہیں اپنا عدو مجھے

ہوگئی ہے صحبت اک ستم ایجاد سے
ربط پھر نالوں کو ہے اپنے دل ناشاد سے

چاک کی صورت نہیں ان میں ہی جو پیدا ہوا
آسمان بھی چرخ کھاتا ہے تری بیداد سے

پڑ گئے ہیں ڈورے یہ ہم بین کر کرینگے ہمکو قتل
قتلگہ میں ہم بھلا او تر ہیں گے اونکی یاد سے

مہربانی میں بھی ہو حاصل نہ دشمن کو کبھی
لطف جو میں نے اوٹھایا ہے تری بیداد سے

قصر کے بدلے بناتا خاطر شیرین میں گھر
ہو نہیں سکتا تھا اتنا بھی بھلا فرہاد سے

پھر زمین و آسمان کا کچھ پتا لگتا بھلا
گر نکلتا ایک بھی نالہ دل بیتاب سے

جھوٹ شہرہ ہو گیا ہے اونکے آنے کا یہاں
ہوں خجل احباب سے شور مبارکباد سے

جان کو سے علت غائی یہی دونوں کی ہے
داغ سودا کم ہو زخم تیشۂ فرہاد سے

روز جلتے ہیں نکل جائیں کہیں یہ فکر ہے
تنگ وہ افلاک آئے ہیں مری فریاد سے

کہہ سنایا اونکے ظلمون کا جو با تفصیل حال
ہوگئے حیران وہ ہے نساخ میری یاد سے

اب تو نالوں میں کہانی کا اثر ہے یا کبھی
میرا حبیب رہنا جگاتا تھا بتوں کو خواب سے

دیکھنا اوس شعلہ خو کو اور بھی بھڑکا دیا
ہوگیا دل سرد اپنا گرمی احباب سے

شوخیاں اونکی جو یاد آتی ہیں ہمکو ہیں
کرتے ہیں پہروں ہی باتیں اس دل بیتاب سے

لطف شوق قتل کا نساخ تو ملتا نہ تھے
کاش کے وہ ذبح کرتے خنجر بے آب سے

خواب میں جا کے [illegible] [illegible] ہے اپنے جو جنت
دل پھڑک جاتا ہے اے نساخ نام خواب سے

شکوہ کریں گے اسکا وہ تنہا اگر ملے
کیونکر راہ میں کبھی کبھی دشمن کے گھر ملے

آنکھوں میں ہے جو پیار تو دل میں ہے کد و غصہ
دل سے کبھی دل ملے نہ نظر سے نظر ملے

ہی میرا بعد مرگ جو خاک جائے کیا عجب
گھر سے ترے بہشت کی صورت اگر ملے

وحشت جنون میں آہ وہ گم کردہ راہ ہوں
مجھکو ملے جو غول تو سمجھوں خضر ملے

اب اونکو جو رسے ہے ندامت سو یہ بھی ظلم
امکان ہی نہیں کہ نظر سے نظر ملے

مدت پہ دراز پند و نصیحت کا اب کھلا

نساخ مجھکو رات وہ ناصح کے گھر ملے

اونکو نساخ اگر میری وفا یاد رہے — مجھکو کس طرح بھلا اونکی جفا یاد رہے

آسمان مجھسے یہ کہتا ہے شب وصل میں — صبح دکھلائینگے ہم اسکا مزا یاد رہے

کون دے تمکو خبر تم ہی ذرا رکھنا دھیان — نالہ اپنا نہیں احسان رسا یاد رہے

دل کے دینے میں تامل جو ہوا بولے او مجھے — مانگنے پر بھی مجھے دل نہ دیا یاد رہے

ظلم پر ظلم وہ کرتے ہیں یہ کہکے مجھے — شرط ہم بدتے ہیں تمکو جو ذرا یاد رہے

وعدہ وصل کا ذکر اوسسے نہ چھیڑا نساخ
یاد رکھنے کی بھی یہ بات ہے کیا یاد رہے

بلائی ہو مری لڑتی ہے آنکھ اوس آفت جان سے — تعجب کیا ہے بگڑی ہے اگر چاک گریبان سے

اثر کچھ ضعف کا بھی کم نہیں ہے آب حیوان سے — کہ مثل خضر جسم اپنا نہان ہے چشم انسان سے

اگر یاد ون کو اپنے انس ہے دشت و بیابان سے — تو اپنے ہاتھ کو ہے ربط داماں و گریبان سے

بہانہ نشہ کا کرتے ہو لیکن ہم سمجھتے ہیں — تمھارے ہاتھ کیون اولجھے تھے شب شکن دامان سے

دل صد چاک کو نساخ سے جب کچھ لیتی ہے
اوجھہ پڑتی ہے کنگھی یار کی زلف پریشان سے

نساخ نہیں جانیو جب تک کہ نہ مر جائے — مقتل میں کوئی یاد سے کیا اونکی اودھر جائے

تاریکی سے پر خوف ہے وہ کلبۂ احزان — آئے ملک الموت بھی تو دیکھکے ڈر جائے

کاٹو تو سلیقے سے مری کاٹیو گردن — قاتل مجھے ڈر کا ہے کہیں ہاتھ نہ بھر جائے

بے پیری اونکو اسیروں سے ہے اللہ — پروا ہی نہیں کوئی جو مر جائے تو مر جائے

سینے پہ وہ جبتک نہ رکھیں دست حنائی — ممکن ہی نہیں ہے کہ مرا سوز جگر جائے

ہے ہجر کی شب کو یہ دعا میری زبان پر — اللہ کسی طرح سے یہ رات گزر جائے

اغیار کا نساخ اگر ذکر نہ ہوتا +
اوٹھکر مرے پہلو سے وہ یون [?] گھر جائے

یون ہی اگرچہ گردش ہفت آسمان ہے — ممکن نہیں رقیب جو پھر کامران ہے

کا ہے عیان رہے تو نگہ ہم نہان رہے
سایے کی طرح ساتھ تیرے تم جہان رہے

تجھکو قسم ہے ضعف کہ کوچے مین یار کے
ایسا نہ چھوڑ مجھکو کہ تاب و توان رہے

کیا لطف اگر اوٹھا نہ مزا وصل و ہجر کا
دنیا مین مثل خضر اگر جاودان رہے

عالم پہ حال زار ہمارا ہے آشکار
کچھ آپ کی کمر تو نہین جو نہان رہے

انکار آپ کا تو ہوا اقرار سے سوا
دشمن کے گھر مین آپ نہ تھے تو کہان رہے

بلبل سے ربط ہے نہ ہمین گل سے ارتباط
اس باغ مین رہے بھی تو مثل خزان رہے

رسوا اسے دہر عشق نے ناسخ کو کیا
دشمن کا راز ہے تو نہین جو نہان رہے

ہے سر لیے ہوا اور نہ کچھ یار کے لیے
ہے میری زیست مردن دشوار کے لیے

گردش مین ہے فقط مرے آزار کے لیے
کیا آسمان بنا نہین اغیار کے لیے

دنیا مین بھی تھا مجھے اسکے سوا خیال
آئے ہین حشر مین بھی تو دیدار کے لیے

تم کر رہے ہو تازہ ستم کی تلاش کیون
کافی ہے دل مرا مرے آزار کے لیے

ولہ

نہین کرتی ہے اگر تیغ ستم یاد مجھے
بے سبب آتی ہین کیون ہچکیان جلاد مجھے

ہین وہ ہون دیکھ جو مجنون کے سیر و مرشد
کوہکن کہنے لگے حضرت استاد مجھے

وہ جو سنتے نہین تجھپر جو ستم ہین بیتے
اور نہین ضعف سے یان طاقت فریاد مجھے

کہتے ہین وہ کہ اگر دیکھیے تجھ سے ہی عشق
دیا اللہ نے وہ حسن خداداد مجھے

تجھکو اور شوق مین جو ہر نہ مت دینا
کیا بہانے کی ضرورت ہے کر ازاد مجھے

ہین وہ ہون یاد تمھاری نہین بھولا دم بھر
تم وہ ہو بھولے سے کرتے نہین یاد مجھے

زار وہ ہون کہ نہین خوف عدو کا لیکن
بزم جانان سے نکلوائیگی فریاد مجھے

مجھکو کیا کوہ و بیابان سے غرض اے ناسخ
قیس سمجھے ہوے ہین آپ کہ فرہاد مجھے

شاید عدو کے سر پہ بھی اب آسمان ہے
گردش مین میری طرح جو اسکی بھی جان ہے

آجائے جان جان مین ہو جائے زندگی | بدلے دوا کے زہر جو دے چارہ گر مجھے

ولہ

اوٹھائیگا مجھے اوس آستان سے | توقع ہے تو یہ ہے آسمان سے
اجل کیون لیگئی باغ جہان مین | اوٹھا کر مجھکو اونکے بستان سے
نہیں جز ذکر یار اوسکی زبان پر | خدا سمجھے ہمارے رازدان سے
بلا پھر کون لائے اپنے سر پر | ہم اور اونہین بھلا لطف زبان سے
وہ کوٹھے پر کھڑے کھلاتے ہین بال | بلا ہوتی ہے نازل آسمان سے
بلائین لیگئے وہ شب شمع مین گیسون | عبث ہے خوف مرگ ناگہان سے
جزاک اللہ فی الدارین خیرا | شب ہجر آ ہے اجل آئی کہان سے
دل اک آفت ہے کیون اسکی صورت | ذرا ملتی ہوئی ہے آسمان سے
نہیں منظور اوسے دشمن بنا دون | کہون کیون راز پنہان رازدان سے

اوٹھا مین بیت سے نساخ جو ہاتھ
کہو تو لائین ہم طاقت کہان سے

روز و شب جان حزین ہائے جلا کرتی ہے | آہ سرد اپنی عجب کام کیا کرتی ہے
ہے شب ہجر مین وہ حال کہ اپنے روکے | شمع بالین بھی مرے حق مین دعا کرتی ہے

ولہ

وہان کسکے جوڑا جو باندھا گیا ہے | دل اپنا پریشان ہوا جاتا ہے
پشیمان وہ دل لیکے واپس نکلے | یہ دل بھی پشیمان ہوا جاتا ہے

ای نساخ ہاتھون سے دست جنون کے
گریبان داماں ہوا جاتا ہے

تم جو آجاؤ عیادت کی عبادت ہو جائے | جان تو نکلے ولے رفع شکایت ہو جائے
بیوفائی کی تری بار جو شہرت ہو جائے | ہے یقین تجھکو مرے نام سے نفرت ہو جائے
امتحان غیر کا گر حسب ضرورت ہو جائے | اونکو نساخ یقین ہے کہ فضیحت ہو جائے

خوف رسوائی ہے یار کے دربان کا مجھے
روز تبدیل جو یوں صفت صورت ہو جائے

وہ خفا ہو کے چلے بزم سے ہیں بھی جو کہوں
فتنہ برپا ہوا ابھی ایک قیامت ہو جائے

مژدہ وصل کے سننے کی کہاں ضعف میں تاب
ہے یقین وصل سے پہلے ہی فراغت ہو جائے

صورت نقش قدم ہم کہیں پھر ٹلتے ہیں
کوچہ یار میں جانے کی جو صورت ہو جائے

دلکو قابو میں تو لائے ہو بڑی مشکل سے
دیکھو نساخ کہیں پھر نہ حماقت ہو جائے

کہتے ہیں ہنس کے رقیبوں سے سنا کر مجھکو
ایسی نساخ کی صورت ہے کہ نفرت ہو جائے

اس عداوت پہ تو ہو جائیے فدا اے نساخ
کیا کرو اونکو اگر تمسے محبت ہو جائے

خط یار کو تب رقم کریں گے
جب غیر کا سر قلم کریں گے

بہاتا ہے مجھے سمجھ گئے ہیں
اب مجھپہ بھلا ستم کریں گے

ولہ

پھولوں نہیں سماتی ہے کیوں آج باغ میں
وہ سیر کو گئے کہیں آئی بہار کی

تنہا میں ہو نہیں ذرا بھی جو تاثیر ہو کہیں
سن لیجے آپ بات دل بیقرار کی

کٹتا کسی طرح سے نہیں ہے جو اے خدا
دن حشر کا بھی رات ہے کیا انتظار کی

ولہ

بتوں کو ناز اگر ظلم اور جفا پر ہے
غرور ہمکو بھی تو مہر اور وفا پر ہے

چلو کہ ہوتی ہیں تیاریاں وہاں نساخ
شہادت آپ کی موقوف گر رضا پر ہے

خواب میں اونکو دیکھنے کا ہے شوق
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

ہم ہی جائینگے اوس سے ملنے کو
موت نساخ اگر نہیں آتی

دیکھیں وہ آئینے کو اور ہو حیرانی مجھے
زلفیں اپنی وہ بنائیں ہو پریشانی مجھے

ہجر میں اس سے نہیں نساخ بہتر کوئی شغل

سچ جو پوچھو تو ہر گئی ہی غزلخوانی مجھے

بھرا کرتا ہوں آہ سرد بزم یار میں ہر دم ‏ ‏ نکالی ہی نئی ترکیب دشمن کے جلانے کی
ہمارا نالہ ہی غماز اونکو اعتماد اوس پر ‏ ‏ کروں تدبیر اب کیا راز پنہاں کے چھپانے کی

ولہ

اوسکے کوچے میں جو میت آئی مری ‏ ‏ نعش بھی اوٹھوا کے پھکوائی مری
کان ہم سکے وہ ہی جب سنتے نہیں ‏ ‏ گنگ سے بدتر ہی گویائی مری
ہی جو ہم نالہ و فریاد و آہ ‏ ‏ بزم سے کچھ کم نہیں تنہائی مری
ملگئے وہ سمجھتے یار سوا انہوں ‏ ‏ آخرش کام آئی رسوائی مری

جان دی سب نے مانگے خال یار کو
دیکھا ہی ناسخ دانائی مری

مہندی اور دیکھیے پاؤں میں لگی ہی کسکے ‏ ‏ اسنے تو خوب ہی رنگ اپنا جمایا پسکے

ولہ

مجھے ہاں دل میں تجہ اک بلا ہی ‏ ‏ زبان پر نہیں جو ہم میں نہیں ہی

نکلتے کم ہیں اب ناسخ گھر سے
تصور میں کوئی پردہ نشین ہی

خانہ ما ہی قتل کرنیکو بھی رحم ‏ ‏ پوچھتے ہو کیا مرے جلاد کی
آسمان پر ہو تو گر جائے ابھی ‏ ‏ تونے مجھپر جسقدر بیداد کی

بیٹھے ہیں جو سختی ہجران میں تیری ای صنم ‏ ‏ اونکے آگے کیا حقیقت مردن دشوار کی

ولہ

اغیار نے کیے ہیں فلک نے نہ یار نے ‏ ‏ وہ وہ ستم کیے ہیں دل بیقرار نے

ولہ

شمار ہی نہیں اپنے گناہ بے حد کا ‏ ‏ حساب لیگا قیامت میں کوئی کیا مجھسے

ولہ

ہی عجب کچھ نورہ و رسم دیار خوبان | دوستی کیجیے جس سے وہی دشمن ہو جاے

ولہ

مر جانے پہ کھل جاے جو یہ راز تو کھلجاے | تا زیست کبھی عشق کو رسوا نکرینگے
چاک اپنا جگر ہوئیگا بے منت خنجر | دشمن تری زلفون مین اگر شانہ کرینگے
کب طعنۂ اغیار سے یان جان بچیگی | ساتھ اپنے اگر اونکو بھی رسوا نکرینگے
ہم سامنے دشمن کے لپٹ جائینگے اونسے | کچھ کام کرینگے بھی تو مردانہ کرینگے

ولہ

ہین کوے عدو مین تھا عدو کوچے مین تیرے | اے دشمن جان تم تو کہو رات کہان تھے

ولہ

اونکی الفت مین ہے برگشتہ مقدر ہمسے | بغض رکھتا ہے عبث چرخ ستمگر ہمسے

ولہ

آنکھون سے ٹپکے گریۂ شادی مین اشک گرم | غصے سے جبین وصل مین وہ آگ ہو گئے

ولہ

پوچھو گیسو سے پریشانی مری | آئینے مین دیکھو حیرانی مری

ولہ

گئے ہین ڈھونے کو مٹی وہ نعش غیر کے ساتھ | سمجھے جو بد نظر خاک مین ملانا ہے

ولہ

کیون خفا ہو بھلا ہوا کیا ہے | یہ تو فرماؤ ماجرا کیا ہے

ولہ

جاتے ہی اونکی محفل عشرت اداس ہے | مضطر ہے کوئی اور کوئی بد حواس ہے
کیون دیکھتے ہین جانب پہلو وہ ہر گھڑی | گستاخ دل مرا اگر اونکے ہی پاس ہے

ولہ

ٹکڑے ٹکڑے ہے جنون مین دل و دامان مجھسے | کچھ گریبان ہی ہے جان [illegible] مجھسے

ولہ

ڈرتے ہین وہ کہ جان کو ہم سے نہ دین کہین
ہمسے زیادہ اونکو ہمارا خیال ہے

ولہ

باندھا ہے مری آنکھون پہ رومال شب ہجر
وہ حسرت دیدار نکلنے نہین دیتے

ولہ

صوفیونکو حال آیا رند ہین اک حدیث
نالہ میرا کیا ہوا گویا غزلخوانی ہوئی

ولہ

وہ دیکھکے دل کہتے ہین ہے مال تو اچھا
خوبون مین شناسائی ہین جنکو نظر ہے

ولہ

غیرت نے مجھکو بچایا ہے جو دست مرگ سے
طعن سے کہتا ہے وہ ترسا بچہ عیسی مجھے

ولہ

دھیان رہ رہ کر عدو کا یار کو آتا رہا
وصل کی شب بھی مرے حق مین قیامت ہو گئی

ولہ

مٹے دیوان مین اپنے اسی نساخ
رکھے ہے جو شعر انتخاب رہے

ولہ

ہوتی ہے بوالہوس سے صلح عاشق سے لڑائی ہے
الٰہی چرخ کجرفتار کی کیسی بن آئی ہے

ولہ

عشق کے جو دام مین ہم پھنس گئے
یار کا دل غیر کے گھر کو چلاے
دل کی خطا آنکھون کی تقصیر ہے
آہ مین نساخ وہ تاثیر ہے

ولہ

خالی جو پایا دل کو مرے آ دھسی چیر کے
سمجھا یہ جی مین بس مری حسرت نکل گئی

ولہ

شب غم تو نہین ہے وعدہ دیدار کا ان کے
اسقدر روز قیامت مین درازی کیون ہے

ولہ

فتنہ ہی بلا ہی کہ قیامت نہیں معلوم — جو نالہ دل خاک میں یاں گوشہ گزین ہی

ولہ

لب پہ جان آئی ہی ہجران میں پئے استقبال — حضرت موت کے آنیکی خبر دیتی ہی

ولہ

ہزاروں فتنے اوٹھتے ہیں جہاں سے — مکان یار بھی اک آسمان ہی

ولہ

رنگ کیوں ہونٹھوں کا پھیکا ہو گیا فرمایئے — چوس کر کسنے بھلا مسی چھڑائی آپکی

ولہ

رقیبوں کو دو بوسے مجھکو گالی — ذرا انصاف تو کیجے یہ کیا ہی

ولہ

زلف کے دھیان نے اور اوسکو بڑھایا ہی مگر — یہ درازی تو الٰہی شب ہجران میں نہ تھی +

ولہ

صاف ہو دشمن سے اور مجھسے کدورت لیں عبث — خاک میں میرے ملانیکی یہ سب تدبیر ہی

ولہ

دے کے بوسے غیر کو شب مکر گئے ہو عبث — چپ رہو بس منہ نہ کھلواؤ کہ وعدہ اوسکے سے

ولہ

ہم تمکو روک لینگے سر راہ ایک دن — کیا جان تک کو خوف بھلا دور ہٹ سے

ولہ

موت کو کیا ہوگیا وہ تو نہ تھی وعدہ خلاف — وہ نہ آئے تو نہ آئے اسنے کیوں تاخیر کی

ولہ

جان تو لے چکے اب چھیڑتے ہو کیا حاصل — یہ تو فرمایئے دل میں مرے کیا رکھا ہی

ولہ

پردہ ہو کسکا آپ ہے حیران ہین ہے یہ حال — آنکھون مین دیکھنے کے بھی طاقت نہین رہی
ساتھہ اپنے لیگئے دل شرا فرین کو وہ — اب میری جان ہے وہ قیامت نہین رہی
صدمہ جو رشک غیر کا اب مجھسے اٹھہ سکے — دل مین مرے یہ تاب یہ طاقت نہین رہی

ولہ

ہو لناک ایسا ہو وہ دشت اگر جائین گے — حضرت خضر بھی بس خوف سے مرجائین گے

ولہ

ہو نٹھون کو یو نجھتے ہین کسیلے رومال سے وہ — بوسہ لینے مین اگر اونکو مزا آتا ہے
صبر آتا ہے نہ تو چین نہ نیند آتی ہے — ہجر کی رات کو آتا ہے تو غش آتا ہے

ولہ

بدلتا ہے جو ہر دم آسمان رنگ — متلون کیا مزاج یار کا ہے

ولہ

رحم سے آپ کو نفرت ہی سہی — ہجر مین مجھسے اذیت ہی سہی
گر نہو صاف مری جانب سے — یار کے دلمین کدورت ہی سہی
آپ اٹکھیلیون کی چال چلین — جان پر میری قیامت ہی سہی
صبح تو اونکو نہ جانے دونگا — آج مین آئے مری قسمت ہی سہی
کیا ہوا آنکھہ ملانے مین بھلا — ظلم کی تمکو ندامت ہی سہی
چھوڑئے کب بوسہ لب کا لیکا — تمکو دشنام کی عادت ہی سہی
زندگی مین نہین ملتے وہ اگر — مرنے پر حور کی وصلت ہی سہی
وصل اونکا ہو رقیبون کو تو ہو — مجھکو رنج غم و فرقت ہی سہی
ہجر مین کسیلے ہم سرنگین ہین — نالہ زار قیامت ہی سہی
شتے اب وصل کا خواہان تو نہین — ہجر پر مجھکو قناعت ہی سہی
اوس سے کیا راز شب وصل چھپائین — رازدان کے لیے آفت ہی سہی
ہم کو کچھ ترک وفا کرتے ہین — اسمین ذلت ہے تو ذلت ہی سہی

یاں کسی طرح تو آؤ صاحب — نہ سہی مہر مروت ہی سہی
میرے نالے سے ہلا آئے نہ تیر — نہوا اعجاز کرامت ہی سہی
مہرباں تم نہ سہی عاشق پر — آپ پہ مہر کی تہمت ہی سہی
نہ سہی آپ نہ آئے قصد آ — یہ مرا جذبۂ الفت ہی سہی
نہ پڑھو فاتحہ مانگو نہ دعا — قبر عاشق کی زیارت ہی سہی

چپ ہو کیوں یار کے آگے ناسخ
نہ سہی شکر شکایت ہی سہی

ہوا گل رات دست یار سے چاک — کھلی قسمت ہمارے پیرہن کی

ولہ

لاکھ تدبیر کرو جینے کی کیا ہوتا ہے — درد دل سانس کے لینے سے سوا ہوتا ہے

ولہ

کرو ترک مے و معشوق ناسخ — کہ پیری میں نہیں زیبا جوانی

ولہ

میں جو ڈرتا بھی ہوں تو جنبش ابروئے تری — کھینچکر تیغ دو دم کیا تو ڈرانا ہے مجھے

ولہ

نکل نہ گھر سے تو آئی آفت زمان نہ نکل — جہان میں حشر کا آنا بھی اک قیامت ہے

ولہ

مرض عشق میں یاں نیند نہ کل آئیگی — یاں عیادت کو بھی آئے تو اجل آئیگی

ولہ

چمن میں گل ہیں جو خنداں تو نغمہ زن بلبل — ہمارا رونا نہ ٹھیرا کوئی ہنسی ٹھیری

ولہ

تر بتر خون جگر سے جو مرے مردم ہے — پردۂ چشم کو کیا صحن مینا سے کم ہے
خون گرفتہ وہ ہوں ناسخ کہ مقتل میں بھی — میری تسلیم کو شمشیر کی گردن خم ہے

ولہ

کس طرح ہم دل چھڑا لین یار سے / ہے یہ مشکل مردن دشوار سے

عشق ہو جا ابرو سے خمدار سے / مجھکو دھمکاتے ہین تلوار سے

رخ مین خط مشتر مطلع الانوار ہے / صحفہ ہو بہتر مخزن اسرار سے

ملنے مین ہر روز اب لڑتی ہو آنکھ / اوس پری کے روزن دیوار سے

اوس لیے کہتے ہین تمہین ملتے اگر / راز دل کہدینگے ہم اغیار سے

گر نہین ہے مرے ستانے کا خیال / ہاتھہ کھینچو غیر کے آزار سے

ہاے وہ میرا گزرنا اوس طرف / جھانکنا وہ روزن دیوار سے

اسقدر شوق شہادت ہے کہ ہم / لپٹے جاتے ہین تری تلوار سے

مار ڈالا کیسے ناسخ کو
تونے وصل غیر کے اقرار سے

آشفتگی و سودائی و دیوانگی و جنون / فرمایئے جو کچھ کہ مرے حق مین بجا ہو

مقبول ہو دشمن کی دعا یار الہی / ہر دم مرض ہجر مین اپنی یہ دعا ہو

ہم ترک کرینگے تری خاطر سے وفا کو / اے جان جو تو دشمن ارباب وفا ہو

دل لے نہ گیا چھین کے وہ دست حنائی / ناسخ یہی دل کے نہ دینے کی سزا ہو

دشمن سے وہ خط کو مرے پڑھوائینگے ناسخ / ہوویگا وہی جو مری قسمت کا لکھا ہو

ولہ

چھپکے جاتے ہین اونکے کوچے مین / کہین اوسکی خبر نہو جائے

اپنی آنکھون مین رکھتے ڈرتے ہین / آہین اونکو نظر نہو جائے

ولہ

کیون اوسکی سی باتین کہہ رہا ہے / تشنہ ہین ترسے غیر کی زبان ہم

ولہ

غم مین کیونکر مین کہون یہ کہ قرار آجائے / عید ہو جائے محرم مین جو یار آجائے

عشق کی ذلت و رسوائی کا دعویٰ انکو ہو	آپ کو اپنے سے جب تک کہ عار آجائے
ہوں وہ دیوانہ نکلجاؤں اگر سوے چمن	کیا عجب فصل خزاں میں بھی بہار آجائے
حال کیا اپنا کہوں ہاے وہ پیاری صورت	بوالہوس بھی جو ذرا دیکھ لے پیار آجائے
اونکے الطاف سے ہوتی نہیں تسکین ناسخ	ہو جو بیتاب عدو دلکو قرار آجاے

ولہ

اگر ناسخ گلے مے محفل خوباں میں جاتا ہو	کوئی کرتا ہے چشمک اور کوئی آنکھیں دکھاتا ہو
تری جلوہ نمائی پر اشارے غیر سے دیکھے	یہ بخت شوم اپنا دیکھیے کیا کیا دکھاتا ہو

ولہ

گلوں کو دیکھکر کسطرح دل کو شادماں کیجے	بھلا ناسخ کیا ہجراں میں سیر گلستاں کیجے
عدو کا نام لیتے ہی جو صلواتیں سناتے ہیں	کہاں تھے آپ شب فرمایئے کچھ تو بیاں کیجے

قطعہ

دیکھ ہمت جگر کو پروانہ	جل گیا مثل شمع آہ نہ کی
نہ کہیں تاڑ جاے بزم میں غیر	میں نے اونکی طرف نگاہ نہ کی

ایضاً

کیا ناصح نے بھی افسوس مجھپر	جو نام اونکا سنا میری زباں سے
ہمارے میہماں ہوتے ہیں ناسخ	اوترتے ہیں جو فتنے آسماں سے

ایضاً

دانا وہی ہے دل جو تری آرزو میں ہے	گویا ہے وہ زباں جو تری گفتگو میں ہے
شنوا وہی ہے گوش جو سنتا ہے تیرا ذکر	بینا وہ آنکھ ہے جو تری جستجو میں ہے

مقطعات

راہ سے اونکو جو پکڑ لائے	لگے دینے وہ گالیاں مجھکو
پھر یہ بولے کہیں نہ شامت آئے	چھوڑ عبدالغفور خاں مجھکو

ایضاً

لسّاخ اوسکے گھر کا پتا کس سے پوچھیے
اور تقلید ہو جانے والا کوئی تو پھر

جو جانتا نہین وہ بتائیگا کیا سے مجھے
فرماسیے کہ کیون وہ بتانے لگا مجھے

ایضاً

مین تو کیا دشمن بھی کہتا ہے نہین عیب
چھپکے چھپکے مجھے کرتے ہین بات

ایک جہان حیران ہو کہ ہین عتاب سے
تو اشارے کرتے ہین اغیار سے

ایضاً

وہان ہمکو نہ جانے کی حقیقت کیا بیان کیجیے
کہ جانے پر کبھی کہتے نہین ہین مرحبا مجھکو

غلط ہو گیا اسی کو لوگ رسم و راہ کہتے ہین
نہ رخصت ہے نہ پردہ فی امان اللہ کہتے ہین

ایضاً

پیچھے گر عرض حال کہتے ہین
خوف سے اسیر گر رہتے ہین

کہتے ہو کیون نہین ہوا کیا ہے
پوچھتے ہین کہ ماجرا کیا ہے

رباعیات

خدمت چو دہن لعبدارت مفتون
بر لعل شکر فشانت شیرین فرہاد

نادیدہ بصفت دہن از دل افزون
بر گیسوے مشکبارت لیلی مجنون

ایضاً

جس راہ پہ چلتے ہین یہ اہل تقلید
اس راہ پہ جو چلا نہوگا گمراہ

ہو وہ ہی رہ سنت و راہ توحید
پائیگا نجات ہے یہ اللہ سے امید

ایضاً

کوچے مین ترے گزر نہوگا کب تک
مرنے تو جاوکو دو بھلا دیکھون گا

دل مین ترے اپنا گھر نہوگا کب تک
نالون مین مرے اثر نہوگا کب تک

ایضاً

دل مجھکو ملا ہے رنج و غم سہنے کو
سننے کو بنے ہین کان میرے گستاخ

منہ مجھکو عطا ہوا ہے چپ رہنے کو
دی حق نے او نہین زبان کہنے کو

ایضاً

کیا کام ہے اس سے کہ بہار آجائے
کچھ اس سے غرض نہیں کہ یار آجائے
ہو وصل مجھے یا کہ عدو کو ہو فراق
مطلب ہے یہی دل کو قرار آجائے

ایضاً

گر مجھ سے ابھی ہے موت بیزار سہی
گو نزع میں میں نہیں ہوں بیمار سہی
مرنے کو مرے محال کیوں سمجھے ہو
آسان نہو نہو دشوار سہی

ایضاً

گو کشتۂ الم کو ابر باران ہے وصل
گرچہ مرض ہجر کا درمان ہے وصل
پر وصل جو حاصل ہو یہ ہے امر محال
تم سمجھے ہو نساخ کہ آسان ہے وصل

ایضاً

آنکھوں سے عبث ہوں اشک جاری کبتک
بیہودہ فغان و آہ و زاری کبتک
پابندی ہیں تو چھوڑ گیسوؤں کا سودا
نساخ بھلا سیاہکاری کبتک

ایضاً

مغموم ہے گاہ گاہ ناشاد ہے دل
گہ محو فغان ہے گرم فریاد ہے دل
لایا ہے یہ رنگ اونکو چھپانے کے لیے
نساخ بلا ہے ایک استاد ہے دل

ایضاً

پھرتے ہیں جو اونکے ساتھ گلشن میں ہم
پھرتے ہیں گل مراد دامن میں ہم
پھولے نہ سماتے ہیں برنگ گل اے نساخ
ہیں صورت خار چشم دشمن میں ہم

ایضاً

بھولے سے جو تشریف کبھی لاتے ہیں
یوں مجھسے وہ مسکرا کے فرماتے ہیں
آتے ہیں جو ہم گھر میں ترے اے نساخ
تو جان لے ہم دم میں ترسے آتے ہیں

ایضاً

گر عشق و محبت کی بھی ہیں رسمیں
کیا جانے عجب وہ آئین ہیں یہ بس ہیں

اور آگئے قابو میں اگر اے ناسخ — چھوڑونگا نہیں جو دینگے لاکھوں قسمیں

ایضاً

کیا کوہ بنا ہے وہ لکھا ہیں محبوب — گنبد بھی ہوا دیکھ کے شکم خوش اسلوب
ہر وقت ہو جشن نگہ خسرو کا در — شیرین کو پسند کوہکن کو مرغوب

ایضاً

جو تیری گلی میں سایہ دیوار پڑی — کیا شستہ و رفتہ ہے زبان دہلی
ہو رشک بہشت گلستان دہلی — بہتر ہے بہار سے خزان دہلی

ایضاً

دکھلاتے ہیں بڑے بڑے نمازی جھوٹے — دیکھیں ہیں مصلی و نمازی جھوٹے
پھیلا ہے وہ جھوٹ کا اثر اے ناسخ — ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ حجازی جھوٹے

ایضاً

سچ سچ جو کہوں میں درد دل کا احوال — سب کہنے لگیں مبالغہ کا ہے کمال
اور سمجھے مبالغہ یہ سنکر شاعر — ہو عقل حکیم کے بھی نزدیک محال

ایضاً

اب عشق میں رسوائی سی رسوائی ہے — جب تک کہ اک خلق تماشائی ہے
پھیلتا وہ حال سنکے فرماتے ہیں — ناسخ جنون زدہ ہے سودائی ہے

ایضاً

اس کا ہی تماشا دیکھتے ہیں جان حزین — آتی ہے بہار اور سامان نہیں
دل جو تھی جنون میں کر سے بیلا دنگا — دامن نہیں ناسخ گریبان نہیں

ایضاً

بیتاب تجھے رکھتی ہے اور ہے تنہا رات — کٹتی ہے کسی طرح نہیں کافر رات
ناسخ فراق یار میں ہوتی ہے — زلفوں سے طویل اور سیہ ہے رات

این ساز کہ زمزمہ اش زبان ست — رونق دہ محفل بیان ست
چون اختر آرزوست زیبا — شد سال مئے آخر تمنا
۱۲۹۲ھ

ایضاً

بعنایت الٰہی شدہ ارمغان مرتب — سزد ار بخود ببالد ز نشاط فکر والا

چو براے سال تاریخش از و سوال کردم | بزبان حال گفتا متمنی تماشا ۱۲۹۲ فصلی

ایضاً

ارمغانم چو جمع شد نساخ
خامہ ام بہر سال ترتیبش

گل گلزار عالم معنی
زد رقم اسم اعظم معنی
۱۲۸۲ بنگلہ

ایضاً

مطبوع شد ارمغان وافزود
نساخ بگو سے سال طبعش

عز و شرف زبان اردو
مطبوع شد ارمغان اردو
۱۹۳۴ سمبت

ایضاً

ارمغانم کہ در جہان لسنتی
سال طبعش نوشتم ای نساخ

مائیہ نازش سخندانی
چاپ شد ارمغان روحانی
۱۸۷۷ء

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ علی احسانہ العظیم والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الکریم کہ اکنون تحفۂ مقبول خاطر سخن سنجان
ہدیۂ منظور نظر شعرای زمان یعنی ارمغان باہتمام احقر الانام عاجز محمد عبد الرحمن
بن حاجی محمد روشن خان غفرلہما اللہ المنان چھپکر تمام ہوا
پسندیدۂ خواطر خواص و عوام
ہوا

العبد
محمد عبد الرحمن حنفی بن حاجی محمد روشنخان مرحوم حنفی بقلم خود

محمد روشن خان حنفی ۱۲۵۳
محمد عبد الرحمن بن حاجی

وجہ مہر و دستخط

برای سند یعنی کہ کتاب ہذا مطبوع مطبع لطافت
مہر و دستخط مہتمم در آخرش نمودہ شد

هو الغفور الرحیم
ان من البیان لسحرا
دیوان بلاغت عنوان خزینۂ کمال موسوم بہ
دفتر بے مثال
جناب مولوی عبد الغفور خان بہادر متخلص بہ نساخ
بحسن تصحیح و زیب تسطیر در ایام عشرت فرجام
مطبع منشی نولکشور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقل نامہ کہ میرزا اسد اللہ خان غالب در رسید دفتر بے مثال بمصنف رقم نمودہ

نامہ

جناب مولوی صاحب قبلہ — یہ درویش گوشہ نشین جو موسوم بہ اسد اللہ اور متخلص بغالب ہے
مکرمت حال کا شاکر اور آیندہ افزایش عنایت کا طالب ہے دفتر بے مثال کو عطیۂ کبریٰ اور
موہبت عظمیٰ سمجھکر یاد آوری کا احسان مانا — پہلے اسی عزت افزائی کا شکر ادا کرتا ہون کہ حضرت
اس ہیچمدان کو قابل خطاب اور لائق کتاب جانا — مین دروغگو نہین خوشامد میری خو نہین
دیوان فیض عنوان اسم بامسمی ہے دفتر بے مثال اسکا نام بجا ہے الفاظ متین معانی
بلند مضمون عمدہ بندش دلپسند ہم فقیر لوگ اطلاق کلمۂ حق مین بیباک و گستاخ ہین شیخ امام بخش
طرز جدید کے موجد اور پرانی ناہموار روشون کے ناسخ تھے آپ اونسے پڑھکر بیٹھے بے مبالغہ
بے مبالغہ ناسخ ہین تم دانائے رموز اردو زبان ہو سرمایۂ نازش قلمرو ہندوستان ہو
خاکسار نے ابتدای سن تمیز مین اردو زبان مین سخن سرائی کی ہے پھر اوسط عمر مین بادشاہ
دہلی کا نوکر ہوکر چند روز اوسی روش پر خامہ فرسائی کی ہے نظم و نثر فارسی کا عاشق اور مائل ہون

ہندوستان مین رہتا ہون مگر تتبع اصفہانی کا گھائل ہون جہان تک زور چل سکا فارسی -
زبان مین بہت کچھ بکا - آپ نہ فارسی کی تکرار اردو کا ذکر نہ دنیا مین توقع نہ عقبیٰ کی امید
مین ہون اور اندوہ ناکامی جاوید جیسا کہ خود ایک قصیدہ نعت کی تشبیب مین کہتا ہون
؎ چشمم کشودہ اند بدیدار ہاے من * از اینده نا امیدم و از رفته شرمسارم * ایک کم ستر برس
دنیا مین رہا اب اور کہان تک رہون گا ایک اردو کا دیوان ہزار بارہ سو بیت
کا ایک فارسی کا دیوان دس ہزار کئی سو بیت کا تین رسالے نثر کے
یہہ پانچ نسخے مرتب ہو گئے اب اور کیا کہون گا مدح کا صلا نہ ملا غزل کی داد نہ پائی ہرزہ گوئی
مین ساری عمر گنوائی بقول طالب آملی علیہ الرحمہ ؎ لب از گفتن چنان بستم که گوئی *
دہن بر چہرہ زخمی بود به شد * سچ تو یون ہے کہ قوت ناطقہ پر وہ تصرف اور قلم مین وہ زور نہ رہا
طبیعت مین وہ مزا سرتیز وہ شور نہ رہا پچاس پچپن برس کی مشق کا ملکہ کچہہ باقی رہ گیا ہے
اوسی سبب سے فن کلام مین گفتگو کر لیتا ہون - حواس کا بھی بقیہ اسی قدر ہے کہ معرض گفتار
مین موافق سوال جواب بنا ہون روز و شب یہ فکر رہتی ہے کہ دیکھیے وہان کیا پیش آتا ہے - اور
یہ بال بال گنہگار بندہ کیونکر بخشا جاتا ہے حضرت سے یہ التماس ہے کہ آپ جو اب اوسکو یاد
اور مجھکو ارسال نامہ کی سبیل کے عادی ہو گئے ہین جبتک مین جیتا ہون نامہ و پیام سے شاد -
اور بعد میرے مرنے کے دعاے مغفرت سے یاد فرماتے رہیے گا - والسلام بالوف الاکرام

نقل قطعه که فخر سخندانان زمان زبدۂ نکته سنجان دوران مولوی نصیر الدین حیدر متخلص بسامی منصف درجۂ اول ضلع سلہٹ در رسید دفتر بمثال تحریر نمودہ

قطعه

مژده اے طبع تنگ جوش سخن نا آشنا — ما رہ ہماے دل بہار دیدہ کام جان رسید
مہمان خوان گستر طبع میزبان نکته سنج — زله خواران سخن را نعمت الوان رسید

از نسیم فکرتش بحر محیطی موج زن
گلشن معنی ز رشح خامه‌اش سرسبز شد
پردهٔ دیگر زهم او رخنه بر ساز مراد
آسمان یعنی بکام مستمندان چرخ زد
گلشن آمال من چون روضهٔ رضوان شگفت
ده چه دیوان گزره اعجاز نظم پاک او
ده چه دیوان جوشش طبع مست صهبای زلال
حضرت نساخ گوهر خیز دریای سخن
فکر رنگین سا ازین خوشتر چه می باشد اثر

تا من ساحل نشین هم گوهر غلطان رسید
بینوا مرغ قفس را هم گل خندان رسید
خوشش می آید صدای این رسید آن رسید
تازه دیوانی بمن از صاحب دیوان رسید
تارک اقبال من تا قبهٔ کیوان رسید
گر نبودی کفر می‌گفتم دگر قرآن رسید
آنکه نتواند باوج فکرتش سحبان رسید
هر چه از طبعش رسد گوئی که از عمان رسید
گر ز حنا هم بیشتر نظمت بهندستان رسید

گر سخن سنجی چو او خیزد علی فرض المحال
در سخن سنجی نتواند که باین سامان رسید

بسم الله الرحمن الرحیم

حمد خاص است بهر آن خلاق
که پی او مسلم است اطلاق
بدو کون ست ذات او موجود
لیک پاک از تعین و محدود
بدو عالم عیان و پنهان است
فی المثل گوئیا که او جان است
عقل در کنه او ست نادانی
فکر در ذات او ست حیرانی
همه نقش و نگار صنعت او ست
همه پست و بلند قدرت او ست
عزمش فرمود جلوه فرماید
خواست تا سطح گیتی آراید
کرد موجود ذات احمد را
پس ازان کرد این و آن پیدا
هرچه از وصف انبیا را داد
آن همه خاص مصطفی را داد
ما همه پرتو جمال او
نرسد در بیان کمال او
صلواة الله بر جانش
بلکه بر جان آل و یارانش
سپس این حرف ناسازگار

سامعه روزگار و نقش نازیبای کارگاه اعتبار عبد الغفور خالدی متخلص به نساخ که پیشتر مهجور تخلص داشت برخی از خیلے و مختصرے از طویلے یادگار خود حواله کلک عجز نگار میکند تبیینش آنکه از قرایای بنگاله من مضافات بلدهٔ جهانگیرنگر مشهور به ڈھاکه از صنادید مهند یادگار بست دیهی راجه پور نام از متعلقات ضلع فرید پور مولد و ماوای آبائی داستان گزار ست اما مسقط الراس نیاز منش سرزمین کلکته و سال ولادت الف و مائتین تسع و اربعین هجری قدسی روئیه

وبعد ہیچمدان ہیچ سخن را بشاشته فکر سے ایستم از اوائل عمر التزام کردم که الفاظ ثقیل
و سامعه خراش که هنوز در کلام موزون ارباب دهلی و لکهنو یافته می شوند از اشعارم هیچ
مضمون بیگانه باشند چنانچه لفظ تک بجاست تک و لفظ سست بمعنی نه و لفظ
جون بمعنی مثل و امثال آن را که با سامعه نازک پسند گرانیها دارند قلم انداز
نمودم و بسیار غزلهاے مسلسل که از عمده طرز سخن انشا ساختم الغرض
گفته گفته تا چهارده هزار شعر به شمار آمد اکثر اوقات احبای
هواخواهان مربوط به ترتیب دیوان پیش ازین هم ترقی کرده بحرکه
سلسلۀ چاپ پیشنهاد انگشت قبول به چشم میگذاشتم و عذر قلت
فرصت را وقعه مینهادم هرگاه گیرائی اوشان از حد گذشت و
دیدم که حرفهاے عذرم بخاطرشان نمیگذرد مجبور به
انتخاب درساختم و به ترتیبش پرداختم
از تمامی اشعار قریب سه هزار چند شعر منتخب
کرده در سنه ۱۳۱۲ هجری دیوانی ترتیب دادم
و به دفتر بیمثال نامیدم التماس از
حضرات ناظرین سخن سنج منصفانه
همین است که هنگام مطالعه
این نظمهای تازه اگر
خطائی به نظر افتد ازان
درگذشته

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفت مہر نبوت کی ہے مطلع میرے دیوان کا
ہوا ہے زرد جس سے رنگ و مہر درخشان کا

شہید ناز ہون مین دوبارہ آئینہ رویان کا
گمان کیونکر نہو زخمون پہ میرے چشم حیران کا

ہے سودا جو خط پشت لب رنگین جانان کا
گلے مین طوق ہو میرے رگ لعل بدخشان کا

تری آنکھون کے ڈورے لعل جو ہین منعکس جن پر
بڑہا ہے جدول شنجرف سے حسن اور قرآن کا

خیال زلف پیچان مین مجھے خواب پریشان ہے
نظارہ گر کرون فردوس کے بہی سنبلستان کا

ہلا کے پاون پہر ہوش جنون مین وحشت نے
رہا ثابت نہ پہر اک تار تک اپنے گریبان کا

ہوا پر اوڑتے اوڑتے ہوگیا برباد جب ایسا
نشان ملتا نہین ای ہمنشین تخت سلیمان کا

سیاہی زلف مہرویان کی گر دیکھے تو خجلت ہے
سفیدی سے مبدل رنگ ہو شبہای ہجران کا

نصیب اپنے پہرین داخل کہین ہو وین شہیدون مین
تصور اس لیے ہمکو ہے اوس برگشتہ مژگان کا

نمونہ تھی صنم نے اسے برہمن جب کیا ایسا
کہ گویا دل مرا ساکن ہوا شہر خموشان کا

تپ غم سی جو سوزان استخوان ہین کنج مرقد مین
گمان اونپر ہوا شمع شب تاریک ہجران کا

تصور یہ رہا کرتا ہے بیماری ہجران مین
کہ خال چشم عاشق تخم ہے سیب زنخدان کا

ہے اپنی ہر بن مو چشم عاشق انتظاری مین
گمان کیونکر نہو تن پہ ہمارے نرگستان کا

نہو لشک کیون جام و مے و معشوق کا طالب
چمن سرسبز ہے آتش کدہ ہے ابر باران کا

جو پردہ اوٹھگیا ہے آتشین رخسار جانان کا
اوڑا ہے نور شبنم کی طرح مہر درخشان کا

کرون موزون اگر مضمون خط رخسار جانان کا
رگ گل سے بندھا ہے شیرازہ پھر اجزای دیوان کا

ضرورت رہنما کی کسکو ہے وادی وحشت مین
خیال سبزۂ خط خضر ہے اپنے بیابان کا

ہوئے کیفیت مے گلفام سے وہ سرخ ایسا تھے
ہے شک آنکھون کے ڈورون پر رگ لعل بدخشان کا

تری چشم شکار افگن کو غصہ مین اگر دیکھے
برنگ شیر قالی حال ہو شیر نیستان کا

چورائی ہے سیاہی جو سینہ تختی عاشق سے
کہین منہ بھی ہو کالا یا خدا شبہای ہجران کا

وحوش و طیر و جن و انس تیرا کلمہ پڑھتے ہین
عقیق لب پہ شک ہے ای پری مہر سلیمان کا

کیا ہے نفس امارہ نے گمرہ دل کو ای زاہد
ہوا ہے غول خضر راہبر اپنے بیابان کا

دم بسمل تماشا خنجر قاتل نے دکھلایا
کیا جو چاک سینہ کھل گیا در باغ رضوان کا

ہجوم قمریان افشان کے چنے جو نہی پاتے ہین
گمان ہے مانگ پر اوس رشک گل کی سرو بستان کا

کیا ملک دل عشاق کو غارت اشارون سے
ہے تیرا دیدۂ سفاک افسر فوج مژگان کا

کسیکی عفت و عصمت کا دیوانہ ہون عالم مین
ہے چاک دامن یوسف ہر اک در میری زندان کا

نہو کیون ٹکڑے ٹکڑے پردۂ چشم تماشائی
مصفا صورت الماس ہے ہر عضو جانان کا

روان ہے لے پریرو دوش صرصر پر غبار اپنا
ملا ہے بعد بربادی ہمین رتبہ سلیمان کا

کسی مہرو کی فرقت مین ہوئین جو موجزن آنکھین
بنا ہے کشتی طوفان ہلال اپنے گریبان کا

سراپا زخم ہون تیغ زبان یار سے لیکن
نہین ملتا ہے مثل ذات حق منہ زخم پنہان کا

نہووے بدگہر کے دلکو حاصل نور ایمان کا
جو بدمذہب ہے حافظ ہو نہین سکتا ہے قرآن کا

کبھی صدمہ نہ پہونچے صاف دل سے اہل عالم کو
کہ اوٹھنا غیر ممکن آب گوہر سے ہے طوفان کا

ہوا دو ٹکڑے دل چشم کجل خوش نگاہان سے
کہ ہے مشہور عالم کاٹ شمشیر صفاہان کا

صاف صف کی صف ہوئی اک ہاتھ مین جس کے چلے
جی مین ہے ہم چوم لین قبضہ تری شمشیر کا

وہ وہ چار آٹھون پہر رہتا ہے دیکھا لاکھہ بار
جوہر آئینہ ہے جوہر ہر اک شمشیر کا

مین ہوا وہ دیکھکر رخسار روشن کی صفا
آئینہ نے خاصہ پیدا کیا شمشیر کا

جن و انس و وحش و طیر آکر کٹاتے ہین گلے
ہاتھ ہے سلیمان کا نگین جوہر تری شمشیر کا

حضرت نساخ فکر وصل کرتے ہو عبث
ہجر ہی قسمت مین ہے لکھا ہوا تقدیر کا

آنکھون مین رہتا ہے لازم سرمہ کی تحریر
کام جوہر سے ہے نکلے تیغ زن شمشیر کا

کھب گیا دل کی رگون مین قامت بالا ترا
چرخ پر بھی سنبلہ خانہ ہے ای جان تیر کا

گردش گردون سے کیا نقصان آہن دل کا ہو
آسیا سے کیا ضرر ہو دانہ زنجیر کا

کب جبین کرتا ہے کوئی عاشق حیران کی قدر
عطر کب عطار کھنچوائے گل تصویر کا

دیکھنی چین جبین تحریر پیشانی کی ہے
کوئی مٹتا ہے نوشتہ کاتب تقدیر کا

خامہ رنگین رقم کو وصف کرنا سہل ہے
پیش مانی کھینچنا مشکل نہین تصویر کا

اہل جوہر کو نہین ہے غیر کے احسان سے کام
ابر کا محتاج سبزہ کب ہوا شمشیر کا

انقلاب دہر سے کب اہل حیرت کو ہو خوف
اُردی و دی مین ہے اک عالم گل تصویر کا

زیب دیتی ہے کجی ابرو کی اے شمشیر زن
خم نہو شمشیر مین تو عیب ہے شمشیر کا

کون جانے قدر سے شعر کی جز نکتہ سنج
کیمیاگر جانتے ہین مرتبہ اکسیر کا

کیون جوانان جہان مرتے ہین پیری پہ تمام
صاف روشن دہر مین قصہ ہے جوئی شیر کا

عاشق حیران کی چشم دل ہے روے یار پر
غیر جانب پھر نہین سکتا ہے منہ تصویر کا

موم دل جو ہے مٹاتا ہے اوسے ہر سنگدل
شمع کا سر کاٹنا اک کھیل ہے گلگیر کا

راست گو نساخ کی باتون مین کیا ہووے کجی
ناوک افگن خم نہو مثل کمان قد تیر کا

دب گیا شانہ نکلے پیچ رات گیسوے یار کا
ہاتھ آیا عالم رویا مین مضمون مار کا

سن لیا جو ماجرا طوفان چشم زار کا
پانی پانی ہوگیا دل ابر دریا بار کا

لکھتے ہیں شہ دار مضمون ابروے خمدار کا
شعر جو اپنا ہے گویا میان ہے تلوار کا

ظاہر و باطن ہے اپنا صاف مثل آئینہ
کیون میسر ہو نہ جلوہ یار کے دیدار کا

دلبران برق وش کو کرتے ہے چشمک مدام
طور بین ہی کیا برق بین بھی آہ آتشبار کا

چشم بلبل مین کھٹکتا ہے بہارون مین مدام
چاہیے فصل خزان مین خشک ہونا خار کا

ہوگیا نظرون سے گر موے کمر تیرا نہان
دیکھنا ممکن نہوگا میرے جسم زار کا

ندیان اشکون کی جاری ہین فراق یار مین
دامن تر پر ہے عالم ابر دریا بار کا

شاخ شببو کے قلم ہو غنچۂ گل ہو دوات
وصف لکھتا ہے تجھے اوس گل کی باہی ہار کا

اوس بت یکتا کی فرقت نے جلایا اس قدر
عرش پر پہونچا ہے شعلہ آہ آتش بار کا

مانگ کو تشبیہ کامل افعی ابیض سے ہے
ٹیکا ماتھے کا ترے ظالم ہے مہرہ مار کا

ناتوان ایسا غم ہجر بتان مین ہوگیا
ہر رگ تن پر مرے دہوکا ہوا زنار کا

نقد جان دے دے کے اس سے پار اوترے تیغ زن
بحر الفت کا کنارہ گھاٹ ہے تلوار کا

کہہ رہے کے سبحہ سے کیا کم ہے تار اشک چشم
ہے بیان جو وقت بکا ہے سبزۂ رخسار کا

وصل کی شب سرخ جو چہرہ لبنا سنت سی ہوا
برگ گل گویا ہے پردہ دیدۂ بیدار کا

خون رولاتا ہے جو مجھکو وہ لب یاقوت فام
لعل ہے قطرہ سرشک دیدۂ خونبار کا

وصف ای نشاخ نزرگ تیغزن کا گر لکھون
کاغذ کا ہر گز بھی پھل ہو جائیگا تلوار کا

سر کو سودا ہوگیا موے میان یار کا
رشتۂ جان بن گیا ہے پیچ تار دستار کا

وصف جو لکھتا ہون اپنے آنسوؤن کے تار کا
آب گوہر مین سفینہ غرق ہے اشعار کا

آتش مجھے پروانہ سان اے شمع و خورشید چشم
شعلہ اوڑتا دیکھ لے گر آہ آتش بار کا

اشک صاف و چشم خون آلود عاشق سے مدام
کوے دلبر پر گمان ہے جوہری بازار کا

ہے دل پر داغ روشن حلقۂ کاکل مین جب
مہر تابان ہوگیا ہے خال چشم مار کا

وصف سلک گوہر دندان جانان ہو رقم
تا کہ سطرون پر ہو عالم موتیون کے ہار کا

جلوہ دین تجھسے وہ ہے حیرت زدہ
کعبے مین جو بت ہے گویا نقش ہے دیوار کا

دور مین رہتا ہے ثابت اختر سیار کا

زخم جگر ناہے سینے مین تیغ نگہ کے چور کا
چاندنی کا سا اثر ہے مرہم کافور کا

لاتہ آجاتے جو خامہ شاخ نخل طور کا
تب رقم ہو وصف اوسکے عارض پرنور کا

دور مین کہکشان سے حلقہ گردون پہ کون
دیکھتا ہے چشم کوکب سے تماشا دور کا

سبتے ہین رنہ سے تمام اوبیروی زندی ہوتے ہین
میرے نالون مین اثر پیدا ہے بانگ صور کا

کالے کوسون اوڑ گئے بخت سیہ کو دیکھکر
ایسا سنہ کالا ہوا مہر و شب دیجور کا

گرمجوشی ہو گئی تیرے خریدارون کے سر
سر و مشکین خط ... ہے بازار گیا کافور کا

جوش زن ہین جذبات سے ازبسکہ اشک چشم زار
کیا عجب پھر ہو بپا طوفان اگر تنور کا

کیون نہ شور قیامت تیرے چالو نسے بپا
ہے ترے عشاق کی آواز نالہ صور کا

عالم معنی صاف دکھلایا عرق نے ساقیا
ہے گمان تیرے ذقن پر ساغر بلور کا

نوش شادی اس سے کب حاصل ہوا خیش غم
چرخ پر اختر یہ گویا خانہ ہے زنبور کا

گر مقابل ہو سیہ بختی نساخ حزین
رنگ اوڑجاتے گا ای مہر و شب دیجور کا

ہر زمان وردزبان نساخ ہو مصراع ذوق
دل نہ آٹکا ہے کہین اب بے مقدور کا

شعلہ اوٹھتا دیکھ لے گر زخم کے ناسور کا
ہو اثر کافور فورا مرہم کافور کا

تبل عشق کھل گیا راز دل پرشور اگر
ہے یقین وہم نیند ہو جائیگا بانگ صور کا

عرش کے پایون کو دی تشبیہ شمع ساق سے
ہاتھ اسکے خورشید رو آیا ہے مضمون دور کا

ہے عیان حال دل سنگین صفا کے جوش سے
کیا نہان سنگدل کا سینہ ہے بلور کا

وصف لکھتا ہون جو اوس مست شراب حسن کے
ہے دوا تر دار ہر قون پہ گمان انگور کا

مجکو سنگ طور سے کرتے ہین لڑکے سنگسار
ہون مین دیوانہ کسی کے عارض پرنور کا

تاک چشم مست جانان کے جو رہتی ہے مدام
دل ہمارا بنگیا ساغر سے انگور کا

بلقلم لکھتا ہے اوسکے زلف کے ماریکا حال
اب سیاہی بین ہو دود و روشن کافور کا

وصل مین پوچھا مہ بے مہر نے جو حال ہجر
رنگ دیکھا روز روشن مین شب دیجور کا

بزم سے مین حق حق بینا کا مین مجروح ہون
میرے زخمون پہ ہو پھاہا پنبۂ منصور کا

کہکشان کو کیون نہ مین تشبیہ شاخ تاک سے
ہر ستارے پر گمان ہے دانۂ انگور کا

اپنا جسم زار شاخ تاک ہے ابیست تار
زخم مین عالم نظر آتا ہے جو انگور کا

چوم کر قاتل نے جو پھیرا ہے میری حلق پہ
آب خنجر مین مزا ہے شیرۂ انگور کا

باغ ہستی مین نہو گا کوئی مجھسا دردوست
میرے زخمون نے نہ دیکھا منہ کبھی انگور کا

کیون نہ لکھے ناسخ و آتش کے غزلون کا جواب
ہند تک مشہور ہے فکر صاحب مجبور کا

ہو نہ مین شعر مین وصف اوس سراپا نور کا
ہے کتاب آسمانی مین بھی مضمون حور کا

فکر روشن سے بند ہے مضمون چشم حور کا
دور بین دکھلاتی ہے نزدیک انسان دور کا

خط تمہارے عارض پر نور پر کب ہو عیان
آتش بے دود کی صورت ہے شعلہ طور کا

گریۂ بے اختیار اے ابر تھم سکتا نہین
ہے بہت دشوار بہنا بند ہونا سور کا

ظلم ہی ہے خانہ بربادی ظالم کا سبب
پھونکتے ہین آگ سے مظلوم گھر زنبور کا

صاحب گفتار حق کیونکر نہو مشہور خلق
حرف حق باعث ہوا ہے شہرۂ منصور کا

خاک پاے روشن جانان ہوئے کحل البصر
نور آنکھون کا بڑھا دیتا ہے سرمہ طور کا

موذیون کے ہاتھ مین دولت رہے یہ ہے محال
لوٹتی ہے خلق بہر شہد گھر زنبور کا

پوچھو نہ حال گرمی حسن شباب کا
ہے وہ بھبھوکا گو گرم مزاج آفتاب کا

طوفان جو دیکھ لے مری چشم پر آب کا
دل آب آب شرم سے ہووے سحاب کا

ہووے نگار زرد شرم سے منہ آفتاب کا
گوشہ اولٹ گیا اگر اوسکے نقاب کا

اوس برق وش کا شوق جو ہے سیر آب کا
گویا سبب ہے مچھلیون کے اضطراب کا

نکلے نہ اپنے گھر سے وہ مہرو بغیر شام
انداز میرے یار مین ہے ماہتاب کا

گنتا ہون تارے شام سے تا صبح ہجر مین
اکشب نہین خیال ان آنکھونکو خواب کا

پھیلا ہے میرے دیدۂ گریان کا یہ اثر
شک ہے حباب بحر پہ چشم پر آب کا

شیطان کے طرح غیر گریزندہ سن کے ہو
نالون مین میرے طور ہے تیر شہاب کا

ہر دم جو یار عہد شکن کا خیال ہے
دل پر مرے گمان ہے قصر خراب کا

اوس مست حسن کی جو پڑی آنکھ نشہ مین
لبریز کیون شمع سے ہو ساغر حباب کا

بے یار میکدے پہ گمان غمکدہ کا ہے
ہر جام مے مین طور ہے چشم پر آب کا

ہے روے ماہ پاون جو اوس شہسوار کا
ہالہ پہ ہے گمان مجھے اوسکے رکاب کا

سونے دیا نہ حسرت دیدار یار نے
آیا خیال وصل کی شبکو جو خواب کا

ہے جلوہ گر وہ رخ دل بیتاب مین مرے
از روزن حوت مین ہے گذر آفتاب کا

لکھون غزل اک اور کہ ہر صاحب سخن
مشتاق ہے مرے سخن لاجواب کا

گیرا مرے کفن مین ہوا اوسکی نقاب کا
مارا ہوا ہون یار کے شرم و حجاب کا

ہوتا ہے آسمان پہ دہوکا حباب کا
اونی سا یہ شگوفہ ہے چشم پر آب کا

اوس رخ سے سینہ داغ ہوا ماہتاب کا
داغ جگر سے جل گیا دل آفتاب کا

رکھے لوے منہ پہ شرم سے دامن سحاب کا
دیکھے جو برق حال مرے اضطراب کا

ہے شوق نوریون کو بھی شاید شراب کا
ساغر ہے دور مین جو مہ و آفتاب کا

لکھتا ہے حال اس دل سوزان کا سپہر
میرے قلم مین طور ہے سیخ کباب کا

دریا ہے چرخ کا کہکشان صورت نہنگ
ہوتا ہے ہر ستارے پہ دہوکا حباب کا

اوس ترک تیغ زن کا جو ہے عہد ہم شمشیر
جوہر کے مول بکنے لگا پر عقاب کا

اوس مست کی نگاہ جو پڑتی ہے ہر گھڑی
میرے بغل مین دل ہے کہ ساغر شراب کا

مستون پہ آشکار ہے کیفیت جہان
جمشید کا ہے جام پیالہ شراب کا

گھوڑے پہ اوسکو دیکھکے ہاتھ آتی ہے یہ بات
مردم ہے پاون یار کا چشم رکاب کا

مہرہ دہان مار مین آتا ہے یہ نظر
جوڑا ہے مین اوسکے پہول نہین ہی گلاب کا

منہ اوسکا اوس طرف جو چاہے پہرے دہ مہر و شمس
سورج مکہی سے کم نہین پہول افتاب کا

لشتاح جز سیلر کذاب دہر مین

یارا کسے ہے میری غزل کے جواب کا

رہنا بجا ہے دور میں جام شراب کا
گردش میں چرخ پر ہے قدح آفتاب کا

مژگان سے کچھ ضرر نہین چشم پر آب کو
بے خوف خار سے ہے پھپھو لا حباب کا

روشن دلون کو تیرہ درون سے غرض نہین
محتاج آفتاب نہین ماہتاب کا

رو رو کے مین مٹا دونگا اوس مست حسن کو
میکش کو خوش کرے گا برسنا سحاب کا

خط نے گھٹا دیا رخ پر نور کا فروغ
ہوتا ہے وقت شام زوال آفتاب کا

ہووے صفای قلب سے معذور تنگ ظرف
دیکھا ہے خالی نور سے دیدا حباب کا

نکلے نہ گھر سے رات کو وہ مہروش کبھے
روشن نہووے شبکو چراغ آفتاب کا

ہے دامن کریم مین روشن دلون کی جا
مسکن بنا ہے برق کا دامن سحاب کا

کیا تنگ ظرف تاب رخ یار لائیگا
مملو نہ ہو شراب سے شیشہ حباب کا

روشن دلون سے تیرہ درون ہو جگر فگار
ہے چاک تیغ برق سے سینہ سحاب کا

خالی نہین ہین عشق سے سکان چرخ بہی
دل مین ہے ماہتاب کے داغ آفتاب کا

تار سفر سے صاحب رحمت کو ڈر نہین
جلتا نہین ہے برق سے دامن سحاب کا

سبزے سے کام یار کے رخسار کو نہین
محتاج خط نہین ہے ورق آفتاب کا

زینت پسند حسن خداداد کب ہوا
محتاج موسے حور نہین ہے خضاب کا

طفلی سے مدرخون کا ہے دلمین داغ بہی
ہوتا ہے وقت صبح طلوع آفتاب کا

فصاحت کی غزل یہ غزل کون کہہ سکے
کیونکر جواب ہو سخن لاجواب کا

وحدت لکھتا ہون جو مین تیرے خرام ناز کا
ہے صریر کلک پر رشک صور کی آواز کا

رشک سے نہرہ وہ اٹہ چہیلا تری آواز کا
پردہ گوش فلک پردہ بنا ہے ساز کا

ہے اگر طاقت سے وا دستہ مت ملناز کا
کب تبہی پامال ہے اوسکے خرام ناز کا

سیکڑون آہوے حرم کو جو کرتا ہو شکار
میرے خامہ پر گمان ہوتا ہے تیر انداز کا

اسکے مسیحا خبر ہے کہ کہتا ہے کیا خاموش ہو
نام اوسکے آنکھون کے آگے لے اعجاز کا

وا عجبا سے جسم ہاکتے ہیں شرر افشان مدام
سمجھیں عالم کیوں نہ طاؤس آتشباز کا

پر لگاتے ہیں مرے آہ دل بیتاب سے
ہجر میں ہے قصد مرغ روح کو پرواز کا

نوک پیکان سے نہیں کم خار زنجیر ابھی پری
میں جو دیوانہ ہوا تیرے نگاہ ناز کا

عقدۂ سربستہ حل ہوتا نہیں مثل دہن
حال عالم پر ہے پنہان میرے دل کے راز کا

ایک گردش میں دکھائیں سیکڑوں نیرنگیاں
کیا کہوں میں حال چرخ شعبدہ پرداز کا

جان جائے گی مری ہجران میں یہ کہتی ہے عقل
موت ہے انجام عشق یار کے آغاز کا

اب وہ دلسے کی نہ لی صیاد گلرو نے خبر
روح بلبل کو قفس سے قصد ہے پرواز کا

زمزمہ سنجی اگر نسّاخ کی سن لے کبھی
ہو گرہ نغمہ گلے میں بلبل شیراز کا

کام ہے تیر افگنی اوسکے نگاہ ناز کا
مرغ دل ہوگا نشانہ عاشق جانباز کا

اے مسیحا زور کیا اوس پہ چلے اعجاز کا
جو کہ کشتہ ہو رہے اوس چشم فسون پرداز کا

ہے تصور روز و شب تیرے نگاہ ناز کا
دل مرا کشتہ ہوا شمشیر خانہ ساز کا

حرف سارے ہاکتے ہیں مقطوع از خود شعر میں
حال جو لکھتا ہوں چرخ تفرقہ انداز کا

رشک سے داغ دل سوزان کے جلتا ہے مدام
رنگ ہے خورشید میں مہتاب آتشباز کا

شومی طالع وہ ہے جاؤں اگر گلشن میں میں
نغمہ بلبل پہ شک ہو جغد کے آواز کا

اون شکار افگن نگاہوں کے جو لکھتا ہوں صفت
وا رہے پر حرف کے عالم ہے چشم باز کا

مہر تسکین اب نہ مجھے میرے لبی پر جلد تک
کشتہ ہوں زہرہ جبین کے شعلۂ آواز کا

کسکو علم اس بات کا ہے غیر علام الغیوب
کب یہ حل عقدہ ہوا تیرے دہن کے راز کا

اک بت نازک بدن کے عشق میں کافر ہوا
رشتۂ زنار ہو رشتہ نگاہ ناز کا

خط میں حال نالہ ہائے پرشرر لکھوں اگر
ہو کبھو تحریر پہ گمان طاؤس آتشباز کا

غم میں اوس طفل مغنی کے ہوں سرگرم فغان
میرے نالوں پر ہے شک داؤد کی آواز کا

مارے گرمی کے کف جانان میں رہ سکتا نہیں
دل مرا ہے رنگ حنا کو قصد ہے پرواز کا

چشم مشکین سے کرے عشاق کے دلکو شکار
کام وہ صیاد سے [illegible] تیر انداز کا

حضرت نساخ پڑھتے ہیں شعر اپنے ڈھنگ کے
کوئی تو ہو کا سمجھنے والا اس انداز کا

دل ہمارا ہے ہدف تیرے نگاہ ناز کا
کب نشانہ خم چوکا ہے قدر انداز کا

کیون ہنو مشتاق عالم چشم کا آواز کا
سیکڑے مین دل کو خوش کرتا ہے نغمہ ساز کا

چشم تر نے اشک سے ظاہر کیا ہے عشق کو
کام ہے افشا سے راز اے جان جان غماز کا

اہل حیرت کو کبھی ہوتا نہین شوق سرود
بلبل تصویر کو کب قصد ہے پرواز کا

ہمسر ادنی سے اعلی کی کسی صورت نہو
رنگ اوڑ سے پیش قمر تاب آتشباز کا

صاف باطن سے نہین افتادگی کچھ بیم
خس کو کچھ خطرہ نہین ہے شعلہ آواز کا

چھیڑتی ہے بلبلے کو راز دل افشا کرے
کم ظرف سے ممکن ہے چھپنا راز کا

بات پر ہرگز رقیب یاوہ گو کے تو نجا
قول کب ہوتا ہے اے جان معتبر غماز کا

شمع روشن حال پروانہ سے کب ہے مطلع
کب سنین وہ ذکر اپنے عاشق جانباز کا

ہوتے ہین نبیون سے منکر جو ہین گمراہ ازل
کب کوئی حاسد ہوا قائل مرے اعجاز کا

آگے کیا نساخ کے آئے رقیب تیرہ رو
زاغ سے ممکن نہین ہے سامنا شہباز کا

تصور باندھ ہون روتے ہین اگر بالائے دلجو کا
گمان ہو نخل طوبے پر ابھی سرو لب جو کا

اشارہ جب سے دیکھا ہے ترے چشم سخن گو کو
قسم چشم فسونگر کی بتا سیکھا ہین جادو کا

رقم ہم نے کیا ہے وصف جو اوس عارض گل رو کا
زمین شعر دکھلاتی ہے جلوہ باغ مینو کا

اگر مسجد کی جانب ہو کے نکلے وہ بت کافر
بنا دین ہم شیخ کی تسبیح پر زنار ہندو کا

ترے بیمار کی نبض اے مسیحا کیون نہ ہو دوڑتے
خیال اسکو رہا کرتا ہے اکثر خط و گیسو کا

ہزارون موشگافی شاعری کرتے ہو تم لیکن
بہت دشوار ہے [illegible] سمجھنا بیت ابرو کا

ابھی آئینہ دکھلانے کے قابل حال ہو غافل
تماشا تجھکو بھی دکھلانے کے آئینہ زانو کا

چلیے پھول سے ہونٹون مین لیکن تو نے جو حقہ
تری مہنال اے گل بن گئی ہے غنچہ خوشبو کا

[illegible] افزا [illegible] کا طالب ہے
[illegible] سے کیا [illegible] کو [illegible] واسطے قصد اسکا

نمایاں خط ہوا رخ پر گئی شوخی اون آنکھوں کے
نہیں چلتا کبھی قرآن کے آگے زور جادو کا

مقابل آہ ہو سکتی نہیں ہے داغ سینہ کے
نہ ہو فستاخ ہرگز سامنا افعی سے ہو گا

خانۂ زنداں سے زاید ہجر میں گھر ہو گیا
حلقۂ زنجیر مجھکو حلقۂ در ہو گیا

منعکس جب گیسوے پر پیچ دلبر ہو گیا
بحر میں موجہ ہر اک قطروں میں اژدر ہو گیا

فصل گل میں ہے جو روی آتش افشاں کا خیال
سینہ داغ جنوں مثل سمندر ہو گیا

اشک رنگیں کا شگوفہ ہے یہ اے گل پیرہن
ہجر کی شب رشک گلشن اپنا بستر ہو گیا

یاد میں ہے چہرۂ آتش نشاں وقت بکا
اشک کا ہر قطرہ مانند سمندر ہو گیا

حال جو اوسکی شرارت کا رقم میں نے کیا
میرے خامہ سے جو نکلا حرف اخگر ہو گیا

فصل گل میں تیرے دیوانے کو صحرا تخت ہے
داغ سودا اسکے پر پوسر پہ افسر ہو گیا

روز و شب جو دیکھتے تھے ناچ اوس تیغ کا
ٹھوکروں سے چور اونکا کاسۂ سر ہو گیا

شعر کی بحر و زمیں پہ ہو گیا قبضہ مرا
آج زیر چرخ نیلے میں سکندر ہو گیا

فصل گل میں اے پری زنجیر کے غل کر روش
قید خانے سے دل دیوانہ باہر ہو گیا

بیقراری کا جو لکھا حال خط میں یار کو
خامۂ مشکیں مرا لوٹن کبوتر ہو گیا

تیرے دیوانے کا جو دیکھا ہے داغ اے نازنیں
مردم چشم پری بھی جلکے اخگر ہو گیا

کیوں نہ مشہور ہو اب چار رو نظرف نستاخ سے
وصف بو بکر و عمر عثمان و حیدر ہو گیا

پرتو افگن جب ترا روے منور ہو گیا
دیدۂ مہ میں حباب بحر اختر ہو گیا

روے آتشناک کا زنداں میں جو آیا خیال
دانۂ زنجیر بھی آنکھوں میں اخگر ہو گیا

اپنے داغوں کے جو لکھی ہے صفت اے یاسمیں
دائرہ ہر حرف کا خورشید انور ہو گیا

پھرتے ہیں اطفال کیوں دامن کو اپنے سنگ سے
داغ سودا ہے ہمارے سر کو پتھر ہو گیا

وہ یہاں رہ رہ کر جو آتا ہے لب گلرنگ کا
اشک آنکھوں میں سے دردہ مکرر ہو گیا

ہجر میں تیرے سنہری رنگ کو وہ زر ہیں
قد خم گشتہ ہمارا حلقۂ زر ہو گیا

دیدۂ نساخ انکا صاف سے تر ہو گیا

دیکھکر جو زرد خورشید منور ہو گیا
ہاتھ کاکل دست بیضا سے برابر ہو گیا

وحشت گردی میں خیال عارض پرنور سے
اپنا ہر نقش قدم مہر منور ہو گیا

حلقۂ زلف عرق آلودہ کا جو دھیان ہے
چشمۂ خورشید اپنا دیدۂ تر ہو گیا

آفتاب حشر کے مانند ہے تکمۂ داغ دل
روز ہجران پر گمان روز محشر ہو گیا

ہر بن مو جسم میں اسکے گل دہان زخم ہے
تن پہ ہر اک رونگٹا مانند خنجر ہو گیا

الفت بینی جانان نے کیا ایسا نزار
غیرت عکس مثلث جسم لاغر ہو گیا

جلوہ گر میں داغ سودا کیطرح خورشید و ماہ
گنبد گردون مگر دیوانے کا سر ہو گیا

سیہ جنون میں اپنے رنگ زرد کا پھیلا اثر
حلقۂ زنجیر مثل خاتم زر ہو گیا

سیر گلشن میں خیال زلف عنبر فام سے
موجۂ باد بہاری مثل اژدر ہو گیا

داغ دل ہو یا نسیم کوچۂ کاکل سے ہے
بوے سنبل سے دماغ گل معطر ہو گیا

عکس داغ تن میں مہر و ماہ تارے ایک جسم
غیرت چرخ برین ہجران میں بستر ہو گیا

میری شمع زندگی شب بزم مے میں بجھ گئی
باد صرصر سے زیادہ دود ساغر ہو گیا

اوس شہ خوبی کی محفل میں ہوئی جو باریاب
تاج زرین سے مزین شمع کا سر ہو گیا

زار جو یاد خط پشت لب رنگین میں تھے
پان رگ گل سے زیادہ جسم لاغر ہو گیا

کاٹ کے سر کر دیے لاکھوں کی ظالم نے جدا
چاک سے زاہد سیہ دور چرخ اخضر ہو گیا

آسمے پری تیرے سفر سے رنگ کی تاثیر
پوروں پر حنہ یکا چلا خاتم زر ہو گیا

جب لگا یا سرمہ یاد چشم جانان کے لیے
سرمہ کا دنبالہ ای نساخ شہپر ہو گیا

اوڑ گیا نور جبین جو خط نمایاں ہو گیا
مور سے پامال دیدہ ملک سلیمان ہو گیا

منعکس دریا میں جو رخسار جانان ہو گیا
عکس ماہی بحر میں خورشید تابان ہو گیا

یاد جب دم دور چشم مست جانان ہو گیا
گردشیں کھا کھاکے پیمانہ دل چرخ گردان ہو گیا

چار چشمی کا نہوا آنکھوں کو کیسا نکر اشتیاق
وہ صنم انسان عین و عین انسان ہو گیا

یاد میں اسکے دھیان ناپدید یار کے
اب اشک چشم رشک آب حیوان ہو گیا

آنکھہ جسکی پڑتی ہے جلکر وہ ہوجاتا ہے خاک
برق سے زائد تمہارا روے خندان ہو گیا

یاد جو اوس شعلہ رو کی آئی ہنگام بکا
اشک کا ہر قطرہ خورشید درخشان ہو گیا

روسے خجے افشان کلریون سے جو مضمون لکھے
صفحۂ قرطاس دیوان شبستان ہو گیا

وصل مین دانتون کے نیچے آئے وہ یاقوت لب
دانۂ لعل بدخشان اپنا دندان ہو گیا

اے پری شاید نسے جب او بجھین تو نی زلفین وہان
اپنا یہان مجموعۂ خاطر پریشان ہو گیا

سہے دل پرداغ مین ابروے جانان کا خیال
مثل مار اس گنج کا بچھو نگہبان ہو گیا

فصل گل مین جو گرفتاری ہوئے مدنظر
دام کا حلقہ مجھے چشم غزالان ہو گیا

ظلمت زلف سیاہ و نور روے صاف سے
اہل ایمان کافر اور کافر مسلمان ہو گیا

اک غزل اب اور پڑھ نساخ بزم شعر مین
خوش ترے شعرون کو سنکر ہر سخندان ہو گیا

تنگ ہے بسکہ جوش جنون مین اپنا دامان ہو گیا
ہاتھ کے ناخنون مین بسکہ تار گریبان ہو گیا

جب وہ چار ابرو کمان سے کوئی اشان ہو گیا
زخمی تیر نگاہ چشم فتان ہو گیا

عندلیب کلک کی جو نغمہ پردازی سنے
بند گلشن مین دم مرغ خوش الحان ہو گیا

پنجۂ مہر دید بیضا نہ پہونچین سے کبھی
مثل شمع طور روشن داغ ہجران ہو گیا

ہاتھ پہ حیران قاتل آئینہ رو کو دیکھکر
چشم عاشق جوہر تیغ صفاہان ہو گیا

رات وہ شمع تجلی جلوہ فرما جو ہوا
وادی ایمن سے روشن تر گلستان ہو گیا

وہ تن رنگین طفل پیرہن کا ہے اثر
رشتۂ زنار مثل شاخ مرجان ہو گیا

پنجۂ خورشید داغ آتشین سے بار ہو
ٹکڑے ٹکڑے صبح محشر کا گریبان ہو گیا

کی دم گلگشت جو اوس آئینہ رو نے نظر
دیدۂ نرگس بر رنگ چشم حیران ہو گیا

شور قاتل کی ملاحت کا ہوا ہنگام قتل
زخم جو اپنے بدن پر تھا نمکدان ہو گیا

ہو گیا ہے آہ سے راز دل پر خون عیان
غنچۂ رنگ باد صرصر سے پریشان ہو گیا

قید می بند علایق جو نہین آزاد ہین
رعد کب موقوف کر سکتا ہے بجلی کی تڑپ
کم اہل دہر سے ایمن رہین عالے دماغ
عاشقون کی جان شیرین تلخئ ہجران نے لی
خاکساری سے نہین بہتر جہان مین کوئی شی
خوش قدون کے عشق مین ثمرہ نہوویگا نصیب

حال ہے اکسان ہمیشہ کور مادر زاد کا
ضبط نالے سے نہو آہ دل ناشاد کا
کچھ ہما کو غم نہین ہوتا کبھی صیاد کا
ساری دنیا مین عیان ہے ماجرا فرہاد کا
خلق مین سب سے بڑا رتبہ ہی آدم زاد کا
کسنے باغ دہر مین دیکھا ہے پھل شمشاد کا

بیخطر فساخ دشمن سے ہین جنکا دل ہے خون
طائر رنگ حنا کو غم نہین صیاد کا

کیا ہے جبکہ مقتل مین تجھکو مبتلا غم کا
بنا مسکن ہمارا خانۂ دل جب سے غم کا
سر شوریدۂ عاشق پہ دیکھے داغ سودا کو
نگین لعل ہے زندان مین اشک دیدۂ پرخون
جو وہ رنگ طلائی خاک چھنواتا ہے گلیون کے
مسیحا کا ہے عالم گر لب جان بخش پر تیرے
تصور وصل دلبر کا یہ کیفیت دکھاتا ہے
سے آہوے حرم چشم سیہ رخسار ہے کعبہ
صفائی کے سبب جلوہ نما ساری خدائی ہے
ہلال عید اضحی لاکھ جان سے ہو گیا قربان
فقط مشتاق ہون دیدار جانان کا قیامت مین
لگایا منہ سے جسنے خوبون نے اوسکو جانسے مارا

گمان شمشیر قاتل پہ ہوا ماہ محرم کا
رہا ہر چاند پر دہوکا ہمین ماہ محرم کا
کسی نے پھول گر دیکھا نہین ہے نخل ماتم کا
مری زنجیر کا حلقہ ہر اک حلقہ ہے خاتم کا
مری خاک قدم مین ہے اثر اکسیر اعظم کا
گمان ہے خط پشت لب پہ عکس ابن مریم کا
کہ ہوتا ہی نہین ہے خانۂ دل مین گذر غم کا
نہین چاہ زنخدان صنم چشمہ ہے زمزم کا
رگ دل مین مرے عالم ہے خط ساغر جم کا
جو نعل پاے اسپ برق دم خورشید سا چمکا
خوشی سے جھکو جنت کی نہ مجھکو غم جہنم کا
لب جان بخش نے طرفہ اثر پیدا کیا سم کا

کسی [illegible] انکھین کے پاکدامانکا کشتہ ہون
اوسکے کا گور پہ لانے کے بدلے تیجہ ہم کا

[illegible]

لگنا گئی اس خیمۂ افلاک میں آتش
شعلہ کوئی اوٹھا جو مرے سوز نہاں کا

ہے صبح شب وصل دم نزع سے زاید
تا ہے سورۂ یسین سے سوا شور اذان کا

پتھرا گئے ناسخ یہان آنکھونکو ڈھیلے
دو بیت نہ کبھی روزن دیوار سے جھانکا

کیا بوسے پتا مجھکو کوئی اوسکے مکان کا
کب عرش پہ ہے دخل فرشتونکے گمان کا

اک بوسے پہ لیتا نہین دل کوکوئی محبوب
دنیا مین خریدار نہین جنس گران کا

کب دل شکنی صاف دلون کو ہو گوارا
دل چاک نہو مہر کے جلوے سے کتان کا

جو راستہین کجبازسے رہتے ہین بہت دور
رشتا ہی نہین ربط کبھی تیر و کمان کا

ایک حال پہ ہین داغ دل عاشق حیران
کیا گلشن تصویر کو کھٹکا ہو خزان کا

کب سے سرو پا کو ہوئی پرواے مرقی
سرخار نہین قافلۂ ریگ روان کا

ناسخ ہر اک سر مین ہے اوس گل پہ پتے کا سودا
کس دل کو نہین شوق گلستان جنان کا

ہے نمایان زلفون سے نور اوس رخ دلخواہ کا
سنبلے سے یا عیان ہوتا ہے جلوہ ماہ کا

غنچۂ گل اوس دہان تنک کو کہتی ہے خلق
اعتبار اے دل نہین ہوتا کبھی افواہ کا

صورت پروانہ جلتے ہین فرشتے چرخ پر
شعلہ وہ بھڑکا ہوا ہے میری شمع آہ کا

خود بخود کعبہ سے سوے دیر کھنچ جاتا ہے دل
وہمیان آتا ہے جو مجھکو اوس بت گمراہ کا

بوے عطر فتنہ آتی ہے ہماری آہ سے
عشق ہے اوس طفل کے جو قامت کوتاہ کا

مہر و مہ نے تیرے نقش پا کا جو دھوکا دیا
آسمان پر رشک ہوا ہے تیرے بازی گاہ کا

جمع جو ہوتے ہین آکر ہر طرف ہی اوس مین لوگ
ہے گمان مجھے خانہ ناسخ بیت اللہ کا

کیا خطر آتش مزاجون سے ہو عالی جاہ کا
برق سے اے شعلہ رو ایمن ہے خرمن ماہ کا

راست بازون کو نہو صدمہ بلا سے دہر کے
باد صرصر سے نہو نقصان شمع آہ کا

جل گیا ہے اپنا جسم زار سوز ہجر سے
برق سے جلتا نہین ہے نور ہر گز کاہ کا

عاشقون کے سر بلا آتا ہے ساقی چھلکے جام
سہر عالم ہے قران منحوس مہر و ماہ کا

دلکا رتبہ بڑھگیا ہے اوس صنم کے عشق سے
ہر مکان سے مرتبہ زاید ہے بیت اللہ کا

گر نہین بوسہ تو دے دشنام ہے ای بت مجھے
خالی کب سائل پھرا اللہ کے درگاہ کا

ٹھوکرین کھاتا ہے اوس کوچے مین اپنا جسم زار
پایمالی ہے نوشتہ بخت خار راہ کا

پردۂ دل روی روشن سے ہوا ہے چاک چاک
دل کتان کا چاک کر دیتا ہے جلوہ ماہ کا

انکھون سے بہتے ہین اشک سرد سوز ہجر مین
گرمیون مین سرد ہو جاتا ہے پانی چاہ کا

تیرے کوچے مین برابر ہین فقیر و مالدار
مرتبہ ہے عشق مین یکسان گدا و شاہ کا

وان امیری نا ہے عجز فقیری ہے یہان
رابطہ رہتا نہین ہرگز گدا و شاہ کا

عکس داغ دل سے ہوتا ہے فروغ آئینہ
نور سے خورشید کے بڑھتا ہے جلوہ ماہ کا

تنگ دل پہ حوصلہ ہرگز نہین ہوتا کبھی
موج زن کب مثل دریا ہووے پانی چاہ کا

جوش سن سے جو دیدۂ تر کا
پانی ہووے جگر سمندر کا

خوف دل کو ہے چشم دلبر کا
بار ہے ہوش اوڑ سے کبوتر کا

ہے جنون شمار سے باہر
نہین مجنون کو خوف محشر کا

ظلم اخوان او ٹھائے یوسف نے
ہے برادر کو ڈر برادر کا

مجھکو پایہ صاعقہ ہے اگر
ابر پردہ ہے دیدۂ تر کا

انتظاری ہے آمد رو کی
حلقۂ چشم حلقہ ہے در کا

خط مین لکھون جو حال داغ جگر
نامہ بن جائے پر سمندر کا

گردش چشم کا جو ہے سودا
پھیرے سر کو ہے دور ساغر کا

میرے نالون کا کچھ اثر ہی نہین
اے برہمن وہ بت ہے پتھر کا

ہجر ساقی مین ہوگیا ہے خون
دل پہ عالم ہے مے کے ساغر کا

خط مین لکھتا ہون حال شوریدہ دل
کیون نہ جل جائے پر کبوتر کا

اوسکی غفلت کا حال لکھتا ہے
ہے رگ خواب تار مسطر کا

وصل میں ہوگا بند بند جدا
پہلو سے گروہ دلربا سر کا

دہیان اس دل کو نہین جز رخ خط شبرنگ کا ۔ یہہ وہ آئینہ نہین جسمین گذر ہو زنگ کا
دہیان کب ہو قلب روشن کو خط شبرنگ کا ۔ کب گذر آئینہ خورشید مین ہو زنگ کا
وصف جو لکہا بتان سنگ دل کا بقلم ۔ حرف ہے رگ سنگ کی نقطہ شرارہ سنگ کا
تیغ سے ہے برق جہندہ رعد ہے آواز کوس ۔ فصل باران مین فلک گویا ہے میدان جنگ کا
نقطۂ فرضی کہون یا جوہر فرد اے صنم ۔ عقد کہلتا ہی نہین تیرے دہان تنگ کا
بہر گلگشت چمن جاتا ہے جب وہ شنگ گل ۔ کب برنگ بو پتا ملتا ہے گل کے رنگ کا
مثل عنقا ڈہونڈہکے پاگی کوئی یہہ محال ۔ باندہین دیوان مین اگر مضمون دہان تنگ کا
زمزمے سنکر مرے کرتا ہی وہ صیاد وجد ۔ دلکو خوش کرتا ہے نغمہ مرغ خوش آہنگ کا
تازے گل کہائینگے ہم چہلون کے ای رشک چمن ۔ فصل گل مین جلوہ ہے گلہای زنگار رنگ کا
نازک دنیا کو بدنامی سے ہرگز ڈر نہین ۔ خوف آزادون کو کب ہوتا ہی نام و ننگ کا
نیک گوہر کو نہو صدمہ بلاسے دہر سے ۔ تیغ جوہردار مین مشکل ہے آنا زنگ کا
عیب جو حاسد مقابل میرے ہوسکتا ہے ۔ شوق آہوگیر کو کب ہو اسد سی جنگ کا

باعث عشق بتان مثل ناسخ کیطرح
بنگیا ہی دل ہمارا آب شرارہ سنگ کا

حال سوز ہجر مین پوچہو نہ مجہہ مایوس کا ۔ جسم عریانبر ہے عالم شمع بے فانوس کا
بے ثباتی ہین اگر دنیا کے کچہہ شک ہو تو دیکہہ ۔ قصہ اصحاب کہف اور حال دقیانوس کا
جا کے گنگا مین نہانے کو جو وہ کافر صنم ۔ شور اوٹہے پہر جا بجا سے ناقوس کا
میرے ترک نوجوان تیغ زن کے عہد مین ۔ سونے کی قیمت سی پر بکنے لگا طاؤس کا
موج آغوش اور دہن ای بحر خوبی ہے حباب ۔ شوق دریا کو بہی ہی تیرے کنار و بوس کا
اوسکی انگیا کی جو چڑیا کاٹے ہے رہتا ہی دہیان ۔ ہے کف دست آشیانہ طائر افسوس کا
خط مین جو اپنے دل پر داغ کا لکہا ہی حال ۔ مرغ نامہ بر پہ ہوتا ہی گمان طاؤس کا

بات وہ کرتے نہین اور ناصح کرتا ہے بہ دل
جنکی خاموشی کے باعث شور ہے ناقوس کا

ہے وہ دل بیکار جس دل مین نہووے سوز عشق
گر نہووے شمع تو کیا کام ہے فانوس کا

سینے کے چاکون کے باعث دل بہ تنگ آئی نگا
رخنہ زندان سے دلگیر دل محبوس کا

آتشین دیوان ہوای نساخ ناسخ کی طرح
گھل گیا ہے پیرہن مین جسم مجھہ مایوس کا

کام خون ریزی ہے ہر دم اوسکے تیغ تیز کا
نام پھر اوس ترک نے زندہ کیا چنگیز کا

اک جہان کشتہ ہے ترک دیدہ خون ریز کا
حال عالم مین عیان ناسخ سے ہے چنگیز کا

کم نہین ہے آسمان کی گردش سے دور چشم مست
شک تری آنکھون کے ڈورون پر ہے تیغ تیز کا

قطرہاے اشک سے ای گوہر بحیہ جبال
دامن مژگان پہ شک ہے ابر گوہر ریز کا

نالہ دل نے کیا ہنگامہ محشر بپا
ہے شب ہجران پہ عالم روز رستاخیز کا

گرم رفتاری روز وصل کا لکھتا ہے حال
توسن کلک روان پر ہے گمان شبدیز کا

بے طرح جو اڑتے آتے ہین سرشک بوجہرن
چشم تر پر ہے گمان شور طوفان خیز کا

مارے ہیبت شمشیر زن اپنے گریبان کا ہلال
کام روز ہجر مین کرتا ہے تیغ تیز کا

دود شمع بزم عاشق عنبر سارا بنا
وہ اثر پھیلا ہے تیرے زلف عنبر بیز کا

تیز رفتاری شب وصلت کی ہے مجھ پر عیان
حال خسرو پر کھلا تھا خواب مین شبدیز کا

ہے خرام یار گلگر و باغ مین حشر آفرین
نغمہ بلبل ہے گویا شور رستاخیز کا

انکھا وس مست شراب حسن کی جو پڑ گئی
ہے حبابون پر بھی عالم ساغر لبریز کا

شامیانہ سیف کے سایہ کا ہووے گور پر
کشتہ ہون اک ترک کے جو قامت نوخیز کا

کیا عجب تیرے غم ہجران مین ای خورشید رو
مہر کو پھونکے شرارہ آہ آتش خیز کا

پیگہر سے خاک حاصل ہووے ایذا کے سوا
غیر خونریزی نہین کچھ کام تیغ تیز کا

کھولنا دشوار ہو جائے گا خط کا ہے یقین
نامہ پر لکھنا ہے مشکل حرف شوق انگیز کا

عشق کا دعوی ہی ثابت حاجت حجت نہین
کام ہر گل ہاتھہ کا کرتا ہے دستاویز کا

ظل داماں شفیع خلق سے امید ہے
خوف ہے ناسخ کسکو روز رستاخیز کا

مرثیے جس مین کہ مجنون اور فساح غزین
ناسخ آوارہ ہے اوس صحراے آفت خیز کا

سرکشی آپ کی ہے طرز جفا سے پیدا
پستگی میری ہے انداز وفا سے پیدا

وان لگی ہاتھون مین مہندی تو یہان صحرا مین
خون کے دریا ہوے اپنے کف پا سے پیدا

مین وہ ہون سوختہ خاک سے میرے جو اوگے
برگ کی جا ہون شرر نخل حنا سے پیدا

ہون بہشت مجھے جنت کے مزے دنیا مین
ربط کرون جو کسی حور لقا سے پیدا

نطق وہ شیرین ہے کہ وصف لب شیرین مین مرے
حرف کے بدلے ہون خامے سے نبات سے پیدا

مرغ بسمل کی طرح بزم مین لوٹے عاشق
وجد کا حال ہوا سجع غنا سے پیدا

ظلم سہنے کا ہوا عشق بتان مین مشتاق
جی مین ہے کیجیے اب ربط خدا سے پیدا

چشم جادو سے اگر کیجیے افسون آموزان
سحر ہووے سخن ہوش ربا سے پیدا

باغ مین آے وہ گلرو سے قیامت قامت
نالۂ صور ہو بلبل کے صدا سے پیدا

پڑ گئی لاکھ گرہ وہیان مین اوسکے دل پر
پیچ کیا کیا ہوے گیسوے دوتا سے پیدا

شعر کے بحر و زمین پہ ہو سمت رگ کمان
ربط ترکیب مضامین یکا سے پیدا

مدد اے آبلہ پائے کہ وہ ہووین سیراب
خار صحرا مین ہوئے ہین جو پیاسے پیدا

بار خون اوسنے جو اوٹھائے لیی گردن پر
فلک پیر کی ہے پشت دوتا سے پیدا

آتی ہے زلف کے مارے کی لحد پر ہو کر
بوے کافور ہے دامان صبا سے پیدا

چوم کر اوس لب شیرین کو ہوا شادی مرگ
اثر زہر ہوا آب بقا سے پیدا

سر اوٹھانے لگین سن پائین جو مردے ناسخ
قم کی تاثیر ہے گھنگرو کی صدا سے پیدا

یاد گیسو سے تصور مین ہے جوڑا سانپ کا
دل ہے مثل شانہ صد چاک پچھوڑا سانپ کا

کشتہ کاکل کے مرقد کیطرف وہ شہسوار
ہاتھ مین اپنے لیے جاتا ہے کوڑا سانپ کا

منعکس کیا ہو دل پر داغ پر زلف سیاہ
ای فسون گر بن گیا طاؤس گھوڑا سانپ کا

شانے رہتے ہین سدا زلفون مین اوس محبوب کی
بچھوون نے عمر بھر سمجھا پچھوڑا سانپ کا

سینے ہر مصراع میں باندھا ہی جو مضمون زلف
شعر جو میرا ہے گویا ہے وہ جوڑا سانپ کا

وصف تیرے زلف کے سینے کیے سو سو طرح
کوئی مضمون طبع نے میرے نہ چھوڑا سانپ کا

شاعری میری بلا ہے زلفوں کے مضمون سے
پیچ میں بندش کے آجاتا ہے جوڑا سانپ کا

ہے دل پر داغ سے زلفوں کو تیرے ارتباط
لڑتا ہے ایک نیولے سے یہ جوڑا سانپ کا

دیکھکر شب مانگ کو تیرے کہا ہر سفید
صاف مضمون فکر روشن نے یہ جوڑا سانپ کا

یاد آئیں شام کو زلفیں ترے خورشید رو
صبح تک لوٹا کیا سینے پہ جوڑا سانپ کا

مر گیا نساخ بھی کہہ کہہ کے ناسخ کیطرح
زہر گیسو کا بہت ہے اور تھوڑا سانپ کا

خون پا سے خار صحرا صورت گل ہو گیا
آبلہ شکل جگر افگار بلبل ہو گیا

جب رقم طومار وصف خط و کاکل ہو گیا
تار خامہ پر گمان تار سنبل ہو گیا

دام حرص و آز سے آزاد بالکل ہو گیا
جو کہ مست بادۂ جام توکل ہو گیا

جام دینے میں جو ساقی کو تغافل ہو گیا
شور قلقل حضرت ناسخ کا قل ہو گیا

جب نمایاں چشم کو وہ پیچ کاکل ہو گیا
رشتۂ تار نظر بھی تار سنبل ہو گیا

پاؤں کیا رکھا چڑھایا پھول اوسنے قبر پر
بلبل دل کے لیے گل کفش کا گل ہو گیا

کاسے کے آگے کبھی روشن نہیں ہوتا چراغ
جب کھلی کاکل چراغ ہوش بے گل ہو گیا

یاد ساقی کی جو مجھکو آگئی کہسار میں
قہقہہ ہر کبک کا آواز قلقل ہو گیا

گرم جولاں ہے جو وصف شہسوار پاک میں
سینہ براق خامہ اپنا رشک دلدل ہو گیا

آنکھ گلگشت چمن میں جو پڑی اوس مست کی
دیدۂ نرگس برنگ ساغر مل ہو گیا

سنبلے کے قصے قضیے کا نتیجہ ہے یہی
خوب ثابت ساقیا دور تسلسل ہو گیا

سوسنے کی انگلیوں سے میری قبر کی تعمیر ہو
ہمدموں میں کشتۂ تیغ تغافل ہو گیا

عاشقوں کے قتل پر قاتل نے جب باندھی کمر
دیدۂ مرغ اوسکی کفش کا گل ہو گیا

عین گریے میں جو آیا یاد خال زیر زلف
قطرہ ہر اشک مثل تخم سنبل ہو گیا

جب گیا وہ نونہال حسن سیر باغ کو
پنجۂ بلبل سے ٹکڑے دامن گل ہو گیا

سبز بختی سے شہادت ہوئی مجھکو نصیب | تیغ کھینچے ہوئے سو بار وہ جلاد آیا
جانکنی مین بھی نہ آئی مجھے ہچکی ای وائے | دم آخر بھی نہ دلدار کو مین یاد آیا

سجدا پھر گئی آنکھون کے تلے قدرت حق
نظر اسے بت جو ترا حسن خداداد آیا

کون ہیت کوئی بت پر من سمجھا | شیخ سمجھا جو حرم دیر برہمن سمجھا
سنگ در وہ ہین جو صنعا مین کفاک نگین کے | اشک دیوانگی مین یاقوت کا معدن سمجھا
الفت لالہ رخان مین یہ گلون کا ہے ہجوم | دل پر داغ کو مین پھولون کا خرمن سمجھا
مسی لب کے تصور نے کیا ہے اندھیر | چشم خورشید کو مین غنچہ سوسن سمجھا
آتش عشق حسینان مین مجھے جھونک دیا | دیدہ و دل کو نہ اسیری مین دشمن سمجھا
خار اور آبلہ پائی نے یہ گل کاری کی | دامن دشت مغیلان کو مین گلشن سمجھا
مسی آلودہ لبون کا جو پڑا عکس ای گل | جوہر آئینہ کو غنچہ سوسن سمجھا
جلوہ فرما ہے جو اوس برق تجلی کا جمال | دل پر نور کو مین وادی ایمن سمجھا
وصف جو عارض پر نور بتان کا لکھا | اپنی ہر بیت کو مین خانہ روشن سمجھا
شوق ہادی جو رہ کوچہ جانان مین ہوا | خضر بھی سامنے آیا تو مین رہزن سمجھا
سن کے حق حق کی صدا بادہ کشی مین ساقی | گردن شیشہ کو منصور کی گردن سمجھا
نیک و بد کی نہ رہی عشق مین اصلا تمیز | دوست کو دوست نہ دشمن کو مین دشمن سمجھا
جلوہ گر اوسمین ہے اک پردہ نشین کی صورت | دل صد چاک کو ناسخ نے چلمن سمجھا

زلف کے دھیان مین نساخ بقول ناسخ
سحر تیرہ کو مین خانہ روشن سمجھا

وہ بہار حسن اگر نامہربان ہوجائیگا | حال اپنا صورت برگ خزان ہوجائیگا
گر لکھون رخسار انور کی صفت ای ماہرو | ہر ورق دیوان کا مثل کتان ہوجائیگا
راز سربستہ دہان ناپدید یار کا | وصل کی شب بوسے لینے مین عیان ہوجائیگا
توڑ دے گا پیر فلک ان نوجوانون کا غرور | تیر ساقی کوئی دن رشک کمان ہوجائیگا

زلفین تیرے سوے آتشاک پر دیکھے اگر — سنبلستان ارم ای جان دھوان ہوجائیگا

وصف بالون کا ترے ای موکمر منظور ہے — ہے یقین ہر رگ گلشن تن پر زبان ہوجائیگا

چاندنی کی سیر کو نکلا ہے جو وہ ماہرو — پردہ چشم تماشا مثل کتان ہوجائیگا

تیرہ بختان محبت چومتے ہین اسے صنم — سنگ اسود تیرا سنگ آستان ہوجائیگا

وصف سحر چشم جادو فن مین کہتا ہے وہ شوخ
کوئی دن ناسخ بھی جادو بیان ہوجائیگا

پر فسون وہ چشم جادو فن کا افسانہ ہوا — سامری تک بھول کر اب سحر بیگانہ ہوا

وہ بت خورشید رو آکر جو ہمخانہ ہوا — غیرت چرخ چہارم اپنا کاشانہ ہوا

دیکھکر خال رخ روشن جو دیوانہ ہوا — مردم چشم قمر زنجیر کا دانہ ہوا

زاہدون سے کھل کو عشق چشم مست یار سے — پیش ازین کعبہ جو تھا اندرون میخانہ ہوا

آگیا صحرا نوردی مین جو زلفون کا خیال — آبلہ پاؤن مین جو تھا مشک کا دانہ ہوا

وقت شوخی پرتو دست نگارین سے ترے — پنجہ خورشید روشن شاخ کا شانہ ہوا

حسن گندم گون سے کیونکر خرمن دل جل گیا — آہ برق خرمن آدم بھی دانہ ہوا

آگیا چشم خمارین کا تصور ساقیا — دیدہ پرنم مرا لبریز پیمانہ ہوا

عازم بت خانہ ہوگا شیخ کعبہ چھوڑکر — ای صنم تیری جو یکتائی کا افسانہ ہوا

اے پریرو سکۂ داغ جنون کے زور سے — بادشاہ ہفت کشور تیرا دیوانہ ہوا

مانگ تیری جب نکالی اس صد چاک کو — نیش عقرب سے سوا شانیکا دندانہ ہوا

سادہ لوحونکے قلم نے لکھے ہین اوصاف صاف
صاف ناسخ اپنا دیوان آئینہ خانہ ہوا

دن کو وہ مہ جو بے نقاب ہوا — داغ مہتاب آفتاب ہوا

وصل مین بھی اوسے حجاب ہوا — جان مضطر یہ کیا عذاب ہوا

جیسے چھپکر ملے وہ غیرون سے — کیا زمانے مین انقلاب ہوا

مہر لب ہوگیا ہمراک نکتہ — شعر اپنا وہ لاجواب ہوا

رخ روشن کی یاد میں ای چشم — قطرۂ اشک آفتاب ہوا
گردش چشم مست ساقی سے — ساری دنیا کو انقلاب ہوا
وصف لکھا جو دیدۂ تر کا — نال خامہ رگ سحاب ہوا

دیکھکر جوشش چشم طوفاں زا
ابر خجلت سے آب آب ہوا

شمع محفل جو کبھی وہ مہ تاباں ہوتا — سطح نور سر اکلبۂ احزاں ہوتا
باغ میں سرو قد اپنا جو خراماں ہوتا — سرو آزاد چمن سر بگریباں ہوتا
گیسو ہٹتے جو ترے رخ سے کہیں پیدا — لکۂ ابر سے خورشید نمایاں ہوتا
دل صد چاک کو رہتا جو تعلق تجھ سے — شانہ گیسو میں ترے پنجۂ مرجاں ہوتا

عشق ابرو میں ای نساخ دکھاتے جوہر
اپنے قبضے میں اگر خنجر براں ہوتا

مضمون دہان یار کا باندھے گا کلک فکر — عنقا الٹ نہ ہووے گا اب میرے تیر کا
جو آنکھ چاہے ہے یہ دل ناداں وہی کرے — سلطان عمل میں لاتا ہے کہنا وزیر کا
لکھوں صباحت رخ پر نور کا جو وصف — حرفوں کا دائرہ ہے پیالہ ہو شیر کا
ناوک کا گھر ہوا دل افگار میں مرے — خانہ فلک پہ دیکھے جو برج اسے تیر کا
دو دن کی زندگی پہ ہی اہل دل کو ناز — حال ایک ہے لحد میں امیر و فقیر کا
یکتا گہر میں حرف رقم جو کیا ہے وصف — دادار بیمثال و مثال و نظیر کا
دل میں ہمارے جان یہ تنگ آگئی ہی آہ — زنداں میں وبال ہے رہنا اسیر کا
رکھے نہ پاؤں تخت سلیماں پہ زینہار — کھل جائے جیب عقدۂ نقش حصیر کا
عشاق تیرے ہیچ سمجھتے ہیں سلطنت — کب شوق تھا خلیل کو تاج و سریر کا
نبیوں سے راز کہتے تھے جبریل آن کر — دنیا میں کسکو علم ہے ما فی الضمیر کا
ناحق ہو زیر سایۂ دامان مصطفےٰ — جس دم کہ شور حشر میں ہو دار و گیر کا
ہووے غنا و رقص کا کیونکر نہ مجھکو شوق — نساخ بندہ ہوں میں سمیع و بصیر کا

حورین ملے مین پائیگا نساخ خلد مین
مداح ہے شفیع و بشیر و نذیر کا

سر مین سودا ہے جو اک آہوی صحرائی کا
پاؤن کو شوق ہوا بادیہ پیمائی کا

لطف سمجھے نہ کبھی شعر کا میرے جاہل
رتبہ کیا گنگ کو معلوم ہو گویائی کا

سجدا تجھکے پاؤن پہ سجا تو ای بت
معتبر قول نہو وے کبھی سودائی کا

قصۂ حضرت یوسف سے نہایت مشہور
بھائیکو خوف جہان مین ہے سدا بھائی کا

کنج غم مین شب ہجران مین جو رہتا ہون پڑا
دھیان آتا ہے مجھے گور کی تنہائی کا

وصف جو ابرو و مژگان و نگہ کا لکھون
صفحۂ دیوان کا ہو میدان صف آرائی کا

گفتگو اوسکے تصور سے کیا کرتا ہون
شب ہجران مین نہین غم مجھے تنہائی کا

شعر روشن کا سمجھتے ہین شناسا رتبہ
دیدہ ور جانتے ہین مرتبہ بینائی کا

روز مثل گل خورشید نہین چین اوسکو
مست ہی جو کہ ہوا اوس مہ ہرجائی کا

سن کے آواز غنا یار کے مردے جی اوٹھتے
کام نا اود بھی کرتے ہین مسیحائی کا

چاک کی طرح ہو گردش مین رہا کرتا ہے
چرخ بھی کاسہ سر ہے کسی سودائی کا

حقہ پیتے ہین نکلتی ہے صدا نی رنگین
نرلی ہنال پہ تنا ہے مجھے شہنائی کا

جان نساخ نکلتی ہے بقول آباد
اے مسیحا یہی موقع ہے مسیحائی کا

اوس سے جو موزون قصۂ غم ہو گیا
خامہ مرا ہا محرم ہو گیا

آیا جو ذکر جشن روز وصل مین
شادی کے بدلے دل کو اک غم ہو گیا

عالم کا روشن حال ہے مستی مین یہان
دل اپنا مثل ساغر جم ہو گیا

بلبل نے پائی جان تازہ باغ مین
غنچہ دہان ابن مریم ہو گیا

بے تیرے ساقی خمکدہ وہ ہے نگلدہ
ساغر کا حلقہ چشم پر نم ہو گیا

لکھی جو تیری شان اعظم کی صفت
ہر شعر اپنا اسم اعظم ہو گیا

دیکھا جو زخم [illegible] مین کا سے اوسے
ہرتال میری جان کو سم [illegible] ہو گیا

رو سے روشن سے ترے رنگ حسینوں کا اڑا ‏ پیش خورشید نہو نور عیاں پروین کا

داغ کے وصف میں نسّاخ بقول ناسخ
نہیں قرطاس یہ دامن ہے کسی گلچین کا

دیدۂ مست اوسکا عکس افگن اگر ہو جائیگا ‏ ہر حباب بحر اک انگور تر ہو جائیگا
اس طرف اوس مہروش کا جب گذر ہو جائیگا ‏ مطلع خورشید محشر اپنا گھر ہو جائیگا
بانگ دے گر وصل کی شب کو تو مانند سنان ‏ پارۂ دل کے نالۂ مرغ سحر ہو جائیگا
باعث طفلی سے رخ اوسکا ہے رشک آفتاب ‏ خط نکل آئے گا جب رشک قمر ہو جائیگا
انتظاری یون ہے اوس ہندو پسر کی گر ہمیں ‏ رشتۂ زنار ہر تار نظر ہو جائیگا
تیغ ابروے صنم کو وصل مین گر چوم لون ‏ ہر سخن مین اپنے سیفی کا اثر ہو جائیگا
حالت بیتابی دل جب کرون خط مین رقم ‏ طائر سیماب مرغ نامہ بر ہو جائیگا

یون ہی ای نسّاخ گر اوسکا تصور رہگیا
یار کا ہووے کمر تار نظر ہو جائے گا

کیا جو فصل گل مین وصف موزون رخ گل کا ‏ زبان خامہ پہ عالم ہوا منقار بلبل کا
کسی صورت نہین جاتی کجی تیرہ درون سے ‏ نہین ہوتا کبھی شانے سے سیدھا بال کاکل کا
نہین گردش سے فرصت مجھکو دور چرخ گردان سے ‏ نہو کسطرح ثابت مسئلہ دور و تسلسل کا
ہوا ہے شہسوار لافتی کے عشق مین جولان ‏ خرام رخش خامہ پر ہے رشک رفتار دلدل کا
لگا رہتا ہے جو شکل حنا قدمون سے ای قاتل ‏ ہوا ہے دیدۂ مرغ بلبل کفش کے گل کا
لگا تا ٹانکے اے جراح تو سو سینکے تارون سے ‏ کہ زخمی ہون مین اک سفاک کی تیغ تغافل کا

تماماں جو ہوا ہے خال رخسار مخطط پر
یقین ہوتا ہے ای نسّاخ مجھکو تخم سنبل کا

نہ لوٹے کسطرح شہ مقتل مین کشتہ تیغ قاتل کا ‏ کہ خوش کرتا ہے لڑکونکو تڑپنا مرغ بسمل کا
ترے بس سنتے ہین اکثر وصف اوس لیلی شمائل کا ‏ ہمارے کان کا پردہ بنا ہے پردہ محمل کا
رہین مد نظر جلوے ہمین تیرے روی تابان کے ‏ ہماری آنکھونکا حلقہ ہے ہالہ ماہ کامل کا

فلک تک شعلہ جو پہونچا رخ پر نور کا تیرے
مہ و خورشید میں عالم ہوا کشکول سائل کا

محبت سرو قد سے نکے گلو گیر اوسکی ہے شاید
کہ شکل طوق قمری سے ہے جو ہالہ ماہ کامل کا

ہے چشم مست ساقی کا تصور بعد مردن بھی
شراب سرخ سے لبریز ہو کاسہ مری گل کا

گلو گیر عاشق دیوانہ کے ہیں جوتے میں مقتل میں
گمان ہے جوہر شمشیر ان پر سلاسل کا

دشمنون کا غرور انسان کے آگے چل نہیں سکتا
کہ روشن ہے جہان میں حال سب پر چاہ بابل کا

عجب کیا گر دل سیپارہ لٹکے اوسکے جگنو میں
نگین چاہیے اسے موم سہیتا حمائل کا

نہو ہمتی بتان کا میں جوابی ناسخ کشتہ ہون
صدا ہر گنبد نہیں دیتا پپیہا بھی مری گل کا

تن سے ہو ویگا سر عاشق دلگیر جدا
سر تسلیم ہو بدن سے پئے تقدیر جدا

تیرا عاشق منہ سے تجھ سے مت ہیے پھر جدا
دامن شمع سے ہوتا نہیں گلگیر جدا

زیست سے جو دل کو ہے یاد تیرے ابرو کی
مرگ تک تیغ زنون سے نہو شمشیر جدا

سر مرا شعلہ نہ با ہی سہیری کٹ جائیگی
کرے محفل میں سر شمع کو گلگیر جدا

وقت پر صاحب جوہر نہ سے نامرد کا ساتھ
جنگ میں میان سے ہوجاتی ہے شمشیر جدا

پا لی تھی کیسی علاقت کہ بڑی مشکل سے
تو ہم دونون ہوئی اب سے تری الفت پہ جدا

ملتے ہی آنکھون کو کرتے ہیں رلا ناسخ
اشک ماہ جدا مہر کی تاثیر جدا

نہو وے مبتلا جو خال عاشق چشم مشکون کا
دل بیمار کو ہوتا نہیں ہے شوق افیون کا

جو بدگوہر ہیں اونسے کیا خطر عالی مقامون کو
کہ ایمن سنگ سے ہر ایک شیشہ ہے گردون کا

شکست شیشۂ دل سے نہیں عاشق کو پریشانی
ہوا [illegible] لیلی کی جو ٹوٹا کاسہ مجنون کا

بنایا تختہ لالہ گریبان اور دامان کو
[illegible] وقت ہمارے چشم پرخون کا

نہیں چلتی لبون سے کچھ فسون سازی اون آنکھون کی
بڑا ہوتا ہے [illegible] فرق اعجاز اور افسون کا

[illegible] لب سے نہوا اپنا دل بیتاب جدا
ہے یہ مشکل کہ ہو شنگرف سے سیماب جدا

بادۂ چشم سیہ مست نے سرمست کیا
عقل کر دیتی ہے انسان سے مے ناب جدا

تیرہ و تار و گلون سے نہین جاتی ہے کجی
راست تو یہ ہے کہ زلفون سے نہو تاب جدا

عشق میرے دل روشن سے کبھی دور نہو
کوئی ہوتا بھی ہے داغ رخ مہتاب جدا

کیون نہو گردش گردون سے بناۓ مشکل
نہو گرداب سے خار و خس گرداب جدا

نہو نساخ کبھی جوہر ذاتی زائل
لعل سے کر نہین سکتا ہے کوئی آب جدا

وصف دیوان ہین نہین اوس دہن زیبا کا
آشیانہ نہین عالم مین عیان عنقا کا

ہاتھ کے گل سے تجلی چرخ پہ ہین شمس و قمر
حال ہر شخص پہ روشن ہے ید بیضا کا

کبھی خندان ہین گل اسمین کبھی گریان بلبل
حال یکسان نہین ہوتا چمن دنیا کا

ہاتھ کیا آۓ بھلا اوسکے کمر کا مضمون
نظر آتا نہین سایہ بھی کہین عنقا کا

کسکو انکار ہوا ذات خدا سے نساخ
کون قائل نہین عالم مین بت یکتا کا

ہم بغل ہو کے سنوا اوس سے تن اپنا
کب برہمن کے بدن سے ہوئی زنار جدا

صحبت نیک مین جبتک ہین ممیز ہین بد
سبزہ ہے پھول سے جبتک کہ نہو خار جدا

پھر اثر ہو صفت روی صنم سے پیدا
حرف کے بدلے شرر ہوتے ہین قلم سے پیدا

جو کہ رٹتا ہے ترا نام سحر پر اوسکی
پہلے لالے کے ہون تسبیح کے [illegible] سے پیدا

بعد مردن بھی شہیدون کو بدن گرم رہے
کیا ہی گرمی سے ہے تری تیغ دو دم سے پیدا

دلپہ نقش خط یاقوت رقم خوان ہو وے
ہے خط پشت لب لعل صنم سے پیدا

اک جہان گو کہ ہوا مہر لقا شیدائی
لیک کم ہونگے عاشق ترے ہم سے پیدا

جلوہ گر ساری خدائی ہے دل صافی مین
حال عالم جو ہوا ساغر جم سے پیدا

کھولتا ہے زلف کی عقدونکو شانہ عاج کا
پنجۂ شل ہو گیا حاجت روا محتاج کا

ہوگیا گرد کدورت سے مکدر ہر دل
ذکر جس بزم میں اس خاک بسر کا نکلا

چھپ ور چرخ گردان سے یہ روشن ہوگیا
دیکھیں کیا گردش دوں سے رہ راحت وارام کا

یاد آتے ہی جو گیسوی سیہ فام کسی کا
سو جائے وہیں بخت سیہ شام کسی کا

دل سیپارہ کو ور چشم فسون ساز سے کیا
زور چلتا نہیں قسمت آن پہ کبھی جادو کا

اوسکی چشم نیم وا کے یاد جو آئی مجھے
مثل مرغ نیم بسمل رات بھر لوٹا کیا

ہوئی ہے بزم عشرت بزم ماتم رقص سے تیرے
ہزاروں کا تری ٹھوکر پہ دم ایجان جان نکلا

سمجھ تا سحر جو نہ آیا شب کا وعدہ کرکے وہ مہرو
تڑپتا لوٹتا سر پیٹتا اور تلملاتا تھا

نہ بعد مرگ بھی ہاتھ آئی اوسکی پابوسی
کبھی نہ گور پہ اپنی وہ خوش خرام آیا

دیکھ کر خط یار ہوں مغموم
دل نہ خوش ہو خزاں میں گلچیں کا

مثل آئینہ اگر تجھسے مقابل ہوتا
آج آئینۂ زانوے سکندر کامل ہوتا

سخت جانی ہے مری باعث تھی جو ہنگام ذبح
خنجر قاتل مری گردن پہ آرا ہوگیا

نساخ کے اعجاز کے قائل نہیں حاسد
کچھ شک نہیں شیطان سے عیسی نہیں ہوتا

ملمع

سنبھل لو سیہ ہی بہم رکھے نہ شام وصال اصلا
لطیف دل نعوم عطف تورّدت وجنتاہ وھلا

فروغ داغ دل عزیزان ہی نور سودای زلف پیچان
کشمس حسن یکبرق مزن کید رہ وھن اذا اجلا

شب ملاقات یار جانی ہیے جلی ساختہ زندگانی
نعاء نفسی نعاء نفسی فان شرح الشباب ولا

کشان کشان اشتیاق خنجر گلے میں لایا تری ستمگر
مددت کفی ولست ادری ایا زل ماشلتم

فزوں ہے انگہ سے داغ سینہ ہی برق خرمن ہی بن تو جینا
قلبت داخلہ حسنا علی لظی الشوق منک نقلا

نہیں ہے صحت کا اپنی امکان کہ ہی بیمار چشم جانان
من استحب المراض منا نوالہ الدھر ما نولا

کمال انوار وہ روشن نگہ کو کرتا ہے دود گلشن
ضلال قلب ضیاء عینی ومن سکینۃ الدمی تصلا

تمہاری برق نگاہ جانی ہوئی ہی تیغ جہان ستانی
ملکت ملک القلوب طرا بمرھفات تحت ضلا

نمونہ کربلا ہے وہ کو ہوا جو ایمای چشم و ابرو
تطایرت حولہ رؤوس کانھا بالسیوف نقلا

بہین تو نساخ ہے یہی ختم کردہ پری چہرہ جا بعالم
تاریخ دخل بطن فیض اذا اهل الحفیظ ۱۳۰۰

رہائی از سلاسل گر دہد دست جنون یارا	کنم چون دامن صد چاک خود دامان صحرا را
خوشا آندم کہ سے آید صبا از کوچہ زلفش	دماغ جان معنبر می کند عشاق شیدا را
اگر گویم حدیثے زان دہان ناپدید او	کشم در شبکہ فکر رسائی خویش عنقا را
کجا آئینہ اسکندری کو جام جمشیدی	چہ شد تخت فریدون کاخ کسری افسر دارا

اثر کردہ است آہ پر شرار من در دل سنگش
کہ اخگر راست ای نساخ جا در سینہ خارا

بنماید اگر دست جمال ید بیضا	در جنب فتد بہم زوال ید بیضا
آئینہ مقابل بنمود شمع رخت را	با نور تجلی است وصال ید بیضا
جز وصف رخ خوب تو با داغ دل ار	بندیم چہ مضمون بخیال ید بیضا
بنوشت فلاطون فلک وانکہ بجسم	در نسخہ سودائی خیال ید بیضا
ہر ناخنش از بدر فزون تر بفر و بخت	ہر خط کف اوست ہلال ید بیضا

نساخ بوصف رخ آن نور مجسم
ہر شعر عیان کرد جمال ید بیضا

بینی لو تجلیست ز باغ ید بیضا	ای خال رخت چشم و چراغ ید بیضا

ردیف بائے ابجد

رخ کے ہمسر ہو جو تنویر شعاع آفتاب	پاسبان گھٹتی ہو توقیر شعاع آفتاب
روی قاتل ست ہے توقیر شعاع آفتاب	مشعل پہ ہے گرم تشہیر شعاع آفتاب
کیا رخ سے ہے تنویر شعاع آفتاب	ایسے تمہین سہ وجہ توقیر شعاع آفتاب
وصف داغ دل ہے تنویر شعاع آفتاب	ہے عیان شعرون سے تاثیر شعاع آفتاب
عکس مژگان جب رخ روشن پہ آجائے نظر	پارہ دل کے کیون ہو تیر شعاع آفتاب

اوس کف روشن کی آتی ہین لکیرین مجھکو یاد
جب نظر آتی ہے تحریر شعاع آفتاب

عکس کاکل عارض روشن پہ تیرے دیکھکر
دل ہوا پابند زنجیر شعاع آفتاب

یاد ای نور مجسم سبزۂ خط کی نہین
کھپ گئی ہے دل مین تحریر شعاع آفتاب

دیکھیے گر سینہ سوزان پہ عکس لف یار
کھائی پیچ و تاب زنجیر شعاع آفتاب

روزنون سے گھر مین اوس خورشید کے ہی باریاب
اندرون چمکی ہے تقدیر شعاع آفتاب

دل ہوا دیوانہ روسے منور چاہیے
ہو گلے مین میرے زنجیر شعاع آفتاب

چشم بد سے کیا تجھے دیکھا تھا چشم مہر نے
دمبدم لگتے ہین جو تیر شعاع آفتاب

بوٹیان بن جاتی ہین اک ایک اسکے فیض سے
کیمیا گر ہے یہ تاثیر شعاع آفتاب

زلف و روی یار کا جوش جنون مین ہے خیال
پڑ گئی پاؤن مین زنجیر شعاع آفتاب

اپنے دامن کو بنا دیتی ہے معدن لال کا
چشم پر خون مین ہے تاثیر شعاع آفتاب

خلق کے دل کو جلا دیتا ہے حسن شعلہ رو
سوز بان سے ہے یہ تقریر شعاع آفتاب

باعث عشق بتان مہروش نساخ کو
یاد ہین اعمال تسخیر شعاع آفتاب

شیون اہل عزا ہین نالہاے عندلیب
ہجر جانان مین خوش آئے کیا نواے عندلیب

کرتے ہین مضمون رنج ہجر اوس گل کو رقم
ہے صریر کلک سے پیدا بکاے عندلیب

دشمن جان حزین ہوتے ہین سیار چمن
سرگذشت اپنی ہے ای گل ماجراے عندلیب

سینہ باغ جنان ہے یان ہجوم داغ سے
یہ دل نالان ہے پہلو مین بجاے عندلیب

کس طرح پہوسے ساقی اپنے پیراہن مین وہ
دامن گل کی اگر ہوتے قباے عندلیب

عرصۂ محشر ہے ای نساخ گلشن ہجر مین
صور اسرافیل ہے مجھکو نواے عندلیب

شمع رو کے بزم مین کیا بار پائے عندلیب
مثل پروانہ نہین محفل مین جائے عندلیب

بے اثر ہے نالۂ عاشق دل معشوق مین
باغ کو کب آہ سوزان سے جلائے عندلیب

رتبہ ایجاد کب تقلید سے حاصل ہوا
نغمہ پردازی ہزار اپنی اوڑائے عندلیب

کان رکھ کے کہنا معشوق نے عاشق کا حال
گوش ناک گل کر نہ پہونچین نالہاے عندلیب

میرے بیدے کوچۂ جانان مین نالان ہین رقیب
ہو نغران مین زاغ گلشن مین بجاے عندلیب

روے رنگین دیکھکر شور و فغان کرتا ہے دل
فصل گل مین زاغ لاتین نالہاے عندلیب

عاشق صادق کو دے معشوق آنکھون پہ جگہہ
فرق گل پر بار ہا دیکھے ہین پاے عندلیب

کب رقیبون کو ہوئی نساخ سے الفت ابہیر
آشناے گل نگردو آشناے عندلیب

ہم تمہین دیتے ہین دعا صاحب
اور تم کرتے ہو دغا صاحب

آج کیا دل مین آگیا صاحب
اس طرف جو کرم کیا صاحب

نامہ کے کل حروف ہین منقطع
حال فرقت کا جو لکھا صاحب

بل جو کھاکے آپ اوٹھتے ہین
دل مرا بیٹھہ جائیگا صاحب

سر چڑھے غیر مین نظر سے گرون
یاد رکھیے گا بھیے بھلا صاحب

روز ہوتا ہے برہم اک عالم
بند ہو گئی زلف کی ہوا صاحب

چست بندش ہو صاف مضمون ہو
ہے یہی لطف شعر کا صاحب

ہجر نساخ جو نصیب ہوا
یہی قسمت کا تھا لکھا صاحب

وصل مے لیے مین ہوا بدمست مین پیکر شراب
عقل کے جاتے سے انسان کو کرے باہر شراب

وصف لعل یار لکھتا ہون جو مین پیکر شراب
کیون نہ نوک کلک سے ٹپکا کرے احمر شراب

پھر سنجاؤن مغبچے مے خانہ سے محروم مین
اپنا صدقہ دیجیے بنت چشلو بھر شراب

گر سنجاؤن سوے مے خانہ وہ ہون مست الست
اوڑ کے آئیگی یہان پیدا کریگی پر شراب

دامن ساقی کا پھاہا رکھدے میرے زخم پر
خشک کر دیتی ہے ای جراح زخم تر شراب

دل کو یاد چشم مست یار ہجران مین ہے
دفع کر دیتی ہے رنج و درد و غم اکثر شراب

ہر نگاہ مست ساقی مین ہے کیفیت نئی
ایک سی تاثیر مین ہوتی نہین ہے ہر شراب

دور چشم مست ساقی نے کیا عالم کو مست
پیتے ہین ملک فرنگستان مین سب گھر گھر شراب

کشتہ ہے نساخ اونکی نرگس مخمور کا
پھول کے بدلے چڑہاؤ گور پر ساغر شراب

بیغرض فصل بہاران سے ہے باغ آفتاب
کب ہوا محتاج روغن کا چراغ آفتاب

ایسکے بین کیا عجب گر جام می گردش میں رہتا ہے
دور میں ہر روز رہتا ہے ایاغ آفتاب

نالۂ بلبل سے گلشن میں نہو گل کا ضرر
باد صرصر سے نہیں بجھتا چراغ آفتاب

غیر کا احسان لیتے ہی نہین روشن ضمیر
سچ ہے کب محتاج کب ہوتا ہے داغ آفتاب

گو رتیرہ مین ہو زائل داغ دل کی روشنی
رات کو روشن نہین ہوتا چراغ آفتاب

جو کہ روشن دل ہین اک دن بہی نہو اونکو سرور
کب می گلگون سے مملو ہوا ایاغ آفتاب

مہ سے ماہی تک نہین ہے عشق سے خالی کوئی
ای مسیحا ماہ کے دلمین ہے داغ آفتاب

زلف شبگون مین نہان ہے عارض تابان یار
رات کو ملتا نہین ہرگز سراغ آفتاب

اپنے داغ دلسے شمع طور شرمندہ ہوے
دست بیضا سے خجل ہووے چراغ آفتاب

خود بخود نساخ روشن دل کو ہوتا ہے سرور
ہے شراب نور سے مملو ایاغ آفتاب

داغ دل سے ہے جو خواہان صفائی آفتاب
ہاتہ مین رکہتا ہے کشکول گدائی آفتاب

ہوگیا تجھہ پر قلندر کہتے ہین سکان چرخ
کرکے اسے مہ چار ابرو کی صفائی آفتاب

توتیاے چشم سمجہا ہے جو تیری خاک پا
تیرے در پر کرتا ہے جبہہ سائی آفتاب

زرد رو ہو جاے خجلت سے ابہی ای تیغ ماہ
دیکھہ پاے گر ترا رنگ طلائی آفتاب

تیرہ دل سے ربط کیا رکہے جو ہو روشن ضمیر
رات کو ہرگز نہین دیتا دکہائی آفتاب

اشک چشم پر نم نساخ اوٹھہ سکتا نہین
سے کند صاحب اگر شبنم ربائی آفتاب

یاد مین لعل لب سے بہا کی تیرے
چاہیے چشم تر مہیاے شراب

ہے شہید اونکے لعل میگون کی
خون سے گلگون ہی قباے شراب

صاف ہو جاے آب خجلت سے
لعل ساقی جو دیکھہ پاے شراب

پہر قمریوں سے مانگتے ہین سروای نسیم
ہر بلبلا ہے روح عنادل کا آشیان
ہر اشک سرخ لختہ کباب ورسے ہوا
عنقا ہے شکل حال شکست تن سخیف ہے
سپند دور کا گمان ہے غلط اوسکی بانگ مین
سبزۂ خط خوشنما ہے روے روشن یار پر

جلوہ فرا چمن مین وہ سرو روان ہے آب
کس گل کے غم مین چشم سے دریا روان ہوا آب
یاد خرام و فندق آتش فشان سے آب
نام و نشان نہین بہی نام و نشان ہوا آب
فندق کا رنگ جوش صفا سے عیان ہوا آب
نقش سے خالی نہین دیکھی جبین ماہتاب

مٹ نہین سکتا ہے انکی نسل خ قسمت کا لکھا
محو ہو سکتا نہین داغ جبین ماہتاب

جا لگی مین بہی نہ آئے گی کبہی ہچکی ہمین
سو رہتا ہے نیاب وہ غفلت مین کلیجے اکو
پاتی ہی روشن دل سے بہرہ ساکن نزدیک و دور
ہے پس ابرو خیال کاکل سنگین ولان
روز و شب رہتا ہے گیسوے معنبر کا خیال
دہیان اوسکی زلف مشکین کا جو شبکو آگیا
قطرۂ ہر اشک مین پڑتا ہے عکس زلف یار
شعر وصف کاکل اب ورد زبان یار ہے

خاطر دلبر مین گذرے گی ہماری یاد کب
بوریا مسند ہو یکسان کرتی ہی تاثیر خواب
فیض پہنچاتا ہے سبکو گو کہ ہے دور آفتاب
جا سے رگ پیدا ہوے ہین گور کی تہہ مین سانپ
ماہی کی صورت ہے ہر زخم دل مضطر مین سانپ
بنگیا تار نظر ہر سمت اپنے گہر مین سانپ
آج لہراتا ہوا آب صفا فی گوہر مین سانپ
اژدہون لہرا رہا ہی چشمہ کوثر مین سانپ

کیون جگہ دی دل مین یاد زلف عنبر فام کو
پالتا ہے کوئی بہی نسل خ اپنے گہر مین سانپ

ردیف تاے قرشت

مرتبہ اسکے جو رکہتے ہین مکان کوئی دوست
بس ہی کافی ہے انکی تا مد نشان کوئی دوست
ٹوٹ سکتا ہے کہ بنکہ عاشق کی چل سکتا نہین دوست

حاملان عرش کرتے ہین بیان کوئی دوست
وہ داہ عاشقان ہے آسمان کوئی دوست
کم نہین مارسیہ سے پاسبان کوئی دوست

طوطے کو بند سبزۂ رخسار نے کیا
رہ جاؤ میرے گھر میں تم اے یار پیکی شب

حیران آئینہ کو کرے گی صفائے پشت
رہتا ہے جلوہ گر مہ کامل تمام رات

عاشق کبھی کرتے نہیں جانان کی شکایت
شانہ نہ کرے زلف پریشان کی شکایت

ردیف ثاء مثلثہ یہ غزل صنعت تسمیع و لزوم و تکرار میں ہے

وہ پری ہے دشمن جان الغیاث
الغیاث اے جن و انسان الغیاث

وصل کی شب کا ہوں خواہان الغیاث
الغیاث اے روز ہجران الغیاث

جان سے کے چشم گریان الغیاث
الغیاث اے روی خندان الغیاث

ہے دہان یار کا عقدہ نہان
الغیاث اے راز پنہان الغیاث

مین تو اوٹھ جاؤن عدو بیٹھا ہے
الغیاث اے بزم جانان الغیاث

زلف نے مجھکو پھنسایا دام مین
الغیاث اے خط جانان الغیاث

تنگ ہون اشک و دل بیتاب سے
الغیاث اے برق و باران الغیاث

یاد مین بوسے کے ہم روتے ہین خون
الغیاث اے لعل خندان الغیاث

کب نظر آئے گا وہ آئینہ رو
الغیاث اے چشم حیران الغیاث

کب پھرے اپنے یہ برگشتہ نصیب
الغیاث اے چرخ گردان الغیاث

وہ رخ روشن ہے آنکھوں سے نہان
الغیاث اے ماہ تابان الغیاث

اس خرابہ مین ہین ہمکون تا کجا
الغیاث اے گنج پنہان الغیاث

ہجر مین بیتابی دل بڑھ گئی
الغیاث اے برق رخشان الغیاث

پنجۂ رنگین نے دل کو خون کیا
الغیاث اے شاخ مرجان الغیاث

کفر کی ظلمت جہان مین چھا گئی
الغیاث اے نور ایمان الغیاث

سرو پامال دوش ہے نساخ کو
الغیاث اے تیغ بران الغیاث

مثل حافظ مر گیا نساخ بھی

الغیاث ای مایۂ جان الغیاث

مہر پہ لطف و کرم کیا باعث ۔۔ ہمیشہ یہ ظلم و ستم کیا باعث

جھوٹ وعدے تو نہ سمجھے صاحب ۔۔ آپ کیوں دیتے ہیں دم کیا باعث

لکنت یار کا شاید ہے خیال ۔۔ رک گیا سینے میں دم کیا باعث

کیا انہیں دل لگا ای گستاخ ۔۔ آنکھیں کیوں ہو گئیں نم کیا باعث

ردیف جیم ابجد

جامے کدے میں ہے فروغ جلوۂ جانانہ آج ۔۔ پھر لب میخوار پر ہے نعرۂ مستانہ آج

گوہر دندان صافی کا ہے زندان میں خیال ۔۔ رشک اختر ہا ہر ذرۂ زنجیر کا ہر دانہ آج

ساقیان حوروش کے پرتو رخسار سے ۔۔ ہو گیا ہے غیرت باغ ارم میخانہ آج

دلبران سیم تن کا آگیا ہے جو خیال ۔۔ کلبۂ احزان کو سب کہتے ہیں دولتخانہ آج

کر دیا آزاد فصل گل نے میں اوس صیاد نے ۔۔ کیا قفس سے اوٹھ گیا ہے مرا آب و دانہ آج

عندلیبو سیر کو وہ رشک گلشن آئیگا ۔۔ باغ میں رہنے نہ پائے سبزۂ بیگانہ آج

زیر تیغ ابروے خونخوار قاتل وقت ذبح ۔۔ سر جھکانا ہے ہمارا سجدۂ شکرانہ آج

روٹھ کر گل سے گیا ہے مجھسے جو وہ جان جان ۔۔ ہو گیا ہے دل کا عشرت خانہ ماتم خانہ آج

فصل گل آئی ہوا بدلی ہوئی ہے اے پری ۔۔ چاہیے گا زندان سے صحرا کو ترا دیوانہ آج

جان جائے یا رہے سر سے کفن باندھے ہوے ۔۔ کوچۂ سفاک میں جاتے ہیں بیباکانہ آج

کیا عجب ہے کانپ جائے گنبد گردان اگرچہ ۔۔ میرے دل سے نکلے ہے اک آہ بیتابانہ آج

کوہ و صحرا میں گئے ہیں عاشق دیوانہ آج ۔۔ ہو گیا ہے ای پری آباد ہر ویرانہ آج

چھوڑ دے کعبے کو زاہد اور برہمن دیر کو ۔۔ گوش زد ہو تیری یکتائی کا جو افسانہ آج

دو قدم میں کوہ و صحرا کی اوڑا ڈالیگا خاک ۔۔ ای پری زندان سے چھوٹا ہے ترا دیوانہ آج

اے پری تجھکو قیامت تک نہ جانے دونگا مین
وعدہ فردا کو کیا مانے ترا پروانہ آج

روئے رنگین و قد موزون کو تیرے دیکھکر
بلبل و قمری ہوئی اے شمع پروانہ آج

ہر طرف سے رند مے آشام کا جو ہے ہجوم
ہو گیا بیت الحرام اے زاہد و میخانہ آج

خانہ زنجیر مین تیرے خموشی کی ہے یاد
اے پری غل جو نہین کرتا ترا دیوانہ آج

چشم مست ساقی سرشار کے پھر گئی
ہو گیا لبریز میری عمر کا پیمانہ آج

شمع حسن عارض پرنور کے نظارہ سے
اپنی مژگان بن گئی گویا پر پروانہ آج

نشہ ہووے کاسۂ چشم غزالان کا ہرن
بزم ساقی مین جو دیکھے گردش پیمانہ آج

وجد کا یہ حال کیفیت اٹھا مین اہل فہم
حضرت ناسخ پڑھے ہے وہ غزل مستانہ آج

گرم رو ہووے جو یہ آتش قدم دیوانہ آج
وہ بت زہرہ جبین آکر ہوا ہم خانہ آج
وہ بت پرنور ہے جو ساقی میخانہ آج
شیشے ٹوٹے خم سے اور چور ہے پیمانہ آج
ہو گیا آباد دیوانون سے ہر ویرانہ آج
پرتو لعل لب و الماس دندان سے ترے
ساعت اقلیمون کا حاصل تھا جسے کل تک خراج
خندۂ دندان نما کے وصف مین ای رشک مہر
نالہ سے طرق ہو زنجیر ہو تار شعاع
الفت خوین کرتی ہے پروانے پہ ہوتی ہے ستی
چشم وحدت بین کو ایسا ہیم اد ہم کیطرح
اوسکی آرایش نے طرفہ رنگ دکھلایا تجھے
مختصر کو یعنی زلفون نے مطول کر دیا

خار صحرا ای پری ہو صورت پروانہ آج
برج میزان سے زیادہ ہے مرا کاشانہ آج
گردش شمس و قمر ہے گردش پیمانہ آج
میکدے مین جو کیا ہے نعرۂ مستانہ آج
چشم جادو فن کا جو شہرہ ہوا افسانہ آج
خانۂ آئینہ ہے گویا جواہر خانہ آج
اوسکا قصہ ہو گیا ہے دہر مین افسانہ آج
دل جلانے برق کا مصراع بیتا بانہ آج
اوس رخ پرنور پہ دل ہو گیا دیوانہ آج
شمع دکھلاتی ہے اپنی ہمت مردانہ آج
آئینہ ساں ہے بوریا و مسند شاہانہ آج
منہ لگا ہے آئینہ اور سر چڑھا ہے شانہ آج
تیرے سودائی کا قصہ ہو گیا افسانہ آج

ماد ای ناسخ دیتے ہوئے گر اس بزم مین

تیغ در رافت دہرات حسرت و دیوانہ آج

کیا تعجب ہو نگاہ چشم مست یار کج
نشہ کی حالت مین اکثر چلتے ہین مے خوار کج

وصف کاکل مین مرے خامہ کے ہے رفتار کج
دیکھ تب لیجے غور سے چلتا ہے ہر اک مار کج

کیا نتیجہ انجام ہو جب ہو بری آغاز مین
ہو مکان ٹیڑھا بنے معمار اگر دیوار کج

راستی تیری مژہ کو زیب دے ابرو کو خم
تیر سیدہا ہے تو ہے ای تیغ زن تلوار کج

کجروون کی چال کب چلتا ہے غیرت ہے جسے
مار کی صورت نہ ہووے شیر کی رفتار کج

راستی پیشہ ہو اونکا جو کہ یان آزاد ہین
باغ دنیا مین نہ دیکھا سرو کو زنہار کج

موذیون کی راستی بھی رنج دیتی ہی بہت
خوف ہو رہرو کو کم ایذا کا گر ہو خار کج

ترچھی نظرین عاشقون سے نشترن اچھی نہین
زخم کیا کاری لگے پڑ جاے گر تلوار کج

صابیا نساخ کو کیا خم گشتہ کا غم
نیست عیبے گر بود شمشیر جوہر دار کج

عارضی حسن کا کیا ہو رخ جانان محتاج
خال مصنوع کا کب ہو مہ تابان محتاج

داغ عاشق سے نہین کام پریرویون کو
کب ہوا ماہ کا خورشید درخشان محتاج

صف کی صف ایکہی جنبش مین کرے صاف ابھی
تیغ و خنجر کی نہین ہے صف مژگان محتاج

نگہہ یار کا مشتاق ہے عشاق کا دل
کہ ہے الماس کا ہر گوہر غلطان محتاج

کام کیا حسن خداداد کو زینت سے بھلا
پان کا ہو نہ لب لعل بدخشان محتاج

سوزش ہجر مین نساخ بقول صائب
داغ ما نیست بدلسوزی یاران محتاج

قبضۂ قاتل مین ہے شمشیر آج
ہے لب ہر زخم پر تکبیر آج

بیچیے زنجیر کاکل کا خیال
کیجیے دیوانون کی کچھ تدبیر آج

حال دل نساخ لکھے واشگاف
خون سے نامہ کیجیے تحریر آج

سچ ہے وہ نادان بنا تا ہے جو کہ دشمن کو حقیر
توڑ دیتے ہی جہازونکو بہہ سکتا تیر

نوجوانون کو پچھاڑے وہ ہے اس پیر کا پیچ

نہین کھلتے تری زلفونکے گرہ پیچ
کسی کے ہاتھہ کیا سیدہی طرح آئے
پریشان ہو برنگ نکہتِ گل
دبان شانہ نے کھولا ہے عقدہ
مقید کر دیا زندانِ تن مین

پڑین گے میری جان پر پیچ پر پیچ
کرے زلفون سے زاید وہ کمر پیچ
پڑے سنبل پہ زلفون کا اگر پیچ
کرینگی اک نہ اک زلف دوسر پیچ
پڑا تارِ نفس کا جان پر پیچ

نہین ناسخ جو ہے بلنے کی طاقت
بندہا ہے عشق کا سینہ پر گرہ پیچ

ردیف حاء حطی

رہے گی قید سدا جسم کے قفس مین روح
ہوئی خراب ترے وصل کی ہوس مین روح
ہوئی ہے قید مرے جسم کے قفس مین روح
نہ عشق لیلی و عذرا ہو میرے دلکو کبھی
کہین نہ پھنسکے پریشان ہو دام کاکل مین
جو اک سوار پہ وہ ہو گئی ہے شیدا اسکے
اون اوبھری اوبھری کچھ مین پھنسا ہے دل
گرہ وہ دیتے ہین بند قبا مین کس کس کے

رہا نہ ہو سکے گی ہرگز نہ سو برس مین روح
اگر نجات ہی اسکو تو کہا ہے قفس مین روح
جانتی ہے نہین قیدیون کی رہین روح
اٹکتی ہے کہین بلبل کی خار و خس مین روح
ہوئی جو قید ترے چوٹیکے قفس مین روح
ہے قید خانہ نقش سم فرس مین روح
ہوئی ہے قید اب ان کے پیش رس مین روح
ہے کشمکش مین ہمارے ہر اک نفس مین روح

شب فراق مین ناسخ ہین بقول ظفر
نہ دون نکلنے اگر ہووے اپنے بس مین روح

مضمون کمر کا ہاتھہ نہ آیا کسی طرح
جو عیب جیب مین ہو نہین جاتا کسی طرح
دیکھا نہ چشم حلقۂ زنجیر مین سرشک

پھنستا نہین ہے دام مین عنقا کسی طرح
چھٹتا نہین ہے چاند کا دھبا کسی طرح
آہن دلون کا دل نہ پسیجا کسی طرح

مضمون باندھے کیا لب جان بخش کا حسود
شیرین بیان ہو سکے نہ مسیحا کسی طرح

جو تنگ دل ہو لائے کہاں سے وہ حوصلہ
ممکن نہیں کہ چاہ ہو دریا کسی طرح

تاب جمال یار نہ لائے کبھی رقیب
دیکھے نہ آفتاب کو اندھا کسی طرح

مضمون چشم زار سمائے نہ شعر میں
کوزے میں بند ہووے نہ دریا کسی طرح

دشوار اتفاق ہے نساخ دید یار کا
شمع و شب ہم ہوویں نہ اک جا کسیطرح

اے مہجبیں ہے اگر مہر درخشاں روے صبح
ہے بجا بے شعاع مہر کو گیسوے صبح

گیسوے شبرنگ و روی صاف تو ہو نصیب
تیرگی روے شام و سپیدی روے صبح

ہو دوبارہ زندگی حاصل مجھے اے ماہ رو
ہجر کی شب کو اگر آجائے مجھ تک بوے صبح

صاف دل کو ہووے حاصل صحبت روشن ضمیر
گرم ہے خورشید عالمتاب پہلوے صبح

وصف ہو نساخ لکھا جو صبح یار کا
کلک صاحب بے گوشہ ہی شد ز گفتگوے صبح

ہے جبین اوسکی اگر ماہ منور کی طرح
قطرۂ خوے رخ روشن پہ ہے اختر کیطرح

پھل نہیں باغ جہاں میں کوئی اس سے پایا
قد کشی خوب نہیں سرو صنوبر کی طرح

کاوش الفت مژگاں سے ترے اے قاتل
سانس بھی چلتی ہے سینے میں تو خنجر کی طرح

اثر الفت گیسوے معنبر سے ترے
آہ سوزاں میں ہے بو عنبر اذفر کی طرح

آبلہ پائی سے اپنی یہ ہوئی ہے حالت
خار صحراے جنوں میں مژۂ تر کی طرح

شعلہ پیرا شب فرقت میں ہے آہ سوزاں
اختر چرخ برین ہو گئے اخگر کی طرح

جتنی تکرار ہو ہوتی ہے حلاوت افزوں
تری دشنام بھی ہے قند مکرر کی طرح

تار کاکل کا اگر کیجیے احوال رقم
موج طوفان بلا خیز ہو مسطر کی طرح

روسیاہی کا ہے باعث یہی دنیا میں ام
کوئی نساخ مری چشم نہیں ہر کیطرح

[illegible] | کہاں تماشا سے ہے بجوف دانہ تسبیح

ردیف خاے شخذ

ہین دست و پاے یار گل نارون کی شاخ
اور اسسے نکل چلیگی نہ سرو و سمن کی شاخ

اہل جہان ہین سادگی یار کے غلام
گلکر و عبث نکالتے ہین بانکپن کی شاخ

مرجھا گیا ہے پیری مین دل اپنا ہم صفیر
باغ جہان مین خشک ہو نخل کہن کی شاخ

اے چرخ ہون مین کشتۂ بازوے نازنین
پیدا ہو میری گور پہ نازک بدن کی شاخ

اک سیم تن کی سکتے ہین تعریف اندلون
درکار مہر کلک ہے یان یاسمن کی شاخ

گریہ

کج خلق کو جہان مین ثمرہ نہین نصیب
کیا سبز و تر ہو بار ہین ہووے ہرن کی شاخ

گر سرخ ہو دے دیکھے چشم کحیل سے
ہو سرمہ مین سے نخل عقیق یمن کی شاخ

باقی نہین ہے سخت دلون کی کرختگی
ہوتے نہین ہے نرم کبھی کرگدن کی شاخ

منھ دھونے مین کرے جو وہ مسواک کیا عجب
عالم کہے کہ پھوٹی ہے گویا دہن کی شاخ

مارا جو تیر اوس نے دل داغدار پر
پیدا ہوئی ہے سینہ کی سپہرن کی شاخ

نستاخ ذکر او بر دے دلدار جو سنا
کھاتی ہے پیچتاب غزال ختن کی شاخ

ہے عشق سے مملو جو رگ و ریشۂ نستاخ
ہے برق سے ہمسر شرر تیشۂ نستاخ

اشک شفقی آنکھون مین اوسکی ہیں اے چرخ
لبریز ہے سرخی سے ہے شیشۂ نستاخ

کیونکر نہ کرے عمر گرامی کو تلف یا رے
عالم مین سب ہے اب لہو و لعب پیشۂ نستاخ

جل جائے نہ کیون فکر سخن کا دستکے مانند
ہے شعلہ فشان آتش اندیشۂ نستاخ

اے صنم چاہیے ہو میرے جگر مین سوراخ
پیش قیمت ہو جو پڑ جاے گہر مین سوراخ

ردیف دال ابجد

نطق طوطی ہو گیا سنکر تری گفتار بند
کبک کا دم ہو گیا ہے دیکھ کر رفتار بند

گو نہین بھی خواب ان آنکھون کو ہو خواب و خیال
چشم عاشق کو ہوا ہے شبکنانہ کا گمان
وصف اک مطرب پسر کے کرتے ہین تحریر ہم
خواب مین اوسکو کہین آنے کا آجاے خیال
انتظاری رات بھر اوس ماہ ہرجائی کی ہے
وصل مین بھی خواب ہوجاتا ہے آنکھون کو خیال
زمزمون سے بلبل تصویر اوسکے کلاک کے
پیچ و خم نے تیرے شانے کے کیا جو مجھکو قتل
یہ اثر پیدا ہے تیرے تار ہای زلف کا
ہے اشک و سخت دل تیرے لب و دندان
منہ سے نکلے کوہکن مارے خجالت کو نبات
کب جگہ ملتی ہے عاشق کو دل معشوق مین
کس بت چین کا کھلا جوڑا کہ خوشبو ہی جہان

بعد مردن بھی نہو چشم خیال اسکے یار بند
اوس تیرے بالون سے ہووے چور روزن دیوار بند
کلک سے ہو جائیگی منقار موسیقار بند
ہجر مین آنکھون کو کر لیتا ہون سو سو بار بند
چشم اختر سان نہوگا دیدۂ بیدار بند
چشم کر سکتا نہین ہے طالب دیدار بند
اور لبان منہ کے ہوجائے گی منقار بند
کم نہین تشبیہ بندون سے ترا دستار بند
ہے رگون سے سنگ تاک بھی ای صنم زنار بند
کیا تعجب ہے کہ ہووے جوہری بازار بند
کردے شیرین کے لبون کو لعل شکر بار بند
کب ہو غنچے کے قفس مین بلبل گلزار بند
مثل نافہ ہوگیا ہے مشک کا بازار بند

بھیجتا ہون یار کو لکھا شب ہجر انکا حال
روز ای نساخ کرتا ہون سپید و چار بند

سر پہ رکھے جو کلاہ وہ بت بے پیر سفید
ماہ ہے منہ سے ترے ای بت بے پیر سفید
روز رہتا ہے جو ہووے کہ صاف کا دھیان
دل پر داغ کو اپنے ہے صفائی حاصل
خاکساری سے مری صاف کیا یار کا دل
ہے تصور جو صباحت کا تیرے اسے مہرو
منہ سے اک بات خجالت سے نکلے ہرگز
کھینچی ہے ای بت ترسا تری گوری صورت

نقش خورشید و مہ اور چاند کی تصویر سفید
سبزۂ خط سے تیرے چہرہ پہ ہے تیر سفید
ہوگیا غم سے تن عاشق دلگیر سفید
کرتے اسے رشک قمر ماہ کی تنویر سفید
کیمیا گر کرے آہن کو بھی اکسیر سفید
اپنی آنکھین ہوئین مثل قدح شیر سفید
آئینہ رویون کو کردے تری تقریر سفید
ہوگیا ہے قلم کاتب تقدیر سفید

وہ سیہ کار ہون عالم مین کہ بعد مردن
نہین رہنے کی مری قبر کی تعمیر سفید

وہ اوڑایا ہے ترے رنگ طلائی فی رنگ
کاستہ مہر ہے مثل قدح شیر سفید

وصف اپنے دل صافی کا جو لکھون فساخ
کیا عجب ہووے سیاہی دم تحریر سفید

عاشق جو ہے منہ اوسے سوز فغان پسند
پروانہ کب ہو نالۂ آتش فشان پسند

مجھکو بہشت سے بھی ہے اوسکا مکان پسند
انسان کے ہوتے آئے نہ حور جنان پسند

ہوویں سے تار اشک کے ڈورے تو ہی بجا
اونکو اگر ہے محرم آب روان پسند

آہ رسا سے اشک کو ہو کیا مناسبت
ہے اسے زمین پسند تو وہ آسمان پسند

ابرو ہے اسکے شکل کمان اور نگاہ تیر
وہ طفل شوخ کیون نہو پیر و جوان پسند

کیا جان و دل بچین گے ترے دست ستم سے
یا نہون کو دل پسند ہے انکھون کو جان پسند

ہڈی پہ آکے تیغ ٹھہرتی ہے یار کی
آتا ہے کب ہما کو بجز استخوان پسند

دو دو بیٹھتے ہین قامت خم گشتہ کو مرے
ناوک فگن کو آئے نہ کیونکر کمان پسند

ہے دل مرا عزیز بتان زمانہ کو
یوسف سی جنس کیون نکرے کاروان پسند

خفاش کو ہے مہر درخشان سے دشمنی
حاسد کو آئے خاک ہماری زبان پسند

رہ جائین گر ہما سے تو کھائے سگ صنم
فساخ دونون کو ہین مرے استخوان پسند

ہوگئے دندان صافی سے ترے اختر سفید
منہ سے تیرے ہوگیا روئے مہ انور سفید

وہ صفائی عارض جانان کا پھیلا ہے اثر
بام پر اوسکے جو بیٹھے زاغ کا ہو پر سفید

پانی پانی ہوکے غرق آب خجالت جو ہوا
سامنے دانتون کے تیرے ہوگیا گوہر سفید

تیرے جھوٹے پہ نہو کیون گنج کا مجھکو گمان
مانگ کو تیری ہین سمجھا رات کو اژدر سفید

ای بت مہرو ہماری آنکھ جو پتھرا گئے
انتظاری مین ہے شکل دیدۂ اختر سفید

صاف ہو جاتی ہے اکثر چیز دہونے سے مدام
روتے روتے کیون نہووے اپنی چشم تر سفید

ساقیا ہے یہ دل صافی جو تیرے ہاتھ مین
ہے گرو صفائی مین ترے ساغر سفید

منفعل گر ہووے رنگین ہو تو مارے شرم کے — جام مین ساقی ابھی ہو وے مئ احمر سفید

تمام ہی خون کا سینہ مین باقی فراق یار مین — صورت موے کمر ہے یہ تن لاغر سفید

حضرت مشتاق بھی ہین نغمہ زن مثل مسیح — ساقیا مے دہ کہ ابرے خاست از خاور سفید

دل مین ہو مرے نالہ پر سوز کہان بند — رہتا نہین گردون و خالی مین دھوان بند

کیا جانے عجب ہووے اگر بت کا دہان بند — ہے غیب کے پردہ مین ہر اک سر نہان بند

ہین جو کہ سبکبار وہ ہوتے ہین کہان بند — کر سکتی ہوا کو نہین زنجیر گران بند

دشمن کا گذر یار کے گھر مین نہین ہوتا — عاشق کے لیے ہے در گلزار جنان بند

کیون چپ نہ لگے مجھکو کہ دل خون ہوا ہے — گلشن مین رہا کرتی ہے غنچہ کی زبان بند

کیون وا نہ رہے عاشق حیرت زدہ کی چشم — ہوتا ہے بھلا دیدہ تصویر کہان بند

چپ مجھکو لگی دیکھ کے سیندور کا ٹیکا — شنگرف سے ہو جاتی ہے انسان کی زبان بند

ولہ

ہین جو خونخوار نہو اون کو صفائی حاصل — نہین دیکھا کبھی رنگ رخ بہرام سفید

سرخ پوشاک کا ہو جائیگا عالم کو گمان — پہنے پوشاک جو وہ یار گل اندام سفید

ہین یہ سمجھون کہ رقیبون سے دل اوسکا ہوا صاف — بہیجے کاغذ جو سمجھے وہ بت گلفام سفید

ہو صفائی نہ دل تیرہ درون کو حاصل — نہین ہوتا ہے کبھی رنگ رخ شام سفید

بعد مدون بھی خیال رخ رنگین جو رہا — سرخ ہوگا کفن اے یار گل اندام سفید

تیغ خونخوار کو قاتل نے سنبھالا جو کہین — چہرہ رخ پہ ہوا خوف سے بہرام سفید

تن رنگین ہے شعلوں کے ہین ترے اے گلرو — اصل سے بن گئے سب سیپ کے بادام سفید

سیاہ ہے اوس شوخ کی ہین پائی مس قمر کے انداز — صبح سے زرد لباس اور سر شام سفید

در زندان صنم کا ہے تصور ہر دم — روتے روتے ہوئے ہین دیدہ ناکام سفید

منہ سے صاف وہ مشتاق بقول ناسخ — ہو گئے آہ مرے موسے سیہ فام سفید

اپنی اونگلی سے تو ای ماہ بتا عید کا چاند ۔ تاکہ عالم میں ہوا انگشت نما عید کا چاند

نہیں آتا ہی نظر ہاے حسینے گھر سے ۔ ہوگیا کیا صنم مہر لقا عید کا چاند

گر نہوں ماہ رخ یار سے روشن آنکھیں ۔ ہو مجھے ماہ محرم سے سوا عید کا چاند

قطرۂ حسن طلب کرنیکو آیا لیکر ۔ آسمان صورت کشکول گدا عید کا چاند

داغ روشن سے مرے عارض تابان سے ترے ۔ زرد خورشید درخشان ہے تو مہتاب سفید

نامہ بر تو نہ پھرا اور یہ رنگ کا عقد ۔ انتظاری میں ہوئے دیدۂ بیخواب سفید

ہے مرغ دل کے لیے خال زلف میں پنہان ۔ کہ پھر صیاد رہے گھات میں پنہان صیاد

کبھی نہ عاشق جانباز پر وہ رحم کرے ۔ کبھی نہ مرغ چمن پہ ہو مہربان صیاد

کیا بلبل دل قید سے زلفوں کے رہا ہے ۔ اوڑتا نہیں ای مرغ چمن طائر پر بند

آنکھوں سے نکو مرے دہیان ہے دزدیدہ نگہ کا ۔ حاکم جو ہے کہتا ہے وہ مجرم کو نظر بند

گرمی داغ جگر دیکھیے جو ای شعلہ عذار ۔ خوف سے ہو وے ابھی مرہم کافور سفید

ہوتی ہے زلف کی زنجیر سے آزادی ۔ رہا اسیر جو تیرا وہ ہے رہا صیاد

ہماری جان دل ما میں نہ ٹھہری گی ۔ ہوا ابھی ہے تیری ہی ایجان کبھی جا میں بند

ہو بیان رہا دام قفس سے تو رہا ہو ۔ ہو وے نہ رہا سلسلہ زلف کا پابند

ولہ

دلم را زخم خندان آفریدند ۔ خطت را مشک حیران آفریدند

ترا سرو گلستان آفریدند ۔ صد قمری نالان آفریدند

ز لعلت برق خندان آفریدند ۔ ز چشم ابر گریان آفریدند

ز نور آن جبین نور افشان ۔ مہ خورشید تابان آفریدند

ز نور آن کف پاے نگارین ۔ جبین ماہ کنعان آفریدند

دو چشم از قطرہاے اشک صافی ۔ چہ گوہرہاے غلطان آفریدند

بجنبد سحب بار آنروز از رشک ۔ کہ آن گیسوے پیچان آفریدند

قمر از خاک پروانہ سرشتند ۔ ترا شمع شبستان آفریدند

مژگان چشم پرنم گرد گردند | از ان دریا سے عمان آفریدند
شده شق سینۂ صبح قیامت | کہ این چاک گریبان آفریدند
جہانی را چو گندم چاک شد دل | چو آن نار و پستان آفریدند

دل نساخ را روز نخستین
برائے عشق خوبان آفریدند

از خندهٔ تو غنچۂ خندان گله دارد | در گریۂ من ابر بہاران گله دارد
از غنچۂ تو غنچۂ مرجان گله دارد | وز لعل لبت لعل بدخشان گله دارد
از تیغ نگاه تو کہ سفاک جہان است | بیدادگرا گنج شہیدان گله دارد
از کاکل و آئینۂ رخسار و لبانت | چین و حلب و ملک بدخشان گله دارد
از جعد سیاه تو کہ دزدید سیاہی | از بخت سیاہم شب ہجران گله دارد

نساخ ازین خرقۂ سالوس کہ داری
کفار بہ تنگ اند و مسلمان گله دارد

دل کہ سرگرم غم جانانہ شد | شور عشقش در جہان افسانہ شد
رنگ برگ پان کہ دندانش گرفت | از زمرد لعل این دردانہ شد
دل بیاد آن پری دارد جنون | سینہ زندان خانۂ دیوانہ شد
طرۂ بستہ را کشادی داد | خاطر جمع من پریشان شد
مہر و بغض و عداوت عالم | کم شد و بیش شد و چندان شد
داغ دل در فراق ماه رخے | غیرت آفتاب تابان شد
تا آواز در اسپاره اہل سماعت | صدائے ماتم ترکا واز کہسار می آید

ردیف ذال [illegible]

بندھے ہیں یار پر ہو سکے گنڈے پر تعویذ | کہ دافع نظر بد ہے ہے بیشتر تعویذ
بتوں نہ خاک میں گڑتا نہیں اثر تعویذ | جلائے سینے تو لکھ لکھ کے عمر بھر تعویذ

ہمارے نام سے بھی اب تمھونکو نفرت ہے
دکھاتے ہیں ہمیں یہ اللہ خوب اثر تعویذ

رہائی اسکو بھی گرداب ہجر سے جنکے
بہا سے بحر میں بھی شب سے تا سحر تعویذ

چمکا ہے عقدہ ثریا کی کہکشان میں عیان
بندھے ہیں جو رشتۂ تمہاری مانگ پر تعویذ

اوڑائے اسکے گل لبستان حسن اور اوسے
بنے ہیں بلبل خوش سخن کے بال و پر تعویذ

ہوا نذر امر وہ بت یہ خدا کی قدرت ہے
پلائے سیکڑون پانی میں گھولکر تعویذ

ہے مجھکو ورد یہ مصرع مصحفی نساخ
لٹکتے ہیں تری ہیکل کے تا کمر تعویذ

ردیف رای قرشت

کام کیا زینت سے رکھے روی خندان گہر
کب بھلا مسی کا ہو محتاج دندان گہر

عاشقو سنتے بھی ہو کچھ دیکھیے شان گہر
گوش معشوقان اوٹھائیں بار احسان گہر

پڑ گئے سوراخ دل میں آہ پھر کیا کر سکے
رشتہ کہو سکتا نہیں زخم نمایان گہر

طوطی حیران کی صورت محو حیرت ہو گئے
دیکھکر آئینہ رو کو چشم حیران گہر

کسنے چشم چشمۂ خورشید میں دیکھا ہے اشک
کان میں گرداب کے پیدا نہو نشان گہر

پنجۂ مرجان ہو خون دست حنائی سے ترے
پانی پانی ہو گئے دانتون سے دندان گہر

سنگدل سے کب ہیں ہم صحبت نازک مزاج
سنگ آہن قبول کب سکتے ہیں میزان گہر

صاف دل کو دولت دنیا سے دونا حاصل ہو
صورت گل زر سے کب مملو ہو دامان گہر

کب گوارا کرتے ہیں نازک منش سختی کا کام
استخوان کوئی چبا سکتا ہے دندان گہر

جو ہیں عالی منزلت کیا کام ان کو غیر سے
اوٹھہ نہیں سکتا ہے گوش مہ سے احسان گہر

کب کسی کو رنج دیتا ہے جو ہے روشن ضمیر
کب زبان کو صدمہ پہونچاتا ہے دندان گہر

قدر کیا اوس دل کی عالم میں نہو گر داغ عشق
قیمتی کروے گہر کو زخم خندان گہر

صاف دل کو خود بخود ہوتی ہے حاصل آبرو
ہو وے کب مسواک کا محتاج دندان گہر

غم میں بھی نساخ کا دل صاف اور آزاد ہے

پاک با گرد یتیمیہاست داماں گہر

قوس گردوں ابروی زیبای یار — تیر ہے گویا قد بالاے یار
چوکڑی بھولے ہرن گر دیکھ پاے — وہ غضب ہے دیدہ شہلای یار
عشق ہجو دے سے یقین ہے وہ نیا — ہاتھ دو گر سو آہن لی پروای یار
حور و غلمان پہ کبھی ٹالے نہ آنکھ — گلشن فردوس میں شیدای یار
نشہ ہو ٹوٹے چشم آہو کا ہرن — دیکھ لے گر نرگس شہلاے یار
ہے شگن جو بیند یا بندہ بود — اس لیے رہتا ہوں میں جویاے یار
ہے جہاں کی آنکھوں کو میرے ولکو عشق — ہے سر شوریدہ کو سوداے یار
چشم عاشق میں جہان تاریک ہے — دیکھ لے گر چشم سرمہ سای یار
دانہ گوہر ہیں وہ دندان صاف — لعل گویا ہیں وہ دو لبہاے یار
اہل عالم کانپتے ہیں شکل بید — ہے قیامت قامت بالای یار
ہے صدا خلخال پا کی بانگ صور — آفتاب حشر نقش پاے یار
ہے شیشہ آئینہ خانے میں کیا — دل میں ہے میرے خیال پاے یار
نقشہ رو جو ہیں نشان نقش قدم — ہاتھ مانی کے ہیں گویا پاے یار

ہیں وہ نابینا کو سیر دو جہاں
جو کہ ای نساخ ہیں بیناے یار

مرغوب ہے دلدار کی پازیب کی جھنکار — آواز ہے مزمار کی پازیب کی جھنکار
مر جائیں ابھی خضر و مسیحا بھی جلائے — کشتوں کو اگر یار کی پازیب کی جھنکار
زندوں کو ہے خنجر تو مردوں کو ہے عیسی — ہمدم بت عیار کی پازیب کی جھنکار
جی اوٹھے ابھی مردہ صد سالہ جو سن پائے — کم سے نہیں کم یار کی پازیب کی جھنکار
پاؤں کو کبھی ہاتھ لگانے نہیں دیتے — اوس شوخ دل آزار کی پازیب کی جھنکار
چنچل کی رفتار سے کرتی ہے مجھے قتل — اوس یار جفاکار کی پازیب کی جھنکار
پا بوس ہوا ہے جو وہ پامال ہوا ہے — کہتی ہے یہی یار کی پازیب کی جھنکار

سہے غلغلۂ حشر و یا شور قیامت | یا اوس بت عیار کی پازیب کی جھنکار

ناسخ جو یندار بھی سن لے تو تڑپ جائے
اصنام ستمگار کی پازیب کی جھنکار

پرتو عارض سے یہ سینہ ہے دامان بہار | ہے دل نالان مرا مرغ خوش الحان بہار
عشق میں لعل لب جان بخش کے اے گلبدن | اشک رنگین سے ہے دامن اپنا دامان بہار
ہر سر خار مغیلان بن گیا ہے شاخ گل | بستہ ہے فیض قدم سے اپنے دامان بہار
باغ میں ثابت یہ اوسکے کم ثباتی سے ہوا | دوش پر صرصر کے تھا تخت سلیمان بہار
صرصر آہ دل سوزان سے یاد زلف میں | غیرت سنبل ہوے اوراق دیوان بہار
قوت نطق اوسکے حق میں ہے قوای نامیہ | ہر وہان غنچہ ہوتا ہے ثنا خوان بہار
الفت چشم جنون زا سے صنم سے باغ میں | خندۂ گل ہو گیا چاک گریبان بہار
چاہیے انعام عام اہل کرم کو شکل ابر | صورت گل خار بھی ہوتے ہین مہمان بہار
گلشن تصویر ہوں ناسخ باغ دہر میں | ہوں سزاوار خزان میں اور نہ شایان بہار

فصل گل میں کیوں نہ دے ناسخ کو مژدہ ابر سیہ
ساغر مے دارد بکف ہر قطرۂ باران بہار

رکھوں جو ساق ساقی گلفام دوش پر | لبریز کیوں نہ عیش کا ہو جام دوش پر
بال آ گیا ہے ساغر بلور صاف میں | یا منعکس ہے زلف سیہ فام دوش پر
جھومر سے اور زلف سیہ فام سے ترے | سر پر ترے سحر ہے تو ہے شام دوش پر
جان سارے تن سے کھنچکے مرے سر میں آگئی | نکلا وہ ترک رکھ کے جو صمصام دوش پر
خانہ بدوش کو نہیں کچھ غم جہان میں | پاتا ہے لطف راحت و آرام دوش پر
اللہ ری صفائی کہ بغلوں کے بال سے | صیاد کا مرے ہے عیان دام دوش پر

ناسخ جان تازہ ملے مجھکو بعد مرگ
لاشے اوٹھائے گر وہ دلآرام دوش پر

ہے حسرت دید رخ انور نہ غنچہ | ناسخ نہ کس طرح ہو مضطر غنچہ

قتل بھی ہوئے نہ سر کاٹین سگے ہم تہ خنجر — دکھلائین گے قاتل تجھے جوہر تہ خنجر
جوہر ترے خنجر مین ہے یا نقش محبت — آ آ کے جو عاشق نے رکھے سر تہ خنجر
اف ضبط یہ بیتابی دل کی کہ نہ کی اف — تڑپا نہ دم ذبح ستمگر تہ خنجر
وہ ہٹ کا ہے کہ تکلیف نہ دو ہاتہ کو تیرے — سرکے گا ہمارا نہ کبھی سر تہ خنجر
رکھے گی تری حسرت دیدار جو مضطر — ممکن نہین ٹھہرے جو مرا سر تہ خنجر
آئینہ سا منہ دیکھ کے بس لگ گئی قاتل — اک بات بھی آئی نہین لب پر تہ خنجر
کیا سامنے آنکھون کے تری مجھکو قرار آئے — گردن زدنی کیون نہو مضطر تہ خنجر
عکس مژہ اوس دیدۂ خونریز پہ دیکھے — دیکھا نہو جس شخص نے خنجر تہ خنجر

منظور ہے نظارۂ ابروے ستمگار
نساخ رکھی جا کے نہ کیون سر تہ خنجر

ہین داغون پہ آنسو اور ہین گل کے برابر — سینہ ہے مرا روضۂ بلبل کے برابر
دو زخم بھی مری گلگشت دل کا ہے شرارہ — پژمردہ نہین سکتا ہے کبھی گل کے برابر
بیہوش ہیں ہو حال سے بیہوش ایک سا کے — ہے نالۂ دل نغمۂ قلقل کے برابر
عکس چمن حسن از ناز ہے جو گل افشان — ہین خار بیابان بھی رگ گل کے برابر
گردش ہوئی ساغر کے تو آنسو ہوئے جاری — یہان دور نمایان ہے تسلسل کے برابر
پالا جو پڑا ہے نفس سرد سے مجھکو — سردی ہوئی کلکتے مین کابل کے برابر
یاد آئی جو سوتے ہوئی سانپ [illegible] — گرہ — اشک دگر آنکھون مین ہوئے نل کے برابر

شوق گل رخسار دلاتا ہے جو نساخ
ہے نغمۂ دل نالۂ بلبل کے برابر

روشنی مین کسکے رخسارے مین یہ شمس و قمر — دیدۂ عاشق کو جو پیارے ہین یہ شمس و قمر
دست موسی مین ہے یہ بیضا شرم سے ان کے [illegible] — پیش داغ آتشین تارے ہین یہ شمس و قمر
یاد دلوا کر جلاتے ہین وہ روی آتشین — فرقت دلبر مین انگارے ہین یہ شمس و قمر
چرخ گردون سے عجب نقارچی جسکے لیے — کہکشان ہے چوب نقارے ہین یہ شمس و قمر

روز و شب کے حال کے پرچے لگا دیتے ہیں پر	یار کی ڈیوڑھی کے ہرکارے ہیں یہ شمس و قمر
شک نہیں پھرتے ہیں روز و شب تلاش یار میں	جب یہ ثابت ہو کہ بیمار سے ہیں یہ شمس و قمر
آسمان پہ کیون نہو نساخ اب اونکا دماغ	دلبر یکتا کے رخسار سے ہیں یہ شمس و قمر

غزل و قافیہ ہائے

دل کرتی ہے خون اوس بت بے پیر کی تقریر	تقریر کی تقریر ہے شمشیر کی شمشیر
جب سرکہ پڑھتے اوسکی نگہ کیون نہو مائل	آنکھون مین ہے وان سرمۂ تسخیر کی تحریر
آیا نہ کسی رات وہ بالین پہ ہمارے	دیکھی نہ کبھی نالۂ شبگیر کی تاثیر
دم اپنا نکل جائے گا اک چشم زدن مین	آنے مین اگر اوس بت بے پیر کی تاخیر

بہزاد کا ہو خامہ ہو یاقوت قلم [illegible]
کھینچے اگر اوس زلف گرہ گیر کی تصویر

داغ سودا کب ہو فرق عاشقان پر [illegible]	چھو لئے دیکھا نہین ہے پھول نوک خار پہ
قتل عاشق چھپ نہین سکتا کبھی شیرین کبھی	ہے عیان لالہ سے خون کوہکن کہسار پہ
کشتۂ جور و جفا ہے صاحب گفتار حق	بیگنہ منصور کو لوگون نے کھینچا دار پہ
داغ سوزان کا ہمارے سر پہ ہونا ہے بجا	پھول کا ہوتا ہے طرہ شیخ کی دستار پہ
برق پہ چشمک زنی کرتی ہے آہ شعلہ بار	خندہ زن ہوتا ہے آنسو ابر دریا بار پہ
غنچہاے گل کی صورت نو عروسان چمن	پس گئے لاکھون حنا سے دست و پائے یار پہ
قطرہاے اشک رنگین کب ہین [illegible]	تختۂ لالہ کھلا ہے آج نوک خار پہ

ہے بیان یار سے نساخ جو اوس سے ہوا
رشتۂ جان کا گمان ہے رشتۂ زنار پہ

نازک مزاج وہ ہے مرا میرزا [illegible]	بار گران ہو رہے جور و بال دوش پہ
اتنے گناہ کرتے ہین جنکا نہین شمار	تنگ آگئے ہین کاتب اعمال دوش پہ
ہمکو نظرون سے گرائین غیر کو سر پہ چڑھائین	کیون نہ [illegible] اوٹھائین آسمان بالائے سر

مصحف میں رکہا کرتے ہیں جو حافظ قرآن | ہے عرش سے پہ دماغ پر طاؤس

نساخ سدا مثل تنور دل سوزان
رہتا ہے کہان گرم او جانع پر طاؤس

ردیف شین منقوط قرشت

ملتے داغ جنون سے مرے دستار میں سوزش
جسطرح سے ہووے گرہ نار میں سوزش

گر لکہون کہ ہے اس دل افگار میں سوزش
پیدا ہوا ابہی دفتر اشعار میں سوزش

ہون منتظر اوس صاعقہ طور کا ہر شب
کیون ہو نہ میرے دیدہ بیدار میں سوزش

ہالے کے جو وہ خورشید جہان تاب کسی دن
تو ہونے لگے روزن دیوار میں سوزش

نکلا جو کبہی ہو کے تو اے برق جہان سوز
بلبل کے دلون مین ہوئی گلزار میں سوزش

رکہے جو قدم قبر پہ اس سوختہ جان کے
ہو نعل سم توسن رہوار میں سوزش

کہینچون نفس شعلہ فشان مین جو دم ذبح
پیدا ہو ترے خنجر خونخوار میں سوزش

ہڈی جو اوٹہائے کوئی اس سوختہ جانکی
پیدا ہوا ابہی زاغ کی منقار میں سوزش

سنے وقت بکا یاد جو اوس برق نگہہ کی
ہوتی ہے مرے آنسوون کی تار میں سوزش

پہیلا جو اثر شعلۂ رخسار کا تیرے
پیدا ہے ترے سایۂ دیوار میں سوزش

ہیں شعلہ فشان داغ جنون سر پہ جو میرے
ہے مثل تنور اب مرے دستار میں سوزش

نساخ جدا جب سے ہوا مہوشون سے
ہوتی ہے تپ غم سے تن زار میں سوزش

بات میری دلپہ ہو تیرے کہین اے یار نقش
روز یاروح سے لکہتا ہون مین دو چار نقش

نقش آب اب ہے تعویذ اور افسون کا اثر
اونکو دہو دہو کر پلاتے ہیں سو سو بار نقش

بیٹہ نہین سکتا کسی صورت سے پوشیدہ ہوا
دل مین ہے نقش تیرا الفت کا اے دلدار نقش

یار دیدار مدعا ہے گر کبہی تاثیر سے
روز نہ پہر وصل دلبر لکہتے ہیں جا بجا نقش

تیز رفتار وہ پایہ سے ہی تیری چال ہے
کیون نہو ہر مرد کے دل مین نقش پا کا یا نقش

ردیف صاد مہملہ

کر رہا ہے وہ بت خورشید خود کام رقص ۔ کیون نہ مشعل کو نچائے چرخ مینا فام رقص
شیخ مسجد مین ہے رقصان تو برہمن دیر مین ۔ بیکسی ہمین کرتے ہین رند مے آشام رقص
رقص بسمل پھر ہزارون بلبلین کرنے لگین ۔ صحن گلشن مین کرے جو وہ بت گلفام رقص
دل ہوا اوس طفل نادان سے لگین بیشمار ۔ مرغ بسمل کے تڑپنے کا رکھا ہے نام رقص
کیون نہ بیچا مین گل قالین گل ہوتا ہے آج ۔ بزم مین کرتا ہے وہ محبوب سیم اندام رقص
رقص جانان کے تصور مین جو صحرا کو چلا ۔ ہو گیا اسے لولی گردون مرا ہر گام رقص
جان جان بیتابی دلکا اگر پہلے اثر ۔ بس ابھی کرنے لگین دیوار و سقف و بام رقص
تو ہے وہ صیاد مجھکو دیکھکر صوفی کی طرح ۔ یہ تڑپنے کب ہین کرتے ہین اسیر دام رقص
آسمان پر کون سی کوکب کی شادی کی ہے دھوم ۔ کرتے ہین سیارہ گردون جو صبح و شام رقص
دست بر دو بزم کرتا ہے اوٹھاتا ہی جو ہاتھ ۔ لوٹے اہل بزم کا دل او بت خود کام رقص
کم کہان سوز قیامت سی ہے گھنگرو کی صدا ۔ خفتگان خاک کو کرتا ہے بے آرام رقص

ہاتھ اوٹھا مین جو ہوتا ہے بغلگیری کا شک
وصل کا دیتا ہے اب ناسخ کو پیغام رقص

کیون کرے بیتاب ہونے سے یہ دل ناکام رقص ۔ مرغ بسمل کا نہین ہے قابل انعام رقص
کار ذلت کب شریفونکو گوارا ہو سکے ۔ بزم دنیا مین کرین اشخاص نا فرجام رقص
ہر مکان خاص مین لازم ہے چیز خاص ہی ۔ محفل میخوار مین کرتا ہے مینا کا جام رقص
سنگدل سے جنبش کیا حاصل ہو بزم دہر مین ۔ اے برہمن بتکدے مین کب کرین اصنام رقص
کار ذلت سے رہین پابند جو بیکار ہین ۔ روز و شب کرتے رہین افلاک مینا فام رقص
یاد حق مین بھی ہے بیتابی دل پر شور کو ۔ طائر قبلہ نما کرتا ہے صبح و شام رقص
کار ذلت کب ذلیلون سے پہنچ کر ہو عروج ۔ دور سے زہرہ کا ہے افلاک پر بھی کام رقص

صاحبا ناسخ کا دل خود بخود بیتاب ہی

سیکہنہ نخواست آتش راز بان در کام رقص

قلقل شیشہ ہے گھنگرو کی صدا اے ناسخ
جام ہے محفل رندان مین بجای رقاص

ردیف ضاد ضطغ

خنجر سے مدعا ہے نہ تلوار سے غرض
مجھکو ہے چشم و ابروے خونخوار سے غرض

رکھتا نہین ہون مین خط رخسار سے غرض
باغ جہان مین ہے گل بیخار سے غرض

ہے یہ اثر تصور چشمان مست کا
ساقی سے کام ہے نہ تو خمار سے غرض

دل ہی ہمارے پہلو مین سینے مین داغ ہین
بلبل سے کام ہے نہ تو گلزار سے غرض

مہ نظر سے مردم چشم بتان کا دور
مجھکو نہین ہے اختر سیار سے غرض

مجنون و کوہکن کی طرح مجھکو اے صنم
مطلب ہے دشت سے نہ تو کہسار سے غرض

اوس حسن خانگی کے تصور مین کیا عجب
آنکھون کو ہووے روزن دیوار سے غرض

مطلب نہین ہے گردش لیل و نہار سے
دل کو ہے میرے زلف و رخ یار سے غرض

دشت جنون مین بسر دیا جاتے ہین جو ہم
کچھ کفش سے ہے کام نہ دستار سے غرض

فریاد و درد و نالہ و افغان و شور و آہ
ہجران مین ہے مجھے انہین دو چار سے غرض

دوزخ کا غم ہے اور نہ جنت کی کچھ خوشی
ناسخ کو ہے یار کے دیدار سے غرض

ہے دل وارفتہ عاشق کو دلبر سے غرض
گل سے بلبل کو ہے قمری کو صنوبر سے غرض

سبزۂ خط کیون نہو لعل لب شیرین کے گرد
ہوتی ہے اے جان جان طوطی کو شکر سے غرض

کام کیا ہے گلشن عالم مین گل کو خار سے
یار کو کب ہو ہمارے جسم لاغر سے غرض

طفل اشک آتے ہین سمت دل لیے پتھر لیے
پھر دیوانہ رہے لڑکون کو پتھر سے غرض

کام ہے مجھکو خیال چشم مست یار سے
مست کو رہتی ہے اکثر جام و ساغر سے غرض

شیخ کو ناسخ جام مے سے کچھ مطلب نہین
کب رہے خفاش کو خورشید انور سے غرض

اے پریرو ترا دیوانہ ہے سلطان جہان
داغ سودا کا مرے سر پہ ہوا افسر کی عوض

یہ نہین خال رخ شعلہ فشان پر اوسکے
داغ پیدا ہوے آتش مین سمندر کی عوض

جسکا دل صاف ہے پر خون ہوا ہے جمال
لعل پیدا ہوا سیب مین گوہر کی عوض

ہدف تیر قضا چرخ کہن ہوتا ہے
اہل دنیا پہ ہے یہ آہ شرربار کا فیض

کور وہ چشم ہے جو دیکھے نہ تجہکو نساخ
عام ہے صورت مہ نور رخ یار کا فیض

ردیف طاے

اوڑا ہے اور حسن سبز خوبان کو بہار خط
ہوس ہے آئینہ رویون کی آنکھون کا غبار خط

مکدر حسن کے آئینہ کو کرے غبار خط
خزان کرتی ہے بہار عارض رنگین کو غبار خط

زبس اے نامہ بر رہتا ہے مجھکو انتظار خط
کھٹکتے ہین مری آنکھون مین غبار خار خار خط

اوڑا حسن جوانی عشق سے عاشق نے منہ موڑا
خزان سے گلشن عارض کو کیا کم ہے بہار خط

نہ پہنچے جلد گر لیکر خط دلدار نامہ بر
سفید آنکھون کو کرتی ہے مثل کاغذ انتظار خط

ہوا محفوظ گل باد صرصر سے گلستان کو
نہووے رو بھر رنگین بتان پر اختیار خط

گئی زنگ کدورت کا نہو ویگا کسی صورت
کریگا صاف اوس آئینہ رخ کو غبار خط

شکایت جو خیال دیدہ فتان کی لکھی ہے
ہوا ہے آہوے چشم خونریز ابھی شکار خط

خط اوس محبوب کا رخسار نے اے دل جو منہ ڈھایا
قلم کی حسن نے حجام کے ہاتھون بار خط

بہار حسن پہ تیرے خزان کی آمد آمد ہے
گل عارض کی بہار کو دبالیوے گا خار خط

بھرے ہے زخم دل مجروح اے جراح دم بھر بہن
ہوئی ہے ہم زنگار یاد سبزہ زار خط

زبس درد گرانباری غم کا حال لکھتا ہون
یقین ہوتا ہے قاصد سے نہین دیکھیگا بار خط

تصور روز شب ہے آمد خط زرافشان کا
مری آنکھون کو کرتا ہے منور انتظار خط

خط دلدار کی جو آمد آمد کا تصور ہے
کرے گا ٹکڑے ٹکڑے دل کو میرے خار خار خط

کیا ہے دیدہ نساخ مثل توتیا روشن

نسازم نقد دین و دل چرا صاحب نثار خط

کسطرح کرون ہجر مین مین آہ و فغان ضبط
ممکن کسی صورت نہین اے جان جہان ضبط

کی دل مین جگہہ جبر سے کافر کے نگہ نے
انگریز کی سرکار مین ہے دلکا مکان ضبط

ہر غنچہ گل بلبل گریان پہ ہے خندان
لڑکون سے ہنسی ہوتی ہے ایجان کہان ضبط

ہر ایک نفس بن گیا شعلہ کا زبانہ
آہون کو جو کرتا ہے ترا سوختہ جان ضبط

آجائے گا خود لب پہ مرے راز محبت
حق یہ ہے کہ ہے صورت منصور کہان ضبط

پروانہ جو کہتا نہین حال دل سوزان
سیکہا ہے مگر شمع سے ای سوختہ جان ضبط

اب عاشق و معشوق سنے دیکہا اثر عشق
بیتابی دل ہوتی ہے یان ضبط نہ وہان ضبط

نساخ کی سن تاکہ ہون خندہ زنان غیر
گر سینے کو تو کرا سینے ظرف وقت بیان ضبط

حالت درد جدائی کی سبب
کیا عجب ہووے پر شعر خراب خط

دیدۂ تر کا لکہا ہے سنے حال
کیون نہووے دامن سیلاب خط

دیدۂ عاشق منور ہو گئے ہین
بلا بہیج اے مہر عالمتاب خط

دیکہین تمہارے دیدہ ناوک فگن اگر
راہ خطا و چین کو کرین گو ہرن غلط

دیکہا ہے جیسے مصحف رخسار یار کو
کرتا ہے راہ و ہیر ہر اک برہمن غلط

مرنے کے بعد بہی کہین ہٹتا ہے ارتباط
ہے اعتماد دوستی جان و تن غلط

مفہوم لکہتے ہین دہن تنگ یار کو
نساخ آپ کا ہے یقینا یہ ظن غلط

ہے شکایت بوسے پر تکرار کے
کہول کر پڑہتا ہون سو سو بار خط

ہین جو شوق وصل کا مضمون لکہون
قاصدا ہو کہولنا دشوار خط

ردیف ظای ضظع

ہو تیری تیغ کو کیا خون آشنا کا لحاظ
نہووے تجہکو ستمگر اگر صبا کا لحاظ

فراق مین سر بازار نالے کرتا ہون
خیال غیر کا تجہکو نہ آشنا کا لحاظ

روے روشن نے جلا مارا ترے عشاق کو
تیز ہے جسکی زبان خاموش رہتا ہے مدام

پھونک دیتی ہے پتنگون کو یہ ہے تاثیر شمع
بزم عالم مین منہ ہوے گوش زد تقریر شمع

ردیف غین معجمہ

یاد روے یار مین ہین داغہاے تن چراغ
خانۂ مرقد مین بعد مرگ ہے روشن چراغ

داغ سوزان کا جو اے گاردون روشن چراغ
ہو سیہ رو بزم مین مثل گل سوسن چراغ

شمع کی حاجت نہین آئیگا وہ خورشید رو
اوسکے نقش پا سے ہوگا گور پر روشن چراغ

یاد روے یار مین نکلا تو آنکھون مین میرے
دیدۂ غول بیابان ہوگیا روشن چراغ

حلقۂ کاکل مین یاد آیا رخ تابان یار
بن گئے ہین خانۂ دل کے مرے روزن چراغ

آتش افروزی کرے گلشن مین جب وہ مہروش
ہون پتنگے عندلیبین اور گل گلشن چراغ

نزع مین بھی داغ سوزان کو نہ پوشیدہ کرون
مین سمجھتا ہی نہین ہرگز دم خفتن چراغ

رنگتون پہ ہے پروانہ کا مجھکو گمان
داغہاے تن سے ہین دامان پیراہن چراغ

کشتہ ہے اوسکے طلائی رنگ کا یہ خاکسار
روغن اکسیر سے ہو گور پر روشن چراغ

داغ سوزان سے ہوا اپنا خانۂ دل جلکے خاک
برق سکے ہاتھ سے جلا ہیگا مرا مدفن چراغ

شہسوار شعر کہہ ہو جوش جنون کا خیال
ہو فروغ عکس تن سے حلقۂ جوشن چراغ

پڑگیا ہے عکس کیا اوس عارض پرنور کا
بحر مین گرداب ہر اک ہوگیا روشن چراغ

بزم مین خورشید روتیکی ہو نساخ حزین
خون پروانہ سے ہو وہی لعل کا معدن چراغ

داغ دل کا ہے بغیر از اشک کب روشن چراغ
بزم عالم مین نہین جلتا ہے بے روغن چراغ

سے تابان شمع ہے قصر بلند یار مین
خانۂ افلاک مین ہے مہر کا روشن چراغ

تیرہ دل کو پیش روشندل نہین ہوتا فروغ
مہر کے آگے نہ ہووے ماہ کا روشن چراغ

اشک چشم تر ہے باعث ہے فروغ داغ کا
تیل گھٹ جاتا ہے جب ہوتا ہے گل روشن چراغ

فیض مردہ دلسے دنیا مین پہونچتا ہے کسے
آتش خاموش سے ہوتا نہین روشن چراغ

روے روشن کو کری عاشق سے کیا پنہان نقاب
شمع و چھپتا نہین ہرگزتہ دامن چراغ

درد عاشق کا نہو صدمہ سے کبھی معشوق کو
مرگ پر پروانے کے کرتا نہین شیون چراغ

روے روشن نے جلا کر خاک کرڈالا مجھے
جان پروانہ کا ہے ای شمع رو دشمن چراغ

عاشق دل سوختہ بے جان ہے فریادی
نالہ و افغان نہین کرتا دم مردن چراغ

جبین عالی منزلت ہے خود بخود اونکو فروغ
مہر و مہ کا چرخ پر جلتا ہے بی روغن چراغ

تنگدل کو کب ہوا ناسخ دنیا مین فروغ
کب کرے روشن جہان مین خانہ مدفن چراغ

ہے وہ اپنے سینہ سوزان مین داغ
بلبل گل جس سے ہون بستان مین داغ

اب نہین کچھ حاجت شمع و چراغ
بس ہے مجھکو کلبہ احزان مین داغ

اپنی طاعت پر جو تو مغرور ہے
لگ گیا زاہد ترے ایمان مین داغ

تیرے فرقت مین سے اے ماہ تمام
دل کے بدلے سینہ سوزان مین داغ

چرخ پر کب جلوہ گر ہین مہر و ماہ
پڑ گئے ہین گنبد گردان مین داغ

لکھی ہے تعریف جو اوس ماہ کے
پڑ گئے ناسخ کے دیوان مین داغ

اپنے داغ دل کا روشن گر کرون ای گل چراغ
خانہ زنجیر مین ہون حلقہای غل چراغ

خندق پاے حنائی کی عجب تماشہ ہے
کفش کا تیرے ہے ای خورشید رو ہر گل چراغ

پڑ گیا ہے عکس جو اوسکے رخ پر نور کا
میکدے مین ہے کف ساقی پہ جام مل چراغ

دل ہمارا بن گیا پروانہ سوز و گداز
روے روشن سے ہوا جو حلقہ کاکل چراغ

اوس گل پر نور کو دیکھا ہے شاید باغ مین
روشنی مین ہو گیا چو دیدۂ بلبل چراغ

غم شب تاریک ہجران مین نہین ناسخ کو ہ
شمع رو ہاتھون سے اوسکے ہو گئے ہین گل چراغ

پاے جو زلف مہر وشان کا سراغ داغ
کیون عرش پر چڑھائے نہ اپنا دماغ داغ

ہے جس سے شعلہ رخ آتش فشان کی یاد
جلتے ہین روز و شب مرے مثل اوجاغ داغ

ہے منہ پہ تیرے مبتلا جو رُسے پہ تیرے ہے فدا
اے ماہرو صبح و مسا اک سطرف ایک اوسطرف

مشّاق کو اب دیکھکر رخ پر ترے کیونکر ہمیر
بل کرتی ہے زلف دوتا اک سطرف ایک اوسطرف

ہو بیچ ہر میں پردوں سے بھی انسان کو
کہ موتیوں کے لیے توڑیں استخوان صدف

ہو گوشہ گیر سچ ہے انسانی سے اوسے کیا کام
ہوتی ہے قابل گفتار کب زبان صدف

نہیں ہے چشم مری اشک صاف سے خالی
بھرا ہے گوہر شہوار سے دہان صدف

خالی نہیں ہے حسن سے تمام فراق بھی
آنکھوں میں اپنے ظلمت بیت الحزن ہے زلف

عنبر تھا جسم پر اک خال خالیہ
آنکھیں ہرن میں نافہ مشک ختن ہے زلف

نازک ہے اس قدر کہ لچکتی ہے بار بار
اونکی کمر سے اوٹھ نہیں سکتا ہے بار زلف

بڑھا یار تب ان آنکھوں کا اشک صاف سنے
جہان میں گوہر تر سے ہے آبروے صدف

ردیف قاف قرشت

ہو گیا جب سے مبتلاے فراق
ظلم اوٹھائے سے جفاے فراق

دیکھتے کچھ نہیں سواے فراق
اپنی آنکھیں نہیں سراے فراق

وصل ہووے نصیب جاے فراق
کہیں ٹل جاے یہ بلاے فراق

مجھسے یکدم جدا نہیں ہوتا
میں ہوا قابل وفاے فراق

بیکسی میں نہیں کوئی غمخوار
جز غم درد جان گزاے فراق

کیجیے اب بیان کس کس کا
لاکھ صدمے سہے سواے فراق

ہے فدا اسکی صورت گندم
دل عاشق کو آسیاے فراق

زندگی ہو دوبارہ پاؤں جان
اگر آئے قضا بجاے فراق

آہ و افغان و شور و نالہ زار
چار چیزیں ہیں مقتضاے فراق

حرف سارے ہوں شعر میں مقطوع
کریں موزوں جو نا جم اے فراق

ہے طفیل روے انور دھوپ سونیکا ورق
ورنہ بن سکتی ہے کیونکر دھوپ سونے کا ورق

اس قدر تاثیر پیلی ہے رنگ زرد کی
ہو گئی ہے صاف زرگر دھوپ سونیکا ورق

دیکھ لے تیرے سنہری رنگ کو گر آفتاب
مہروش ہووے مقرر دھوپ سونیکا ورق

پرتو داغ دل عاشق بھی وہ اکسیر ہے
ہوا ابھی ای کیمیا گر دھوپ سونیکا ورق

اس قدر تیرے سنہری رنگ نے چمکا دیا
ہو گئی اے مہر انور دھوپ سونیکا ورق

تیرے روے صاف سے ہی میرے رنگ زرد و
چاندنی چاندی کا پتر دھوپ سونیکا ورق

ہے اوسی کی شاعری ناسخ آب و تاب کی
باندھ لیوے جو سخن ور دھوپ سونیکا ورق

یہہ غزل دو قافیتین ہے

ہے جسم مرا اے گل رعنا شجر عشق
انگور ہر اک زخم کا گویا ثمر عشق

بے پردہ مری نعش کے ہمراہ وہ ہونگے
دکھلائیگا اک روز تماشا ہنر عشق

کان اوسکے بھرے ہین مری جانب سے عدو نے
سنتا نہین وہ یار دلارا خبر عشق

نظرون سے گرا خوار ہوا چشم جہان مین
جب پڑے اے دل شیدا نظر عشق

پہلو و دل و سینہ کیا خاک جلا کر
ہے نار جہنم سے زیادہ شرر عشق

لب خشک ہین تر آنکھین ہین اور زردی چہرہ
صورت سے مری صاف ہویدا اثر عشق

ہے خشک جو ہجران مین نہال قد ناسخ
پہونچائیگا اک دن اوسے صدمہ تبر عشق

کرتا رہا تصور قاتل شب فراق
تڑپا کیا مرا دل بسمل شب فراق

افلاک پر ستارے ہوں مانند آبلہ
آنکھون مین داغ ہو مہ کامل شب فراق

مرگ سے راضی نہوا انسان کبھی
کب گوارا ہووے دلبر کا فراق

ردیف کاف کلمن

نہ آیا مرقد عاشق پہ وہ سرو روان اب تک
نہ نکلا کچھ بھی تیرے ہاتھ سے کام آسمان اب تک

کسی کے لعل ہیگون کے نکلے تھے وصف کیا شب کو
ٹپکتا ہے جو نوک کلک سے لعل روان اب تک

اوڑائی خاک بھی گاو زمین سے تو نے تاب لیکن
نپایا کوچۂ محبوب کا دل نے نشان اب تک

مسی مالیدہ لب تیرے جو چوسے وصل کی شب کو
مزا ہے شربت نیلوفری کا منہ مین یہان اب تک

چھٹے ہین گو قرار و صبر تیرے عشق مین کب کے
ہے لے ہمارہ ہم مین میرے نالہ و آہ و فغان اب تک

نہین واقف ترے اسرار سے کیا شان تیری ہے
پری و حور و غلمان و فرشتہ انس و جان اب تک

گرہ

نہ آتے تم تو کہیے ای میری جان کوچ کر جاتے
دل و دین عقل و ہوش و خواب و خور تاب و توان اب تک

دل ہمارا بھی ہے اگر نازک
خوی جانان ہے بیشتر نازک

رشتہ عمر سے سوا اے ناصح
ہے مرے یار کی کمر نازک

ردیف کاف فارسی

تری فرقت سے جو رکھتی ہے دل مین ڈر رگ سنگ
نہان ہے سنگ مین اے شوخ فتنہ گر رگ سنگ

کرون گا کوہ مین جا کر جو آہ شعلہ فشان
شعاع مہر سے چمکے گی بیشتر رگ سنگ

برابری مری آہون سے کر سکے گی کمان
ہزار رنگ نکالے اگر ہنر رگ سنگ

رہا سحر مین بھی گر اپنے سوز دل کا اثر
زبان شمع صفت جل بجھے گی ہر رگ سنگ

مشابہت بت چینی کی جو کمر سے ہے
کہین سے بالکو شیشہ کے شیشہ گر رگ سنگ

ہزار ون توڑے ہین تلوارین سخت جانی مین
رگ جگر سے ہو وے گی سخت تر رگ سنگ

خیال ہے صنم سنگ دل کے آنے کا
ہے انتظار مین ہر رشتۂ نظر رگ سنگ

جو چھیڑ آپ کی سختی و سرد مہری ہے
رگ بدن سے ہے بیت غیرت قمر رگ سنگ

زبس گلوے بت سنگدل سے ہے چسپان
عجب نہین کہ بنے رشتۂ گہر رگ سنگ

حنائی پاؤن جو سنگ مزار پر وہ رکھے
تو ہو سنگ رگ لعل جلوہ گر رگ سنگ

خیال آمد و رفت بتان ہے آشفتہ
بنین گے تار نظر اپنے سربسر رگ سنگ

اوٹھاتے ہوتے ستونے دیوار جاتی ہین پتھر
بنی ہے فصل بہاران مین شکل پر رگ سنگ

کنهی صنم کی کمر سے ہوئی ہے شہر سند
نہان جو رہتی ہے نظرون سے بیشتر رگ سنگ

ہوا ہے عشق بت سنگدل مین جو ناسخ
سنے ہین تار کفن اوسکے جسم پر رگ سنگ

خیال زلف بتان مین ہو یار گر رگ سنگ
وبال لائیگی مرقد مین جان پر رگ سنگ

بتون کے نشتر مژگان کو دیکھے گر رگ سنگ
تڑپ کے سنگ سے نکلیگی سر بسر رگ سنگ

وہ گلبدن جو رکھے پاون سنگ مدفن پر
قدم ہو رگ گل سے زیادہ تر رگ سنگ

خیال جو بت سیمین کا شبکو سوتے مین آئے
ان آنکھون کو ہو رگ خواب تا سحر رگ سنگ

نہان ہے چشم گمان سے ہوا ستقدر یار کا
تری ہے کیا صنم سنگدل کمر رگ سنگ

یہہ شوق دید ہے پتھرا گئین مری آنکھین
عجب نہین کہ بنے رشتہ نظر رگ سنگ

اثر کرے نہ کبھی منطق کی تیغ زبان
بندھی ہے ایسی صفائی سے آب پر رگ سنگ

یہہ جوش ماتم فرہاد ہے جدائی شیرین
عجب نہین ہے رگ ابر ہو اگر رگ سنگ

مدام رہتے ہین عالم مین تنگ سنگین دل
ہے روز و شب یہی دورہ زبان پر رگ سنگ

نہین ہے سختی تنگی و درے ایمن
ہوئی ہے گوشہ گزین سنگ مین اگر رگ سنگ

زمین ہے سخت دہون کو زبان تیز ہو کام
جہان مین رکھتی ہے کب خوف نیشتر رگ سنگ

بتون کے دل مین کریگی ہمارے آہ بھی گھر
کہ کوہسار مین ہے مسکن شرر رگ سنگ

بتون کے ظلم سے کیا خوف گوشہ گیرون کو
ہمارے نشتر مژگان سے ہے خطر رگ سنگ

دلون مین سنگدلون کے ہے جا جو روشندل
شرر کو رکھتی ہے اپنی بغل مین گھر رگ سنگ

ہے خامہ دو زبان رشک تیشہ فرہاد
زمین سخت یہہ ناسخ ہے اگر رگ سنگ

پھونکدی ہے یاد رخ نے داغہائے سینہ مین آگ
لگ گئی افسوس کیا پھولے پھلے گلشن مین آگ

مسی مالیدہ لب پر پنجہ رنگین کا عکس
شاخ مرجان سے لگی ہے تختہ سوسن مین آگ

[illegible]
آتش گل نے پھونکا لعل کے معدن مین آگ

دیدۂ پرنم کو اوس گلگون قبا کا ہے خیال ۔ لگ گئی ہے مردم آبی کے بھی مسکن مین آگ

نقش ہے دلمین تمہارے الفت نساخ کا
ہو شرارہ سنگ مین اب شعلہ زن آہن مین آگ

ردیف لام کلمن

مبتلا ہے ہجران مین ہو کر بہ شکے غمہای دل	حیف دل افسوس دل وا حسرتا دل ہای دل
کام ہے نشتر کی کینی کا کرتی ہے یاد مژہ	کیا ہے ناسفتہ ای جان گوہر یکتائے دل
کیا غرض ہے سیر دشت و کوہ سے اے گلعذار	ہے خیال روے رنگین لالۂ حمراے دل
رنگتی جو آنکھہ اوس مست شراب حسن سے	ہے شراب عشق سے مملو مرا مینائے دل
شرم سے موسی چھپا رکھین ید بیضا کیون	داغ ہے خورشید سے روشن بغلمین جائے دل
قیس کا مذکور کیا ہے خضر کا جی چھوٹ جائے	ہے یہ وحشت نہ امرا صحرای وحشت ای دل
شعلہ رو بنتا جب کرے عاشق سے بیٹھے کیجیے	آنکھون کے رستے سے پانی ہو ہو کے بہ جائے دل
جلوہ فرما ہے خیال اوس غیرت خورشید کا	کیا تعجب کا محل ہے آسمان بن جائے دل
مثل جسم و سایہ تجھسے ہے دلکو ربط ہے	تو جہان جائے پریرو ساتھ تیرے جائے دل
عشق کی صیقل سے جب گرد کدورت سے ہو صاف	آئینہ خانہ کا جلوہ یار کو دکھلائے دل
جب کرے غیرون سے گرمی تو مین اے شمع رو	صورت پروانہ نار رشک سے جل جائے دل
جل بجھے ہر قیامت حشر کے دن ماہ رو	داغہائے آتشین اپنے اگر دکھلائے دل

ہجر کی شب سینہ میران مین اے ابرو کمان
ہو ترازو ناوک آہ فلک پیمائے دل ٭

ہے مہر پر جو ایک دل	ہوا ہے مورد جور و جفا دل
چمن مین نغمہ پیرا ہے مرا دل	نہین اے رشک گل شور عنا دل
جو اوس دلبر سے ہووے گا جدا دل	کرے گا نالہ و آہ و بکا دل
نظر سے یار کے جو گر گیا دل	بھلا کسکی نظر مین پھر چڑھا دل

گرفتار اوسکو ہاتھون ہاتھ کرلو | چرا کر لے گیا وزدیدہ دل
نہین کھلتا ہے کچھ ای یار جانی | ہین آنکھین دشمنان جان شیدای دل
سنہ اوسکا جانب دیر بتان ہے | بنا ہے طائر قبلہ نما دل
نہین ہے مرغ آتشخوار سے کم | ہوا ہے شعلہ رویون پر فدا دل
خیال زلف و رخسار بتان مین | ہے گرم نالہ ہر صبح و مسا دل
ہوے بندش سے میری حسن مضمون | رعایا کو رکھے خوش شاہ عادل

ہے غم مین قول خسرو دردنساخ
کجا ما و کجا جان و کجا دل

سرشک دیدۂ پرخون سے ہی شراب خجل | اہی سیکشو دل بریان سے ہے کباب خجل
خجل ہے ساقی آتش لباس سے مے سرخ | ہے ساغر مے گلگون سے آفتاب خجل
ستارہ خال کف دست سے ہی شرمندہ | ہے پای صاف سے رخسار ماہتاب خجل
ای شہسوار اوڑا نور ہے جبین ایسا | ہماری آنکھون سے ہے دیدۂ رکاب خجل
رخ و جبین و کف دست و پای روشن سے | ہے ماہ و زہرہ و برجیس و آفتاب خجل

خجل ہوے دل بیتاب سے ہو برق طپان
ہے چشم پرنم نساخ سے سحاب خجل

زرد چشم یار نے پنہان جو دلکو لے لیا | دست بر سر رہ گئی حیرت سے جاسوس خیال

گردش لیل و نہار چرخ سے روشن ہے صاف
ہے یہ قندیل فلک نساخ فانوس خیال

پچھتا کے اوٹھین سر ہی سن لین اگر نالہ ای دل | کم لطف صور سے نہین شور بکا سے دل
چشم سیاہ نے مجھے سرمہ کھلا دیا | لاون زبان پہ وصل مین کیا مدعای دل
سمجھے تھے ہون وصل کی یارب کہین نصیب | آٹھون پہر فراق مین ہے یہ دعای دل
رکھتا ہے پاؤن کوچۂ الفت مین دیکھیے | ایسا سفر کہ ہاتھ سے جان کو گنوای دل

جب پیچ عشق مین پڑے نساخ کھل گیا

کوئی نہیں ہے جان کا دشمن سوائے دل

حوصلہ ہووے نہ کمظرف کو اصلا حاصل
ظرف خم کو نہیں سکتا کبھی شیشا حاصل

نگہ شوخ نہ مژدے کو جلائے ہر گز
کب فرنگی کو ہوا اعجاز مسیحا حاصل

بحر دنیا میں تنک ظرف نہو دریا دل
ہووے تالاب کو کب وسعت دریا حاصل

شل نساخ نہووے کبھی حاسد کو فروغ
سامری کو نہیں سکتا ید بیضا حاصل

خال کو گوشہ ابرو کے نہ چوم اے نساخ
جسکی موت آئی ہے کھاتا ہے وہ تلوار سے پھل

اے از خیال تو رخصت دارم گلستان در بغل
وز یاد زلف پر خمت صد سنبلستان در بغل

گر رشتہ بود یک نفحہ کاکل اسپیچ مرا
منقار خود ساز و نہان صبح خوش الحان در بغل

ہر تار گیسوے ترا تا ناروچین زیر نگین
یاقوت لبہاے ترا کوہ بدخشان در بغل

ہدى بيا [illegible] بین کہ پارہاے لخت دل
ہر طفل اشک لالہ گون وارد گلستان در بغل

رخسار پر نور ترا صبح وطن در آستین
چشم سیہ مست ترا شام غریبان در بغل

نساخ در توصیف آن رشک گل باغ جنان
ہر شعر ما باشد نہان فردوس رضوان در بغل

ردیف میم کلمن

عمر بھر تک وہ رہا نساخ زیر بار غم
پڑ گیا اکبار جب پر سایۂ دیوار غم

بہتر اس جینے سے ہے موت اے دل بیمار غم
آفت جان حزین ہے صدمۂ آزار غم

اے گل گلزار خوبی حالت ہجران نہ پوچھ
نیشتر سے بھی رگ جانکو سوا ہے خار غم

ہجر جانان میں کنارہ کش ہوئی ہے عیش و عشرت
غم ہوا غمخوار میرا میں ہوا غمخوار غم

کھاتے ہیں اے رشک یوسف غم تری عشاق عام
گرم رہتا ہے نہایت اندنوں بازار غم

گیسوے پر پیچ کا ہجران میں شب بھر ہے خیال
لپٹی رہتی ہے مری گردن میں ہر دم مار غم

اے طبیب یہ نہیں ممکن کہ ہو سہل علاج
حضرت عیسی سے بھی اچھا نہو بیمار غم

روہی شادی نمناک آگے میری آنکھوں کو نظر
نہال رخسار پری رویان کا رہتا ہے خیال
تیرگی آنکھوں میں چھا جاتی ہے ای خورشید رو
چار دیوار عناصر کا مجھے رہتا ہے خوف
کا فر ہے پیر کو میرے کوئی کردے خبر

پیش چشم خونفشاں حائل ہوئی دیوار غم
کھا جائیگا اک دن مجھے زندگی آدم خوار غم
ہے شب دیجور سے بھی بڑھکے روز ناز غم
موج زن جس وقت ہوتا ہے یم زخار غم
اوٹھ نہیں سکتا ہے نساخ حزیں سے بار غم

در گہ عالیجناب عشق میں جانا جو ہو
باندھ لے نساخ اپنے سر پہ تو دستار غم

ہے مجھے خال سے اور زلف سیہ فام سے کام
شیشہ و ساغر و پیمانہ سے و جام سے کام
گردش چشم صنم دیکھ کے دوران ہوا
انتظاری میں کہیں قاصد جانان آجاے

نہ غرض دانہ سے رکھتے ہیں نہ کچھ دام سے کام
ہے فقط کیفیت ساقی گلفام سے کام
اے طبیب ہے مجھے روغن بادام سے کام
دیدہ و گوش کو ہے نامہ و پیغام سے کام

صبح سے واں تو ہے چوٹی کی گندھاوٹ کا خیال
یہاں نساخ کو ہے خواب سر شام سے کام

سینہ معمور از فروغ روے زیبا کردہ ام
نامہ شوق لفافیت در دل انشا کردہ ام
گرچہ ہر موے دراز تو سمے دارد مگر
در جگر سوراخ ہی دارم پے تسکین دل
سے ہنگام سخن بابیک در وصف میان

شمع خانہ روشن از نور تجلا کردہ ام
نقطہا از مردمان چشم بینا کردہ ام
من ہر گیسوے مشکین تو پیدا کردہ ام
غرفہ بہر تماشاے رخت وا کردہ ام
رشتہ فکر رسا را دام عنقا کردہ ام

ردیف نون کلمن

یہ جو ہر شک گرم ہے چشم پر آب میں
دل چاک چاک ہے جو وہ رخ ہے نقاب میں
[illegible]

اے حجاب حسن ہے یہ سمت رجاب میں
پردہ دری ہے صاف کسی کے حجاب میں
اے حجاب حسن گو ما مولسے حباب میں

عالم چکور کا ہوا اس مہ پہ شہسوار
ہالے میں مہ ہے پاؤں نہیں ہے رکاب میں

سو سو طرح سے کھاتی ہے بل اوٹھتے بیٹھتے
کاکل ہے بڑھ چلی وہ کمر پیچ و تاب میں

طفلی میں یا نچہ کیسی چلتا ہے تو جو چال
جیتا بچے گا کوئی نہ تجھسے شباب میں

ہے چشم مست کا دل پر داغ کو خیال
مے سے بھری ہوئی قدح آفتاب میں

خط سیاہ عارض روشن سے کھل گیا
زنگ آگیا ہے آئینۂ آفتاب میں

ابلیس کو ہے جیسا ستارہ وہ اور یہ رقیب کو
ہے طور تیر آہ کا تیر شہاب میں

وہ شہسوار گرم عنان ہو جو سینے میں
دوڑے گا سر و رنگ بھی اوسکے رکاب میں

سفاک کی نگاہ کی ہے یاد وقت ذبح
خنجر ہزاروں ٹوٹے مرے اضطراب میں

اوسکی ہنسی سے یہ دل پر داغ ہے فگار
بجلی کی ضرب ہے سپر آفتاب میں

خاموش اہل بزم کو کر دے یہ ہے اثر
نساخ اپنے ہر سخن لاجواب میں +

اوس دلربا کا جلوہ ہے چشم پر آب میں
ہے ہمنے پری کو بند کیا ہے حباب میں

ہے عکس داغ دلکا رخ بے حجاب میں
تصویر ماہ ہے ورق آفتاب میں

روے صنم کا جلوہ ہے چشم پر آب میں
تحویل ماہتاب ہے برج حباب میں

سو سو طرح سے باندھے ہیں مضمون یار زلف
ہاتھوں سے میرے قافیے ہیں اک عذاب میں

پستان ہے سرشت محرم آب رواں میں ہے
عکس شفق کا جلوہ نما ہے حباب میں

خالی ہیں ساکنان فلک عشق سے اگر
پھر داغ کس لیے ہے دل ماہتاب میں

ہے منعکس جو کاکل پر پیچ دلربا
گویا زبان مار ہے ہر موج آب میں

اوس ماہرو کی بزم میں چلتے ہیں جو شراب
ہے دور آفتاب شب ماہتاب میں —

رخسار پر عرق کے تصور میں مرتے ہیں
کشتی عمر اپنی رواں ہے گلاب میں

دیکھی تڑپ جو کان کی مچھلی کی بحر حسن
ماہی کی طرح عمر کٹی اضطراب میں

اوس ماہرو کی یاد میں روشن ہیں داغ دل
تارے چمک رہے ہیں شب ماہتاب میں

ممکن نہیں گناہوں کا میرے شمار ہو
مصروف ہوں جو سارے فرشتے حساب میں

دم بھر ہوا ٹھہرتے نہیں ہے حباب مین

کون سی رات مرے دل کو تری یاد نہیں / کون سا روز ہے جو نالہ و فریاد نہیں

اسکی چوکھٹ پہ گھسے پاؤن ہین کسکی نصیب / ہے مکان یار کا کچھ گلشن شداد نہیں

وصف مژگان سے کیا ہے دل حاسد ٹکڑے / خامہ اپنا تو کم از خنجر فولاد نہیں

قتل عشاق کیا کرتے ہین خوبان جہان / کون دنیا مین حسین ہے کہ وہ جلاد نہیں

ہجر مین رنج و غم و درد و الم کا ہے ہجوم / کوئی دن شاد ہمارا دل ناشاد نہیں

سیکڑون فتنے کیے دیدۂ فتان نے بپا / کون کافر ہے کہ وہ باعث بیداد نہیں

کمر نازک جانان کی جو کھینچے تصویر / یہ مجال قلم مانی و بہزاد نہیں

فصل گل آتے ہی اوڑ جاتی ہے گلشن سے خزان / بے اثر نالہ مرغان چمن زاد نہیں

طلب وصل پہ کیا مان کی توقع تجھسے / ہے سدا تیری زبان پہ ستم ایجاد نہیں

بلبلین کہتی ہین گلچین نہ لگے گل کو ہاتھ / نوعروسان چمن مورد بیداد نہیں

بیستون پر گل لالہ کو تو دیکھ اے شیرین / کب عیان کوہ پہ خون سر فرہاد نہیں

خاک مین سرمہ ملے ٹوٹے کہین آئینہ / کچھ بھی تجھکو ستم حال دل برباد نہیں

اک غزل اور پئے خاطر احباب لکھون
یہ زمین گو کہ پسند دل ناشاد نہیں

دل کو کچھ غیر خموشی بتان یاد نہیں / اس لیے لب پہ مرے نالہ و فریاد نہیں

کونسا دل ہے کہ جس دل مین تری یاد نہیں / کون سا گھر ہے جہان مین کہ وہ آباد نہیں

ہیچ سے دام و درم کے مین رہا روشن دل / مرغ زرین کو ذرا خطرۂ صیاد نہیں

جو کہ خادم ہے وہ مخدوم ہوا آخر کار / کون سا طفل دبستان ہے کہ استاد نہیں

راستی بازون کو نہین بیم حوادث کا خطر / مورد ظلم خزان باغ مین شمشاد نہیں

ظلم گلچین سے ہوئی باغ مین نالان بلبل / ورنہ کچھ گل سے اسے شکوۂ بیداد نہیں

یاد گلگون مین مرے نالے جو بلبل نے سنے / گم ہوے ایسے کہ انداز فغان یاد نہیں

دل مرا ہے نہین ذکر بتان سے خالی / سیکڑون گھر ہین جہان مین کہ وہ آباد نہیں

پریشان ہوتے ہیں سنبل کی صورت سیر گلشن میں
ہمارے آہ و نالے سے جو بال اونکے بکھرتے ہیں

بھلا کیا اصل پہونچی وہ شہرہ اوسکا پھیلا ہے
فرشتے بھی فلک پر ذکر حسن یار کرتے ہیں

سیاہی سی مہ و انجم کی آنکھوں میں بھی چھائی
شب مہتاب میں کوٹھے سے جس دم وہ اوترتے ہیں

دماغ اونکا ہے چوتھے آسمان پر جو کہ صورت
ترے پاؤں پہ چہرا اپنا رشک عیسیٰ سر کو دھرتے ہیں

بنا دیتے ہیں وہ حیرت کا پتلا رہ نوردوں کو
رخ آئینہ ساں لیکن جو رستے سے گذرتے ہیں

سند اور وہ زبان نساخ ہے یہ مصرعہ آتش
مسیحا ہیں مگر بیمار سے پرہیز کرتے ہیں

بیاباں میں قدم جب عالم وحشت میں دھرتے ہیں
بہ رنگ گل سر ہر خار کو ہم لال کرتے ہیں

ہمارے نالے آہن کو گلا کر موم کرتے ہیں
پر اپنے خوبی طالع سے وہ کب کان دھرتے ہیں

چمن میں بلبلوں میں ہے بپا ہنگامۂ محشر
رخ گلرنگ تیرا دیکھ کر فریاد کرتے ہیں

بجز اللہ وہ حیران خاک نا نہ آتا ہے عالم میں
رہا ہیں بند غم سے وہ جو دنیا سے گذرتے ہیں

بنا دے مردہ صد سالہ کو میں باتوں باتوں میں
مسیحا کا لب معجز بیاں دم بند کرتے ہیں

مثل مشہور ہے دنیا میں ہر کار کے دھر مرد
جو ہیں کم ظرف منہ کا نہیں وہ کب پاؤں دھرتے ہیں

ہوا رعب فروغ حسن سے خورشید بھی لرزاں
جو وقت غسل وہ منہ اپنا دھوتے ہیں نکھرتے ہیں

لب معجز نما کی یاد میں اسے غیرت عیسیٰ
حیات جاودانی پاتے ہیں جو تجھ پہ مرتے ہیں

ہے وہ صیاد گلرو سامنے آنکھوں کے ہر ساعت
قفس میں ہم صفیر و زیست کے دن خوش گذرتے ہیں

فنا ہو جاتے ہیں اک آن میں سیل حوادث سے
حبابوں کی طرح جو جوش مستی میں ابھرتے ہیں

برا ہو یا بھلا ہو سوچتے مطلق نہیں ہرگز
جو اونکے جی میں آجاتا ہے بیکھٹکے کر گذرتے ہیں

وہ ایسا بد گمان ہے دم جو آئینہ کا ہوتا ہے اوسکو
جو کوئی اوس سے کہہ دے حضرت نساخ مرتے ہیں

بہ رسم اغیار میں وہ شب کو رہا کرتے ہیں
ہم میہمان شمع کے مانند جلا کرتے ہیں

سانپ کی طرح مجھے پیچ دیا کرتے ہیں
پیچ کیا کیا ترے گیسو سے دو تا کرتے ہیں

بوالہوس کے لیے عاشق کو جدا کرتے ہیں
ہو رش میں آپ ہی صاحب کہ یہ کیا کرتے ہیں

سب ہاتھسے ہین زیادہ کوئی ہمسے کم نہین

جسکو سودا اوسکے جوڑے کا نہین
عقدۂ عشق اوس سے حل ہوتا نہین

کب خیال زلف عنبر سا نہین
کب سویدا یہ دل شیدا نہین

بات جیسے وہ صنم کرتا نہین
لب پہ میرے نالۂ بیجا نہین

جسنے مضمون زبان باندھا نہین
بات کا اوسکو ذرا صلا نہین

جاسے بت اسمین نہین جز ذکر حق
کعبۂ دل ہے یہ بتخانا نہین

چشم گریان دیدۂ یعقوب ہے
وہ مہ کنعان نظر آتا نہین

پیچ سے کیا عشق کے واقف ہو وہ
دام مین جو زلف کے آیا نہین

مہر پرتو اسکا ہے یہ خط شعاع
عکس رخ پر تار گیسو کا نہین

زار جب یاد کمر مین ہو گیا
اپنا سایہ صورت عنقا نہین

وصل مین بھی حیف بخت نارسا
ہاتھ اوسکے پاون تک پہونچا نہین

ضعف ایسا ہی فراق یار مین
نالہ بھی تو لب پہ آسکتا نہین

جز فغان و نالہ و فریاد و آہ
ہجر مین ہمدم کوئی اپنا نہین

وصل مین بھی اوسکا یہ انداز تھا
ایک آن گرکی ہے تو صدہا نہین

شور محشر ہے صدا خلخال کی
ہے قیامت قامت بالا نہین

جام مے نساخ وہ دے یا نہ دے
دست ساقی پہ مرا قبضا نہین

بگڑتے بنتے ہین لاکھون حباب دریا مین
ہے مثل دور زمان انقلاب دریا مین

جو اوترے غسل کو وہ آفتاب دریا مین
ہر ایک حباب ہو جام شراب دریا مین

کسے ہوا ہے یہ شوق شراب دریا مین
کہ واژگون ہین یہ جام حباب دریا مین

گرا ہے عکس جو زلفون کا سانپ کے مانند
ہر ایک موج کو ہے پیچ و تاب دریا مین

مین وہ ہون مست کہ جاؤن جو سیر دریا کو
بنیگی پانی کے بدلے شراب دریا مین

پڑھون کنارے پہ چلکے جو شعر گوہربار
ہر اک حباب ہو دُرّ خوشاب دریا مین

گزرا ہے عکس تیرے کان کی جو بجلی کا ۔ ہے مثل برق تپان موج آب دریا مین
سنی ہے کیا ترے کانون کی چھپلیون کی تپ ۔ کہ چھپلیون کو ہے اک اضطراب دریا مین
تو وہ ہے نور کا پتلا کہ اب ہمہ تن چشم ۔ ہے تیری دید کے خاطر حباب دریا مین

گزرا ہے عکس جو کس گلبدن کا ای نساخ
سنے جو رو تہ بلبل حباب دریا مین

گر پینا رہے خوبان پہ نہین کچھ غم نہین ۔ باغ جنت کے گلون کو حاجت شبنم نہین
کون ہے ایسا کہ جسکو عاشقی کا غم نہین ۔ کونسا دل ہے کہ رشک خانۂ ماتم نہین
فیض غسل بتان سے داغ سوزان کے حقدار ۔ ذرہ سے رتبی مین زآمد نیر اعظم نہین
ابروی پر خم سے تیرے چھپ چھپ عقد دکھلا ۔ عیب ہے شمشیر مین ای تیغ زن گر خم نہین
تشنگان شوق کب سیراب غبغب سے ہوے ۔ یہہ وہ چشمہ ہے کہ جسمین نام کو بھی نم نہین
عاشقون پہ چاہیے چشم کرم ای شاہ حسن ۔ ذرہ پر کس دن نگاہ نیر اعظم نہین
حال عالم سینہ صافی کے سبب ہے منکشف ۔ کچھ رگ دل سے زیادہ خط جام جم نہین
سرنگون حق کو ندامت سے نہین ہوتا کبھی ۔ دار پہ بھی گردن منصور ای دل خم نہین
دیکھکر حیران جو ہے وہ پھول سی پستان سرخ ۔ بلبل تصویر سے انگیا کی چڑیا کم نہین
بہہ گئے زخم جگر اوسکی نگاہ لطف سے ۔ چشم الطاف بتان اے دل کم از مرہم نہین
اس جہان کیونکہ تہ و بالا نہ ہو ہنگام رقص ۔ دور دامن گردش چرخ برین سے کم نہین
تیری روشن اونگلیون کی پہونچتی یاد مین ۔ ہالہ مہتاب سے کم حلقۂ خاتم نہین

داغ دل کو خوف کیا نساخ آہ گرم سے
گلشن فردوس کو باد خزان سے غم نہین

ساتھ وصل لیا وہ زلف گرہ گیر گلے مین ۔ اب طوق گلے مین ہو نہ زنجیر گلے مین
[illegible] کیا ہی صفا او [illegible] پیر گلے مین ۔ آتی ہے نظر پان کی تحریر گلے مین
دیوانہ ہوا دیکھ جو تجھے [illegible] برہمن ۔ زنار کے بدلے رکھی زنجیر گلے مین
سن کے کبھی اوس لعل سخن گو کی جو باتین ۔ ہو بند اے طوطی تری تقریر گلے مین

دیوانہ ابروے بتان طوق کے بدلے
اشکاسے لیے پھرتے ہین شمشیر گلے مین

آسیب پری سر سے اوتر جاے جو باندھے
تعویذ کے بدلے تری تصویر گلے مین

ڈھونڈیگا اون آنکھونکے مین دیوانہ ہون چاہو
اب موج مئی ناب کی زنجیر گلے مین

مانگے مرے قاتل سے جو پانی کوئی زخمی
ٹپکاسے وہ آب دم شمشیر گلے مین

اوس طفل کی لکنت کا کرون وصف تو نساخ
ہر بات رکے پھر وہم لقمہ پہ گلے مین

ہون جو اپنے داغ سوزان پر تو اخگن آب مین
ہر حباب بحر ہو فانوس روشن آب مین

اوس پری کے مردم آبی بھی دیوانے ہو گئے
ہو گئے گرداب مثل طوق آہن آب مین

صحبت اسفل سے اعلا کو مناسب ہے گریز
کانپتا ہے پرتو خورشید روشن آب مین

قطرہاے اشک کی جا دیدۂ پرنم مین ہے
گوہر شہوار کا ہوتا ہے مسکن آب مین

دل ہوا اوسکا مکدر مجھکو روتے دیکھکر
زنگ سے آلودہ ہو جاتا ہے آہن آب مین

آنکھون مین سخت دل کے خون نظر آتے نہین
مثل مرکب لعل کا ہوتا ہے معدن آب مین

کوئی بھی ہوتا نہین مانوس جنس غیر سے
جسطرح ہوتا نہین مخلوط روغن آب مین

ہے بلاے دہر سے ایمن وطن مین ہر کوئی
سینہ گوہر مین کب پھوٹتا ہے روزن آب مین

غیر سیاحی نہین ہوتا ہے انسان دیدہ ور
آنکھ موتی کی نہین ہوتی ہے روشن آب مین

راستی نساخ کا پیشہ ہے ہر قول و وقت
شیشہ سیدھا تیرتا ہے وقت رفتن آب مین

چشم مین اشک لعل فام نہین
اب نشان جگر کا نام نہین

مے الفت کو نوش کر زاہد
کسی مذہب مین یہ حرام نہین

خواب مین بھی خیال رہتا ہے
یعنی سوداے زلف خام نہین

لب ساقی پلاے لعل مذاب
پیمان تمناے مے جام نہین

دیدہ و گوش کیون نہ کھو بیٹھون
ایک دن نامہ و پیام نہین

دل دیا ہے کسی کو اے نساخ

از زبان ہے مشتاق چمن حنا و تمنا میں

ہوئے منعکس صیاد تیرے بال پانی میں
پڑا عکس مچھلیوں کے پھنسنے والا جال پانی میں

تیرے تیر نگہ کے روکنے کو مردم آبی
سپاہیوں کے سینے میں اپنے سپر ڈھال پانی میں

تو دستہ میرے دہن ہی گر کے کلی لیتے پا
لب ہر مردم آبی سے ٹپکی رال پانی میں

ہوا سے آتشیں رونے جلا کر خاک کر ڈالا
بہا دے نقش عاشق کو تو ای غسال پانی میں

پھرا ہی پر بلبل کا دیتا ہے سبھے دہنوکا
ہوئی ہے منعکس اوس گل کی جو تمثال پانی میں

جو سیر بحر میں ہو منعکس سیندور کا ٹیکا
زبان ہر مردم آبی کی ہووے لال پانی میں

ہلال چرخ کا عالم ہے ای نساخ موجوں پر
ہوئی ہے منعکس جو یار کی خلخال پانی میں

کب یاد ابروے ستم سہہ جبین نہیں
تلواریں میرے سینے پر کس دن چلیں نہیں

بلبل چمن میں کرتی ہے نغمہ سرائیاں
پہلو میں نالہ زن مرے جان حزیں نہیں

گذرے خیال بوسہ تو پڑ جائے لب پہ نیل
تیری طرح جہاں میں کوئی نازنیں نہیں

حاسد بھی فیضیاب ہیں میرے کلام سے
خرمن کا میرے کون ہے جو خوشہ چیں نہیں

اس دور میں گذر نہیں جز غم نشاط کا
وہ کون سا ہے دل کہ جو اندوہگیں نہیں

یہہ قہر ہے غضب ہے ستم ہے کہ وصل میں
کہتے ہی قتل یار کی مجھکو سہیں نہیں

نساخ کون قدر کرے تیرے شعر کی
سلمان نہیں کمال نہیں ہی حزیں نہیں

وہ دل نہیں ہے جہاں عشق کا مقام نہیں
نگیں وہ نقش ہے بیکار جس میں نام نہیں

بجا خموشی اصنام اسے برہمن ہے
کہ آشنائے دہن ہیں مگر کلام نہیں

ہی خون جسکا جگر کب کسی کا ہو پابند
کہ مرغ رنگ حنا پہ بستۂ دام نہیں

حباب بحر نہ دنیا میں دیر پا ہووے
کہ تنگدل کو جہاں میں کبھی قیام نہیں

جہان میں سخت مزاجی ہی باعث ایذا
اوٹھائے سنگ کا صدمہ ثمر جو خام نہیں

سبب زوال کا ہووے کمال دون ہمت
ہوا سے گل نہوا ایسا چراغ بام نہیں

نہ شعر کہنے پہ ہوتا تو مست اے ناسخ
نہیں ہے نشۂ جہاں میں کہ وہ حرام نہیں

سخت دل پر خون نہیں اس دیدۂ تر میں
مرجان کبھی پیدا نہوا آب گہر میں

اغیار کو اسے یار نہ رکھ بزم میں اپنے
سوئی کو جگہہ کوئی بھی دیتا نہیں گھر میں

ہیں گرم مرے دیدۂ پر سوز کے آنسو
لازم ہے جلن سنگدلو ہووے شرر میں

عاشق کو جلائیگا وہ بت آتش غم سے
اللہ گنہگار کو ڈالے گا سقر میں

دل چاک جو ہیں اونکو نزاکت سے نہیں کام
شانہ بھی اولجھتا ہے کہیں ہوے کمر میں

کب بخت سیہ عارض دلدار نہ کہاے
کب ربط ہوا چرخ کہن شام و سحر میں

ہو خضر راہ دیدۂ تحقیق میں اگر
آب حیات جلوہ نما ہو سراب میں

لہرا گئی ہے ابروے خم دار یار کے
ہر موج پیچ و تاب سے ہے اضطراب میں

مردم وطن میں ہوتے نہیں دیدہ ور کبھی
آنکھیں بھی کھوتا ہے کوئی گوہر آب میں

گر ہووے فکر صاحب توحید نکتہ بیں
باقی رہے نہ فرق سراب و شراب میں

دندان آبدار سے ناسخ یہ شک ہوا
کان نمک میں ہوتے ہیں یا گوہر آب میں

ہے تڑپ بجلی کی سے میرے دل بیتاب میں
بیقراری ہوتی ہے ایسی شعلہ رو سیماب میں

دیدۂ تر میں خیال غنچۂ گل رنگ سے
ہووے پیدا جیسے خوبی شاخ مرجان آب میں

کوے قاتل میں نجاے زاہد گمرہ کبھی
کب برہمن کوئی جاے مسلخ قصاب میں

جوش وحشت بوسہ لے لعل جانان سے کہاں
ہے اثر اصلاح خون کا چارہ گر عناب میں

سجدہ کب زاہد جھکائے پیش ابروے بتاں
سجدہ وکب کرتا ہے ہندو کعبہ کی محراب میں

جب کہ سیدھا صف دیتا ہے اوسی خالق فروغ
روشنی ہوتی ہے روے مہر عالمتاب میں

صاف باطن جو ہیں دل اونکا نہو پر خون کبھی
کب ہو پیدا شاخ مرجان آئینہ کی آب میں

کب ہوا میرا گذر یار کے کاشانے مین
حی ہہین ہوتی ہے خورشید کے پیمانے مین

قبر مین اس دل پر داغ کو آرام ملا
چین روشن دلون کو ہووے سیہ خانے مین

بوالہوس ایک نگہ مین ہوا ساقی مدہوش
مست کد ظرف ہوا ایک ہی پیمانے مین

دل میرا کوچۂ جانان سے نہ نکلا ہرگز
ساقیا جان ہے میخوارونکی میخانے مین

ختم ہے تجھپہ نزاکت بتا کافر بخدا
کنگھی جو زلفون مین جو کی درد ہوا شانے مین

ہوا وہ تیرا بے کو وہ مست سفاک پانی مین
ہوا ہر مردم آبی کا سینہ چاک پانی مین

ڈبو دیوے کا مجھکو دیدۂ نمناک پانی مین
حباب آسا بہیگا یہ دل غمناک پانی مین

وہ مست بادۂ شوخی اگر جاے نہانے کو
حباب انگور ہو ہر موج ہووے تاک پانی مین

رہین گر موج زن ایسے ہی اپنے دیدۂ گریان
یقین ہے غرق ہوگا گنبد افلاک پانی مین

وطن مین کچھ بلا انسان کے سر پر نہین آتی
صدف کا بھی کوئی ہوتا ہے سینہ چاک پانی مین

حبابون پر گمان شاخ ہو ویگا سمندر کا
ہوا جو منعکس وہ روے آتشناک پانی مین

تاریک گور مین ہے سینے کا داغ روشن
گویا اندھیرے گھر مین ہے یہ چراغ روشن

ہے یاد روی روشن اس داغدار دل مین
ہووے چراغ گل سے ای شمع باغ روشن

کیا خامۂ سیہ رو داغون کے وصف لکھے
مانند شمع کب ہو منقار زاغ روشن

لازم ہے دل کو یاد چشمان مست جانان
ہو نور ہی سے ساقی چشم ایاغ روشن

شمع تجلی اوسکو کہیے اگر بجا ہے
ہے مہر و مہ سے زائد سینے کا داغ روشن

حسن شباب جانان پر خلق مر رہی ہے
پروانے جان دیوین جب ہو چراغ روشن

غسل کو اوترے سے جو وہ غنچہ دہن دریا مین
غیرت خلد نظر آئے چمن دریا مین

دور گرداب ہوا ماہی کو طوق قمر سے
جب گیا غسل کو وہ سرو چمن دریا مین

سبزۂ رخ ہے تصور مین جو ہنگام بکا
مہر رخشان کو ہے ای ماہ گہن دریا مین

تعجب ہے کہ سوزان پتلیان ہین چشم پر نم مین
جو اوڑا غسل کو وہ شمع آتش کا پر کالہ

سمندر آتش سوزان مین ہو پیدا نہ پانی مین
پر ماہی ہوا گویا یہ پروانہ پانے مین

وطن مین قدر انسان کی نہین ہوتی کبھی ہرگز
صدف کے مول بھی بکتا نہین دردانہ پانی مین

دربدر اپنی نگہ پھرتی ہے ماری ماری
ہمسر پنجۂ مژگان ہوئی چنگل باز
راست گو پھل نہین پاتے چمن دنیا مین

بیٹھ رہنا کہین سائل کے مقدر مین نہین
زور شاہین کا بازو سے کبوتر مین نہین
بار کا نام کہین سرو و صنوبر مین نہین

ہمکو کب بوسۂ لعل لب جان بخش ملے
اے خضر آب بقا بخت سکندر مین نہین

عشق خطا ای جان دل مجروح کو ہووے مفید
چشم جادو فن سے ہم چشمی کا دعوی ہے غضب

زخم بھرنے کا اثر ہے مرہم زنگار مین
شاخ کیا ایسی لگی ہے نرگس بیمار مین

دل مین رخنے پڑ گئے ہین نغمہ سنجی کی سبب
بلبلو سوراخ ہون منقار موسیقار مین

جو کہ طامع ہو وہ چھانی خاک سے دل دربدر
قربت منعم سے ہووے خاک مفلس کو حصول
فروغ سنگ ظروفان خانہ دنیا مین کب ہووے
جہان مین سنگدل سے ہوتی ہے راحت کسے حاصل
گلستان جہان مین نیک و بد کا ساتھ ہوتا ہے
نزدون سرو سے ہووے دید تو سفاک کا تیر
حق و باطل جو ہو دین جمع ای نساخ کیا ممکن
گردن شمع مین قلم جو سوز ہے شمع رویان کو
چلے کب آنکھ اوس ابرو کمانکی اشک عاشق پر
جو لولی ہو اوسے گردش نا کرتی ہے روز و شب

کسنے دیکھا گھر مین بیٹھے رہتے ہین سائل کہان
آب دریا سے ہوا ہے تر لب ساحل کہان
نہین دیکھا ہے سنے نور ہرگز چشم روزن مین
کہ دفع تشنگی کا کب اثر ہے آب آہن مین
رہین کانٹے ہمیشہ پھول کی سپاہ مین گلشن مین
کہ ہے بیکار گر جوہر ہووے تیغ آہن مین
محبت ہو نہین سکتی کبھی شیخ و برہمن مین
پہ پروانہ کا عالم ہو بازو سے کبوتر مین
کبھی کشتی روان ہوتے نہ دیکھا آب گوہر مین
کہ زہرہ آسمان پر بھی ہے ای خورشید چکر مین

کر بنے نگین اگر بت چین و چگل کے صف
نساخ گھر چوم لیں اہل سخن کے پاؤں

خیال روے نگین میں دل پر داغ تازہ ہے
ہے اپنے چشم پر ہم کو تصور قد بالا کا

بہاروں پہ چمن رہتا ہے اے گلرو بہاروں میں
چمن میں سرو کا سایہ پڑا ہے آبشاروں میں

تبان سنگدل کے سر پہ ہے سیندور کا ٹیکا
دل نساخ لالہ کھل رہا ہے کوہساروں میں

ہمسر ہوں اوسکے دانتوں نساخ کیا مجال
ایراد وصف ابروے خمدار ہیچ ہے
آزاد قید دہر سے رہتے ہیں سر بلند
ضرور چاہیے دل کو خیال سبزۂ خط
فصل گل میں کہتی تھی رو رو کے بلبل باغ میں
بے گلستان چمن میں آتا ہی نہیں یکدم کبھی
میرے دل پرخون میں ہے داغ الفت لب کا
موتی کو صفا گنج صدف میں ہوئی حاصل
دل زار سوزاں ہے اپنے بدن میں
تیرے نام کا ورد ہے ہر زبان پر
برہمن کو کب خدائی میں بتوں سے نیک ہوا
آہ رہی اشک کے تاروں میں نہیں چشم تر

پیدا ہوا ہوں لاکھ گوہر شاداب آب میں
مانند ماہ داغ نہیں ہے ہلال میں
زنجیر پڑتی ہے کہیں پائے خیال میں
لباس کعبہ کا کس دن بتو سیاہ نہیں
دشمن جان ہوگئی ہے خوبی رشتۂ باغبان
خاک صحن باغ سے کیا ہے سرشت باغبان
بیکار ہے جبتک کہ نہو نقش نگین میں
نساخ صفائی ہو دل گوشہ گزین میں
بھڑکتا ہے شعلہ سا کچھ پیرہن میں
ترا ذکر ہوتا ہے ہر انجمن میں
شبہہ کب ہووے مسلمان کو خدا کی ذات میں
خط ہے یہ دانۂ تسبیح سلیمانی میں

آپ کو حضرت نساخ کسی گل کا ہے غم
شور ہے نالۂ بلبل کا غزل خوانی میں

شربت قند مکرر کا مزا
مجھکو حاصل ہے تری تکرار میں

خوف از دون کو اہل دہر سے ایذا پر
جو گنا ہے گو ہر گز چشمۂ بینا کو ہمیں سے

سرو گلشن ضرب سنگ و خشت کے قابل نہیں
بحر ہستی کا نظر آتا کوئی ساحل نہیں

مارا ہوا ہون نازبت سنگدل کا مین
دفناؤ میری نعش کو خاک کنشت مین

کس کس طرح چھپاتے ہین عشاق راز عشق
قرآن بغل مین سکے کہتے ہین تفسیر ہاتھ مین

نہین ہے سرکشی زیر فنا فی ہین لازم
ہیے دفن شاہان عالم زیر ہین مین

مکدر ہون سے نہین ہے لطیف طبع کو کام
صبا کے پاؤن مین زنجیر موج آب نہین

حسن اوسکا عشق سے میرے نہ رسوا ہو نہین
اس لیے مین نالہ و آہ و فغان کرتا نہین

نہین ہے مصحف روے صنم کا دلکو خیال
رکھی ہوئی ہے یہ ام الکتاب شیشے مین

بوسہ خال پہ تو دانت نہ پیس ای ناسخ
چاب نے دانتون سے کہ ہیکے چھپ کہیل نہین

گرہ

چشم فتان سے جو ہی دستہ نرگس حیران
مسی لب سی ترے ہوگئی مجلس حیران

گذر کب بزم رندان مین ہوا واعظ کا ایسا قی
جگہ بیہودہ گو پاتا نہین تھا ہونکی محفل مین

عہد یار مرا تماشا کن
وین قرار مرا تماشا کن

از گران جانیم سنجے دارد
سنگسار مرا تماشا کن

دامنم پر کند ز گوہر تر
چشم زار مرا تماشا کن

شب کجا و سواد زلف کجا
بخت تار مرا تماشا کن

نرگس گلشنم سخن گو شد
چشم یار مرا تماشا کن

سایہ ام سایہ منقلب شد
جسم زار مرا تماشا کن

صبح کردم ز شام ای ناسخ
انتظار مرا تماشا کن

ردیف واو

نہ دیکھا خاکیون سی جہان کے ملنے اپنی نگاہ کو
کہ شیطان کب جھکاتے پیش آدم اپنی گردن کو

جو حق گو ہین ہنو دین سر بزانو بیم مردن سے
نہین ممکن جھکاتے دار پر منصور گردن کو

ضرر ہو یہ گھر کو رحمت اللہ سے اہل دل
کہ زنگ آلود کرتے آب باران تیغ آہن کو

زمین پر جو پڑا رہتا ہے ای بیدہ نشین ہردم
ہر اک دلمین بر تنگ غباری گلرو کلنکتی ہے

سمجھتا ہون دل صد چاک عاشق تیری چلمن کو
تیری مژگان سے جو تشبیہ دی شاعر نے سوزن کو

وہ طفل سادہ رو لڑکون مین جواب گرم بازی ہے
ہزارون حسرتون سے یاد کرتا ہون لڑکپن کو

بڑھائی گیسوی مشکین فروغ حسن جانان کو
سوا و کفر کرتا ہے تمیز نور ایمان کو

تمہاری شان سے نسبت نہین ہی حور و غلمانکو
ملک سجدہ کرین رتبہ ہوا حاصل یہ انسان کو

خضر سے کب نہان ہوتا ہے حال چشمہ حیوان
ہوا روشن وہین کا حال خط سبز جانان کو

امید ہم ازادونکو کب ہی باغ عالم مین
بہار و وی سے کچھ مطلب نہین سرو گلستان کو

سر دیوانہ پر رہنا بجا ہے داغ سوداکا
ملی ہے چرخ پر رہنے کو جا مہر درخشان کو

دل پرخون کو کیا حاصل ہو دید روی رنگین سے
نہ دیکھا فصل گل مین سبز ہوتے شاخ مرجان کو

جو بیٹھا ہین انہین اہل بصارت دوست کہتے ہین
جگہہ آغوش مین رہنے کو دی آنکھون نے انسانکو

جو افتادہ ہین وہ ایذا سے موذی کے رہین این
او سچھتے کسنے دیکھا خار سے صحرا کے دامان کو

نہین اوٹھتا ہے پردہ رون کا بھی صدمہ کبھی ہرگز
جو ہوتے درد پیدا تو اوکھاڑین جڑ سے دندانکو

نمایان کیون نہو خط سیہ اوس روی روشن پہ
نہ دیکھا داغ سے خالی کبھی ماہ تابان کو

نہو پوشیدہ راز عشق ہرگز چشم پرنم سے
چھپائی کس طرح سے ابر گریان برق خندان کو

گوارا دشمنون سے ہم تواضع بھی نہین کرتے
کہ رہرو زیر پا آنے نہ دین خار مغیلان کو

نہو کیون عشق تجکو یار سے روی کتابی سے
مسلمان سب عزیز جان و دل کہتے ہین قرآن کو

ضرر عالی منش کو پست ہمت سے نہو ہرگز
کہ مطلق سیل چھو سکتا نہین مرمر کے دانا کو

حسینون مین کیا ممتاز تجکو قد و بالا نے
ملے باغ جہان مین سربلندی سرو بستان کو

جدائی ہو گئی عالم سے دور چشم و لب ترین
کہ گردش چرخ کی کر دے جدا انسان سے انسانکو

دل ناسخ میکش کو ہے یاد روی خوے افشان
کہ ناسخ دوست رکھتا ہے ہر اک میخوار یاران کو

خیال عارض رنگین مین جاو نگاہ بیابان کو
کرو رنگ گل سے رنگین تر ہر اک نوک خار مغیلان کو

جو کھینچوں آہ موزوں یاد کر کے قد جانان کو
نہاں ہوتیں نہیں دم بھر مری آنکھوں سے ای بھرو
نکل جاتا ہوں جب چشم شکار افگن کے سوئیں میں
ستارے جھڑتے ہیں جو کنش پا کے ای مہ تابان
دل الماس ٹکڑے ٹکڑے ہے دندان صافی سے
خجل ہے جلوۂ وادی ایمن اوسکے ای موسی
نہ لین جراح کا احسان کبھی ہم اپنے گردن پر
قیامت میں بھی گر دست جنون زور و نہ پر سیجا

بناؤن بھر قمری دار ہر سرو گلستان کو
محبت مجھسے از حد ہے تری شبہای ہجران کو
سمجھتا ہوں میں رو بہ سے بھی کم شیر نیستان کو
حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں مہر تابان کو
کیا خون پنجۂ رنگین نے تیرے شاخ مرجان کو
ید بیضا نہ پہونچے آفتاب داغ ہجران کو
نہیں ٹانکوں سے کچھ مطلب ہمارے زخم خندان کو
یقین ہے چاک کر دے صبح محشر کے گریبان کو

جدا ہوتی نہیں تلووں سے دم بھر دشت گردی میں
نفشق آبلوں سے ہے مرے خار مغیلان کو

سرمہ کی حاجت نہیں چشم سیاہ یار کو
دلمیں بسنے دی جگہ زلف سیاہ یار کو
چشم جانان پر بلی جا ابروے خمدار کو
بزم خوبان میں ہے گردش دیدۂ خونخوار کو
شب چشم خشمگین ہے ساتھ سوتے ہیں مرے
تیغ کی پرسش نہیں نہ سر سودائی سے
ہجر میں ہوں یاد زلف یار میں میں بیقرار
آہ دل نے ایک پیچ و تاب میں ڈالا مجھے
ڈرتے ہیں کوئی بھی عاشق شعلہ رخسار سے
عاقبت میں کام کیا آئیگا زاہد زہد خشک
نور حاصل ہے جبین ماہ کو خورشید سے
سر بلندوں سے ضرر افتادوں کو ہوتا نہیں

کام کیا سنگ فسان سے تیغ جوہر دار کو
بند کرتے ہیں پٹارے میں سپیرے مار کو
تیغ زن دیکھا ہے اکثر سان پہ تلوار کو
معرکہ میں تیغ زن چمکاتے ہیں تلوار کو
صلح میں دیکھا ہے اکثر میان میں تلوار کو
تیز کر دیتی ہے گردش سان کی تلوار کو
دن سے بھاری رات ہوتی ہے ہر اک بیمار کو
کوئی عاقل پالتا ہے آستین میں مار کو
آگ سے خطرہ نہیں ہے مرغ آتشخوار کو
رتبۂ اعلی نہیں دنیا میں حاصل خار کو
بہرہ ور عالم ہوا پڑھکر مرے اشعار کو
آبلوں سے کیا خلش خار سر دیوار کو

پیچ سے مارا دل پر داغ کو اوس زلف نے

چشم خونریز کرے گی تہ شمشیر دو دم
دار پر کھینچے گی وہ زلف چلیپا مجھکو

پہلوے گل مین جگہہ ملتے مجھے ای گردون
گلشن دہر مین کانٹا سا ہے بنایا مجھکو

پاون میخانے کے جانب کو نہ رکھے شیخ کہیں
سر کی پگڑی کے اوتر جانیکا دہڑکا مجھکو

ضبط ہرچند کیا اشکون کو لیکن ناسخ
دیدۂ تر نے کیا خلق مین رسوا مجھکو

صورت آئینہ حیران بنایا مجھکو
نقش حیرت مین لکھا یار نے نامہ مجھکو

عشق پاے جو کیا بادیہ پیما مجھکو
سر پہ دیتا ہے جگہہ دشت مین کانٹا مجھکو

تاب کیونکر رخ پر نور کی مین لاؤن گا
وصل کی رات بہی دشوار ہے جینا مجھکو

پیچ پر پیچ دیا کرتے ہے آخر اک رات
مار ہی ڈالیگی وہ زلف چلیپا مجھکو

پوچھتا ہے وہ مجھے چھیڑ کے حال دل زار
جان دلوائی خموشی ہی نے گویا مجھکو

دہن یار کا جس روز سے باندھا ہے خیال
نہین کھلتا گرہ دل کا معما مجھکو

ہوش بلبل کیطرح طوطے اوڑے ہاتہونکے
اوسکی انگیا کی نظر آئی جو چڑیا مجھکو

ہو گئی قلقل مینے حق حق کی صدا ای ساقی
حلق منصور ہوئی گردن مینا مجھکو

ملک الموت کی بہی ہو گئی بیکار تلاش
کر دیا یاد کمر نے تری عنقا مجھکو

ہین وہ مجنون ہون کہ ہر دشت مین [illegible]
سر پہ چھتر تا ہے خار کف پا مجھکو

قطعہ

جسکے قبضے مین کہ ہے رشتۂ جان ناسخ
اوس مسیحا کا پڑا وصف جو لکہتا مجھکو

صوف ہو تار شعاع اور ہو خورشید دوات
چاہیے پہر قلم سوزن عیسے مجھکو

نہین گردش سے فرصت ایکدم چشم پر افسون کو
نہین پایا کبہی چکر سے خالی ہمنے گردون کو

تری آنکہ ہوئے الفت ہے دل شوریدہ [illegible] کو
غزالون سے بہت مانوس پایا ہمنے مجنون کو

رکہا ہے خمکدہ مین مجھکو وہ چشم ساقی نے
بٹھایا گنبد دوار نے خم مین افلاطون کو

سمجھا ہے چشم پرنم مین خیال قامت جانان
لب جو بیشتر دیکھا ہے ہمنے سرو موزون کو

نہین چلتی ہے مردان خدا کے آگے ستم کی
ملایا خاک مین موسی نے کس ذلت سے قارونکو

ہمیشہ ہو دل معشوق مین گھر عشق صادق کا
کہ رستے تاک لیلی نے بھلایا یاد مجنون کو

محبت سے ہو شہرت دہر مین ای غیرت لیلی
کیا ہے عشق نے مشہور عالم نام مجنون کو

ہی قسمت جسکی اولٹی کون سیدھی کر سکے اسکو
نہین ہے گردش گردون سے حاصل بخت وارونکو

بڑھا ہے عشق طفل سادہ رو دا عوالی باقی
ترقی دن بدن ہے جسمن ماہ روز افزون کو

نہ ہووے بیخواری جمع زر سے فائدہ حاصل
دبایا خاک مین دولت نے کس ذلت سے قارونکو

عداوت سی عدو کی کیا ضرر عاشق کو ای لیلی
ملا ہے جام شربت کا بجاے زہر مجنون کو

سکندر چشمہ حیوان سے اب تشنہ پھر آخر
ملا خم مین نہ پھر گر قطرہ ہی سی افلاطونکو

چھپاؤن دل مین ای گلرو جو عشق لعل کانکو
بناؤن لعل گون گوہر مین ہر اک قطرہ خونکو

رولایا ہو نسیم گل مین جو جسکو جوش وحشت نے
بنایا ہے سمند سینے ہر اک کوہ و ہامونکو

گمان ہو صفحہ قرطاس دیوان پر بدخشان کا
کرون تحریر اگر لعل لب رنگین کے مضمونکو

گرایا ہاتھون سے جام ہی ہوا بدمست مین ایسا
جو بزم مے مین دیکھے یاد کی چشمان میگون کو

دیکھنا ممکن نہین روی بت دلخواہ کو
آنکھ سے دیکھا ہے کسنے جلوہ اللہ کو

مستقل کیا ہو زمین پر خوبرویون کا مزاج
چرخ گردان دور مین رکھتا ہے مہر و ماہ کو

قائم و ستجاب ہر اہل دول کو کیون ہی نازش
اک کفن مرنے پہ ملتا ہے گدا و شاہ کو

روی دلبر سے خجل ہوتے ہین سارے خوبرو
کیا یدبیضا سے نسبت نجم و مہر و ماہ کو

حسن یوسف کا ہے شہرہ پر نہین جسکو نظیر
جو کہ عاقل ہے کبھی سنتا نہین افواہ کو

ہم سے دشمنی لازم نہین ای بت تجھے
اپنے بندون سے عداوت کب ہوئی اللہ کو

یاد عاشق کو بتاتا ہے کوچہ معشوق کا
بھولتا ہے کوئی مسکین میکدے کی راہ کو

آہ سوزان سے ہمارے جل گیا جسم نزار
شعلہ برق شرر افشان جلادے کاہ کو

جام فیض عشق ہی نساخ ناسخ کا ہے قول

دوست کی یاد نے دشمن کو بھلایا اب
مژدہ آہو کی ہے ہر خار مغیلان مجھکو

فی الحقیقت قد جانان کا تصور ہو اگر
دار پہ کھینچیگا ہر سرو گلستان مجھکو

کفش پاؤن مین نہ دستار ہے سر پہ میرے
دشت گردی نے کیا بے سر و سامان مجھکو

جلوہ یار ہے ہر گل سے عیان ای موسی
وادی طور ہے گویا چمنستان مجھکو

کثرت داغ سے ہے تن پہ لباس کمخواب
فصل گل رکھتی نہین ہے کبھی عریان مجھکو

قتل کرنا مجھے پوشیدہ کہین اے قاتل
عشق ہے ابروی خونخوار سے پنہان مجھکو

آمد خط رخ روشن پہ جو یاد آتی ہے
داغ دیتا ہے چراغ تہ داماں مجھکو

خسرو وقت ہے تو یاد ترا اے شیرین
سوختہ گنج ہے داغ دل سوزان مجھکو

نام روشن ہوا ظلمت کدہ عالم مین
داغ سوزان نے کیا سرو چراغان مجھکو

لب جان بخش صنم کے جو لکھے ہین اوصاف
دیدۂ صاد ہوا چشمۂ حیوان مجھکو

بندۂ بت ہون مین نساخ بقول ناسخ
شرم آتی ہے جو کہتے ہین مسلمان مجھکو

اوس صنم کا دھیان رہتا ہے دل ناشاد کو
بھولتا ہے کب دل زاہد خدا کی یاد کو

دیدۂ نادان کو کب شرم و حیا کا ہو خیال
فکر کب ملبوس کی ہو عور مادر زاد کو

فرق خوبان پہ ملے جا راست بازونکو مدام
زلف تک ہووے رسائی شانۂ شمشاد کو

ظالمونکا ظالمون سے ساتھ ہوتا ہے مدام
رکھتا ہے قاتل کمر مین خنجر فولاد کو

جان سے بھی اپنی شعرونکو رکھین شاعر عزیز
سب سے زائد کرتے ہین انسان پیار اولاد کو

جان دے پروانہ پہ شاکی ہو وصلے شمع کا
دھیان کب عاشق کرے معشوق کی بیداد کو

فائدہ نافہم کو کب شعر روشن سے ہوا
شمس سے کیا نفع ہوا اعمی مادر زاد کو

کس طرح دنیا مین دیکھون اوس رخ پر نور کو
کس نے دیکھا عالم فانی مین روے حور کو

میرے آگے حاسد شیطان صفت کیا سر جھکا
خم نہین دیکھا ہے ہرگز گردن مغرور کو

موفر پوستنکے پاس ہی ہوتی ہے دولت منعمو
اس خرابی مین عسل حاصل ہوا زنبور کو

باندھ کب قصر بلند یار مین پاے رقیب
خانۂ افلاک مین کب دخل ہے مزدور کو

ہے تمیز عاشقون مین داغ سے جسم نزار
سربلندی باغ دنیا مین ہے نخل طور کو

چرخ کجرو راست بازونکو ستاتا ہے مدام
حرف حق کہنے سے کھینچا دار پر منصور کو

منعمون کا دل طمع سے بھی کہین خالی ہوا
ربع مسکون پر قناعت کب ہوئی فغفور کو

لال ہے دست حنا بستہ سے وصف نگین بان
گناہ کرنیکا اثر حاصل ہوا سیندور کو

خال کا رہنا بجا ہے روے صافی پر ترے
خلق غافل سے جدا کرتی نہین کافور کو

کب خزان نے گلشن حسن بتان پامال ہو
باد صرصر کب بجہا سکتی ہے شمع طور کو

بیخطر نساخ دور چرخ سے ہین اہل عیش
ڈر نہین ہے آسیا سے دانۂ انگور کو

جہان مین درد و غم صدمہ الم ہوتا ہے زر کو
پہونچتے ہین ہزارون رنج اہل مرغ بی پر کو

ہے تیری چشم مژگان کا تصور ہر دم اے قاتل
سپاہی کب جدا کرتا ہے دم بھر تیغ و خنجر کو

دل پرسوز کو کیا خوف باد شمع ویان سے
ضرر کب شعلۂ آتش سے ہو بال سمندر کو

اوڑانے رنگ خوبان جہان وہ عارض روشن
چھپا دیوے فروغ مہر تابان ماہ و اختر کو

جو صافی دل ہین قدر اونکی ہوا کرتی ہے عالم مین
کہ دوکان جہان مین آبرو حاصل ہے گوہر کو

وہی آزادہ غم ہے سہان مری جو نہین رکھتا
پہونچتا کب ہے صدمہ معرکہ مین جسم بےسر کو

مرے دل کی طرف کیا اے نگہ و جلوہ فرما سے
کبھی دیکھا نہین ہے پھولتے پھلتے صنوبر کو

جو ہین اہل دول مرتے ہے وہ دو زخ مین پہونچینگے
جو کہنہ ہو جلاتین آگ سے پاپوش پر زر کو

نہ دینا اپنا دل نساخ دلبر کو کبھی ہرگز
حوالہ طفل کے کرتا ہے کوئی مرغ بے پر کو

یاد کرتا ہون ترے پھولسے رخسارون کو
پھونکدے نالۂ سوزان مرا گلزارون کو

گنتے ہین شام سے تا صبح پڑے تارونکو
نیند کیا آئے شب ہجر کے بیدارون کو

آہ سوزان سے مرے خشک ہوا جسم نزار
باد صرصر نے اگر خشک کیا خارون کو

گرم رو جوشش وحشت مین اگر ہم ہووین
کاہ کی طرح جلاوین ابھی کہسارون کو

بعد مرنے کے قرار آیا دل بیتاب کو
بیقراری ہوتی ہے کب کشتہ سیماب کو

کیا ملے گردش زدونکو دور چرخی سے نجات
چرخ سے فرصت نہیں خار و خس گرداب کو

عشق رخ میں دل نکل بھاگا ہے پہلو سے مرے
گرمی آتش اوڑا دے شیشے سے سیماب کو

اوس رخ روشن کی آگے نالے کرتے ہیں رقیب
کتے اکثر بھونکتے ہیں دیکھکر مہتاب کو

صحبت آئینہ رویاں میں ہے دل کو بیقرار
مضطرب دیکھا نہیں آئینہ کی سیماب کو

خاک ہو کر بڑھ گیا رتبہ دل ناسخ کا
ہوتی ہے اکسیر جب کشتہ کریں سیماب کو

دلوادو بوسے ہو گی ترقی جمال کو
ای جان جان زکات بڑھاتی ہے مال کو

پریوں کو کیوں گریز ہے دیوانوں سے بھلا
وحشیوں سے بھاگتے نہیں دیکھا غزال کو

بالوں سے کیوں نہ گوشہ ابرو نظر چھپے
دیکھا ہے چھپتے ابر میں اکثر ہلال کو

پروردوں سے ہووے کسی طرح فائدہ
کچھ نفع مشک سے نہیں ہوتا غزال کو

ہجر میں کم نہیں انگار سے ہر گل مجھکو
ہے فزوں دود پریشاں سے بھی سنبل مجھکو

باغ میں ساتھ وہ خورشید قیامت جو نہیں
قمری صور ہوا فاختہ بلبل مجھکو

مہر و مہ اوسکو پہونچتے ہیں کب ای جلوہ طور
ید بیضا ہے مرے ہاتھ کا ہر گل مجھکو

یاد اوس طفل مغنی کی جو زندان میں ہے
نغمہ داود کا زنجیر کا ہے غل مجھکو

سر کو چکر ہے مدام اشک ہیں جاری [illegible]
یاد ہے مسئلہ دور و تسلسل مجھکو

زلف جاناں میں ہوا طائر جان کو صدمہ
راحت شانہ کا ہوا باز کے چنگل مجھکو

یاد جنت میں کبھی آئے جو تیری زلف سیاہ
ہو گیا مارسیہ خلد کا سنبل مجھکو

چھٹنا ترے جور سے نہیں دلکو گوارا
ہے قید رہائی قفس جسم سے جان کو

احسان نہ کبھی غیر کا لے صاحب جوہر
کیا کام فشان سے ہو بھلا تیغ زبان کو

سہے شمع کے جا انجمن دہر میں ناسخ

ہر بزم مین کہوں بار نہو حبیب زبان کو

شہرت ہے یہ بزم شعروں سے میرے / کہ روشن کرے شمع ہر انجمن کو
ہو پایمال برگ خزان ہم صفیرو / پریشان ہوا چھوڑ کر ہمین وطن کو

ولہ

کیا کام کدورت سے دل اہل صفا کو / تر آپ سے دیکھا نہین دامان صبا کو
حاجت ہے رہ عشق مین کب خضر کی مجھکو / بتلائے گا کعبہ کوئی کیا قبلہ نما کو
دنیا مین ہے قانع کے لیے رتبہ اعلی / جا ملتی ہے افسر پہ سر بال ہما کو

ولہ

بشاشت ذبح عاشق سے نہو کسطرح قاتل کو / کہ لڑکے ہوتے ہین خوش دیکھکر غلطان بسمل کو
سماعت کب وہ کرتا ہے ہمارے نالۂ دل کو / کہ گوش گل نہین سنتا ہے فریاد عنادل کو
ترے دیدار سے آسودہ کب ہوں دیدۂ عاشق / کسی صورت نہو سیری کبھی کشکول سائل کو
جو آیا سامنے دینار داغ اوسکو دیا تو نے / جو ہین اہل کرم محروم کب کرتے ہین سائل کو

ولہ

دنیا مین دیر پا نہین ہوتے ہین خوش ظرف / اک لمحہ بھی قیام نہین ہے حباب کو
آنکھون دلون کو نور سے بہرہ نہو کبھی / حاصل نہووے روشنی چشم رکاب کو
روشندلون کو چرخ سے فرصت نہین کبھی / دیکھا ہے دور مین قدح آفتاب کو
ہوا اشتعال جو دیکھا سینے روی غیرت گل کو / کہ فصل گل مین بیتابی سے ہو جاتی ہے بلبل کو
ضرر کسطرح پہونچے داغ دلکو گرم آہون سے / بجھا سکے باد صرصر کب چراغ لالہ و گل کو
جو کج ہین راستی اونکو کہین نہین سکتا کوئی ہرگز / مٹا سکے شانہ شمشاد کیونکر پیچ سنبل کو
لگے کیا گلشن جنت مین دل سب بار گلرو کے / غذا ان مین سمجھے قفس سے تنگ گلزار بلبل کو
روٹھکر وصل کی شب جیسے سنجاؤ آتو / مثل مردم مری آنکھون مین سما آؤ تو
دیکھتے ہی نہین عشق آگیا جاتے ہو کدھر / اپنے عاشق کو ابھی ہوش مین لا آؤ تو
راہ گھر کی ہمسے کتراکے جو تم چلتے ہو / دل یہ کہتا ہے کہان جاتے ہو آ جاؤ تو

اٹھ رہے جاتے ہو عبث عاشق ناکام سے تم
تنگ تھا کون نے کیا ہے اس دل مایوس کو
گر نکلے خط زوال حسن جانانہ کا ہو خوف
سر آنکھون پر جگہ افتادونکو دیتے ہین روشندل
طبع ہو سیم و زر کا جسکے دل مین ہو وہ نابینا
ڈرے مضمون کو دیکھ کسطرح شاعر نے حاسد
وحشت پیدائی مین یاد آتے ہو اوسکا حسن سبز
گریۂ بے اختیاری کا اگر مضمون سناؤن
ہو بیابان لیلی مین ای وحشت جو یاد آئے وہ خط
زندہ سینچی مری سن لے جو آئے آئینہ رو
یاد دلبر کو پریشانی دل ویران مین ہے

نہین ہے قبر مین دنیا سے مطلب
ہے اپنے چشم تر مین اشک پر خون
جو افتادہ سے ہے آرام مین وہ
بڑھا ہے دل کا رتبہ عشق جانان
خوب لوٹا گنج حسن یار جانی رات کو
یاد دن تک کیا ہاتھ پہنچا نا کوئی [illegible]
کیسا اب رنگین کا باندھا تھا نہ تو آئین

دیدار روئے یار سے کب دیدۂ تر خشک ہو
آبرو حاصل نہو اوسکو جو آنکھون سے گرا
یاد آتی ہے کہ راہی جان تمہاری رات کو
بجلیان ہے برق وش دیکھین تمہاری آنکھ
بکھر گئین تیر آگئین اوس سے ہو گئین آنکھین سفید

نام محبوبی کا اسے جان نہ بتاؤ آؤ
غم فزون ہو روزن دیوار سے محبوس کو
کرتی ہے گل باد صرصر شمع بے فانوس کو
کشان ہے اپنے جانب چرخ سے خورشید شبنم کو
سزا نور سے دیکھا ہے سینے چشم خاتم کو
سلیمان دیو بن سکتا نہیں ہے لیکے خاتم کو
ابر مژگان سے مرے خار مغیلان سبز ہو
کشت دہقان کی طرح بزم سخندان سبز ہو
تار سنبل کی طرح تار گریبان سبز ہو
شکل طوطی باغ مین مرغ خوش الحان سبز ہو
دیکھکر ہر وقت مین صحرا سے وحشتناک کو

غرض کیا بزم سے خلوت نشین کو
رکھین شیشے مین آب آتشین کو
کہان مثل فلک گردش زمین کو
شرف ہوتا ہے حاصل نگین کو
ہو گیا حل عقدہ راز نہانی رات کو
کرتی تھی خیال جانان پاسبانی رات کو
دیدہ تر تھا جو صرف خون فشانی رات کو

تابش خورشید سے کیونکر سمندر خشک ہو
اشک کا قطرہ بھی کوئی مثل گوہر خشک ہو
دن سے ہوتا ہے زیادہ ضعف طاری رات کو
کیون نہ بجلی کیطرح ہو بیقراری رات کو
کھینچی ہے اوس سنگدل کی انتظاری رات کو

تعجب کیا جو ٹپکے دیدۂ تر سے مرے آنسو
چھلکنے ہی دیکھا ہے سدا جام لبالب کو

ہے عالی حوصلہ سے کس کو ایذا
قناعت ہڈیوں پر ہے ہما کو

بت کافر کا چہرہ کیا نظر آئے
نہیں دیکھا ہے آنکھوں سے خدا کو

نہووے سنگدل بھی اوس سے محروم
ملے دانہ دہان آسیا کو

عاشق ہیں ترے سوزش ہجران سے بیکل
آتش سے کچھ گزند نہ پہنچے خلیل کو

انسان پہ کس طرح سے کھلے کنہ ماہیت
راز دل سے تیرے علم نہیں جبرئیل کو

روشن ہو دل مست پہ کیفیت عالم
معلوم ہوا حال جہان جام سے جم کو

داغ دل پر سوز ہیں ناسخ کو پیارے
سب دوست رکھیں دہر میں دینار و درم کو

پہنا مری آنکھوں کا کسی طرح نہ ہو بند
بھرتے کبھی دیکھا نہیں ناسوروں کو

ناسخ پڑھو بزم میں گلرویوں کے اشعار
جز نغمہ زنی کام نہیں مرغ چمن کو

پروردوں سے ثمر نہیں ملتا ہے بشر کو
جز سنگ نہو بار سے کچھ نخل شجر کو

نافہم کا دل خوش نہو شعروں سے ہمارے
کیا لطف ملے نغمۂ داؤد سے کر کو

زلفوں کو اوس پری نے جو کھولا عجب نہیں
صیاد ہمیشہ بچھاتے ہیں دام کو

فرقت یار میں ہوتا ہے عجب غم مجھکو
روز رہتا ہے نئے طرح کا ماتم مجھکو

ڈرتا ہے کون صدمۂ آفات دہر سے
قطرہ نہیں ہے موج سے ہرگز نہنگ کو

سایہ فگن جو آب میں دندان یار ہو
کیونکر نہ سمجھے حباب دُر شاہوار کو

جو کج ہیں رہتے ہیں گردش میں ہر دم
سدا چکر میں دیکھا آسمان کو

عقدہ یہ سربلندی گردون سے کھل گیا
دنیا میں ہے عروج ہر اک کج نہاد کو

دیدہ ور شعر و نیے کب ہونا بینا ہے علم
خاک ہووے فائدہ سرمہ سے چشم کور کو

غیر جنسوں کی کسی ہووے گوارا صحبت
شہر کیا آئے پسند آہوے صحرائی کو

تکرونے سے مجکو منع اے ناصح کہ خالق نے
کیا مور دگنہ کا مانع باران رحمت کو

سرد مہری بتان سے ہوا سوزان دل داغ ار
شمع کافور جلا دیتی ہے پروانے کو

ہو نمود ابرو اسکے تم ہمسر کسی صورت
شنا سے مرے دل کی گرہ کہل نہین سکتی
کیا پست فکر دخل کرے مرے شعر مین
ایمن ہے حوادث سے سدا حسن خداداد
گوشمالی چرخ سے عالم نہ گھبراے کبہی

شرف ہی بادشاہی پر ترے در کے گدائی کو
دیکہا ہے نہین عقدہ کشا پنجہ شل کو
پروا ہے سیل کب ہے زمین بلند کو
کب خوف خزان کا ہوا گلزار ارم کو
ہوتی ہے دست نوازش گوشمالی ساز کو

ردیف ہاے ہوز

یہہ غزل صنعت لزوم مین ہی یعنی لفظ صاف کو ہر شعر مین لازم کہا ہی

دیکہہ لے گر خط سبز صاف رخسار آشنا
پہر تو افگن ہووے مستی مین اگر وہ روی صاف
فیض عکس گوہر دندان صاف یار سے
عاشقون کی موت کی صورت نظر آتی ہی صاف
زخم تیغ چشم یار سے وہ جدا ہین ہے مدام
تربیت سے کیون نہو آہن دلون کا دل بہی صاف
دلبین ایسکے ہے جو کچہ مجہکو نظر آتا ہے صاف
خط سے روے صاف دلبر کو نہین جہاں ملال
مہربان جو ہووے میان سادہ رو کا ہی مدام
ہو نمایان سبزۂ خط روی صاف یار پر
روی صاف پر عرق تیرا نظر آوے اگر
شہسوار سادہ رو گذرا ہے جو اس راہ سے
دیدۂ گریان کا پڑے عکس پڑجاے اگر
بے اثر کیون وار تیغ موج صرصر کا نہو

کیون ہووے صورت طوطی سے بیزار آئینہ
خانۂ خمار کی بنجاے دیوار آئینہ
ہوگیا ہے معدن لولوے شہوار آئینہ
دست قاتل مین بنی شمشیر خونخوار آئینہ
جسم صاف دلبر سفا کہے چار آئینہ
کرتے ہین آئینہ گر شیشہ سے تیار آئینہ
ہے گہر کا سینہ شفاف و لدار آئینہ
صورت طوطی سے کب ہوتا ہے بیزار آئینہ
صاف قلب صاف ہے گویا کہ ہو دار آئینہ
کیا تعجب ہے کرے پیدا جو زنگار آئینہ
پانی پانی شرم سے ہو صاف ای یار آئینہ
ہے زمین پر صاف نقش پای رہوار آئینہ
صاف بنجاے ابہی ابر گہر بار آئینہ
جسم صاف شمع پر فانوس ہے چار آئینہ

طوطی حیران اگر بیٹھا ہے چڑیا کیا عجب
ہے صفائی سینہ سے انگیا کی دیوار آئینہ

منعکس داغ دل ناسخ کہو وے کبھی
شعلہ رو ہو صورت سیماب قرار آئینہ

کیون نہ کہین سند بیماران چشم یار آنکھ
بیشتر کم کہو لیتے ہین مردم بیمار آنکھ

ای مسیحا غیر سے جب تو کرے گا چار آنکھ
سوزن غیرت سے پھوڑ دینگے تری بیمار آنکھ

روتے روتے کھوئی بینائی تمنا ہے ہجر مین
رہ گئی اب دیکھنے ہی کو مرے ای یار آنکھ

دیکھتی ہے عاشقون کو کیا نگاہ تنگ سے
چشم روزن سے نہین کم تیری ای دلدار آنکھ

پڑ رہے پڑ رہے کیون نہ اوڑ جائین جگر عشاق کے
تیر مژگان ہے نگہ خنجر ہے اور تلوار آنکھ

سمجھے ہم جیسی کا دعوی کرتے ہین آپ چشم یار
نرگس و بادام سے کہہ دے کہ کرین چار آنکھ

اب بھی تو سا اپنی صورت زیبا دکھا
حسرت دیدار مین پتھرا گئی اے یار آنکھ

دل سے دل اس کافر بدکیش کا ملتا نہین
گو کہ آنکھون سے ملاتا ہے وہ دو چار آنکھ

حشر پر ہے وعدۂ دیدار اوس خوش چشم سے
تا قیامت کھو لینے کے ہم نہین زنہار آنکھ

وصل مین ناسخ کو کرنے نہین دیتی ہے بند
ایک لمحے کے لیے بھی حسرت دیدار آنکھ

قابو سے رات یار جو نکلا چھوڑا کے ہاتھ
گویا شکار چھوٹ گیا میرے آکے ہاتھ

اوسنے جھٹک دیے مرے شب کس ادا کے ہاتھ
کھینچا بغل مین اوسکو جو لینے بڑھا کے ہاتھ

ہاتھون مین آئین اوس بت نا آشنا کے ہاتھ
اللہ سے مانگتا ہون دعا مین اوٹھا کے ہاتھ

عاشق کے رہتے بوالہوسونکو کیا شہید
انصاف ہے مرا تری تیغ جفا کے ہاتھ

ہیرے کی ہین کلائیان بازو بلور کے
ترشے ہوئے ہین لعل کے اوس دلربا کے ہاتھ

پھیلائے پاؤن چاک گریبان نے سر بسر
پہروے مین جو پھیلے لپیٹے دکھا کے ہاتھ

کھولی شب وصال مین زلفون کی جو گرہ
ناخن سے ہین شانۂ عقدہ کشا کے ہاتھ

تیکھی صفائی ہاتھون کی اے دلبر فرنگ
دل ہاتھون ہاتھ سے لیا مجھسے ملا کے ہاتھ

کیونکر زبان سے اوسکی نزاکت کا ہو بیان
منہدی لگائے سے لال ہین جس مہ لقا کے ہاتھ

ردیف یاے حطی

ہجر کی رات کو رلواتی ہے کیا کیا بدلے
بھرتی ہے اشکون سے دامان تمنا بدلے

میگساری کے لیے آئیگا پریون کا ہجوم
کرے میخانے کو اندر کا اکھاڑا بدلی

باغ مین بلبلین خون اپنا کرینگی دم سے
سرخ پوشاک جو تونے گل رعنا بدلی

بادہ خوارون کو جو ہے صورت مجنون الفت
ساقیا بن گئی ہے گیسوے لیلا بدلی

یاد دندان مین اشارہ ہو اگر اشکون کا
ابھی برسانے لگے عقد ثریا بدلی

کوندنا برق کا ہے نالہ سوزان مین مرے
اشک باری سے ہوا آنکھ کا پردا بدلی

فصل باران مین کرون قصد جو میخانے کا
وہ سیہ بخت ہون ہوجائیگی عنقا بدلی

ہجر معشوق مین ہے ساغر عشرت ٹکڑے
دیکھکر خوش ہوا عاشق شیدا بدلی

ہوئی برسات مین جو وصلت ساقی حاصل
میکشی کا مجھے کرتی ہے اشارا بدلی

جو کہ ہین مست مے شعر و سخن سمجھین گے
باندھی ہے حضرت نساخ نے کیا کیا بدلی

دیکھیے موسم باران مین تماشا بدلی
سوتون مین اوس سے لپٹکر رہے تنہا بدلی

بھول جائیگی صدا رعد کی اے رشک پری
تیرے دیوانے کا سن لے گی جو نالا بدلی

غیر کو آنکھ اوٹھا کر بھی نہ دیکھا مینے
چتون اوس یار جفاکار نے بیجا بدلی

نالہ زن صورت بلبل ہین کوئی عاشق
خط کے آتے ہی ہوا اے گل رعنا بدلی

یاد ہے ہجر مین زلف عرق آلودہ کے
چشم و دامن سے خجل ہوتے ہین دریا بدلی

مجھکو تمیز نہین اشک فشانی کے سبب
دیدۂ زار کا پردہ ہے وہ ہے یا بدلی

برق پر عارض روشن کا گمان ہوتا ہے
دیتی ہے زلف سیہ کا مجھے دھوکا بدلی

کوہ و صحرا کو ڈبو دیوے مرا سیل سرشک
آہ سوزان سے مرے خشک ہو دریا بدلی

وصل باران مین ہے سرگرم نمانہ ہر جبین
کوندکا مجھکو سناتی ہے ترانا بدلی

اشک سے صاف ہے ہمارا دل کعبہ مبرا
اسکا شفق کا ہوئی زخمون کو سفیدا بدلی

چڑھ گیا ہے یہ مرے نالہ سوزان کا دہوان
اک غزل اور بہی ستانہ سنا دیتا ہون

سر پہ لاتی ہے بلا ہجر مین کیا کیا بدلی
میرے رونے سے ہوئے داغ دل روشن اکل

دشت و صحرا پہ روان ہوتی ہے برساتون مین
سوگ کس کشتہ گیسو سے چلیپا کا رکہا

کالا مرہم کا کرے گی مری چشم پر نم
یاد کاکل مین ہے نالان دل پر داغ مرا

کوئی خوش کوئی غمین جہمکدہ دہر مین ہے
ہین میسر مجہے ساقی ازل سے باعث

غم نساخ کا عالم مین اثر پہیلا ہے
غزل مین نکہت چشم بتان کا وصف موزون ہے

پہنسا ہی دام مین میری غزال مست اے ساقی
کری برق خندہ خرمن اشعار موزون پر

وہ مہرو میری گہر تک آ کی شب کو پہر گیا الٹا
دلا ہی وحشی نہین جو جلوہ افزا بزم عشرت مین

پری رو جیسے سن پایا ہوا دیوانہ سودائی
خدا کے قہر سے ڈرتے نہین بہولی ہو دولت پر

غضب اندہیر ہے ہین چشمہ خورشید مین کالے
پری رو پہر توڑ لائی ہین ترے دیوانے زنجیرین

رولایا دشت و صحرا نے جو اٹھکے سیخ زندان مین
خدا جانے نصیحت عشاق پر اب کیا بلا آئی

ہوا انکسیر اے کمال طالع مین مرے لیجیان

نام رندان خرابات نے رکہا بدلی
دیکہیے رنگ نیا لاتی ہے کیا کیا بدلی

یاد دلواتی ہے وہ زلف چلیپا بدلی
ماہ و انجم کو چہپا دیتی ہے کیسا بدلی

کم نہین تخت سلیمان سے ہے اصلا بدلی
کیون یہ پوشاک سیہ پہنے ہے ترسا بدلی

ہوگئی زخم دل افگار کا پہاہا بدلی
مور کو وجد مین لاتی ہی ہمیشا بدلی

برق خندان ہے اگر کرتی ہے گریا بدلی
جام ہے شیشہ صراحی خم صہبا بدلی

رعد نالان ہے اگر کرتی ہے گریا بدلی

جو حرف دائرہ وار اوسمین ہے خم فلاطون ہے
دل صد چاک کو کب اپنے یاد چشم میگون ہے

مرے دیوان مین کب اضطراب دل کا مضمون ہے
یہ سب کچہہ باعث بد قسمتی بخت واژون ہے

شبان نالہ مجنون صدائے چنگ و قانون ہے
تمہاری نرگس جادو کا افسانہ بہی افسون ہے

تمہارے ہاتہ مین اے منعمو کیا گنج قارون ہے
دل پر داغ کو کب یاد گیسوہای شبگون ہے

جنون کا جوش ہے زیر قدم پہر کوہ ہامون ہے
مری زنجیر کا ہر تار مثل موجہ خون ہے

اسی ویران سے موجود سامان شبخون ہے
کہون کیا راز جو مین ہر کے قسمت وہ واژون ہے

سیمتن کو جالی کی انگیا پہنایا چاہیے
دام میں سو شوخی چڑیا کو پھنسایا چاہیے

مار ڈالا ہے ترے جوڑے نے جو اے شوخ چشم
ناف آہو میرے مرقد پہ چڑھایا چاہیے

چاہیے دلکو تصور چشم فتان کا ترے
عطر فتنہ سے یہ پیراہن بسایا چاہیے

مار ڈالا ناصحا تیری نصیحت نے مجھے
کوئی تدبیر اوسکے ملنے کی بتایا چاہیے

آگئے ہیں تو شبکی شب رہا چاہیے اے ماہرو
طالع خوابیدہ کو میرے جگایا چاہیے

دیدۂ نرگس کو پھوڑا اور مروڑے گلکے کان
سرو کی گردن کو بھی اے گل جھکایا چاہیے

مثل شاخ زعفران ہجران میں ہے وہ زرد و زار
حال پر میرے ہنسے اپنا پرایا چاہیے

شوخیاں بلبل سے جو کرتا ہے اے دست جنون
دھجیاں گل سے گریبان کی اوڑا چاہیے

زندگی بھر غیر کی ہووے نہ محتاجی نصیب
یہہ دعا ہووے قبول اپنے خدایا چاہیے

نالے یا رب سرو بالا میں جو ہوتے ہیں بلند
عرش اعلی کا بھی اب ہلجائے پایا چاہیے

پرتو افگن ہر طرف سے جلوۂ دیدار ہو
دلکو اپنے آئینہ خانہ بنایا چاہیے

رنگ گل اوڑنے لگے کا ہوش بلبل کی طرح
باغ میں چلکر رخ رنگین دکھایا چاہیے

آفتاب حشر کی گرمی کا مجھکو خوف کب
دست پیغمبر کا میرے سر کو سایا چاہیے

کشتۂ چشم سیہ ہے تربت نساخ پر
گل کے بدلے دیدۂ آہو چڑھایا چاہیے

یہ کم سبحی چھوڑنا لازم ہمنشین نساخ کو
او کبھی اک ہاتھ اسے قاتل لگایا چاہیے

مرقد نساخ پہ لازم ہے جانا اے کشتو
گل کے بدلے پتوری بھی تو چڑھایا چاہیے

ہوں سراپا حسرت مطلع ایسی نور افشان غزل
پڑھ کے اس خورشید طلعت کو سنایا چاہیے

ولہ

گل کو اے گل مار تھی رنگ [illegible] دکھایا چاہیے
پنکھڑیوں میں عندلیبوں کو اوڑایا چاہیے

پنجۂ گل رنگ اے گلرو دکھایا چاہیے
شاخ مرجان سے جگر سے خون بہایا چاہیے

سبزہ یہہ سیرے دریا میں دکھایا چاہیے
عکس رخ سے آگ پانی میں لگایا چاہیے

سکل پہ گل اور داغ پر ہے داغ کھایا چاہیے
گلشن فردوس سینے کو بنایا چاہیے

آئینہ رو خط سبز اپنا دکھایا چاہیے
طوطیوں کے ہاتھ سے طوطے اوڑایا چاہیے

روہی آتش رنگ کا مضمون سنانا چاہیے
حاسد بد کیش کے دل کو جلایا چاہیے

دونون عالم ساقیا دل سے بھلایا چاہیے
ایسی اک بوتل برانڈی کی پلایا چاہیے

ای جنون پرزے سلاسل کے اوڑایا چاہیے
دشت وحشت کی بھی طاقت آزمایا چاہیے

حال جسم زار کا اپنے سنایا چاہیے
اوس گل رعنا کو خارستان پڑھایا چاہیے

مصحف رخسار روشن کو دکھایا چاہیے
گبر مین بگڑے ہوئے ایمان پہ لایا چاہیے

شمع رو اک رات دریا مین نہایا چاہیے
مچھلیون کو مثل پروانہ جلایا چاہیے

خانۂ زنجیر مین وہ غل مچایا چاہیے
آسمان کو سر پہ ای نسلخ اوٹھایا چاہیے

چوکہ اوس کا فرط عالم پہ فدا ہوتا ہے
سوز و رنج و غم و جور و جفا ہوتا ہے

سیر گلگشت جو وہ جلوہ نما ہوتا ہے
باغ مین پیرہن غنچہ قبا ہوتا ہے

جو اسیر خم گیسوے دوتا ہوتا ہے
دہر کی قید علائق سے رہا ہوتا ہے

دم بیان حضرت عیسی کا فنا ہوتا ہے
لب جان بخش جو اعجاز نما ہوتا ہے

ناوک سینہ اثری صید یہ کر لیتا ہے
جب روان سوی فلک مرغ دعا ہوتا ہے

دم رفتار تن مردہ مین جان آتی ہے
شور خلخال بتان قم کی صدا ہوتا ہے

جان پریشان دو مشاطہ کے بن جاتی ہے
جل پہ جسوقت وہ گیسوے دوتا ہوتا ہے

اوسکے عارض سے اگر ہے رخ مہتاب کو رشک
داغ سینہ سے خجل شمس ضحی ہوتا ہے

خلق کو نوح کے طوفان کا گمان ہوتا ہے
دیدۂ زار جو مصروف بکا ہوتا ہے

چوم کر اوس لب شیرین کو ہوا مین تو کھلا
سم سے افزون اثر آب بقا ہوتا ہے

دو آتو ہر جا ادھر لوٹ گئے ہر راہ
تیری چالون پہ تو اک حشر بپا ہوتا ہے

ہمسری ناخن پا سے ترے جب کرتا ہے
ماہ نو چرخ پہ انگشت نما ہوتا ہے

کرہی لیتا ہے گرفتار وہ گل ہاتھون ہاتھ
دل چرا لینے پہ گر دزد حنا ہوتا ہے

خون ہوتا ہے دل غنچہ مرجان یکدست
دست رنگین کے مقابل جو ذرا ہوتا ہے

عمر بھر ہووے نہ آزاد گرفتاری سے
رشتۂ زلف بتان سے جو بندھا ہوتا ہے

ہوا پابند عقد رشتۂ کہکـ — کہان ہاتھ آیا سخن ون بیان ہے
دہوان سے زلف او شعلہ ہی عارض — ترا قد روان شمع روان ہے
ستاری مانگ کی لکہی جو تعریف — مرا ہر شعر رشک کہکشان ہے
خیال عارض آتش فشان ہے — دہوان نظرون مین مرا آسمان ہے
دل اخگار مین ہے یاد مژگان — فلک پر تیر کا ہورا مکان ہے

روان آنکھون سے ہے اک خون کا دریا
رخ رنگین جو اوس گل کا نہان ہے

توہم کا گذر دہان تک کہان ہے — مکان اوس دلربا کا لامکان ہے
خیال باغ روئے دلستان ہے — دل پر داغ باغ بے خزان ہے
ترے دانتو نپہ رنگ پان عیان ہے — یہ کان لعل مین گوہر نشان ہے
لکہا اوسنے جو حال زار اپنا — تو خامہ رشک شاخ زعفران ہے
دل سوزان مرا بہتا ہے اوسمین — ذقن تیرا سمندر کا مکان ہے
بنا ہے مضمون چشم فتنہ زا کے — زمین شعر گویا آسمان ہے
خط نورس اگر ہین حضرت خضر — لب جانان مسیحا ہی زبان ہے
کہا مینے دہن کو جو ہے فرد — کہو اے منطقی حجت کہان ہے
جدا معشوق سے عاشق کو کردے — مگر دور فلک شور افزان ہے
خیال خال ہے اس چشم نم مین — کہ دلوا ے ماہ کیوا کا مکان ہے
نمایان کیا دہان یار ہووے — نظر سے چشمۂ حیوان نہان ہے
نہین ہے بات منہ مین اوس صنم کے — کہ نقطہ پاسے ہوتہ مین گمان ہے

وہ نور افشان ہین اپنے شعر [illegible]
منور جنسے بزم دوستان ہے

کس گلبدن کی بنگلے دہوم اس چمن مین ہے — پہولا ہوا خوشی سے جو گل پیرہن مین ہے
فیض چمن خیال رخ گلبدن مین ہے — بویا ہے رنگ ورد سے جو گل بدن مین ہے

کٹنے سے مدعی کے کھلی تیغ زن یہ بات
کہتے ہیں اوسکو نکتہ موہوم اس لیے
کیا دور آفتاب میں ہو دن کو کیفیت
یاد عذار صاف و لب و زلف میں یہ دل
دکھلائے مجھکو جلوہ مہ نے خدا کی شان
کیا نکلے منہ سے بات ترے آگے رشک سے
چھو سکتے اپنے ہاتھ نہیں اوسکے پاؤں کو
لاکھ آرزو کے خون سے ہے ظالم بھرا ہوا

خنجر کا خاصہ مرے طرز سخن میں ہے
نقطے کی بھی جگہ نہیں تیرے دہن میں ہے
جو لطف شب کو دور شراب کہن میں ہے
گاہے حباب میں گاہ ہمیں گہہ لگن میں ہے
عالم حرم کا بتکدۂ برہمن میں ہے
زندہ جو پیرہن میں ہے مردہ کفن میں ہے
ناز و نیاز وصل میں دولہا دولہن میں ہے
آسیب بلا کمان ترے چاہ ذقن میں ہے

ناسخ کیوں جواب آتش کا میں لکھوں
گرمی ہزار رنگ کی میرے سخن میں ہے

اندام نازنین طلسم پیرہن میں ہے
بلبل بھی اب تجسس رنگ چمن میں ہے
اے بادرو جلیں جو مرے داغ تن میں ہیں
سارے ہیں آنسووں ہی جو داغ تن میں ہیں
بیتاب روی روشن و رنگین کی یاد میں
مضمون شبہ ہاے تحت دل بیقرار کا
اللہ رے صفائی تن نازنین کا رنگ
یہ فیض چشم تر ہے کہ مرنے کے بعد بھی
شہرہ ہوا جو گیسوے مشکین یار کا
نشتر ہرن سے ہے کاٹنے چشم غزال کا
محضر ہے کشتگان لب لعل یار کا
مارا پڑا ہوں طرۂ دستار یار سے
چشم بتان نے مسمر گردون بنا دیا

ہم شاعروں کا قول یہ ہے جان تن میں ہے
کیا ذکر سیب باغ ترے انجمن میں ہے
سوزش کب ایسی مہر کے داغ کہن میں ہے
اب عالم فراق مرے بیت الحزن میں ہے
پروانہ بزم میں ہے تو بلبل چمن میں ہے
بجلی جبرا و گوش عروس سخن میں ہے
جو کا نشان تاک نہیں سارے بدن میں ہے
عالم رگ حباب کا تار کفن میں ہے
پیدا محض مشک ختا و ختن میں ہے
شوخی عجیب نرگس سحر فتن میں ہے
سرخی سے جو نمود عقیق یمن میں ہے
عالم خط شعاع کا تار کفن میں ہے
سے مسافت ہجر [illegible] وطن میں ہے

نساخ نے لکھا ہے جو ناسخ کا یہ جواب
اک شور مرحبا کا اوٹھا انجمن مین ہے

وہ بیان مین ہنگام گریہ وہ گل رخسار ہے ۔ اشک کا قطرہ جو ٹپکا عندلیب زار ہے
روز و شب دل کو خیال کاکل خمدار ہے ۔ سانپ کی بانبی سے افزون سینۂ افگار ہے
چاند سا چہرہ دکھایا تو نے جو اے ماہ رو ۔ سینہ دل نازک مرا شکل کتان افگار ہے
کب اوسے سیر گل نرگس ہوئی مدنظر ۔ جو تمہاری نرگس بیمار کا بیمار کا ہے
ہے دہان تنگ گلرو غنچہ خاطر مرا ۔ اور کمر دلبر کے گویا اپنا جسم زار ہے
ایسا دم رکھا تھا تونے دیدۂ پرنم پہ آہ ۔ آستین سے پانی پانی ابر و سیاہ بار ہے
رنگ کچھ لاتا ہے پھر صحرا نوردی مین مجھے ۔ مژدہ خار دشت پھر وحشت مری غمخوار ہے
عشق بازی مین یہ نوبت ہی نہین باقی نشان ۔ نام سے آب ننگ ہے ناموس سے اپنا عار ہے
زار ایسا کر دیا موے میان یار نے ۔ رونگٹون کا سایہ بھی اپنے بدن پر بار ہے
صورت سنبل پریشان ہے دل صد چاک یہان ۔ جیسے وان بکھرے ہوے شانے پہ زلف یار ہے
وصل مین آٹھ آٹھ آنسو کیون رولاتی ہو مجھے ۔ بوسہ رخسار پر ہو یہ کیون تکرار ہے
ہے دل پر خون کو لازم نوک مژگان کا خیال ۔ اس چمن مین کونسا گل ہے کہ وہ بیخار ہے
چھا گئی ہے مردنی چہرے پہ بیٹھین چٹکیین ۔ حال یہ بیمار ہجران کا ترے ای یار ہے
مہر و مہ ہین جام سکان فلک ہین مے پرست ۔ چرخ مینا فام گویا خانۂ خمار ہے
یاد کاکل مین سپنے ہر اک گھڑی دندان مار ۔ حلقۂ زنجیر زندان مین دہان مار ہے
رخ کیا جس طرف سر ہونے لگے تن سے جدا ۔ عامل مریخ ای قاتل تری تلوار ہے
بعد مردن بھی بلا عشق صنم کا ہے اثر ۔ جو رگ سنگ لحد ہے رشتۂ زنار ہے
بعد مردن بھی نکلتے ہین شرارے قبر سے ۔ استخوان میرا جو ہے منقار موسیقار ہے
ہے دوا اپنی دل مجروح کی اے چارہ گر ۔ سبزۂ شمشیر گویا مرہم زنگار ہے

کیون نہو معراج اب صل علی کے شور کو
بان زبان کو ورد نام احمد مختار ہے

شعر وا بنک غرور ناز معشوقانہ ہے
رنجہ خط سینہ غزل حسن کا پروانہ ہے

دشت گردی مین خیال نرگس مستانہ ہے
بچو مرا نقش قدم ہے صورت پیمانہ ہے

اوس بت لیلی ادا کا دل مرا دیوانہ ہے
وحشت افزا سے دل مجنون مرا افسانہ ہے

سبزۂ خط سے مزین عارض جانانہ ہے
یا کہ گرد شمع روشن مجمع پروانہ ہے

اوس پریکا دیکھیے جسکو وہی دیوانہ ہے
آئینہ حیران ہے تو دل چاک اوس سے شانہ ہے

جلوہ گر چارون طرف سے جلوۂ جانانہ ہے
سینۂ صافی ہمارا آئینہ کا خانہ ہے

یاد لعل یار نے زندان مین رلوایا ہے خون
دانۂ یاقوت سے زنجیر کا جو دانہ ہے

طوق ہاے کا پڑا رہتا ہے جو اوسکے گلے
ماہ بھی اوس غیرت خورشید کا دیوانہ ہے

سیکشی کرتے ہین سکان فلک وشن ہی صاف
مہر کا جو ساقی گردون سے پیمانہ ہے

اوسکی تزئین کا جو ہر دم دہیان رہتا ہی مجھے
سینۂ آئینہ دل صد چاک اپنا شانہ ہے

بسملون کا یہ ترے اسے سفاک عالم وقت ذبح
نالۂ تکبیر اور تڑپنا سجدۂ شکرانہ ہے

مین وہ دیوانہ ہون اس دنیا کی زندانخانہ مین
مردم چشم پری زنجیر کا ہمدانہ ہے

وصف لکہتا ہون جو چشم مست ساقی کا مدام
سیکشو ہر بیت مین کیفیت خمخانہ ہے

دشت وحشت مین خیال چشم مست یار سے
آبلہ اپنی نظر مین صورت پیمانہ ہے

ہگرا رہتا ہے جو زنجیر شعاعی مین مدام
مہر عالمتاب بھی اوس ماہ کا دیوانہ ہے

سنگدل رحمت سے رہتے ہین ہمیشہ ناامید
سبز کیا باران سے ہو زنجیر کا جو دانہ ہے

ہے صراحی دار گردن آنکھین ہین جام شراب
اوسکی آنکھون مین جو ڈورا ہے خط پیمانہ ہے

زلف خوبان سے جو اوسنے چاک ہوا اسکا جگر
دیکھہ لیجیے چاک چاک اے آئینہ رو شانہ ہے

مانگ جو اوسکی نکالے اس دل صد چاک کو
ارہ کے دندان سے کیا کم شانہ کا دندانہ ہے

جسکے دل مین زخم ہے ہے اونکو ورد نام یار
ذکر حق مین روز و شب تسبیح کا ہر دانہ ہے

لکہتے ہین ناسخ اک شمع تجلی کی صفت
اب زبان کلک بھی گویا پر پروانہ ہے

داغ دل روشن ہے مانند عارض پرنور سے
مہر و مہ سے دست بیضا سے چراغ طور سے

ہے محبت مجھکو چشم ساقی مخمور سے
لب بلب رہتا ہون ہر دم ساغر معمور سے

شب ملے جو ہاتھ اوسکے عارض پرنور سے
ہے ہتیلی کی چمک بڑھکر چراغ طور سے

وہم مین لڑتے ہین آنکھین ایک رشک حور سے
کرتے ہین نظارہ ہم باغ ارم کا دور سے

شعلے جو اوٹھتے ہین میرے زخم کے ناسور سے
سرد وہ ہوتے ہین کوئی مرہم کافور سے

دیکھے اوس برق تجلی طور کا جلوہ اگر
روز روشن بس مشابہ ہو شب دیجور سے

ہجر مین ہے حسرت سو شمع گلشن اے چنار
تجھکو کیا سوزش مین نسبت ہو تن محرور سے

سلک دندان کے جو لکھے مینے مضمون تا قلم
شعر مین اپنے مشابہ سبحۂ بلور سے

ہین انار و سیب سے بہتر وہ پستان و ذقن
چشم و لب خوشتر کہین بادام سے انگور سے

ہے کہین نازک مگر اوس نازنین محبوب کی
فکر شاعر سے رگ گل سے میان مور سے

دفن زیر خاک کچھ میرا لاشہ بعد مرگ
عشق ہے مجھکو کسی کے نرگس مخمور سے

نیستی نقش حجر ہے اور ہستی نقش آب
یہ صدا آتی ہے مجھکو تربت طیمور سے

کردیا بدمست چشم مست ساقی نے مجھے
مست ہوجاتا ہے عالم بادۂ انگور سے

سانپ کے مانند بچھو کچھ ہے رکھتا منہ مین من
مجھکو یہ روشن ہوا ہے مانگ کی سیندور سے

ناسخ آتش زبان کی گور مین لگ جاے آگ
وصل کی گرمی کا مضمون جب سنے مہجور سے

[illegible]

کشتہ ہوا ہون تیغ نگاہ نگار سے
سنگ فسان بنا ہے سنگ مزار سے

عشاق قتل ہووین گے ... ہی یار سے
خون مومنون کا ہوویگا اس ذوالفقار سے

شمشاد و سرو گر گئے رفتار نگار سے
پامال کبک ہوگئی رفتار یار سے

ہیرا سفید ہے جو دندان یار سے
ہے لعل خون بدل لب سرخ نگار سے

بستی ہی خاکسار ہین ہمسے کدورتین
عالم کو ہی غبار ہمارے غبار سے

پیدا ہو وہ محیط مین یہ کان لعل مین
تاریخ وفات سید غلام اکبر مرحوم نبیرۂ منشی نعمت اللہ خان بہادر صدر الصدور حسبہ رئیس راجہ پور یکی از عزیزان مصنف

وای ویلا آہ صد افسوس حیف	شد ز دنیا سید عالی وقار
ہاتف غیبی پی سال وفات	گفت سید زینت دار القرار

تاریخ وفات منشی عزت اللہ مرحوم رئیس بانسردی ضلع فریدپور خویش عم بزرگوار قاضی محمد عاشق مرحوم

عزت اللہ پاک دین بود	ہم خدا جوی ہم خدا پرست
سال ترحیلش ز روی حساب	عزت اللہ صاحب خلد ست

تاریخ وفات سید غلام اکبر مرحوم و منشی عزت اللہ مرحوم برادر عم زادم

منشی سید مفیض الدین مرحوم ابن منشی ضمیر الدین مرحوم

ابیضت وجوههم

تاریخ وفات سید محمد علی طباطبائی المتخلص بہ مسرور باشندۂ کلکتہ نوشتہ میر شیر علی افسوس تلمیذ مصنف

مُرد مسرور آہ واویلا۔	سید نیک خوئے نیک سرشت
خامہ ام سال رحلتش نساخ	مرد مسرور رفتہ در جنان بنوشت

۱۲۸۰

تاریخ وفات حکیم غلام مرتضیٰ خان مرحوم دہلوی

ہزار حیف مسیحائے عہد مُرد افسوس	برآمد از دل اہل جہان فغان و خروش
برائے سال وفاتش کہ خواستم نساخ	حکیم زینت دارالقرار گفت سروش

۱۲۹۲ فصلی

ایضاً

مرتضیٰ خان کہ بود عیسیِ عہد	از اطبائے دہر گوئے ببرد
گفت نساخ سال ترحیلش	جان انسان طبیب حاذق مُرد

تاریخ وفات مولوی نصیر الدین حیدر مرحوم متخلص بسامی مصنف ضلع بہیلیان

۱۲۹۴ ہجری

ابلغ فن قش

تاریخ وفات مہین برادرم مولوی عبد الحمید مرحوم

۱۲۹۴

قطعہ

قدوۂ فضلای عہد عبد الحمید

۱۲۹۴

مُرد اخ بزرگوارم حیف	ہائے افسوس آہ واویلا
سال نقلش نوشتم ای نساخ	داخل گلشن ارم بادا

ایضاً

تاریخ وفات میرزا احمد جان مرحوم معروف بہ میرزا غلام پیر مرحوم رئیس ناتھے دھاکہ

۱۲۹۴

میرزا احمد جان زینت جنت

تاریخ وفات منشی نور الدین شریف ابن منشی افاضل الدین شریف خواہرزادہ

۱۲۹۵

سلہ چہل و ہشتم روی یانشان

سلہ [illegible]

سید مفیض الدین مرحوم رئیس راجہ پور

مرد نور الدین محمد حیف حیف — باد جایش یا خدا اندر بهشت

سال ترحیل ہمے از روے حساب — واے درد و ولے غم کلکم نوشت

تاریخ بنای باغ جناب خواجہ احسن اللہ رئیس نامی ڈھاکہ ۱۲۸۵

چون طرح نہاد خواجہ احسن — باغے کہ بود بہار گلشن

تاریخ بناش گفت ناسخ — زیب عالم ریاض احسن

تاریخ وفات منشی مصطفے حیدر مرحوم بنارسی متخلص بحیدر باشندہ کلکتہ تلمیذ رشید مصنف ۱۲۹۰

آن حیدر نکتہ پرور نکتہ شناس — چون جان عزیز را بخالق بسپرد

ناسخ براے سال ترحیل او — گفتیم کہ حیدر سخن سنج بمرد

تاریخ وفات مولوی حمید الدین متخلص بفرد باشندہ در بھنگہ مقیم کانپور ۱۲۹۱

آنکہ فرد ست در سخندانے — آنکہ او گوہر سخن ہے سفت

مرد و سال وفات او ناسخ — شغل فضل و کمال فرد بگفت

تاریخ وفات حافظ قارے محمد جاوید مرحوم باشندہ سلہٹ ۱۲۹۱

آن قارے باکمال جاوید — کو صاحب زہد بے ریا بود

ناسخ بگفت سال فوتش — او تابع شرع مصطفے بود

تاریخ وفات محمد علی احمد خان مرحوم متخلص بعلے احمد رئیس اعظم سلہٹ ۱۲۹۱

علے احمد ان شمع بزم نشاط — از دنیا روان شد بسوے جنان

ملکن فکر تاریخ ترحیل او — بگو رحمت ایزد مستعان

تاریخ وفات دختر رئیس اعظم جناب مولوی عبد اللطیف خان بہادر ۱۲۹۱

ز دنیاے دون دختر رئیس اعظم — چو شد جلوہ فرماے مشکوے جنت

پے سال ترحیل او گفت ہاتف — کہ مستورہ دودمان سیادت

تاریخ کدخدائی جناب مرزا محمد خوشنویس شیرازی متخلص بمحو مقیم ڈھاکہ ۱۲۹۰

کدخدا گشت چو محو مرا امروز — کہ فزود از رقمش شان قلم

سال تحریرش رقم زد ناسخ — نعت محمود او دان قلم ۱۲۹۱

تاریخ ترتیب مثنوی ذوبحرین مسمی منتہے الافکار تصنیف جناب سید محمود متخلص بآزاد معروف بمنجھلے صاحب رئیس گرامی ڈھاکہ

شد مرتب چو منتہے الافکار — کان معنے کلام ذو بحرین

سال ترتیب گفتم ای ناسخ — جان معنے کلام ذو بحرین ۱۲۹۱

ایضاً

مثنوی منتہے الافکار چون ترتیب یافت — خاطر نازک خیالان چون گل مضمون شگفت

ہاتف غیبی پے تاریخ سال عیسوی — سر معنی مثنوی منتہے الافکار گفت ۱۸۷۴ع

تاریخ کدخدائی شاہ سید عضد الدین حسن عرف بی نظیر میان بن جناب شاہ سید مجیب الدین حسن رئیس بیت نگر ضلع میمنسنگہ با دختر فرخندہ اختر اخ اعظم جناب مولوی عبد اللطیف خان بہادر

دختر اخ معظم کی جو شادی ہو گئی — خوش ہین مبارک سالکان پرد تقدیس آج

سن لکہی ای ناسخ تاریخ عروسی یون کہی — ہو مبارک اجتماع زہرہ و برجیس آج ۱۲۹۱

ایضاً

شادی جو ہوئی دخت برادر کی تو یکبار — کہنے لگین حوران فرادیس مبارک

ہاتف نے کہا مجھسے پے سال کہ ناسخ — کہہ شان قران مہ و برجیس مبارک

تاریخ ترتیب دیوان جناب خواجہ عبد الغفار رئیس ڈہاکہ متخلص باختر ۱۲۹۱ و ۱۲۹۰ مشتمل بر صنعت تلون واحق بتلون یعنے اگر سبب خفیف آخر رکن دوم ہر مصراع را ساقط کردہ شود قطعہ ذو بحرین در بحر رمل مثمن مقصور یا محذوف و در بحر منسرح مثمن مطوی موقوف یا مکشوف پیدا میشود

شد دل احباب شاد ان — زینت تزیین گرفت

چاہ سر عشرت فزا ے — اختر نگین نوا

چون سن ترتیب آن را — خاطر ناسخ جست

ہاتفِ غیبی بگفت تا	جو ہر نظم و فا ۱۲۹۱

ایضاً

بفضل خالق چرخ و خور و ماہ	مرتب گشت چون دیوان اختر
برائے نام تاریخش نساخ	رقم زد خامہ ام الحان حنتر ۱۲۹۱

ایضاً

نکتہ فہمان دھر کو مژدہ	کہ مرتب ہوا کلام وفا
سال ترتیب کا ہوا جو خیال	طرۂ نظم وفا خرد نے کہا ۱۲۹۱

تاریخ بنای شاہ باغ جناب خواجہ عبد الغنی سی ایس آئی رئیس اعظم ڈھاکہ

آن خواجۂ خواجگان کہ بنیاد نہاد	باغی کہ از وتازہ دماغ خواجہ
تاریخ بناش یافتیم اے نساخ	چیدیم چو گل ز شاہ باغ خواجہ ۱۲۸۴ھ

ایضاً

۱۸۶۷ء

خواجہ صاحب نے کیا بنا یا باغ ۱۸۶۷ء	جس سے باغ ارم کا دل ہو داغ
باغ کا در جو ہی تماشا ہی	چشم مشتاق کیطرح وا ہی
قصر ہر ایک رشک قصر فلک	جان دین جسپہ جن و انس و ملک
کیا بیان کیجے ناچ گھر کیا ہی	ناچ گھر پر یونکا اکھاڑا ہی
اوسکی محراب ابروِ خوبان	اور دروازہ چشم محبوبان
فرش اوسمین ہی سنگ مرمر کا	خون ہی دل جس سے لعل و گوہر کا
گول گھر دونوں اُس تماشا ہین	مردم دیدۂ تمنا ہین
اور دیوار باغ پر و بہار	جیسے محرم کی خوشنما دیوار
جالی دیوارون مین ہی حلقہ جال	دل ستار کے لیئے جنجال
اور تالاب چشمۂ حیوان	نہر حیوان ہر ایک نہر روان
اوسمین کشتی جو تیز چلتی ہی	خلق کہتی ہی گویا مچھلی ہی
ہی بھرا اقا نہ سے کوئی تالاب	کسی تالاب مین بط و سرخاب

غوطہ زن ایک ہین ہے مرغابی
دوسرے ہین سبہے مردم آبی[۱]

مچھلیان ہین کہ برق یا سیماب
جو صدف ہے وہ ہی گہر کی کان
صاف آب گہر سے وہ پانی
گھاٹ ایسے ہین چکنے پتھر کے
پل ہے ایک رشک پشت فلک
پل کہان جو پپور کا اب
روے صاف بتان ہے صحن چمن
جابجا ہے چبوترا سنگین ہے
کہین کرسی دھری ہی موقع سے
روش اور پٹریون کو کیا کہیے
راہ ظلمات اوسکی راہ تمام
خاک رہ سرمہ ہے صفاہان کا
خاک رہ نور چشم اہل نظر
جان فزا باغ کا وہ ہر گوشہ
سوزنین جابجا ہین وہ پر نور
دیکھنے والے رہگئے حیران
کہین فوارے ہین گہر افشان
درفشان ہے ہر ایک فوارہ
سچ جو پوچھو تو ہے دید فوارہ
اور جو فوارون کا خزانا ہے
اک طرف کو بنے ہین وہ جھولے
جھولا ہے پاکہ ہے یہ تخت روان

دل عشاق سے سوا بیتاب
دانت رکھین بتون کے جیسے کان
ساتھ[۲] تالاب بھی بھرے پانی
کر تماشائیون کا دل پھسلے
جس سے حیران تمام جن و ملک
لوہے[۳] کا پل بھی لوہا مان گیا
یا کہ زہاد کا دل روشن
کوئی سادہ ہی اور کوئی رنگین
کہین چوکی رکھی ہی موقع سے
دلستان اور دلربا کہیے
لعل و دُر ریزہاے سنگ خام
سنگ رہ لعل ہی بدخشان کا
سنگ رہ خال روے شمس و قمر
خلد و فردوس کا جگر گوشہ
کوئی غلمان ہی تو کوئی ہے حور
پر نہ سمجھا کوئی کہ ہین بے جان
آرزوے نگاہ خوش نگہان
ابر نیسان کو دھار پر پارا
تازگی بخش روے نظارہ
سوتیون کا وہین ٹھکانا ہے
جھولے جو اوسمین پھر کہان بھولے
ہے سلیمان کا جیسے دل قربان

[۱] ساتھ تالاب کلکتے مین ایک باغ کا نام ہے اوسمین سات تالاب ہین ۱۳۰ سے ڈھاکے مین ایک [illegible]

جھولتے او سمین ہین حسین پڑے — دیکھتے ہین تماشبین کھڑے

گاتے ساون ہین جھولنے والے — سننے والے ہین جس سے متوالے

پینگ دیتا ہی کوئی تان جوان — کوئی گانے مین ہی لگائے دھیان

چرخ ہی جو کڑک ہنڈولا ہے — دور اسکا مگر نرالا ہے

کہین جادو بکش ہے تیز ہوا — کہین چھڑکاؤ کر رہی ہے گھٹا

وہ مطرا ہی سبزہ زار تمام — رشک کھاتا ہے چرخ مینا فام

خضر بھی دیکھ لے تو غیرت سے — آب حیوان مین جا کے ڈوب مرے

کہین شہدی ہے اور کہین حلبی — کسی جانب کو ہے سیہ تلسی

بوٹی اکسیر کی لگی ہے کہین — کیمیاگر کی جان کی تسکین

ہین نباتات جابجا وہ لگے — ہین جو عیس بھی تاک مین جسکے

کہین مردم گیاہ پر جوبن — اہل چین کہتے ہین جسے جنسن

ایضاً

نوک کی لے رہے ہین خار تمام — پہلوے گل مین جو ملا ہے مقام

ایک جانب کو لالۂ بیداغ — گلشن عدن کا ہی چشم و چراغ

کہین صد برگ نارون ہے کہین — کہین شبو ہے نسترن ہے کہین

سرخ پوش اک طرف کو ہے لالا — زرد پوش ایک سمت کو گیندا

کہین چمپے کا پھول ہوش ربا — رنگ روپ اور باس مین یکتا

غنچے اک سمت مسکراتے ہین — اکطرف گل بھی ہنستے جاتے ہین

برگ گل پان کھا رہے ہین کہین — رنگ اپنا جما رہے ہین کہین

زلف سنبل بھی ہی بنائے ہوئے — آنکھ نرگس بھی ہی لگائے ہوئے

اکطرف مسی ملتی ہے سوسن — اک طرف سیوتی پہ ہے جوبن

عطر مین ڈوبی ہے کہین نسرین — پھولون مین یاسمین بسی ہے کہین

کنگھی اک سمت کو بشوق کمال — زلف سنبل کا کر رہی ہے خیال

جا بجا ہے گل فرنگ اب / جسکی بو باس رنگ سب سے جدا

سبھی کر کرکے اپنا اپنا سنگار / نوعروسان باغ ہین طیار

پہنچے پہ اک نیا جوبن / پھول کا ہر درخت اک گلشن

پھول جتنے ہین سب بہار کی جان / نخل جتنے ہین سب ثمر افشان

سرو ہر ایک غیرت طوبا / صدقے شمشاد پر ہوا سیدرا

قلب عاشق ہے جو صنوبر ہے / دلبر سبز رنگ کا گھر ہے

تاک اک سمت کو بعیش و سرور / شیشون مین بھرتے ہین شراب طہور

نونہالون نے یہ کمال کیا / جو گیا باغ مین نہال کیا

اسکے ہر ہر درخت کا سایا / سایۂ بازوی ہما سے سوا

چشم بر راہ ہر کیاری ہے / خواجہ صاحب کی انتظاری ہے

باغبان سارے مست دیدن گل / سارے گلچین ہین محو چیدن گل

اک طرف کو بتان یغمائی / مست و سرگرم جلوہ فرمائی

کہین گلگشت مین ہے باد صبا / کھا رہی ہے کہین بہار ہوا

اک طرف سیر مین ہے نکہت گل / زمزمہ سنج اک طرف بلبل

قمریان ایک سمت نغمہ زنان / اور طاؤس اک طرف رقصان

ایک جانب کو کبک قہقہہ زن / اک طرف نغمہ سنج مرغ چمن

ایک جانب ہے طوطیونکا ہجوم / لالون نے اک طرف مچائی ہے دھوم

نغمہ زن اک طرف پپیہا ہے / بولتی ایک سمت مینا ہے

ایک جانب تدرو گرم خرام / ہنس کا دم ہو بند جس سے مدام

اور ٹھٹے ہین ایک سمت کو ہریل / کوکتی اک طرف کو ہی کویل

اک طرف کو ہے شور پے در پے / خواجہ صاحب کا طوطی بولتا ہے

وصف اس باغ کا ہو کیا تحریر / کہ نہین ہے جہان مین جسکا نظیر

وصف اس باغ کا ہو کس سے بیان / جس مین قاصر زبان و وہم و گمان

پوچھے اس باغ کو نہ عالم باغ | ایسے ہو وینگے عدن مین کم باغ
دل باغ مراد و روز افزون باغ | رشک سے ہو گیا ہی اس سے خون
اور فیض بخش اور عیش باغ | رکھتے ہین اپنے دل مین اسکا داغ
سنے حقیقت ہے باغ بیگم کا | کمپنی باغ کا ہے کیا رتبا
چھپ گیا چشم خلق سے بارے | باغ شداد غم کے مارے
دیکھین اس باغ کا جو آکر رنگ | باغبانان چین کے عقل ہو دنگ
کیا عیان ہووے باغ کی خوبی | جسمین معشوق کی ہے محبوبی
رونق افزا ہے روے برگ و نوا | نور بخش جبین آب و ہوا
ہر طرف تازگی و شادابی | صدقے سرسبزی اور سیرابی
متعین ہے روز پہرے پر | ڈنکہ خورشید اور شب کو قمر
کیون نہ کہیے کہ ہے یہ باغ جنان | کہ نہ صیاد ہے نہ خزان ہے یہان
اسکی دربار مین جو سیر آئے | اپنے دل کی مراد رضوان پائے
اسکی تاریخ کا جو دھیان آیا | ہاتف غیب نے یہ فرمایا
تو نہ اب فکر سال باغ مین رہ | ہے چمن بے نظیر و زیبا کہہ
۱۲۹۱ھ

ایضاً

پھر وہین چہچہے سے زبان توس | بول اوٹھی خال روی صد فردوس
۱۲۹۱

ایضاً

طائر سدرہ یون نوازن ہے | سال اسکا فضاے گلشن ہے
۱۲۹۱

ایضاً

ہوا اس باغ مین مرا جو گذر | ہوئی تسکین خاطر مضطر
رنج و اندوہ دل سے دور ہوا | کچھ عجب طرح کا سرور ہوا
درد و غم مدتون کا بھول گیا | گل کی صورت خوشی سے پھول گیا
سیر گلزار نے سکھائی یہ بات | دم گلگشت دل مین آئی یہ بات

کہیں سال بناے باغ لکھوں | شعر کچھ وصف باغ میں بھی کہوں
وہیں تھوڑے سے شعر لے کے قلم | وصف میں باغ کے کہے ہیں تم
وصف اس باغ کا جو لکھا ہے | قسمت باغ کا نوشتا ہے
کوئی اس سے بڑھائے گا کیونکر | کوئی اس سے گھٹائے گا کیونکر
یا خدا شاہ باغ سر تا سر | رہے سرسبز تا حیات خضر

تاریخ وفات منشی غلام حسین مرحوم لکھنوی مقیم کلکتہ

شد ز دہر کے منشی عالی منش | این دل محزون برنج و درد و قلق
ہاتف غیبی سن ترحیل او | مرد اہل خیر حیف و حیف گفت

تاریخ وفات حاجی حکیم محمد وصی مرحوم باشندہ پھلواری ضلع پٹنہ ۱۲۹۲

آن طبیبیکہ نام اوست وصی | بود ناسخ ماہ کامل خلد
سال ترحیل او ز روے حساب | گفت ہاتف طبیب داخل خلد ۱۲۹۲

تاریخ وفات پیشکار محمد یار مرحوم پیشکار عدالت فوجداری ضلع بریسال

چو آن پیشکار گرامی نژاد | بفردوس اعلی برفت از جہان
پے سال ترحیل او خامہ ام | رقم زد مقامش بہشت جنان ۱۲۹۲

تاریخ وفات مرزا سلامت علی دبیر مرثیہ گوی لکھنوی

آن دبیر مرثیہ گو مرد ۱۲۹۲

تاریخ وفات میر نواب مونس مرثیہ گوی لکھنوی ۱۲۹۲

میر نواب وفات یافتہ

تاریخ وفات مولوی عبد العلی مرحوم سیدنی پوری برادر مولوی عبید اللہ العبید سوپرنٹنڈنٹ مدرسہ ڈھاکہ ۱۲۹۲

مولوی عبد العلی وفات یافتہ ۱۲۹۲

تاریخ وفات سید شاہ عضد الدین حسن عرف بی نظیر ولد جناب شاہ سید محی الدین حسن

رئیس ہیبت نگر وخویش اخ اعظم جناب مولوی عبد اللطیف خان بہادر

سید بے نظیر مرد افسوس
سال تاریخ فوت از حساب

دانشش جا بخلد ربّ جلیل
گفت نساخ بے نظیر عدیل ۱۲۹۲

تاریخ وفات مولوی کرامت علی جونپوری متوطن ما هم بارهٔ سہوت

کرامت علی جونپوری مرد ۱۲۹۲

تاریخ وفات خواجہ بدرالدین مہرکن دہلوی

بدرالدین مہرکن لاثانی
سال تاریخ وفاتش نساخ

رفت از دهر سوی ملک عدم
وسعت رحمت حق گشت قسیم ۱۲۹۲

تاریخ وفات قاضی محی الدین مرحوم رئیس کہار دیہ ضلع فریدپور بنگالہ زعفران

پاک دین قاضی محی الدین بمرد
بے تکلف بہر سال رحلتش

خاطرم شد با غم و اندوه جفت
عقل مصباح ارم قاضی بگفت ۱۲۹۲

تاریخ وفات شیخ محمد حسن مرحوم لکھنوی معروف بہ شدہ نفیم کلکتہ

آن شیخ حسن که بود عامل
نساخ بدان که سال فوتش

رخت سفر عدم چو بر بست
گلگونهٔ عارض کمال سنت ۱۲۹۲

ایضاً

چون حسن رحلت گزین شد از جهان
بهر سال انتقالش از حساب

دل به سینه ز افتش اندوه تفت
گفت ہاتف از جہان مرشد برفت ۱۲۹۲

تاریخ بغاوت اہالیان صربستان وغیرہ صوبجات ممالک روم

در روم ز اغوای شه کشور روس
این واقعه را که خواستم تاریخ

با شاه در عایاست ستیز بیجا
نساخ بگفت رستخیز بیجا ۱۲۹۲

تاریخ ترتیب دستور پارسی آموز مؤلفہ مولوی عبید اللہ العبید سپرنٹنڈنٹ مدرسہ ڈھاکہ

بسال سعد چو ترتیب یافت ای نساخ
نوشت مصرع تاریخ کلک تحقیقم

گرفت جملہ جہان نور پارسی آموز
صحیح قاعدهٔ دستور پارسی آموز ۱۲۹۲

ایضاً

شد مرتب چو پارسی آموز — غنچهٔ خاطر سخن بشگفت
سال تاریخ ہاتف غیبی — از فلک مطلب غریب بگفت ۱۲۹۳

تاریخ طبع شدن مثنوی منتهی الافکار تصنیف جناب سید محمود متخلص بآزاد رئیس مچھلی بازار

گل گل شگفت غنچهٔ دلہای دوستان — چون مثنوی غیرت گلزار چاپ شد
نساخ گفت مصرع تاریخ سال طبع — جان کمال منتهی الافکار چاپ شد ۱۲۹۳

تاریخ وفات نسیم اسحٰق قوم یہود باشندهٔ کلکته

مرد نسیم آه صد افسوس آه — شد دل من با غم و اندوه جفت
سال وفاتش قلم دو زبان — مرد یک چشم مروت بگفت ۱۲۹۳

تاریخ وفات داروغه میر واجد علی لکهنوی

میر واجد علی ستوده صفات — بود دریای کرم جهان فیوض
بهر سال وفات او نساخ — شد رقم مهر آسمان فیوض ۱۲۹۳

تاریخ وفات حاجی صوفی محمد انصر مرحوم باشندهٔ بنیاچونگ ضلع سلهٹ

محمد انصر آن کو بود صوفی — زبان در وصف او گویا که لال ست
سن ترحیل او ای قلب محزون — محیط فضل دریای کمال ست ۱۲۹۳

ایضاً

صوفی انصر که گشت واصل حق — بود از رمز معرفت واقف
سال ترحیل او ز روی حساب — گفت نساخ فاضل العارف ۱۲۹۳

ایضاً

صوفی انصر شد ز دنیا سوی ملک عدم — شد دل اہل جہان مملو ز رنج و درد و غم
بہر سال نقل آن خورشید چرخ علم و فضل — آفتاب آسمان نور عرفان شد رقم ۱۲۹۳

تاریخ وفات حضرت سلطان روم سلطان عبد العزیز خان عثمانی نور الله مرقده

مرد چون پادشه روم و عرب — که بود مسکن ورا و آخرش بهشت
کلک نساخ سن رحلت او — سفر خادم حرمین نوشت ۱۲۹۳

مرد سلطان زمان قیصر روم — حیف افسوس دریغا دردا
سال نقلش که ز ہاتف جستم — غم سلطان زمانہ گفتا
١٢٩٣ — ایضاً

تاریخ جلوس حضرت سلطان مراد افندی سلطان روم

چو بنشست بر تخت سلطان مراد — زہے وارث ملک و تاج و نگین
طلب کردم از فکر سال جلوس — بگفتا ابن غازی روے دین
١٢٩٣ — ایضاً

تخت نشین گشت چو سلطان مراد — باد بعہدش دل ایام شاد
گشت قم مصرع سال جلوس — خادم حرمین شہ پاک زاد
١٢٩٣

تاریخ وفات مولوی حافظ رحمت اللہ الٰہ آبادی کہ اعمامی مادرزاد بود

مرد حافظ رحمت اللہ حیف حیف — شد دل احباب او بار یخ جفت
ہاتف غیبے پے تاریخ او — مرد حافظ آہ واویلا بگفت
١٢٩٣ — ایضاً

وفات مولوے رحمت اللہ — نابینا سے مادرزاد انتقال فرمود
١٢٩٣ — ١٢٩٣ — ایضاً

وداع حافظ مولوی رحمت اللہ
١٢٩٣

تاریخ مراجعت سید محمد باقر متخلص بباقر بوطن خود بعد از مدت نہ سال کہ درین اثنا ہیچ خبر ایشان بعزیزان ایشان نرسیدہ بود

از سفر سید محمد باقر آمد در وطن — شد دل یاران ز شادی نغمہ سنج مرحبا
مصرع تاریخ سال مقدمش نساخ گفت — یوسف گم گشتہ باز آمد بکنعان اے صبا
١٢٩٣

تاریخ وفات مولوی لطیف الدین مرحوم باشندۂ الاچی پور ضلع ڈہاکہ

حیف افسوس آہ واویلا — شد ز دیر کہن لطیف الدین
گفت نساخ سال ترحیلش — قدردان سخن لطیف الدین
١٢٩٣ — ایضاً

حسن خاتمہ لطیف
١٢٩٣

تاریخ وفات مولوی محمد ادریس مرحوم باشندۂ بولائی ضلع میمنسنگہ

بمرد ادریس آن جان فضیلت — ز دست آسمان فریاد فریاد
طلب کردم چو سال او ز ہاتف — بگفت ادریس با رحمت قرین باد
١٢٩٣

تاریخ جلوس حضرت سلطان عبدالحمید خان سلطان دوم

حامیِ دینِ خدا سلطان عبدالحمید — تخت نشین شد پے مصلحتِ سلطنت
ناسخ از انبساط سالِ جلوسش بجست — گفت سروش از فلاک مقدرتِ سلطنت ۱۲۹۳

ایضاً

تخت نشین شد کنون سلطان عبدالحمید — از مددِ طالع و بہم رسائے بخت
سالِ مسیحی که جست خاطرِ ناسخ ما — ہاتفِ غیبے بگفت اوجِ نو تاج و تخت ۱۸۷۶

ایضاً

قیصرِ با شکوه و شان شاهِ دلیرِ نوجوان — زیبِ سریرِ روم شد بالد از انبساطِ بخت
خامۂ تہنیت نگار بر سرِ لوحِ روزگار — سالِ جلوس زد رقم پایۂ اوجِ تاج و تخت ۱۸۷۶ع

ایضاً

مقبولِ خلق الله سلطان عبدالحمید ۱۲۹۳

ایضاً

تجمل عبدالحمید خان — گلگونۂ عارضِ اکلیل ۱۲۹۳

تاریخ لقب شاہنشاہی حضرت کوئین وکٹوریا ملکۂ معظمۂ انگلستان قیصرِ ہندوستان

فرخ داعیِ دولت و اقبال که شاہنشہِ ہند — شده گلگونه کشِ چہرۂ فتح و نصرت
زیبِ اورنگِ فرنگ آنکه دانش و ہنگ — فلکِ رفعت و تمکین و جہانِ عظمت
داورِ عادلِ فرزانۂ فرزانه پسند — شرفِ سیف و قلم آنکه جاه و حشمت
مہربانیت خواهِ جہان عاملۂ علم پسند — ضامنِ امنِ رعایا بود و نورِ شفقت
غنچه بخش پرده کشائے اثرِ شیوۂ عفو — شوکتش آینۂ نصفت و لطف و فطنت
ہندیان از اثرِ سعیِ وے آموخته اند — بہترین شیوۂ تعلیم علوم و حکمت
آنکه از تربیتِ معدلت و مرحمتش — چمنِ ہند شده رشکِ ریاضِ جنت
گرد ناسخ چنین سالِ مسیحی تحریر — شد شہنشاهِ زمان ملکۂ جاه و قدرت ۱۸۷۶ع

تاریخ وفات مولوی محمد اعلم مرحوم منصف پیپال

مرد افسوس مولوی اعلم — آن گلِ باغ صدق و ایقان بود

سال ترحیل او رقم کردم | صاحب شرع بحر عرفان بود
۱۲۹۴

تاریخ وفات قاضی عبد الباری صدر انجمن مذاکرۂ علمیہ کلکتہ رحمۃ اللہ علیہ

قاضی عبد الباری آن سرچشمۂ علم و فضیلت | رفت از دنیا سوی ملک عدم افسوس صد
بہر سال انتقالش ہاتف غیبی بصد غم | ارتحال جامع المعقول والمنقول گفتا
۱۲۹۴ھ

ایضاً

قاضی عبد الباری جان داد
۱۲۹۴ھ

تاریخ وفات منشی ثمین الدین احمد خان بہادر صدر الصدور چاٹگام رئیس میدنی پور

آن ثمین الدین عمر دیرینہ و نگار | بود چرخ دوستی را آفتاب
سال نقلش این دل محزون بگفت | پرتو انوار توحید از حساب
۱۲۹۴ھ

تاریخ وفات منشی عنایت علی مرحوم یکی از رؤسای ڈھاکہ

عنایت علی زیب خلد
۱۲۹۴ھ

تاریخ وفات یعقوب خان غازی امیر کاشغر

آن امیری کہ بود نامِ شریفش یعقوب | چون ز دنیای دنی رفت سوی باغ بہشت
خامہ ام بہر سنِ عیسوی و ہجری نیز | رونقِ کاشغر و ثروت یعقوب نوشت
۱۸۷۷ع | ۱۲۹۴ھ

ایضاً

امیر عادل کاشغر
۱۸۷۷ع

تاریخ وفات شریف عبد اللہ بن عون مرحوم شریف کعبۂ معظمہ

شریف زاہد قدسی خصال عبد اللہ | کہ بود حاکم بیکس نواز نصفت کوش
چو فکر سال رحیلش نمودم ای نساخ | شریف زاہد کعبہ شریف گفت سروش
۱۲۹۴ھ

ایضاً

والی شریف کعبہ شریف
۱۲۹۴ھ

تاریخ وفات مولانا شاہ عبد الغنی بن مولانا شاہ ابو سعید قدس اللہ اسرارہما کہ بمدینۂ منورہ انتقال فرمودند

وصال عبد الغنی
۱۲۹۴ھ

خاتمۃ الطبع

الحمد للہ کہ ضمیمۂ گنج تواریخ جناب جامع کمالات مولوی ابو محمد عبد الغفور خان صاحب بہادر المتخلص بہ نساخ ڈپٹی کلکٹر ضلع ڈھاکہ کا مطبع نظامی واقع کانپور مین بکمال اہتمام چھپکر تمام ہوا اور حسن صوری و معنوی سے مقبول خواطر خاص و عام ہوا ماشاء اللہ یہم با ہی جواہر تواریخ کا گنجینہ ہی اور نقود حسن مواد کا خزینہ کیسے کیسے تاریخون کے عمدہ اور بے نظیر مادے ایجاد فرماتے ہین گویا خزانۂ الہام سے ہاتھ آگئے ہین ہر تاریخ مؤرخ لہ کے حسب حال ہی فی الحقیقۃ یہ جناب مؤرخ صاحب کا کمال ہی یہ تو سب ایکطرف مقام تعجب و قابل تحسین و مسنت یہ بات ہی کہ باوجود اشغال کثرت کار یعنی کئی عہدے جلیل کہ سرکار با اقتدار ملکۂ معظمہ سے متعلق ہین اون سب کا دیانت سے انجام دینا اور پھر تالیفات اور تصنیفات مین مصروف ہونا انھین کا کام ہی حقیقت مین تائید اور توفیق جناب ذو الجلال والاکرام ہی کمال ذہانت اور فطانت سے اپنے امثال و اقران مین ممتاز ہین فرط اخلاق و مروت سے ہر وضیع و شریف کے نزدیک واجب الاعزاز ہین الحاصل چونکہ انکے محامد کا بیان حد تحریر و تقریر سے زیادہ مفہوم ہوتا ہی اس نظر سے فقط ایک شعر پہ اکتفا کرنا مناسب معلوم ہوتا ہی شعر

زبان سے ہوسکے توصیف کب اس سخنور کی ۔۔۔ نہین ذرے سے ہی ممکن ثنا خورشید انور کی

وجہ مہر و دستخط برای سند آنکہ کتاب ہذا مطبوع مطبع نظامی ست مہر و دستخط مہتمم مطبع ثبت گردید

العبد

محمد عبد الرحمن خان بن حاجی محمد روشن خان مرحوم بقلم خود

محمد روشن خان حنفی سنہ ۱۲۵۳
محمد عبد الرحمن بن حاجی

غلطنامۂ گنج تواریخ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۵	۸	اسرارہما	اسرارہم	۴۲	۹	بازوورہا	بازورہا
"	۱۹	برادر	وبرادر	۴۵	۷	بدرالدین	بدردین
۴۱	۱۰	جسکے	جنکے	"	۱۲	سجرشاد	سمرشد

هو الغفور الرحیم

ان من البیان لسحرا

للہ الحمد کہ درین زمان بہجت اقتران دیوان چہارم مسمی بنام تاریخی

ارمغان

۱۳۰۲

تالیف افصح الفصحا ابلغ البلغا عالیجناب مولانا ابو محمد عبد الغفور خان
بہادر متخلص بہ نساخ صاحب بزبان ریختہ و قطعہ منتخب و دفتر بے مثال
و چشمۂ فیض و شاہد عشرت و سخن شعرا و مرغوب دل و اشعار نساخ
و گنج تواریخ و قند پارسی و ارمغان و کنز تواریخ
و انتخاب نقص و مظہر معما و ترانۂ خامہ و مقرع الفائزین
و باغ فکر معروف بہ مقطعات نساخ
و سوانح عمری نساخ

باہتمام امیدوار رحمت لم یزلی ابو الحسنات قطب الدین احمد قادری حنفی

در مطبع نامی واقع لکھنؤ طبع شد

هو الغفور الرحیم
ان من البیان لسحرا
للہ الحمد کہ درین زمان بہجت اقتران دیوان چہارم مسمی بنام تاریخی
ارمغان
١٣٠٢ھ
تالیف افصح الفصحا ابلغ البلغا عالیجناب مولانا ابو محمد عبد الغفور خان
بہادر متخلص بہ نساخ صاحب زبان ریختہ و قطعہ منتخب و دفتر بے مثال
و چشمہ فیض و شاہد عشرت و سخن شعرا و مرغوب دل و اشعار نساخ
و گنج تواریخ و قند پارسی و ارمغان و کنز تواریخ
و انتخاب نقص و مظہر معما و ترانہ خامہ و قرع الفاظ
و باغ فکر معروف بہ مقطعات نساخ
و سوانح عمری نساخ
باہتمام امیدوار رحمت لم یزلی ابو الحسنات قطب الدین احمد قادری حنفی
در مطبع نامی واقع لکھنو طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلوۂ شمع طور نے مارا — دل خاکی کو نور نے مارا

اوسکی سنتے جری جرم ٹھہر گتی — اس دل بے قصور نے مارا

دیکھکر مجھکو دور دور کہا — ہاے ظالم کے دور نے مارا

یا خدا ہو برا جوانی کا — مجھکو کبر و غرور نے مارا

مین عدم مین تھا زندۂ جاوید — مجھکو میرے ظہور نے مارا

کہدیا اوس سے میرے عشق کا حال — ہمدم بے شعور نے مارا

کہتے ہین جائینگے ضرور ضرور — مجھکو اونکے ضرور نے مارا

نہ کیا صبر عشق مین آخر — اس دل ناصبور نے مارا

وصل مین ہوگیا مین شادی مرگ — مجھکو عیش و سرور نے مارا

ٹالا خلد برین پہ وعدۂ وصل — مجھکو اوس رشک حور نے مارا

عشق مین رشک سے برا ہی حال
مجکو طبع غیور نے مارا

روتے ہین قبر پر وہ کہہ کہہ کے
مرگ عبد الغفور نے مارا

تجھسے پنہان ہے بھلا ای یار کیا
حالت دل کیجیے اظہار کیا

موت کی خواہش کرون تو وہ کہے
جان کا دینا نہین دشوار کیا

جوش وحشت مین اوٹھاؤن جب قدم
میرے آگے دشت کیا کہسار کیا

روتے روتے ہو گئی بے نور آنکھ
میری قسمت مین نہین دیدار کیا

غیر سہلائے کف پا واے بخت
ہاے نکلین میرے دل سے خار کیا

غیر کی صحبت کا ہے شاید اثر
نے سبب یہ وصل کا اقرار کیا

بزم دشمن مین جو دے وہ مست ناز
مے کے پینے سے کرین انکار کیا

آج آہون کی صدا آتی نہین
مرگیا شکو ترا بیمار کیا

پیستے ہین ہر نقش پا پر راہ رو
شب ادھر آیا تھا وہ عیار کیا

قلب دشمن مین کھٹکتی ہین مدام
کام آئے میرے دل کے خار کیا

کس لیے نفرت نہین ہے غیر سے
وہ نہین کرتا ہے تمکو پیار کیا

عشق کے کوچے مین جب رکھا قدم
نام کیا ہے ننگ کیا ہے عار کیا

اونکے ہاتھون سے سبھی پیتے ہین مے
محتسب کیا رند کیا میخوار کیا

شیفتہ اوسکا ہے جسکو دیکھیے
مست کیا دیوانہ کیا ہشیار کیا

دشمن جانی ہے جس کو دیکھیے
آسمان کیا بخت کیا دلدار کیا

ڈرتے ہین نسلخ نالون سے مرے
رازدان کیا یار کیا اغیار کیا

اب کہان ولولہ جوانی کا
اب کہان لطف زندگانی کا

لاکھ پیری بھی جس سے شرمائے
پوچھنا کیا مری جوانی کا

ہووے تنہائی یار ہو مین ہون ۔ ہے یہی لطف زندگانی کا

مجھسے تیری کمر نے اے کافر ۔ طرز اوڑایا ہے ناتوانی کا

لطف تنہائی مین اوٹھے کیا خاک ۔ اے خضر عمر جاودانی کا

ہاتھ زلفون کو کب لگایا تھا ۔ کیا سبب مجھپے سرگرانی کا

دی نہ اوسنے دم وداع افسوس ۔ داغ دل پر رہا نشانی کا

ہے شکایت زبان خنجر پر ۔ ہو برا اپنی سخت جانی کا

اہل دوزخ بھی الامان کہین ۔ سنکے حال اپنی زندگانی کا

نہ کھلا مثل عقدۂ تقدیر ۔ راز اپنے غم نہانی کا

وہ تو کیا غیر بھی نہین سنتا ۔ حال یہ ہے مری کہانی کا

مین شب وعدہ منتظر ہی رہا ۔ یار کا مرگ ناگہانی کا

گہر سے باہر رکھا نہ اوسنے قدم ۔ کیا علاج اپنی بدگمانی کا

جب جوان تھے تو تہا غرور اور کبر ۔ ابھی افسوس ہے جوانی کا

نہ اوٹھے بزم یار سے نساخ ۔ دیکھیے زور ناتوانی کا

مری طرح سے کوئی مورد جفا نہوا ۔ مگر مین شاکی محبوب دلبرا نہوا

گلے سے تم کو بہری بزم مین لگا لیتا ۔ عدو کی طرح مین ایجان بیحیا نہوا

مین درد ہی کو سمجھتا ہون چارۂ درمان ۔ کسی طبیب سے مین طالب دوا نہوا

ہمارے گھر وہ نہ آئے یہ رہگئی حسرت ۔ ہمارے کوچے مین حشر ایکدن بپا نہوا

سمجھ گیا وہ کہ ہے مجکو خواہش دشنام ۔ سوال بوسہ پہ وہ کس لیے خفا نہوا

نہین ہے رنگ وفا حیف سادہ رویون مین ۔ ملا نہ کوئی مجھے جو کہ بے وفا نہوا

جنون مین چھوڑ گئے مجکو عقل و ہوش و حواس ۔ مگر یہ طوق گلے سے مرے جدا نہوا

لگے وہ کہنے یہی ہے تو ایک مجھمین کمال ۔ کہا جو اونسے کہ وعدہ کوئی وفا نہوا

تو اپنی جان بچائیگا اوس سے ای ناسخ ۔ کوئی بلا ہوئی وہ گیسوی دوتا نہوا

وہ مے پلانے کی تدبیر سیکڑون کرتے

ہزار حیف کہ ناسخ پارسا نہوا

آنسون سے ہے ٹکڑے دل جگر کا ۔ کچھ حال نہ پوچھیے اثر کا

لائین جو وہ میرے گھر مین تشریف ۔ گھر دیدۂ عدن مین ہو گھر کا

تنور بھی الامان پکارے ۔ رونا وہ بلا ہے چشم تر کا

یان آج ہی کوچ ہے جہان سے ۔ کل قصد ہے اونکو وان سفر کا

کیا غیر سے وان ہوئی لڑائی ۔ ہے شام مین رنگ کیون سحر کا

باتون مین گزار دینگے شب وصل ۔ کرتے ہین وہ ذکر ادھر اودھر کا

خوبان جہان مین صورت عشق ۔ یک شور ہے آہ بے اثر کا

چونکے جو وہ قبل صبح ڈر کر ۔ دم بند ہے نالۂ سحر کا

رکھتا ہے رقیب اوسمین ناحق ۔ اب پردہ کھلا شگاف در کا

ای دل تجھے ہم بہتسا ہی ہین کے ۔ پہلو سے مرے اگر نہ سرکا

سودا یگا وہ جوش بڑھ گیا ہے ۔ عالم ہے رگون پہ نیشتر کا

چھپتے ہین وہ چشم آئینہ سے ۔ ہے وہم بڑا اونہین نظر کا

بھولے سے وہ رات میرے گھر آگئے ۔ ممنون ہون فغان بے اثر کا

عاشق اوسے دیکھکر نہ ہوتا ۔ ناسخ قصور نامہ بر کا

ہم کعبہ و دیر سے پھر آئے

ناسخ ہے قصد اب کدھر کا

عشق کا راز کیا چھپا ہوگا ۔ اون کو معلوم ہو گیا ہوگا

رات نوحے کی آتی تھی آواز
تیرا بیمار مر گیا ہوگا

دیکھ پیری میں بھی تو آفت ہے
دل جوانی میں اک بلا ہوگا

چھڑکیں گے زخم دل پہ جب وہ نمک
غیر سن سنکے بد مزا ہوگا

کیا غرض اوسکو جو بلا میں پھنسے
دل تری زلف سے جدا ہوگا

وہ شب وصل کہتے تھے ہنسکر
دیکھیے گا کوئی تو کیا ہوگا

سے ہے جو ایجان اسقدر بیتاب
دل مرا برق سے بنا ہوگا

ہم تو نا آشنائی پر ہیں فدا
کیا کرے سنگ جو آشنا ہوگا

ہو فنا سے عدو تو تم کیا ہو
تم کو بھی کچھ اثر ہوا ہوگا

در و دیوار پر ہے اک رونق
جلوہ فرما وہ مہ لقا ہوگا

وہیں ہوگا مرا مزار شریف
جس جگہ تیرا نقش پا ہوگا

تیری چالوں سے میرے نالوں سے
حشر برپا جدا جدا ہوگا

ہو گیا ہے زبان دراز عدو
بوسہ تو نے کوئی دیا ہوگا

نالوں سے فائدہ نہیں نساخ
اور غصے وہ پر جفا ہوگا

سامنا ہو گر نگاہ یار کا
دم نکل جائے ابھی تلوار کا

وہ سنیگا لن ترانی لاکھ بار
شوق ہے جسکو ترے دیدار کا

مے جو وہ ہمکو پلاتے بزم میں
توڑتے مستی میں سر اغیار کا

ہے صبا کی باغ میں مستانہ چال
طرز اوڑایا ہے تری رفتار کا

موسم گل کی ہوا کو دیکھکر
رنگ اوڑا ہے مرے استغفار کا

روزن در بند کرا ہی پردہ در
سے ہے یہ مرہم سینۂ افگار کا

ہو پشیمان وصل کی دیکر زبان
ڈھونڈتے پہلو کوئی انکار کا

رو رہی ہی موت بالین پر کہڑی
حال ہی ابتر ترے بیمار کا

سجھے وہ غافل نہین ہی روز و شب
ہے خیال اوسکو مرے آزار کا

کہل گیا پردے کے ہاتہون راز دان
عقدہ اپنی حسرت دیدار کا

ہوگئی ہے ساقیا رہن شراب
ای خوشا طالع مری دستار کا

جو سمجہتا ہے ترے باتون کا طور
لطف اوٹہائے وہ ترے انکار کا

ہین برے نساخ اپنے ہی نصیب
کیا قصور اس چرخ ناہنجار کا

دلکو ہم اونکے جلاتے ہین کہ ہے غیر کا گھر
گل کہلاتے تھے ہم آہون کے اثر سے کیا کیا

رات جو آئیگی کس طرح کٹے گی یارب
فکر رہتی ہی اسی کی تو سحر سے کیا کیا

بزم خوبان مین شگفتہ جو مجہے دیکہ لیا
برق پر برق گری اونکی نظر سے کیا کیا

جب ضرورت پڑی کہا لیتا ہی اوسکی قسمین
کام لیتا ہی وہ کافر مری سر سے کیا کیا

دیکہکر دوست جو گریان ہین تو دشمن خندان
اشک ٹپکے ہین مرے دیدۂ تر سے کیا کیا

کوئی مجنون کوئی کہتا ہے مجہے دیوانہ
فتنے اوٹہتے ہین الہی مرے گہر سے کیا کیا

وہ عیادت کو جو آتے نہین بیماری مین
وہم ہوتے ہین مجہے اونکے حذر سے کیا کیا

اونکی دیوارون پہ ہے سبکو درون کا دہوکا
کام کل رات کو نکلے مرے سر سے کیا کیا

اللہ جانے کیا سے مجہے آزار ہوگیا
کرکے علاج اور مین بیمار ہوگیا

سنتا نہین ہے کوئی مرا نالۂ حزین
مثل نوائے مرغ گرفتار ہوگیا

خوبی نصیب کی کہ شب وصل جان کو
دشنہ ہر ایک غمزۂ خونخوار ہوگیا

کہتے ہین اسکو طالع بیدار رازوات
شب وصل صنم کا خواب مین دیدار ہوگیا

مین اور پہر بتان جفاکیش کا خیال
کمبخت دل کے ہاتہ سے ناچار ہوگیا

وہ پاؤن ہین سے خاک اوڑاتی تھی دشت کی
افسوس سست ضعف سے بیکار ہوگیا

دیکھا جو تیز نظرون سے دشمن نے یار کو
محفل مین رات دل مرا افگار ہوگیا

رکھے حنائی ہاتھ جو سینے پہ وصل مین
زخم جگر کو مرہم زنگار ہوگیا

وہ مجھسے چھوٹکر ہاے غیرون سے وای بخت
ہر کام حسب خواہش اغیار ہوگیا

ہجران مین ہاے آنکھ دکھاتا ہے دور سے
دشمن ہر ایک روزن دیوار ہوگیا

برگشتہ بخت ہم سا نہین ہے جہان مین
اقرار لب پہ یار کے انکار ہوگیا

کسکی نظر لگی دل نازک مزاج کو
بیٹھے بٹھائے آج جو بیمار ہوگیا

کہتے ہین رات مر گیا نساخ مے پرست
ویران آج خانۂ خمار ہوگیا

سنکر نہ کیون عجب ہو بتان زمانہ کو
نساخ بت پرست بھی دیندار ہوگیا

سیکڑون دعا ہین یان جو وہان گوش کب آ
چرخ جگر مین ہو ایجان مرے سر گیا

کچھ سو دن ہی نہین آفت جان وصل کی شب
آگیا ناک مین دم مرغ سحر سے گیا

روز و شب وہ مرے مرنیکی دعا کرتے ہین
آ گئے تنگ وہ نالون کے اثر سے گیا

ملگیا آب بقا زندگی خضر ملی
خوش ہوئے وہ مرے مرنیکی خبر سے گیا

دیگر

دل میرا اونکے تیر پہ قربان ہوگیا
تیر اونکا میری جانکا نگہبان ہوگیا

سن سنکے میرا حال جو باتین ناک بھون
اور کہتے ہین دماغ پریشان ہوگیا

نادم ہین اسقدر کہ جھکائے ہوئے ہین سر
مین اونسے وعدہ لیکے پشیمان ہوگیا

صورت ہماری ہجر مین کچھ نقش رہ گئی
تصویر کی طرح جو وہ حیران ہوگیا

سینہ مین اوس لیک نکلتا نہین ہے ہاے
دشمن کا دم بھی کیا مرا ارمان ہوگیا

دشمن کے گھر سے ہاے نکلتا نہین ہے یار
وہ مجھسے سخت جان کی مگر جان ہوگیا

نساخ تیری عشق نے کیا لاکھ معجزے
کافر جو تھا وہ آج مسلمان ہوگیا

وہ بت یہ کہہ رہا ہے کہ او سیر خدا کی مار
ناسخ بت پرست مسلمان ہو گیا

سچ ہے تری بیباک ادا کو نہیں دیکھا
واللہ کہ آنکھوں سے قضا کو نہیں دیکھا

کیوں مجکو سنائے نہ بھلا قصۂ جنت
واعظ نے ترے مہر و وفا کو نہیں دیکھا

افسوس کہ سن ہی کے ابھی ہنستے ہو افسوس
تمنے اثر آہ و بکا کو نہیں دیکھا

گھبرائے ہوئے پھرتی ہے کیوں تیر کے آگے
تاثیر نے کیا روی دعا کو نہیں دیکھا

بیباکیاں دیکھیں ہیں تری بزم عدو مین
آنکھوں نے ترے شرم و حیا کو نہیں دیکھا

کہتے ہیں غلط ہو گیا دشمن کا گذر خاک
کوچے میں ترے باد صبا کو نہیں دیکھا

معلوم نہیں تمکو وفا کہتے ہیں کس کو
تمنے ابھی ارباب وفا کو نہیں دیکھا

کیا خاک ہو امید مجھے اوس سے وفا کی
مین نے تو کبھی اوسکی جفا کو نہیں دیکھا

نازاں نہوں کیوں خضر بھلا عمر پہ اپنے
حضرت نے تری زلف رسا کو نہیں دیکھا

پردے سے نکلتے نہیں اور کہتے ہیں مجھسے
پہچانوگے کیا ہمکو خدا کو نہیں دیکھا

آگے ترے آنکھوں کو جھکائی ہوئی اٹھتین
کب آہوی با در بہ خطا کو نہیں دیکھا

کیوں حضرت موسی کیطرح غش ہیں نہ ناسخ
گر تمنے بت ہوش ربا کو نہیں دیکھا

دیگر

بہانہ کرکے جو گھر سے مجھے نکال دیا
بلا وہ سمجھے تھے شاید کہ مجکو ٹال دیا

خدا کے دین کا آج آدمی ملکے شکر کرین
کہ ہمکو عشق دیا آپ کو جمال دیا

گلہ جو اوس سے کیا بیوفائی کا تو کہا
خدا نے تو ہی یہی مجکو اک کمال دیا

کر دیا نامہ بر کا ناک مین دم
پڑھ کے خط کیا وہ بد دماغ ہوا

خانۂ غیر مین اوسے پایا
نقش پا یار کا سراغ ہوا

وہ جو آئے تو اونکا نقش قدم
خانۂ قبر کا چراغ ہوا

مٹ گیا میرے قبر کا جو نشان
کیا یہ دشمن کے دل کا داغ ہوا

یہ تو کہیے میں شہادت سے گریزاں تو تھا
کس لیے غیر کو مارا میں گنہگار نہ تھا

گو کہ بدنام ہیں خوبان گذشتہ لیکن
کوئی بھی تم سا جفاکار و ستمگار نہ تھا

دھوم تھی چین و چگل میں مری کب عشق ہوا
لعل طرف کلہ شاہد فرخار نہ تھا

کیوں نکلتے نہ نواہای حزین ای صیاد
سیر اسینۂ قفس مرغ گرفتار نہ تھا

آخر شب وہ گئے میری بغل سے اوٹھکر
صبح پہلو میں جو دیکھا تو دل زار نہ تھا

جرم ٹھہرا دیا انکار گنہ کا اوسنے
قتل مجکو کیا ہرچند گنہگار نہ تھا

بیوفائی میں ہیں خوبان سلف کیوں مشہور
کیا کوئی اگلے زمانے میں وفادار نہ تھا

سر کو ٹکرا کے چلا آتا ہے نالہ پھر کر
آگے تو بند در گنبد دوار نہ تھا

یہ بھی دن ہیں کہ لبوں پر ترے اقرار نہیں
وہ بھی دن تھے کہ زبان پر ترے انکار نہ تھا

کچھ ذرا آنکھ ملا کر تو بھلا غیر نے رات
تیرے تلوون سے ملا دیدۂ خونبار نہ تھا

نہ کھٹکتا ترے دل میں شب ہجر ای گلرو
کوئی کانٹا تھا کہ دل میں ترے خار نہ تھا

کوئی قاتل میں گیا ای دل ناداں نہ سینا
کب زبان پر مرے ہشیار خبردار نہ تھا

اونکو یہ پہنچا دیا شب لیکے عدو کی گھر میں
میں غلط سمجھا تھا نالہ مرا بیکار نہ تھا

بات دشمن نے بنائی ہے شب وصل کا راز
ہے غلط جھوٹ زبان پہ کبھی زنہار نہ تھا

تم غلط کہنے کو جاتا تھا کہ جاتے تسلیخ
پر کہا رات در خانۂ خمار نہ تھا

کہیں سے کعبے کو گیا ہو نہ مسلمان ہو کر
دوش آساغ پہ کیوں رشتۂ زنار تھا

وہ کبھی میرے گھر نہیں آتا
تیری آنکھوں نے وہ کیا بیہوش
شب یاس در کوچۂ گیسو

وہ کبھی راہ پر نہیں آتا
ہوش دو دو پہر نہیں آتا
خاک بھی تو نظر نہیں آتا

ہجر میں کس سے دل کو بہلاتے
ملک الموت اگر نہیں آتا

میرے جی اٹھنے کا ہے خوف ایسا
وہ کبھی قبر پر نہیں آتا

بخدا ایک عاشقی کے سوا
مجکو کوئی ہنر نہیں آتا

کبھی نکلی نہ آرزو دل کی
تیر اونکا ادھر نہیں آتا

مر رہا ہے کوئی جانان میں
کس لیے نامہ بر نہیں آتا

تم کو ہنسنا تو آتا ہے نہ سہی
مجکو رونا اگر نہیں آتا

شب ہجران میں نیند کیا ہے ستم
خواب بھی تا سحر نہیں آتا

نہیں اوسکو گمان بد نساخ
وہ کبھی سننے خبر نہیں آتا

تم گئے غیر کے گھر اوس پہ یہ احسان نہ تھا
مجھسے کیا رات کا وعدہ تھا پیمان نہ تھا

کیا کبھی گھر میں مرے عیش کا سامان نہ تھا
تو کسی رات کو شاید مرا مہمان نہ تھا

بزم میں غیر کے دامن کو کیا کیوں ٹکڑے
چاک کرنے کے لیے میرا گریبان نہ تھا

شانۂ پنجۂ دشمن سے نہ اولجھی ہو زلف
گئے اسطرح دل اپنا تو پریشان نہ تھا

سیر بازار میں کیوں مجھسے نہ کی چاک نظر
اسمیں تھا نفع مرا آپکا نقصان نہ تھا

دل کو کسطرح لیا وہ بھی نہ تھو کیہ ہشیار
بات تقدیر کی تھی میں بھی تو نادان نہ تھا

کیا گئے تھے کہیں یا گھر میں رقیب آیا تھا
رات کیوں بند تھا در کہلے دربان نہ تھا

تجھے لاتے بھی گیا ایک بت ترسا بچہ
کیا مرا دین نہ تھا کیا مرا ایمان نہ تھا

کیوں گئے غیر کے گھر اوسنے جو پوچھا تو کہا
ہم یہ سمجھے تھے کہ تمکو کوئی ارمان نہ تھا

کیا کہا کس سے سنا ہے سخن محفل ناز
آپکے گھر میں مگر میں کبھی مہمان نہ تھا

کیوں عزیزوں نے کیا دست جنوں کو بدنام
پیرہن میں مرے پہلے سے گریبان نہ تھا

زیر لب کہتے ہین نساخ مسلمان نہ تہا

شب وصلت مین غمزہ دلبر غارتگر جان کا
کرے دم بند جریان کا اور آہ بیہوش رہا تہا

خیال آنے لگا ہی پہر کسی زلف پریشان کا
خدا حافظ ہو اے نساخ دامان و گریبان کا

جنون مین خاک اڑائی ہی در و دیوار کی ایسی
کہ مجکو اپنے گہر مین لطف حاصل ہی بیابان کا

ہمارا بخت برگشتہ شب وصلت مین سید ہا ہوا
اگر پڑ جائے سایہ یار کے برگشتہ مژگان کا

لیا ایمان سب کا دست غارتگر دین نے
مجوسی کا یہودی کا نصاری کا مسلمان کا

پہرا ناصح کا سر شاید بگڑ کر مجہسے کیون الجہا
کیا جو ذکر یا تو نے تری زلف پریشان کا

ہر اک گل ہی اک حسرت مرحومہ کا مدفن
دل صد پارہ پر عالم نہ ہو گور غریبان کا

دیکہہ لینا کہ بہل جائے گا
دل سنبہالے سے سنبہل جائے گا

فقرہ کیا آپ کا چل جائے گا
وقت آیا ہوا ٹل جائے گا

چپ رہین کہدو ذرا غیرون کو
کچہہ مرے منہ سے نکل جائے گا

جان دی مین نے کیا وعدہ وفا
تیرا وعدہ ہے کہ ٹل جائے گا

میرے نالون کو نہ سمجہو کم سرد
دل اغیار بہی جل جائے گا

دل کو دشوار ہے غم کا کہانا
زہر ہے یہ کہ نکل جائے گا

یہ نہ سمجہے تہے زمانہ ہم سے
صورت یار بدل جائے گا

راز دان صورت ارمان عدو
دم مرا آج نکل جائے گا

سکنے دو کچہہ نہ کہو واعظ کو
کب دماغی یہ خلل جائے گا

تم نہین اور سہی اور سہی
دل ہمارا بہی بہل جائے گا

تنظر یار سے جب غش سے گرا
دل یقین ہے کہ سنبہل جائے گا

چال دشمن کی کہان چلتی ہے
تیرا فقرہ ہے کہ چل جائے گا

دل سے ہشیار رہو اے نساخ
دیکھو قابو سے نکل جائے گا

گر مرا نالہ نارسا ہوگا
عرش کے پار تو کیا ہوگا

اونکے دروازے پر گرے مرکے
عشق اور اس سے بڑھکر کیا ہوگا

کیا نہ ہوگی شب فراق کی صبح
گر نہ آؤگے تم تو کیا ہوگا

رات میرے ستانے کو ہر دم
پوچھتے ہیں کہ کیا بجا ہوگا

ہے سوال فقیر رد نہ کرو
بوسہ دیجیے گا تو بھلا ہوگا

دھیان زلف سیاہ کا تیرے
جان کو میرے اک بلا ہوگا

بدگمان نعش پر نہ آئے گا
نزع میں لب پہ گر خدا ہوگا

مثل دُر گوش یار تک پہونچا
نالہ اب اور کیا رسا ہوگا

ساتھ اغیار کو لیے آئے
ستم اس سے کوئی سوا ہوگا

بیوفا دھوم ہے وفا کی دی
کیا کوئی مجھسا باوفا ہوگا

ہے یقین اوسکی شامت آئیگی
جسنے گیسو ترا چھوا ہوگا

رات تھی جسکے لب پہ آہ حزین
عاشق زار آپ کا ہوگا

آپ کو یان جو کھینچکر لایا
جذبہ قلب نے رہا ہوگا

دوش تک گیسو رسا پہونچا
رفتہ رفتہ ابھی بلا ہوگا

جو سنے گا تری غزل نساخ
زمزمہ سنج مرحبا ہوگا

سمجھے تھے تم نہ سنبھلے گا لیکن سنبھل گیا
جنت میں آئے تو دل عاشق بہل گیا

صبر و سکون کا حال کہوں کیا کہ ای ندیم
قابو سے دل ہی یار کی صورت نکل گیا

افتاد اسکو کہتے ہیں دیکھو کہ دل مرا
اونکی نظر سے گرتے ہی دشمن سنبھل گیا

باران رحمت آج تو رحمت سے ہے فزون
نساخ ہائے وعدۂ جانان پہسل گیا

ہے یقین نشہ مین بہی سخت پشیمان ہوگا
اوسکے ہاتھون سے اگر چاک گریبان ہوگا

بزم مین یار کے اغیار اگر جمع ہوے
دل مرا زلف کے مانند پریشان ہوگا

آپ ہمراہ جنازے کے نہ آسکے تو بہی
قبر پر بہی اگر آوینگے تو احسان ہوگا

دیکہین کیا کام پریشان نظری سے لینگے
روبرو وصل مین جب دیدۂ حیران ہوگا

قتل کے بعد تہا قطرۂ خون بہی دلمین
وہ یہ سمجہے تہے کہ پنہان کوئی ارمان ہوگا

نہین معلوم تقاضے کا ابہی حال اوسکے
وعدہ وہ غیر سے بہی کرکے پشیمان ہوگا

کعبے کا ذکر نکر چہین ہی سے گا نساخ
بڑہ کے اوس بت سے کوئی دشمن ایمان ہوگا

وہ بہی پہلو سے اوٹہ گیا جب رات
سینے مین دل رہا رہا نہ رہا

گرم بازار بوالہوس کا ہے
عشق بازی کا اب مزا نہ رہا

محتسب کیا بلا ہے جب آیا
ہوش ساقی کا بہی بجا نہ رہا

خبر مرگ غیر سے نساخ
دل مین کوئی بہی مدعا نہ رہا

جب سے گنہ حشر مین تو کیا جواب تہا
میرا ہر اک سوال جو تہا لاجواب تہا

دنیا کی فکر نے غم روز حساب تہا
بڑہکر جنون سے بہی مرا عہد شباب تہا

نالون سے کیون جگاتے ہو بہلا ہم کہ تہے اسیر
دشمن تہا بیقرار وہ بت محو خواب تہا

تعزیر افلاک سے ہر اک جہان کی دی
روز وصال یار کو روز حساب تہا

پیری مین اب کہان ہے کہ عہد شباب مین
دل کو قلق تہا رنج تہا اک اضطراب تہا

اوڑتی تہین کیون ہوائیان چہرہ پہ ماہ کے
شاید وہ اپنے بام پہ شب بے نقاب تہا

بھول جاتا جفائون کو اپنے
وہ کبھی صبر آزما نہ ہوا

کیا دیا اوسنے غیر کا پیغام
یار قاصد سے کیون خفا نہ ہوا

شوق ہے اوسکی آشنائی کا
جو کسی کا بھی آشنا نہ ہوا

نقش سجدہ وسر بھی جدا ہوکر
قابل لعنت بوریا نہ ہوا

دشتکین مین دعائین ساری رات
لیک باب قبول وا نہ ہوا

دختر رز لڑاتی کیا کیا آنکھ
حیف نساخ پارسا نہ ہوا

وہ ہون نساخ اور دنیا ہو
میرا کیا مین ہوا ہوا نہ ہوا

سنکے میری غزل کو ای نساخ
آج غالب غزل سرا نہ ہوا

کیا لطف وصل کہیے ہر غمزہ جانفزا تھا
آنکھون مین شوخیان تھین دلمین نزا بھرا تھا

دور فلک ستمگر جب حسب مدعا تھا
آہون مین بھی اثر تھا نالہ بھی تب رسا تھا

نادان تھا دل بتا جو تجھپہ آگیا تھا
تو بیوفا ہے یہ تو مین خوب جانتا تھا

سوز درون کو آخر ہجر انمین کیا ہوا تھا
آہون نے کیون کمی کی گر نالہ نارسا تھا

اب جیتا ہون مین تو دل وصلو کیون دیا تھا
مشہور وہ جہان مین بیمہر و بیوفا تھا

ہر کام حسب خواہش ہوتا تھا وہ بھی دن تھے
طوفان نوح میری کشتی کا ناخدا تھا

رہتا تھا اوسپہ اکثر رخسار یار گل رو
سینہ ہمارا آگے اک باغ دلکشا تھا

نے تاب ہے نہ طاقت ہے ضعف و ناتوانی
ای جان تکیہ مجھکو اب کیا ہون اور کیا تھا

ہجران حبیب بلا تھا بھولا تھا مین تجھین کو
دلمین خدا خدا تھا لب پر خدا خدا تھا

ای رازدان کہون کیا شب کی بات تجھسے
زلف سیہ سے اولجھا دل بھی عجب بلا تھا

تم جانتے نہین ہو پہچانتے نہین ہو
مین بھی کبھی تمہارا اے جان آشنا تھا

ہر شان پہ خدا کی کہتا ہے العظم لیا
ہر سنگ در پہ رکھنا کیا سجدہ ریا تھا

ایجاب تے ہین لوگ کہتے ہین دور دور ہمکو
یاد وہ بہی دن تہے لب پر ابلا و مرحبا تہا

ہے صحبت عدوی نا اہل کی کراست
تیری زبان پہ آگے بہی حرف نا سزا تہا

لاشہ پہ میرے آکر اللہ رے تجاہل
لوگون سے پوچہتے ہین وہ اسکو کیا ہوا تہا

رشک عدو نے نکلا مین بزم دلربا سے
جو میرا مدعا تہا غیرون کا مدعا تہا

گر دل بہی نکرتا تو جان کب ٹہرتے
حق مین مریض ہجران کو درد ہی دوا تہا

تہا وجد سامعین کو نساخ بزم مین شب
ناخن بدل زن اشعار اپنے جو پڑہ رہا تہا

وفای وعدہ کو اوس سے کہا تو فرمایا
ہمین دماغ نہین آپکے تقاضے کا

پیری مین شوق حوصلہ فرسا نہین رہا
وہ دل نہین رہا وہ زمانہ نہین رہا

کیا ذکر مہر اوسکی نظر مین ہے دل وہ خوار
شایان جور و ظلم دلارا نہین رہا

جہگڑا مٹا دیا ہے کافر نے دین کا
اب کچہ خلاف مومن و ترسا نہین رہا

عشاق و بوالہوس مین نہین کرتے وہ تمیز
وان امتیاز نیک و بد اصلا نہین رہا

کیون پہر سے آنے لگے گلرخان دہر
پیری مین دل سرای تماشا نہین رہا

کہدوا کے قبر نعش بہی کی اوسکی پایمال
نام و نشان عاشق رسوا نہین رہا

اتبک یہان ہے عجز و نیاز و وفا کی دہوم
وان لطف و التفات و مدارا نہین رہا

کشتی بغیر دشت نوردی ہو کس طرح
اشکون سے بحر ہوگیا صحرا نہین رہا

مستی مین رات وہ نہ کہلے مجہسے ہمنشین
کچہ اعتبار فتنۂ صہبا نہین رہا

کیون جائین پہر کے کعبے سے نساخ دیر کو
وہ سر نہین رہا ہے وہ سودا نہین رہا

ردیف بای موحدہ

ہو کے رخصت جو گئے مجہسے وہ گہر آخر شب
اک قیامت تہی کہ آئی مرے سر آخر شب

ہای کیا کہیے کہ مثل فلک ناہنجار — وصل مین دشمن جانی ہے گو آخر شب

اپنی آنکھین بہی تھین اشک افشان وقت وداع — تھی عجب طرح کی اونکی بہی نظر آخر شب

چھپکے وہ خانۂ دشمن مین اگر جاتے ہین — کیون اوٹھایا ہے مرے نالون نے سر آخر شب

کیون سر شام نہو جائے مری جان وداع — کہتے ہین یار کو ہے عزم سفر آخر شب

سخت خوابیدہ اغیار نہ جاگین ہرگز — وصل مین یار کو نیند آئی اگر آخر شب

غل یہ کیا کرتے تھے سب رات کو نکلا خورشید — نکلے وہ خانۂ دشمن سے مگر آخر شب

خوف رسوائی سے افسوس نکلکر آئے — خانۂ یار سے ہم قبل سحر آخر شب

کیفیت وصل مین جو کہلاتا تھا کیا کیا مجکو — نیند کا آنکھون مین تیرے وہ اثر آخر شب

تھا جو تسلیم بھی وقت وداع جانان
روز بڑھتا ہے مرا درد جگر آخر شب

نالہ کہان وہ جوش جوانی کہان ہے اب — پیری مین ایک غنچۂ بستہ زبان ہے اب

اللہ ناتوانی مین ایسا گران ہے اب — گردن پہ میرے سر نہین اک آسمان ہے اب

لب پہ ہمارے داغ جگر کا بیان ہے اب — اک زخم خونچکان ہے جو سینہ مین نہان ہے اب

کسکو سناؤن کون سنے کسکو تاب ہے — ہر بات میری ہجر مین آتش فشان ہے اب

سادہ رخون کا ظلم و ستم دیکھ دیکھکر — حیران آئینہ کی طرح آسمان ہے اب

پیدا جو کی ہے ضعف نے آئینہ کی صفا — احوال دل کا جسم سے میرے عیان ہے اب

ای سخت جانی آہ مدد سے نہ جی چرا — منظور اونکے ظلم کا بس امتحان ہے اب

پہونچانے کو ہے اوسکو بھی میری ہی حال پر — دشمن کے حال پر وہ بہت مہربان ہے اب

کرتے ہین مجھپہ تازہ ستم سیکھکے دلربا — جام شراب حق مین مرے آسمان ہے اب

وہ سن رہے ہین غور سے گلشن مین ہے صفیر — کیا کہیے کس بہار پہ شور و فغان ہے اب

مجکو اسی سے زندہ سمجھتا ہے اک جہان — اونکا ستم ہے زیست کا میرے نشان ہے اب

نساخ مر گیا تو بتوں کو یہ غم ہوا
سینہ زنان ہر کوئی کوئی نوحہ خوان ہے آب

دروازہ ہم نشین نے گر کر دیا تھا بند
شاید اسی سے نیند نہ آئی تمام شب

یہ فرمائیے پھر آؤ گے یہاں کب
کرو گے پھر مرا دل شادمان کب
کہیں گے وہ لب نازک سے ہاں کب
وہ دینگے وصل کی اپنی زبان کب
ہو لب پر نالہ آتش فشان کب
جلایا میں نے دشمن کا مکان کب
کب آیا میرے گھر وہ ماہ رخسار
پھرا ہے حسب مطلب آسمان کب
جلایا ہے مجھے کب قتل کر کے
ہلائے ہیں لب معجز فشان کب
جگایا آپ کو کس رات میں نے
لبوں پر آئی تھی آہ دخان کب
ہوئے کب آپکی محفل میں بیتاب
ہوا راز دل مضطر عیان کب
اوٹھی کس بیکسی سے نعش اپنی
ہوئے ماتم میں رو کے نوحہ خوان کب
بلائے ناگہانی جان کو ہے
بھلا ملتا ہے سر سے آسمان کب
ہمارے پاس آپ آئے تھے کیا خوب
یہ تو فرمائیے صاحب کہاں کب

وہ کافر پڑھتا ہے کب میرا کلمہ
وہ منہ میں لیتا ہے میری زبان کب

ردیف بائے فارسی

ممکن نہیں کہ آپکے آنکھوں میں گھر کرے
دشمن کو دیکھئے جو ہماری نظر سے آپ

خانۂ اغیار میں جاتے ہیں آپ
دشمنوں کے بہلائے ہیں آپ
ہے نئی یہ چھیڑ لیکر غیر کو
وعدہ کی شب پھر گئے گھر سے نکل
کیوں پریشان کرتے ہیں مجھکو مگر
وصل میں کہتے ہیں نہیں مانتے ہیں آپ
کیا یہی ہے دوستی جو بزم میں
دشمنوں کو پاس بٹھلاتے ہیں آپ

چاک ہوتے ہین دل اہل نظر
جھوٹ یون ہی کھنچو مین سمجھون کا سچ

جلوہ چلمن سے جو دکھلاتے ہین آپ
کیون مرے سر کی قسم کھاتے ہین آپ

کام کچھ بیباکیون سے لیجیے
وصل مین کیون آج شرماتے ہین آپ

کیجیے آسان یہ مشکل مرے
عقدۂ تقدیر کو حل کیجیے

نزع مین صورت ذرا دکھلایئے آپ
ہان نہین کچھ منہ سے تو فرمائین آپ

ردیف تاے فوقانی

دیکھیے آنکھون سے حسن خوبی تحریر دوست
سنیے کانون سے بیان شوخی تقریر دوست

چاندی سونا کرتے ہین عشاق جو ہر دم نثار
ہے سنہرا رنگ گویا اکسیر دوست

ہے سر گرم آمد آمد ہو رہی ہے موت کی
وعدہ کی شب قتل کر لی ہے مجھے تاخیر دوست

شربت دیدار جو آ کر پلایا نزع مین
کھنچ گئی آنکھون مین اسکے مرقدم تصویر دوست

دیکھکر یہ رنگ غیرون اپنا نہ آئے جوش پر
خون دشمن ہو وے کیون قتل مین تاثیر دوست

کیا نصیب دشمنان ہی ہے شہادت انگشت
کاش پھیرے اس طرف بھی منہ کبھی شمشیر دوست

ایک دشمن کا بھی دل ہوتا نہین اس سنگ کا
آہ پر اپنے نہو کیونکر گمان تیر دوست

عاشقون سے منہ چھپا کر بیٹھے وہ پردے مین اب
ہاتھ مین دشمن کے ہو بازار مین تصویر دوست

ہے خطا قسمت کی اپنے بخت کی تقصیر ہے
کیا خطا دشمن کی اے گستاخ کیا تقصیر دوست

سینے مین بھری ہوئی ہے ہمارے ہوائے دوست
تڑپے نہ کیون مدام دل مبتلائے دوست

آنکھون کو آرزو ہے کہ دیدار ہو نصیب
کانون کو اشتیاق ہے سنیے صدائے دوست

دشمن کے اتہام سے اللہ کی پناہ
شل اپنے ہاتھ ہون جو چھوئین پائے دوست

جلوہ اوسی کا جلوہ نما ہے نگاہ مین
آتا نہین ہے مجکو نظر کچھ سوائے دوست

مرتے ہی میرے رونق بزم عدو ہوئی
افسوس ہائے دوست صد افسوس ہائے دوست

وہ محو یاد دوست ہوں سمجھوں اسے بھی دوست
دشمن بھی میرے پاس جو آئے بجائے دوست

اب اپنی زندگی کا سبب ظلم یار ہے
ہم تو ہیں عاشق ستم جانفزائے دوست

باتوں سے میرے مردہ صد سالہ جی اٹھے
چوسے ہیں وصل میں لب معجز نمائے دوست

سرمہ بنائیں آنکھوں کا خوبان روزگار
نساخ ہاتھ آئے اگر خاک پائے دوست

صبح کو دیکھا ہی ہیں نے روی منحوس عدو
آج قسمت میں مگر شاید نہیں دیدار دوست

ردیف تائی مثلثہ

تم ہو کیوں ہم سے خفا کیا باعث
ہم پہ یہ جور و جفا کیا باعث

کیا وہ ہنستے ہیں رقیبوں میں کہیں
اشک آنکھوں سے بہا کیا باعث

خون اغیار ملا ہے اوسمین
دل میں چبھتی ہے حنا کیا باعث

کوئی اڑتا ہے ہوا سے شاید
چلتی ہے تیز ہوا کیا باعث

مگر اسوقت وہ مے پیتے ہیں
نالے ہیں ہوش ربا کیا باعث

آنکھ دشمن سے لڑائی ہے مگر
نہیں آنکھوں میں حیا کیا باعث

دل ہمارا تو نہ تھا تم کو پسند
کس لیے چھین لیا کیا باعث

کیا نہ تھی محفل اغیار میں رات
آپ کہتے ہیں بجا کیا باعث

لائی ہے کوئی زبانی پیغام
کیوں ادھر آئی صبا کیا باعث

کیوں مرے خون کے پیاسے تھے آپ
کیوں مجھے قتل کیا کیا باعث

یار کیا میری حمایت کرتا
غیر کیوں بھاگ گیا کیا باعث

گھر گیا اور کسی کے دل میں
وہ جو گھر میں نہ ملا کیا باعث

مجکو وہ بھول گئی ہے شاید
نہیں آتی ہے قضا کیا باعث

دل پر خون کو کیا ہے پامال — شوخیٔ رنگ حنا کیا باعث
کیون ہوئی بند زبان پیش حبیب — حال دل کہہ نہ سکا کیا باعث
یار سنئے میری زبان سے ناسخ — حال دل کیون نہ سنا کیا باعث
اثر عشق سے ہے ورنہ ناسخ
نالہ و آہ و بکا کیا باعث

ردیف جیم معجمہ

نہین گھر مین وہ یار جانی آج — مین ہون اور دل کی بدگمانی آج
روبرو ہے وہ یار جانی آج — کون سنتا ہے لنترانی آج
لاوے گے اوسکی جا نچہ کیا آفت — کیون عدو پر ہے مہربانی آج
ہم بھی ہین یار بھی ہے دشمن بھی — اوٹھے گا لطف زندگانی آج
کل جہان سے ہے مجکو قصد سفر — بوسہ دیجیے کوئی نشانی آج
حال بیمار کا ترے سنکر — ہوئی بیتاب زندگانی آج
میری آہ و فغان کا دیکھین رنگ — ہین کہان آہی و فغانی آج
جان کو وصل مین نثار کیا — کام آئی ہے زندگانی آج
تمکو پردے مین مین نے دیکھ لیا — کیا ہوا لاف لنترانی آج
کوئی اوس بزم سے اٹھا نہ سکا — ناز کرتی ہے ناتوانی آج
قبر پر آئے وہ زہے قسمت — ہے کہان ہاے زندگانی آج
دست پیری نے پائمال کیا — سرکشی ہے نہ وہ جوانی آج
وہ نہ آئین تو عید مین ناسخ — کر بلاؤن کی میہمانی آج
عید ہو جائے محرم مین ناسخ — آئی جو مرگ ناگہانی آج

دیکھو دیوان چہارم ناسخ

لوٹیے دولت معانی آج

نہین ہے اوسکی کل کی سی نظر آج — نیا آنکھون نے دکھلایا اثر آج

عدو کے گہر مین کیا جانے کو ہین وہ — سبب میری جان کو کیون عزم سفر آج

نہاتے وہ نہون اغیار کے ساتھ — ہین مرے دیدۂ تر جوش پر آج

نہو وین کیون ذلیل و خوار نالے — وہ آئے میرے گہر مین سنکے خبر آج

نہوتا آب یون صبح شب وصل — جو ہوتا کاش پتہر کا جگر آج

اوڑاتے ہین عدو گلیون مین کیون خاک — کہین وہ آئینگے کیا میرے گہر آج

ہوئی ہے صلح اوس قاتل سے نساخ
شب وصلت مین لڑتی ہے نظر آج

ردیف جیم فارسی

یون نفس تیز اے دل مضطر نہ کھینچ — بیکسی مین قتل پر خنجر نہ کھینچ

مجھے سیاش کو ہے کافی اک نگاہ — ساقیا تو منت ساغر نہ کھینچ

قد کشی کافی ہے میرے قتل کو — اے ستمگر دیکھہ تو خنجر نہ کھینچ

خم کا خم منہہ سے لگا دے ساقیا — انتظار شیشہ و ساغر نہ کھینچ

رہنے دے ظالم کہ ہے جان کے عوض — تیر سینے سے مرے باہر نہ کھینچ

دیکہین دشمن بہی جگر داری مری — ظلم سے ہاتہ اے بت کافر نہ کھینچ

جان دے نساخ پاے یار پر — انتظار دشنہ و خنجر نہ کھینچ

مجھ سے سن نساخ کے اشعار تر
روز و شب یون منت گوہر نہ کھینچ

ردیف حای مہملہ

گرتے نظر سے یار کے کیون خار کی طرح — ہوتے جو ہم بہی بوالہوس اغیار کی طرح

تسکین کیون نہ ہووے دل بیقرار کو
آئے جو موت ہجر مین غمخوار کی طرح

جینے کی آرزو ہے نہ مرنے کا خوف ہے
جی سے مجھے پسند ہے آزار کی طرح

کوچے مین تیرے دیکھکے کٹ گئے عدو
میری بھی چال ہے تری رفتار کی طرح

ہر وقت تیرا دھیان ہے ہر وقت تیرا ذکر
دیوانے تیرے بیٹھے ہین ہشیار کی طرح

آتے ہین میرے کوچے مین ہووے سو کبھی
چلتے ہین تیز تیز وہ تلوار کی طرح

حرف غلط تھا ضعف نے رتبہ بڑھا دیا
مین چھپ گیا ہون معنی دشوار کی طرح

سنے کھٹکے میرے خانۂ دل مین گذر کرو
رستہ ہے صاف آپکے رخسار کی طرح

ناسخ محو جلوۂ رخسار صاف ہے
سنے جس طرح سے یار کی دیوار کی طرح

ردیف خاے معجمہ

وہ آج ڈال کے نکلے نقاب یہ سرخ
سرشک خون سے ہوئے میرے دیدۂ تر سرخ

ہمارے قتل کی ایسی خوشی ہے اے ظالم
شفق سی بھی ہے سو آج بام اور در سرخ

زہے ترقی معکوس قلب پر خون سے
وہ نشہ مین ادھر سمجھے ہوئے ہین ساغر سرخ

لگا ہے دامن شمشیر مین کسی کا خون
ہے مثل دیدۂ مریخ چشم جوہر سرخ

ق مین ہو بن موسیٰ جو ہے خون جاری
شہید کے بھی کفن سو ہے آج بستر سرخ

زہے نصیب سے خون کی بہتا ہے
لباس عشق مین میرے وہ حور پیکر سرخ

ترے شہید کا چاٹا ہے خون بھی شاید
ہو برگ گل کی طرح کیون نہ بان خنجر سرخ

ترے شہید کا خون رنگ لائیگا حشر
کہ ہونگے جیب گریبان صبح محشر سرخ

وہ پان کھاتے ہین ساتھ رقیب کے ناسخ
ٹپکتے ہین مری آنکھون سے آج گوہر سرخ

ردیف دال مہملہ

آہ ہے غم میں مرے خاک بسر میرے بعد
ٹکرے ہے نالۂ محزون کا جگر میرے بعد

پوچھتا کون ہے عالم میں جنون کو آخر
کوئی خواہان نہیں سودے کا اگر میرے بعد

نہیں لیتا ہے خبر کوئی پریشانی کی
کیا کہون کرتی ہے کس طرح بسر میرے بعد

دہر میں نام نہیں جور و ستم کا باقی
کر گیا ظلم بھی دنیا سے سفر میرے بعد

شکر کہین کہانی ہوئی گیسوؤن پہ پڑی ہے بلا
فتنہ حیران ہے کہ جائیگا کدھر میرے بعد

درد کا ہو گیا ہر عضو جدا گھل گھل کے
کٹ گیا غم میں مرے رنج کا سر میرے بعد

دیدنی حال ہے نساخ شب ہجران کا
شام سے چین نہیں تا بسحر میرے بعد

ردیف رائے مہملہ

نکل بھاگا سینے سے دل منہ چھپا کر
وہ پردے میں جو چھپ گئے منہ دکھا کر

نہ کہہ رازدان جھوٹ دل سے بنا کر
وہ کب لیگئے مجھکو گھر سے سنا کر

بلا ہین مرے نالہائے شبینہ
قیامت بپا کی ہے انکو جگا کر

وہ آکر ذرا حالت نزع دیکھین
کوئی انکو للہ لاؤ بلا کر

مرے رونے کا حال ہے اک تماشا
وہ سنتے ہیں ہنس ہنس کے ہین کھلکھلا کر

عدو ان سے بیشک نکالا گیا ہے
ابھی جاتے دیکھا اوسے منہ بنا کر

جدا عید قربان میں کوئی کریگا
تری تیغ کو ہم گلے سے لگا کر

عدو تا عدو دن کو بنایا ہے آخر
رہ کوچۂ یار میں سے بسا کر

مقابل ہوے سیر میں انکے شمشہ
چمن میں لٹا اکدن نے ہنسا کر

مجھی کو جلانا مجھی کو ستانا
میں بندہ ہون تیرا میں قربان تیرا

مگر میرے آنے سے شرما گئے ہین
وہ محفل میں بیٹھے ہیں کیوں سر جھکا کر

اکیلا کا ہم بتاتے دارنے اسنا
وہ جانے کو تھے رات ہم کو سلا کر

لیگی گر و اعظ تجھکو جنت
عذاب جہنم سے مجھکو ڈرا کر

عذاب لحد پرسش و محشر
گئی جان کن آفتوں مین پھنسا کر

سے اتنی ہی اوس بزم مین میری عزت
عدو کو بٹھاتے ہین مجھکو اوٹھا کر

وہ ہون بیو فا لیک نساخ شیدا
وفا کر وفا کر وفا کر وفا کر

جان اصنام کو دی صاحب ایمان ہو کر
دل ہوا تارک کفر مسلمان ہو کر

قتل کے بعد وہ روتے ہین پشیمان ہو کر
جان کو پایا ہے نساخ نے بیجان ہو کر

وصل ہونے پہ بھی ارمان نہ نکلا ہرگز
رہگیا دلمین مرے داغ بھی ارمان ہو کر

دم نزع مین جو کیا زلف مین اوسکے شانہ
تک رہا منہہ کو مرے آئینہ حیران ہو کر

چھوٹے گرداب بلا سے بھی سمجھے تھے ولی
اشک آنکھوں سے جو نکلے بھی تو طوفان ہو کر

زار ہو کر بھی نہ ٹھہرا نہ نگاہ مین تری
تیری نظرون سے گرا جاتا ہون مژگان ہو کر

رشک اغیار سے ہم خون جگر پیتے ہین
گالیان کھاتے ہین ہم پاس کے مہمان ہو کر

کہین ہو جائے جو تقدیر ہماری سیدھی
کام دے چارہ گر درد بھی درمان ہو کر

ہو گیا حشر بپا شور جزاک اللہ سے
وہ جو نکلے طرف گنج شہیدان ہو کر

بل پہ آتی تھی کبھی پیچ کبھی کھاتی تھی
رات ناگن سی مرے زلف پریشان ہو کر

شب ہجر انہین کوئی دیکھے جگر داری دل
ہمسری زلف سی کرتا ہے پریشان ہو کر

نام اغیار کا لینے ہو سے بد مستی مین
آئے وہ شب کو دے خواب پریشان ہو کر

خوف سے جان کا دینا بھی تو ہوگا دشوار
آئے موت اگر آیا شب ہجران ہو کر

نزع مین یار کے آنے کا گمان ہوتا ہے
کام دشوار ہوا جاتا ہے آسان ہو کر

ساتھ ہین صبر نہ ہوش و خرد و تاب و توان
نکلے کوچے سے ترے بیسر و سامان ہو کر

پھاڑ کے غیر کا دامن وہ مگر نادم ہین
بزم مین بیٹھے ہین کیون آج گریبان ہو کر

کے دیتا ہون جو وعدہ شکنی کی تو نے
ٹوٹ جائیگا مرا دم ترا پیمان ہوکر

کرلیا تھا یونہین وعدہ مگر آیا جو خیال
سر جھکائے ہوے بیٹھے ہین پشیمان ہوکر

ضعف سے بزم مین اوسکے نہین آتا جو نظر
چشم دشمن مین کھٹکتا ہون مین پنہان ہوکر

نہ بچا راہ مین اوس دشمن دین سے ایمان
کعبے کو جاتے تھے نساخ مسلمان ہوکر

برائے خدا گھر سے آؤ نکل کر
ذرا اپنی کشتے کو دیکھو تو چل کر

ہوا وعدۂ وصل سے وجد ایسا
کئے ٹکڑے سینے سے دل نو اوچھل کر

غضب آہِ شعلہ فشان نے کیا ہے
سنا ہے لگے نے نقطہ وہ بہی جل کر

عجب کیا تری چکنی باتون سے ظالم
گرے آج کا وعدہ کل پر پھسل کر

یہ ہے فکر اونکو وفا ہو نہ وعدہ
چلے جاتے ہین ورنہ شب کو وہ ٹلکر

بہلا خانۂ چشم ویران ہووے
جو طفل سرشک اپنے نکلین مچل کر

چھپاتا ہی کیا رات مین تو کھڑا تھا
عدو جب گیا تیرے گھر سے نکل کر

سکھائین اوسی جد کی لاکھون باتین
شب وصل ارمان نے اپنے نکل کر

کیا مجکو تاثیر نالہ نے رسوا
کہ وہ آگئے در پہ گھر سے نکل کر

اثر ڈر کے مارے گریزان ہوا ہے
خجل ہے مرے منہ سے نالہ نکل کر

ہوا سامنا میرا کوئی عدو مین
پشیمان ہوے شب وہ گھر سے نکل کر

جواب اپنا کیا دہریے دینگے اوسدم
خدا حشر مین بیٹھے گا جب نکل کر

ہو اوہم اوسکو نہ ہے بدگمانی
گئی گھر عدو کے وہ شب عطر مل کر

ستایا ہے کم بخت نے مجکو زاہد
مین لاؤنگا بازار سے دل بدل کر

کھڑے راہ نساخ کیا دیکھتے ہو
گئے گھر عدو کے وہ صورت بدلکر

نہ جاؤ کبھی کوے عشق بتان مین
اگر جاؤ نساخ جاؤ سنبھل کر

گھر یار کا پایا ہے نشان گم ہو کر چھپ سکے تھے نگہ دیدۂ مردم ہو کر

دشت و کہسار مین پھر کیون لئی پھرتی ہو وہم طرف طور سے آئے ہو مگر تم ہو کر

دیکھے دریا مین نہاتے جو اوسے غیر کے ساتھ کیون ڈبو دے نہ مجھے اشک بھی قلزم ہو کر

بعد مردن بھی مرا کاسۂ سر اے ساقی میکدے ہی مین رہا خشت سر خم ہو کر

غیر کی نعش پہ ایجان مری قسمت سے نکلے فی النار بھی منہ سے ترے تو قم ہو کر

طلب وصل پہ اک ناز و ادا سے آخر لب پہ اقرار بھی آیا تو تبسم ہو کر

تیرے دل تک جو رسائی نہوئی کیون نہ مین نالہ شعلہ فشان چرخ پہ انجم ہو کر

اونکو نساخ نہ بس نغمہ سرائیکا ہو شوق
منہ سے ہر بات نکلتی ہے ترنم ہو کر

توبہ کی رات رال ٹپکتی تھی ساقیا کل میکدے مین جام مے ناب لیکر

دل کو ہوس ہے بوسۂ سیب ذقن کی اور ہنستا ہو اک جہان مرے سودائے خام پر

ردیف زائے معجمہ

عشق و ہوس کا راز رہا ہے نہان ہنوز اونکو یقین ہے اسے سر امتحان ہنوز

ویسی ہی کج روی پہ ہے یہ آسمان ہنوز آئی نہین ہے لب پہ ہمارے فغان ہنوز

جو چاہتے ہین سنتے ہین وہ بزم غیر مین لیکن مین چپ ہون بند ہے میری زبان ہنوز

مرنے پہ بھی نہ آئے وہ میرے مزار پر ہے داغ میرے سینہ پہ سنگ گران ہنوز

بے خودی مین بھی سنئے کیا ضبط دیکھیے رسوا ہوا نہین مرا راز نہان ہنوز

یان انتظار مین تو ہوئی صبح وای بخت آنے کا تو خیال بھی آیا نہ وان ہنوز

آنکھیں لگی ہین پائے حنائی سے وصل مین ہے اسکے غم مین چشم مری خونفشان ہنوز

لالے کے بدلے داغ ہے اپنے مزار پر ہم مٹ گئے ہین پر ہے ہمارا نشان ہنوز

مقتل سے اپنے گھر کو وہ پھر کر چلے گئے ہے بوالہوس کے لب پہ مگر الامان ہنوز

مہندی لگا کے پاؤن نہین وہ کبہی سو گئے
آنے کا اونکے ہے مرے دل کو گمان ہنوز

پوہنچا نہین ہے وہ تو ابہی میرے حال کو
دشمن کے حال پر وہ نہین مہربان ہنوز

ہین آرزوی بوسہ مین برباد ہوگیا
لیکن وہ مجکو دیتے نہین ہین زبان ہنوز

دشمن سے اور اوسنے لڑائی تو ہوگئی
ہین لقب میرے نالہ و آہ و فغان ہنوز

پاؤن پہ اونکے کاٹ کے سر کو بہی رکہدیا
نساخ کسلیے ہے وہ بت سرگران ہنوز

نساخ گنج کو بہی گئے پر بقول درد
دل سے گیا نہین ہے خیال بتان ہنوز

کیون نالہ لب پہ ہجر مین آیا نہین ہنوز
کیون قصر آسمان کو ہلایا نہین ہنوز

دل محشر خیال ہے کیون جا کے دیکہا
کیون پہر کے نامہ بر آیا نہین ہنوز

نساخ آج یار کے وعدے کو کیا ہوا
آیا نہین ہنوز بلایا نہین ہنوز

ردیف سین مہملہ

بزم مین بیٹھے ہین غیر اوس رونق محفل کے پاس
لطف ہو گر اوٹھکے آبیٹھے وہ میرے دل کے پاس

یون لاتے ہین اوسے ہوسے وعدے کیا یاد
آدمی ہم بھیجتے ہین روز اوس غافل کے پاس

عاشقونکو مردمان چشم سے بہی ہے عزیز
ہے فسون آنکھون مین گہر کرنیکا تیرے تل کے پاس

حسرت شوق طپیدن دل مین ہیجا سے تہے یون
جان تہوڑی سی بہی گر ہوتی ترے بسمل کے پاس

اپنے پاؤن قبر تک جانے کی حسرت رہ گئی
پاؤن اپنے ہوگئے شل آکے منزل کے پاس

تاب و طاقت لے چکے تہے صبر کو بہی لے گئے
اب بجز ارمان نہین ہے کچھ ہمارے دل کے پاس

کشتی امید عاشق کی نہ ڈوبی ہو کہین
لگ گئے تختون کے نظر آتے ہین کچھ ساحل کے پاس

میرے دل پر لوٹ ہین سارے حسینان جہان
ہے کہان تعویذ حب ایسا کسی عامل کے پاس

شوخیون کو اونکی دیکھے کوئی اپنی بزم مین
چاہتے ہین وہ کہ ہم اور غیر بیٹھین اونکے پاس

ناقہ تیرا وہ شتر کینہ ہے مثل ساربان
مجکو جانے ہی نہیں دیتا کبھی محمل کے پاس

مژدہ ہووے بیگناہی کو شہادت کو نوید
باندھ کر سر سے کفن جاتے ہیں ہم قاتل کے پاس

اس سے زائد جانتا ہے اور کیا نساخ تو
تیرے نالے پہنچتے ہیں عرش کی کالکے پاس

کند اسے نساخ کر دے ناخن تدبیر کو
کام ہے آسان ہے اپنے عقدۂ مشکل کے پاس

حسرت دل اوس سے اے نساخ کیا نکلے بھلا
جز زبان تیز کیا ہے خنجر قاتل کے پاس

نہ سنی اوسنے داستان افسوس
نہوا راز دل عیان افسوس

آج نساخ مرگیا شاید
کر رہا ہے جو آسمان افسوس

ردیف شین معجمہ

ہجرانمیں ہے یہان عاشق دلگیر کو تشویش
لیکن نہیں اوس کافر بے پیر کو تشویش

آنکھوں سے ترے ہے دل دلگیر کو تشویش
ہو صورت صیاد سے نخچیر کو تشویش

ڈرتی ہے کہ ہاتھوں سے مرے ہو نہ پریشان
ہے وصل میں اوس زلف گرہگیر کو تشویش

حال دل مضطر جو کہوں اپنی زبان سے
تو کیا ہے ابھی ہو تری تصویر کو تشویش

سرہانے پہ لے لیکے جو عشاق کھڑے ہین
مقتل میں نہو کیون تری شمشیر کو تشویش

نالہ تو ابھی منہ سے ہمارے نہیں نکلا
پھر کیون ہے ابھی سے فلک پیر کو تشویش

کب دیکھتے ہیں غور سے وہ نامے کو مرے
ہے کسلیے یارب مری تحریر کو تشویش

کیون بات مری منہ سے نکلتی نہیں کوئی
کیون آگے ترے ہوتی ہے تقریر کو تشویش

جانے کو ہے وہ گھر سے مرے گھر میں عدو کے
کس طرح نہو خاطر دلگیر کو تشویش

ڈرتا ہے کہ بیتاب نہو دین وہ اثر سے
کس واسطے ہے نالۂ شبگیر کو تشویش

نکلا تو نہیں پیچ سے اوسکے دل عاشق
اے شانہ ہے کیون زلف گرہگیر کو تشویش

زندانمین ہے اک جوش پہ نساخ جو وحشت

ہے طوق کو حیرت تو ہے زنجیر کو تشویش

ردیف صاد مہملہ

یاد وسے ہین سوا تیرے تقریر کے خواص / تعویذ سے فزون تری تحریر کے خواص

جسکو کیا شہید اوسے آب بقا ملا / از حد عجیب ہین تری شمشیر کے خواص

آتا نہین ہے کام کوئی اوسکو جب ستم / ہین اوس جوان مین فلک پیر کے خواص

کسطرح ملک عشق کو قبضے مین کرلیا / گر تیری تیغ مین نہین تسخیر کے خواص

چھٹتا نہین ہے سینۂ دشمن ہدف کیطرح / کب میرے آہوئین مین ہین بہلا تیر کے خواص

آئے وہ میری قبر پہ بس یہ ہے کیمیا / پیدا ہون میری خاک مین اکسیر کے خواص

نکلا تو جسطرف سے کہنچے اوسطرف کو دل / نقش قدم مین ہین تری تسخیر کے خواص

جوش جنون مین مجکو سنبھالے گی کسطرح / گر راہ دشت مین نہون زنجیر کے خواص

نادم کسی کے قتل سے شاید کہ ہوگئے / شمشیر مین ہین کیون دل دلگیر کے خواص

آئینہ دیکہہ دیکہکے حیران وہ ہوگئے / کیون آگئے مجہمین بہی تصویر کے خواص

دم بند کر دیا ہے نفس کا فراق مین / ہین میرے دلمین خانۂ زنجیر کے خواص

راتون کی طرح دنکو بہی ہے دلکو اضطراب / پوچھو نہ میرے نالۂ شبگیر کے خواص

بہلاتی ہے جنون مرے دلکو رات دن / زنجیر مین ہین زلف گرہ گیر کے خواص

بگڑے جو میرے کام تو دشمن کے بن گئے / ہمدم نہ پوچھ تو مری تدبیر کے خواص

شاد سے خوب آنکہہ لڑائی رقیب نے / دیکھے ہین مین نے سرمۂ تسخیر کے خواص

ناسخ نام رحم کا اوسمین ذرا نہین
ہین موت مین بہی اوس بت بے پیر کے خواص

ردیف ضاد معجمہ

میرے گہر مین دشمنون کے ساتہ آنے سے غرض / آپ ہین ہون دل جلا مجکو جلانے سے غرض

عاشقون کی آبرو رکھتے نہیں مدِ نظر
دشمنون کے ساتھ دریا مین نہانے سے غرض

گر نہیں منظور یان ہنا تو کہدو صاف صاف
کام کیا حیلے سے تمکو کیا بہانے سے غرض

لیکے دل صبر و سکون کی جان کو پیچھے پڑے
ورنہ ہر دم جلوۂ پیہم دکھانے سے غرض

جو گرہ ہے اپنے دلکی وہ تو کھلنے کی نہیں
جان کو گیسوی جانانہ مین پھنسانے سے غرض

گر نہیں منظور ہین سمجھو تری باتون کو سست
جھوٹی جھوٹی قسمین پھر سر کی کھانے سے غرض

چاہتے ہو لطف دیکھو روٹھنے اور شیخی کا تم
ورنہ مجکو اور دشمن کو بلانے سے غرض

خون تو کچھ ارمان نہیں نکلیگا کیا نکلے گا
کھینچکر شمشیر میرے سر پہ آنے سے غرض

جھوٹ وعدہ بھی تو اے نساخ وہ کرتے نہیں
روز صدمے رشک دشمن کے اوٹھانے سے غرض

ردیف طاء مہملہ

بدلوگے وصل سے شب ہجران غلط غلط
تم اور نکالوگے مرے ارمان غلط غلط

مین نے شب وصال نہیں یہ بھی تو چھوا نہین
مجھسے ہوئی ہی زلف پریشان غلط غلط

جاگین جو بخت خفتہ ہمارے کہان نصیب
وہ آئین سوے گور غریبان غلط غلط

دیوانے وہ ہین پھرتے ہین ہم کوی یار نہ
ہم اور جائین سوی بیابان غلط غلط

انسان ہین ہو وہ جسکے سر ہر نہین بہی نہین
انسان سے بڑہکے ہو وینگی پریان غلط غلط

کیا باغ مین کہا ہے نہین جو خیال مین
ہم اور شوق سیر گلستان غلط غلط

سچ سچ مین کہ رہا ہون کہ بیجا ہے یہ خیال
چھوڑون گا حشر مین ترا دامان غلط غلط

گھر اک رقیب کا بہی تو اب تک گرا نہین
اشک سے نہ ہو اور تو وہ طوفان غلط غلط

کیا خانۂ رقیب کا در بند ہو گیا
وہ اور ہو وینگے مرے مہمان غلط غلط

ٹوٹا ہے میرے دلکی طرح اوسنے لاکہ بار
وہ عہد توڑ کر ہو پشیمان غلط غلط

بدستیان جو کرتے ہی ہین تو عدو کی ساتھ
وہ مجھسے ہو وین دست و گریبان غلط غلط

نساخ درد ہم سمجھے زیست کا سبب
مین اور کرون گا درد کا درمان غلط غلط

ردیف ظاء معجمہ

سامنا کیا بت کے یہان ہوا ہی واعظ
کیون نظر آتا ہے تو آج خفا سی واعظ

شوخیان ایسی کہان دیکے فرشتے کو نصیب
بت بیباک کجا حور کجا اے واعظ

اتنی قسمین ہین شرابون کی کہان جنت مین
رند کب مانتے ہین تیرا کہا اے واعظ

بزم عشاق مین تو نام نہ لے دوزخ کا
دل جلون کا تو کلیجا نہ جلا اے واعظ

روک لے اپنی زبان بہر خدا جھوٹ نہ بول
حور مین یار کی سی ناز و ادا اے واعظ

بہاگ جائیگی مری سوزش دل سے کوسون
نار دوزخ سے تو مجکو نہ ڈرا اے واعظ

نام اوس کافر بیدین کا ٹہر کر لینا
تہام لینے دے مجہے دلکو ذرا اے واعظ

سنکے لینا نام بتان تو نہین رہ سکتا
مجکو کیون کرتا ہے پہر منع بہلا اے واعظ

رشک سے دل کا عجب حال ہوا جاتا ہے
نام اوس بت کا نہ لے بہر خدا اے واعظ

حورون کو دیتا ہے پیغام بہری محفل مین
تیری آنکھون مین نہین شرم و حیا اے واعظ

کبھی نساخ کو پہر پند و نصیحت نہ کری
تلخی عشق کا چکہے جو مزا اے واعظ

ردیف عین مہملہ

ہے پسند دل پابند وفا یار کی وضع
لیکن افسوس پسند اوسکو ہے اغیار کی وضع

سر کو جنبش ہے نہ پاؤن کو ہے لغزش
دیکھو مستی مین بہی رکہتا ہون ہشیار کی وضع

طبع وحشت پسند اپنی جو ہے ہجران مین
کیون پسند اپنے نہ ہو مردم شوار کی وضع

ہم ہین جو مست نہ جائینگے نہ جائینگے کبھی
ہو نہ جنت مین اگر خانہ خمار کی وضع

اصل کا کام کہین نقل سے بہی نکلا ہے
اخذ بیفائدہ کرتے ہین حسین یار کی وضع

ایکہی بات کہ ہم دونون مین رہنے والے
گل کی وضع اونہین ہے تو ہم مین بہی ہے خار کی وضع

روز اک حشر بپا ہے مرے گہر مین ظالم
پہر گئی ہے آنکھون مین مرے تری رفتار کی وضع

اوج پر کوکب طالع ہے مرا اے نساخ / برق کی شوق مین نظرین ہے خرمن کی طرف

جلوہ افروز نہو وین کہین ناصح نساخ / کیون قدم اوٹھتے نہین یار کے مسکن کی طرف

عشق بازی بھی ہے کیا فن شریف اے نساخ

دیکھتا ہون جسے مائل ہے وہ اس فن کی طرف

نساخ کس سے کہیے یہ قسمت کی بات ہے / ہم یار کی طرف ہین وہ اغیار کی طرف

ردیف قاف

نہ آتا اگر اونکی الفت مین فرق / تو ہرگز نہوتا شکایت مین فرق

نہووے ادہر کیون محبت مین فرق / ادہر آگیا ہے مروت مین فرق

وہان کسلیے ہے عنایت مین فرق / یہان تو نہین ہے محبت مین فرق

ہے خاک اور آتش سے زائد ہمین / غریبون مین اور اہل دولت مین فرق

نہان ہے جو آنکھون سے وہ جان جان / بہلا کیون نہووے عبادت مین فرق

کمی کیون کرین آہ و نالے مین ہم / تنفر ہے اگر ہووے عادت مین فرق

کرون گر نہ آہ سحر کو مین ضبط / تو آئے ترے خواب راحت مین فرق

نہ جانے دے اوس کو جبین پاسبان / نہو روز گر میری صورت مین فرق

جوانی کہان آسکے پیری کے دن / کہ اب آگیا تاب طاقت مین فرق

لگی ہو نہ منہ دختر رز واعظا / مین پاتا ہون عادات حضرت مین فرق

قسم مے پرستی کی نہین مطلقا / قیامت مین اور اوسکی قامت مین فرق

خیال آگیا پہر اوسے جور کا

اب آئیگا نساخ غفلت مین فرق

ظاہرا صورت ہے قضا عشق / پر حقیقت مین جانفزا ہے عشق

دیتا ہے لاکہ طرح سے تسکین / مرض ہجر مین دوا ہے عشق

پوچھتے کیا ہین بوالہوس سے وہ
مجھے پوچھے کوئی کہ کیا ہے عشق

تا دم مرگ ساتھ دیتا ہے
ایک محبوب باوفا ہے عشق

عشق سے ہے عشق ہے حدیث دیکھو
کفر و ایمان کا مدعا ہے عشق

دیکھ لنساخ گر نہوتا کفر
کہتے سب بے شبہ ہم خدا ہے عشق

ردیف کاف

چھپاؤن تجھسے اے ظالم کہان تک
سنے اب آپ نے گو راز دل زبان تک

رسائی جو ہوئی اوسکے مکان تک
تو ہم سمجھے کہ پہونچے لامکان تک

اگر آئے مرا نالہ زبان تک
تو جل جائے زمین سے آسمان تک

مین پہونچون کس طرح تیرے مکان تک
مرا دشمن ہے تیرا پاسبان تک

نہین قائل وفا کا میرے افسوس
کیا ہے اوسنے میرا امتحان تک

بھلا کیجے عدو کی کیا شکایت
ہوا ہے دشمن اپنا رازدان تک

کہون کیا مین کمال دل ساقی
مُرید اوسکا ہوا ہے پیر مغان تک

نہ مجھے کیا دیکھنے کو آئینگے وہ
نہین سنتے وہ میری داستان تک

وہ کیون شاکی ہین نالون سے خدایا
ہلائی بھی نہین مین نے زبان تک

کہان جاؤن شب ہجران مین گھبرا کے
ڈراتے ہے شکل آسمان تک

پڑے کیون جان کے پیچھے خدایا
عدو کیون ہو گئے آہ و فغان تک

اوڑائیگی چمن مین خاک بلبل
اگر جیتے رہے فصل خزان تک

بھلا زندان مین جی بہلائین کس سے
نہین پاؤن مین اپنے بیڑیان تک

دیا ہجران مین میرا ساتھ کس نے
گئے ہین چھوڑ کر تاب و توان تک

یقین ہے ہونگے گھر بیٹھے وہ رسوا
جو پہونچا راز دشمن کا زبان تک

گریبان پر ہے اپنے آزمایا
ہمارا زور تھا ہمدم جہان تک

نہ پوچھو اونکے آنے میں احوال
الٹی دن سے ہے بیخود رازدان تک

عبث ہے الامان کا شور ای دل
کہان جاتا ہے نالہ آسمان تک

چھٹے اسلام سے جھگڑون سے ناسخ
کہین پہونچے جو ہم دیر بتان تک

نہان چشم جہان سے ہو گئے ہم
بڑھا ہی ضعف اے ناسخ یہان تک

کیجیے جور یہ جفا کب تک
اور اغیار سے وفا کب تک

میری بیتابیون سے وصل کی رات
دیکھیے رہتی ہے حیا کب تک

کیا ہوا انقلاب گردون ہای
ہم رہین یار سے جدا کب تک

عمر بھر اوسکا انتظار کیا
دیکھیے آتی ہے قضا کب تک

دیکھین ناسخ وہ رسائی مین
آپ رہتے ہین پارسا کب تک

ردیف لام

دل دینے مین عجب کیا تامل
دل اونکا ہے لین بلا تامل

گہر سے وہ گئے نہ ہو دین باہر
وان جانے مین کیون بیجا تامل

دشمن ہین نہین یہان وہ کیون آج
ہوتا ہے اونہین بجا تامل

آتے ہی جو اوسنے لپٹے بولے
از بہر خدا ذرا تامل

اوس سے جو کہا کہ ہین دو دل
سنکر اوس نے کیا تامل

وہ خواب مین کہین نہ چونکین
کر نالۂ نارسا تامل

ناسخ سمجھکے دل کو دینا
شیوہ ہے جو ترا تامل

ولہ

ہنستے ہو کیا ہمکو مرنیسے تو دو ● پھر مزہ ہنسنے کا دکھلائینگے ہم

کرنہ ای ناسخ ذکر ترک عشق
منہ پہ آبینگے تو مرجائینگے ہم

کہتے ہین محبوب او سے شوق کیا گالی ہے تو
یار کا گر وصل لکھا ہے مری تقدیر مین
افترا ہے جھوٹ ہو تہمت ہے یہ کسنے کہا
ہر دم تلاش یار مین پھرتا ہے سر مرا
اونکے گھر مین سنکے خط جائینگے ہم
جان سے اپنی گذر جائینگے ہم
مدتون سے گم ہے کوی یار مین
دختر رز کو لگا ئین گے نہ منہ
وہ نہ پہچانینگے اب یہ حال ہے
رات کو آتے ہی وہ کہنے لگے
قتل سب عشاق ہووینگے وہلے
ہمکو بھی سمجھا ہے کیا تمنے عدو
مل گیا ناصح اگر اوٹھے گا لطف
کیا عدو روکے گا بزم یار مین

جھوٹ کیون کہتے ہو ہمکو دیتے ہین دشنام ہم
ہو دین دشمن کامیاب رہین ناکام ہم
بکتے ہین بیہوش جنون مین لیکے تیرا نام ہم
بیٹھے ہوئے ہین گھر مین رہے ہین سفر مین ہم
کیا عدو ہین ہم کہ ڈر جائینگے ہم
عاشقون مین نام کر جائینگے ہم
لانے کو دل کی خبر جائینگے ہم
سیکڑے مین بھی اگر جائینگے ہم
ساتھ تیرے نامہ بر جائینگے ہم
جانے دیجے اپنے گھر جائینگے ہم
یاوسے اونکی اوتر جائینگے ہم
نام سے خنجر کے ڈر جائینگے ہم
پاس اوسکے بیخبر جائینگے ہم
جانتے نہ ناسخ پر جائینگے ہم

بچ گیا ابکی وبا مین گرعدو
ہے یقین ناسخ مرجائینگے ہم

ہجر مین ہین ہم نفس ظلم او ر بیداد اور ہم
قتل مین اب عذر کیا لاتا ہو دیکھیں نصیب یا
ہم نشین ہین نالہ اور آہ اور فریاد اور ہم
بھاگے دشمن بکے مقتل مین جلاد اور ہم

باغ مین نے یار موزون قد جو ہوتا ہے گذر
روتے ہین کیسا گلے مِل مِلکے شمشاد اور ہم

یار پر کہل جاتی کیفیت ہمارے عشق کی
ہوتے گر اک عہد مین قیس و فرہاد اور ہم

کیا ہوئی وہ بت پرستی نغمہ سنجی مے کشی
اللہ اللہ کرتے ہین گوشے مین زہاد اور ہم

وہم اوسکے آنے کا سے دغدغہ اغیار کا
یان شب تنہائی مین ہے یار کی یاد اور ہم

مرگئے توفیق آشفتہ عبیدی اور مست
ہکے نبگاسے مین نساخ آزاد اور ہم

ردیف نون

فرق نساخ اگر اونکی محبت مین نہین
کیون مزہ نام کو بھی حرف شکایت مین نہین

پہر گیا مجکو بہلا دیکہکے کیون مقتل سے
آب شمشیر خدایا مری قسمت مین نہین

تیری ہر بات پہ ہے محو دل پیر و جوان
ہے ادا کونسی داخل جو کرامت مین نہین

اوسکو سمجہین گے وہی ردکے جو خوگر ہین
جو مزہ رنج مین حاصل ہو وہ راحت مین نہین

دلمین ہم جانتے ہین دشمن جانی کو بہلا
فرق ظاہر مین اگر لطف و عنایت مین نہین

سجدہ کرتا ہون بتون کو مین محبت سے مدام
مطلقاً دخل ریا میری عبادت مین نہین

بے بلائے وہ چلے آتے تھے وہ بہی ان تہے
اب اثر خاک بہی تو جذبۂ الفت مین نہین

اونکی باتون کو بہلا کیا دل نادان سمجہے
ہان جو اونکی ہے وہ گویا ہے حقیقت مین نہین

بزم دشمن مین کیا چاک گریبان میرا
لطف جو اونکی عداوت مین ہے الفت مین نہین

بیقراری ہے نئے رنگ کی کیون اے نساخ
گرہی کوئی ادا اونکی ندامت مین نہین

دلربائی مین وہ استاد ہین بیشک نساخ
کونسی بات محبت کی عداوت مین نہین

بات میرے دل کی گربائی نہین
یارنے کیون شکل دکہلائی نہین

دشت مین کیون جاسے شہر یار سے
دل ہے کچہ آہوے صحرائی نہین

تیرا کوچہ چھوڑ کر جاؤں کہاں — تیری صورت میں تو ہرجائی نہیں
وہ نہ آئے سو گئے ہونگے وہ لے — وعدے کی شب ہے تو کیوں آئی نہیں
کیوں عیاں ہو اوسکا جلوہ ہر طرف — چشم عالم گر تماشائی نہیں
کیوں چھڑاؤں دلکو زلف یار سے — میں نہیں دیوانہ سودائی نہیں
یاں نہ آؤ خانۂ دشمن میں جاؤ — اسمیں بدنامی رسوائی نہیں
کہتے ہیں کیوں ہو بتوں میں تیرا کوئی — میری صورت تو جو ہرجائی نہیں
کنج تنہائی میں اوسکی یاد ہے — سچ اگر پوچھو تو تنہائی نہیں
وصل ہے ساقی پلا جام شراب — آج خوف چرخ مینائی نہیں
وہ سہی قد باغ میں آنے کو ہے — سرو میں کیوں آج رعنائی نہیں
ہیں جو چپ سے ہو گئے وہ مضطرب — کیا خموشی رشک گویائی نہیں
کنج تنہائی ہے پیری اور ہم — شعر خوانی محفل آرائی نہیں

کسکو اے لسان شعر اپنا سنائیں
شیفتہ آزردہ صہبائی نہیں

کیا دیا ہے نیا خطاب ہمیں — کہتے ہیں خانماں خراب ہمیں
ظلم پر ظلم ہے قیامت میں — کیا بھلا دینگے وہ جواب ہمیں
منہ لگاتا بھلا بت ترسا — سے سے ہوتا جو اجتناب ہمیں
یاد آتی ہے خواب کی صورت — عشرت موسم شباب ہمیں
نہیں گر اسکا کبھی حساب آج — بوسے دیتے ہیں بے حساب ہمیں
جب سے پہلو سے اوٹھ گئے ہیں وہ — دل ہے سینہ میں اک عذاب ہمیں
وصل میں چپ ہو کس لیے بولو — کیوں نہیں دیتے کچھ جواب ہمیں
[illegible] — [illegible] ہمیں

له شیفتہ تخلص نواب مصطفیٰ خان [illegible] دہلوی ۱۲۱۳ [illegible] تخلص [illegible] آزردہ [illegible] صہبائی [illegible] امام بخش [illegible]

وصل مین ہرا دل ہے جان افزا / نہ پسند آئے کیون حجاب ہمین

ہنو نساخ یار کے صدقے / کیا لا کہون مین انتخاب ہمین

صحیح آپ کا اے جانِ جان گمان نہین / ملے جو غیر سے نساخ کی یہ شان نہین

تلاش کرتے ہین میرے لیے وہ تازہ ستم / غلط ہے گر یہ کہون اونکو میرا دہیان نہین

اگر وہ رشک قمر میرے گہر مین آئے گا / یہ کیا ہے آج مرے سر پہ آسمان نہین

وہ شکے بوسے کہ تاثیر دل مین کرتا ہے / یہ تیرے عشق کا قصہ ہے داستان نہین

نہ پاس صبر ہے نے تاب ہے نے توانائی / وہ مہربان نہین تو کوئی مہربان نہین

نہ وہ نگاہ نہ وہ آنکہ ہے نہ ہے وہ بات / ملے ہین غیر سے وہ ہے یقین گمان نہین

بتانِ دہر نہ کیون چوم لین مری منہ کو / ہے اونکے حسن کی شوخی مرا بیان نہین

اگر بقول عدو مین ہون زندۂ جاوید / تو آکے دیکہہ مری جان مجہمین جان نہین

عیان ہے مستی شب دیدۂ خمارین سے / تمہارے منہ پہ ہون دانتون کا گر نشان نہین

نہ شیفتہ ہے نہ غالب نہ مومن و نہ تیر / ہمارے شہر کا نساخ قدردان نہین

ہوتا اگر ذرا بہی اثر میری آہ مین / اغیار مین کوئی بہی ٹہرتا نگاہ مین

اونکے آنے کا احتمال نہین / میری تقدیر مین وصال نہین

مجکو دشوار غیر کو آسان / گذر اوس کوچے مین محال نہین

خوش ہین وہ بزم غیر مین افسوس / میرے مرنے کا کچہ ملال نہین

رونا آکر دکہاتے ہو جلوہ / یہ تو فرمائیے یہ چال نہین

ہنسکے کہتے ہین اسکو سمجہے کون / ہے معما ترا سوال نہین

وحشت میری نے پائمال کیا / اے نساخ تجہ سا پائمال نہین

ہم نفس بے اثر ہے آہ نہیں
کیون عدو کے لبون پہ واہ نہیں

کہیے فریاد اونکے ظلم کی کیا
کوئی شاہد نہیں گواہ نہیں

کچھ وہ ایسے بدل گئے ہین کہ اب
نہیں وہ آنکھ وہ نگاہ نہیں

ہے شب ہجر و زلف یار سیاہ
پر مرے بخت سے سیاہ نہیں

کیون ہون گردش مین مثل فلک
مین نہیں مہر ہین تو ماہ نہیں

دل شکستہ دیکھکر بولے
عشق کی یہ تو بارگاہ نہیں

تم عدو کے سبب آئے یہان
عذر یہ بدتر از گناہ نہیں

دیکھ اسکو نہ توڑ اے ظالم
دل مگر تیری جلوہ گاہ نہیں

پھر کیا اوسنے کچھ فریب نیا
ہائی کیون میرے لب پہ آہ نہیں

مین تو کیا ہون وہ جادو سحر و فسون
اونکے دل مین کسی کی راہ نہیں

قتل ہوتے ہین کس لیے عشاق
عشق بازی اگر گناہ نہیں

دیکھ بتخانے مین نہ جا نساخ
نہیں مسجد یہ خانقاہ نہیں

جو عشق کا کچھ اثر وان نہیں تو یان بھی نہیں
وفا کی فکر اگر وان نہیں تو یان بھی نہیں

لحاظ ہستی کا اونکو نہ مجھکو ڈرنے کا
کہ قدر لعل و گہر وان نہیں تو یان بھی نہیں

ملون مین اوسے کیون وہ جو غیر سے نہ ملین
کسی طرح کا جو شر وان نہیں تو یان بھی نہیں

رقیب کا نہیں ڈر اونکو تو یہان ہے کیا
کہ گونہ گون خطر وان نہیں تو یان بھی نہیں

دہان گذرتی ہے شب عیش مین یہان غم مین
جو خواب تا بسحر وان نہیں تو یان بھی نہیں

رقیب کا ہے وہان انتظار یان اونکا
جو بند رات کو در وان نہیں تو یان بھی نہیں

یہ بدگمانی بیجا ہے اونکو اے نساخ
کہ دشمنون کا گذر وان نہیں تو یان بھی نہیں

گر اثر نالہ و فغان مین نہین | کوئی ذی روح کیون جہان مین نہین
اوسکے گھر سے نہین نکلتا غیر | اب مگر گردش آسمان مین نہین
بوالہوس قتل گہ سے بھاگ گئے | لطف اب میرے امتحان مین نہین
چلتی ہو عاشقون پہ تیغ پہ تیغ | کچھ اثر شور الامان مین نہین
خضر کی طرح کیا جئین تنہا | کچھ مزہ عمر جاودان مین نہین
مجھسے دل وہ بہانے کرتا ہے | خوبرویون کو جو گمان مین نہین
جو ہی سو ہے غیر نے ضرور ضرور | اب وہ باتین تری زبان مین نہین
آتش ہم سے کھل گیا ناسخ | مغز بھی میرے استخوان مین نہین

کونسا طرز سحر پردازی
کلک عبد الغفور خان مین نہین

مجھی سے وعدہ خلافی مین کچھ عدو تو نہین | تمھاری طرح سے دم باز و حیلہ جو تو نہین
شکایت فلکی ہمنشین سے کرتا ہون | عبث خفا ہوئے تم تمسے گفتگو تو نہین
جو شب کو اوسنے مین دیدار کا ہوا طالب | تو بولے پردے سے کچھ اور آرزو تو نہین
لگے بہشت مین کیا دل مرا کہ وان ساقی | صراحی و قدح و ساغر و سبو تو نہین
جو اوسکے مانگنے پر رات مین رہا خاموش | لگے وہ کہنے کہ کچھ جان آبرو تو نہین
مرا نشان مٹاتے ہو کیون کہو تو سہی | یہ میری قبر ہے کچھ حرف آرزو تو نہین
ہے آپکے رخ روشن سے اسکو کیا نسبت | چمک ہے مہر فلک مین پہ رنگ و بو تو نہین
تم اوس سے چھپتے ہو کیون گو کہ ہو وہ صاف بہت | دل اپنا صورت آئینہ عیب جو تو نہین

حنا کا رنگ تو ہوتا نہین ہے ایسا شوخ
تمھارے ہاتھ مین ناسخ کا لہو تو نہین

کہا اوسنے کہ تم رہتے ہو میرے دل مین جھنجھلا کر | کہا ارمان مین ہم بھی کہ تیری دلمین رہتے ہین

رات ہجران کی ہے اور کوئی بھی غمخوار نہین
کاش ناصح سے ہے چلا آئے اگر یار نہین

تیرے عاشق وہی اچھے جو وفادار نہین
بیوفا جو ہین وہ نظرون مین ترے خوار نہین

کیون گیا کوچۂ محبوب مین یون تو پوچھے
مین نے مانا دل نادان مرا ہشیار نہین

کیون نہو جلوۂ دیدار میسر ہم کو
روز محشر ہے یہ ہجران کی شب تار نہین

ہے یقین میری دعا کی ہو اجابت مشتاق
بند کیون آج در گنبد دوار نہین

رنگ کیا دشت مین ہو بے سروسامانی کا
پاؤن مین کفش نہین فرق پہ دستار نہین

سرد مہری حسینان سے ہوا دل ٹھنڈا
اندنون عشق کی وہ گرمی بازار نہین

حشر مین کھینگے کیا اونکو نظر بھر کے بھلا
کہ پسند اپنے تو بازار مین دیدار نہین

سر کو ٹکراتا ہے کیون سنگ در دشمن سے
دل دیوانہ یہ کچھ یار کی دیوار نہین

اوسنے جو دل کی خریداری کو پوچھا تو کہا
میرے پاس آئے ہو دل بیچنے بازار نہین

واہ کس دھوم سے اٹھی ترے کشتے کی نعش
نوحہ گر کوئی نہین کوئی عزادار نہین

ایک دیوانے کی تصویر ہے اللہ اللہ
گھر وہ میرا ہے کہ جسمین در و دیوار نہین

شور اے مرغ چمن کر نہ مرے نالون پر
منہ کی کھائے جسے اندازۂ گفتار نہین

کام ہے شیشہ بیانی سے کہ وہ منتظر ہین
آہ جب بیٹھی ہوئی سینے مین بیکار نہین

نہ اثر نالون سے کچھ کام نہین اے نساخ
ناروا جنس کا دنیا مین خریدار نہین

آپ نساخ سے ملتے نہین کیون کیا باعث
کچھ وہ بدوضع نہین کچھ وہ بد اطوار نہین

یار کا جلوہ ہے گل مین خار مین
دشت مین کہسار مین گلزار مین

واعظا کیا نار دوزخ کا ہے خوف
زیست کرتا ہون فراق یار مین

ہے نشان خون سر فرہاد کا
داغ جو ہے لالۂ کہسار مین

[illegible]
[illegible]

صدورت مدفصور رسوا ہو گئے
تھی جو حق گوئی زبان دار ہین

بخت خوابیدہ ہین دشمن کے وصال
ہجر مین میرے طالع بیدار ہین

جی ہی مین ہے اب نہ ہی سر کفن
حسرت آرائش دستار ہین

دہوپ کی شدت کا حیلہ کر کے ہم
ٹہرے اونکے سایۂ دیوار ہین

کیون نہ شش جہت بیدین کی ہے
آج جہگڑا کافر و دیندار ہین

دخت رز کیا محتسب کے منہ لگی
شور کیا ہے خانۂ خمار ہین

ہچکیان بیتابیان جانکاہیان
کیا مزے ہین مردن دشوار ہین

آہ و نالہ شور و افغان رنج و غم
دل ہمارا ہے انہین دو چار ہین

ہم قفس مین قید ہون ای ہمصفیر
موسم دور گل و گلزار ہین

وہ گلے مجہ سخت جانکے کیا لگے
دم کہان ہے خنجر خونخوار ہین

خار گلشن ہین نہ ہم مژگان یار
کیون کھٹکتے ہین دل اغیار ہین

حق تو یہ ہی بیسبب شہرہ ہوئی
بات تہی جز راستی کیا دار ہین

نالہ کیون جاتا ہے ای نساخ اودہر
کیا دہرا ہے گنبد دوار ہین

حرام کہاتے ہین جو جو حرام کرتے ہین
وہ ہم پہ طعنۂ شرب مدام کرتے ہین

غرض یہ ہے کہ نہ چھیڑین نہ کچہ کہین اونسے
وہ راستے ہین جو ہمکو سلام کرتے ہین

نہ کہیے گر اسے قسمت کی بات کیا کہیے
کہ راز دان مرے اونسے پیام کرتے ہین

وہان کی خاک بنے تو تیائی چشم فلک
وہ جس زمین پہ مشق خرام کرتے ہین

وہ بیٹھے سنتے ہین کیا جانے کیا سمجھتے ہین
نماز کے لیے جو ہم قیام کرتے ہین

ہمین برے ہین کہ کرتے ہین آپکو بدنام
رقیب آپکا دنیا مین نام کرتے ہین

ہے آج کیون در و دیوار و بام پر رونق
یہان وہ آنے کا کیا اہتمام کرتے ہین

وہ بعد ازین نہ کرین جفاے شب ہجر کا شکوہ
ہم آج یار سے حجت تمام کرتے ہین

وہ ڈالدیتے ہین عدو کو روز اے نساخ
ہمیشہ ہم سے یونہین صبح و شام کرتے ہین

طرفِ قبلہ سے جو کالی گھٹائین آئین
لب میخوار پہ کیونکر نہ دعائین آئین

گر شمار اونکا ہوا رہگیا اونکا حساب
حشر مین گنتی مین کیا میری خطائین آئین

خوف کسکو ہے شب ہجر کی تنہائی کا
رفع وحشت کو یقین ہے کہ بلائین آئین

بیوفائی رقیبان سے زبس خوگر ہین
کیا پسند اونکو بھلا میری وفائین آئین

اثر اونکا یہی ہوگا کہ وہ دینگے دشنام
اونکے حق مین جو مرے لب پہ دعائین آئین

تیری تاثیر کے ہوجائینگے قائل اے آہ
اگر اتنا ہی ہو جب اونکو بلائین آئین

کام مین میرے نہ آئین نہ سہی کچھ نساخ
چاہتا ہے یہی دل اونکو ادائین آئین

اوسپر ہوا ہی راز محبت عیان کہان
اوسنے کیا ہو دلکا مرے امتحان کہان

پیری مین ہمکو شوق مے ارغوان کہان
ساقی کہان ہو حضرت پیر مغان کہان

آہ شرر فشان سے کرینگے جلا کے خاک
جائیگا بچکے بھاگ کے یہ آسمان کہان

سینے مین آتش خود دوری مین مرا ہے ذکر
پہیلا ہو میرے عشق کا چرچا کہان کہان

کہتے عدو کو پاس سے نکلتا نہین ہے یار
وہ انقلاب کیا ہوا دور زمان کہان

صیاد ظلم پیشہ نے برباد کر دیا
ہم ہین قفس مین باغ مین اب آشیان کہان

پیری مین قوت ورک نے بیکار کر دیا
وہ عیش اب کہان ہے وہ بخت جوان کہان

تو مہربان نہین تو کوئی مہربان نہین
بیمار پر ترے ہے قضا مہربان کہان

تھے وہ عدو کہ بھاگ گئے قتلگاہ سے
میری بلا سے زمزمہ الامان کہان

تیر سے گلے کا ہار یہ ہو دیکھنا
جا سینکے اشک دیدۂ تر رائگان کہان

کیونکر کہانی اپنی سناتا ہین ازدان — سنتے ہین وہ زبان سے مری داستان کہان

لانے گئے ہین یار کو شاید شب فراق — ہمدم کہان انہین کہان ازدان کہان

کیا عیش جاودان کا بہلاوا کر ہمنشین — میرے نصیب مین ہو غم جاودان کہان

کچھ ہی کی بات کہنی ہو کوتاہی کیا — واعظ سے سیکڑے ہین جو پوچھا بیان کہان

کچھ لطف زندگی کا نہین ہے بغیر عشق — پیری مین ہاے دلکی وہ بیتابیان کہان

مین نے کہا ہے راز شب وصل غیر سے — کس وقت کس جگہ یہ کہا بیجان جان کہان

دامن ہو ٹکڑے ٹکڑے گریبان چاک چاک — اب ناتوانیون مین وہ تاب و توان کہان

لرزان تھے جسکے خوف سے نہ پایۂ فلک
نساخ اب وہ نالۂ آہ و فغان کہان

ہمسے کچھ بن نہین آتا دہین مرجاتے ہین — وصل کی رات جو وہ کہتے ہین گھر جاتے ہین

جو ترے عشق مین دنیا سے گذر جاتے ہین — نام عشاق مین تیرے وہی کر جاتے ہین

چلتے پھرتے جو ادہر آتے ہین گاہے ماہے — جھوٹ تہمت نئی معشوق کی دہر جاتے ہین

پیچھا چھٹینگے نہ رستے مین لپٹ جائین کہین — اپنے عاشق کی بچا کر وہ نظر جاتے ہین

سنگ در یار عدو کا کسے رہتا ہو خیال — کوچۂ یار مین بیخوف و خطر جاتے ہین

سنگدل موم کرینگے ترے دل کو اکدن — خالی اس نالۂ سوزان سے اثر جاتے ہین

قتل کرنے کا سلیقہ نہین اوسکو اتنک — ہاتھ کیون خون سے عشاق کے بھر جاتے ہین

راہ مین دیکھکے مجکو ہوے مضطر ایسے — گہ ادہر جاتے ہین وہ گاہ ادہر جاتے ہین

لن ترانی کی صدا سنتے ہین بام و در سے — تیرے کوچے مین اگر اہل نظر جاتے ہین

شام ہم دیکھتے ہین اور نہ سحر دیکھتے ہین — کوچۂ یار مین ہم آٹھون پہر جاتے ہین

رازدان ہمسے ہو کیا یار کی باتونکا علاج — وصل کی دیکھے زبان صاف مکر جاتے ہین

کوچۂ عشق مین نساخ سنبھل کر جانا

ٹوٹتے پاؤن مین آس راہ مین سر جاتے ہین

کیا بات چلتے وقت کہی اوسنے کان مین | آجائیگی یقین ہے شب ہجران جان مین
کس پر خفا ہو کس لیے ابرو مین بل پڑا | چلہ چڑھایا کسلیے اپنی کمان مین
ہم وعدۂ وصال سمجھکر ہوے خوش او | گالی وہ ترک دیتا ہے اپنی زبان مین
مہمان شب فراق مین ہوتے ہین کون لوگ | شاید ہمین ہے آج بلا آسمان مین
قاصد پیام یار یہی ہے تو جھوٹ ہے | لغزش ہے بات بات پہ تیرے بیان مین
گھر سے عدو کی نعش نہ نکلی زہے نصیب | تشریف وہ نہ لائے ہمارے مکان مین
مجکو کہین جو عشق مجسم تو ہے بجا | ہے عشق جای مغز مرے استخوان مین
جس دن سے چشم یار کی نظرون سے گر گیا | سرمے کی خاک ڈھونڈنے لگی اصفہان مین
دنیا کو ہے یقین کہ مری خاک بھی نہین | زندہ ہون مین فقط تو اونہین کے گمان مین
اقرار نادرست غلط عہد قول جھوٹ | تم سا کمان زبان کا سچا جہان مین
شان نزول پوچھتے ہین آپ کس لیے | آیت پڑھی ہے مین نے تو دشمن کے شان مین
مستی مین غیر سے تری چوسی ہو زبان | لغزش ہے آج کس لیے تیری زبان مین
مجکو نکالتے کا کہین مشورہ نہ ہو | نساخ کچھ وہ کہتے ہین دشمن کے کان مین

نساخ و داغ[1] و نیر[2] و آزاد[3] خوش نوا
مشہور نکتہ سنج ہین ہندوستان مین

آئے پیری کے دن شباب کہان | اب اٹھا مین جو غم یہ تاب کہان
مجھسے کیا ہم کلام ہون صاحب | سمجھے وہ قابل خطاب کہان
اوسکے قابل ہے خانۂ ویرانہ | وہ کہان اور دل خراب کہان
یار اور خانۂ عدو مین جائے | لے گیا نشۂ شراب کہان
بذلہ سنجی ہے نئی غزل خوانی | جوشش عالم شباب کہان

[1] داغ تخلص نواب میرزا خان صاحب دہلوی [2] نیر تخلص نواب ضیاء الدین احمد خان صاحب دہلوی [3] آزاد تخلص جناب سید محمود صاحب رئیس ڈھاکہ ۱۲

اسکو کہتے ہین طالع بیدار
ہجر کی رات مجکو خواب کہان

کیون ہو بزم عدو مین بے پردہ
کیا ہوئی شرم وہ حجاب کہان

محتسب پیجیے تو نہین آیا
مین کہان اور شراب کہان

دل غیر اوسکی زلف سے نکلا
اب مرے دلکو پیچ وتاب کہان

روتے ہین یاد کرکے ای نساخ
ہای طفلی کہان شباب کہان

کبھی آواز سنا جاتے ہین
کبھی صورت بھی دکہا جاتے ہین

اوسنے وہ ربط کہان ای ہمدم
بھولے بھٹکے کبھی آجاتے ہین

غیر سے آنکھ لڑی ہے شاید
آج وہ آنکھ چرا جاتے ہین

آتے ہین وہ جو کبھی کرکے بناو
بگڑی قسمت کو بنا جاتے ہین

رازدان جنبش لب ہی سے مرے
بات جو دلکی ہے پا جاتے ہین

دل پہ ہے دانت پریزادون کا
نظرون نظرون ہی مین کہا جاتے ہین

کیمیا ہے یہ مگر ساتھ اپنے
قبر مین لیکے وفا جاتے ہین

کہتے ہین یاد رکھو آئینگے پھر
کیا عمل ہمکو بتا جاتے ہین

غیر گھر مین نہین اپنے شاید
وہ کہان مثل ہوا جاتے ہین

کرکے اغیار کا شکوہ نساخ
جب وہ آتے ہین جلا جاتے ہین

ردیف واو

ہے سنگ در سے ترے ربط ناصیہ سرکو
عدو سمجھتے ہین ہم پوجتے ہین پتھر کو

نہین ہے تاب مجھے اب ستم اوٹہانیکی
کہو خدا کے لیے کوئی اوس ستمگر کو

جو ہو سکے تو اوٹھا لا کہ خم کا خم آجاے
ہمارے منہ سے لگا ساقیا نہ ساغر کو

وہان بھی دست درازی ہی جیب وحشت کی / کرینگے چاک گریبان صبح محشر کو

ہے تاک جھانک مین مشغول کیون عدو کیطرح / ہوا ہے آج یہ کیا چشم ماہ اختر کو

وہ منع کرتے ہین آنکھون کو میری رونے سے / بھلا مین خشک کرون کسطرح سمندر کو

نتیجہ دیکھیے وہ عاشق کے ظلم سہنے کا / ہماری نعش پہ لے آؤ اوس ستمگر کو

مثال دینی ہو منظور گر مرے دل سے / تو ٹکڑے ٹکڑے کرو پہلے جام و ساغر کو

یہی تو ایک ہی سجدہ ہے جو ہوا مقبول / اٹھائینگے نہ ترے سنگ در سے ہم سر کو

کہین نہ آنکے پھر جائے موت ای ہمدم / شب فراق مین ہرگز نہ بند کر در کو

پھڑکتی ہے رگ گردن جو آج ای نساخ / یقین ہے کہ وہ کرتے ہین تیز خنجر کو

مرے کلام پہ ایمان لائین کیا نساخ
جو مانتے ہی نہین معجز پیمبر کو

الفت کا میرے یار کو ہرگز یقین نہو / جبتک خراب عقل و دل و جان و دین نہو

ہم رازدان سے بھی کہین راز وصل یار / کیون کیجیے ایسی بات کہ ہرگز یقین نہو

گر دل سلامت اپنا ہو دلبر ہین سیکڑون / کچھ میرے دل سے کام جو تمکو نہین نہو

روکین نہ اپنے نالۂ شعلہ فشان کو ہم / جبتک کہ جلکے خاک یہ چرخ برین نہو

کہتے ہین ڈھونڈھو ایسی جگہ وصل کیلیے / جس جا پہ آسمان نہو یہ زمین نہو

میرا دل شکستہ ضرور آئیگا پسند / لیکن یہی ہے خوف کہ وہ خوردہ بین نہو

ہمسائے کا خیال ہے لیکن مین کیا کرون / اونکو نہین پسند جو نالہ حزین نہو

زندہ تو ہین پر اوس سے کہا ہے رقیب نے / مرنا ہمارا یار کو کیونکر یقین نہو

اونکے سبب سے اٹھتے ہین فتنے ہی آئے دن / ہمدم کیون آسمان پہ دماغ زمین نہو

نساخ مجھکو کون ہے غم دوست دہر مین / ہوتا ہے رنج دل اگر اندوہگین نہو

نساخ اپنے عیب کی ہے ہمکو دہ ملال

پڑہتے نہین ہین شعر اگر نکتہ چین نہو

دل کا کیا کام اگر کوئی خریدار نہو
تیرا دیدار میسر مجھے زنہار نہو
سنگ نے سر سودا زدہ زنہار نہو
خاک کر ڈالون جلا کر مین گہرونکو اونکے
اوسکے تلوون سے تو آنکھونکو ملو نہین لیکن
بام پر اونکے رسائی ہو کہین غیر کمند
وعدۂ وصل پہ جھگڑا نہ لڑائی ہووے
دل نے جس طرح ستایا ہے ستاؤن اوسکو
اونکو پردے کو جو کہیے تو یہ فرماتے ہین
جاگتے ہی نہ کٹین وصل مین میری آنکہین
کس طرح وصل میسر ہو مگر ہم کو
سر وحشت زدہ کا اپنے کرے کون علاج
کرین پرستش صنم ترک سمجھکر مجھے
ہائے مرتے نہین وہ جان نکلتی ہے مری
وصل مین نخرۂ محبوب سے عیش سوا

جنبش بہکار سے گر رونق بازار نہو
قسمت چشم سے گر روزن دیوار نہو
مجکو گر حسرت آرائش دستار نہو
گر طرفدار عدو آہ شرر بار نہو
خوف اسکا ہے کہ وہ خواب سے بیدار نہو
میری قسمت سے اگر پستی دیوار نہو
آسمان روز اگر بر سر پیکار نہو
ایسے محبوب کو چاہون کہ وفادار نہو
کیا ہے وہ حسن اگر گرمی بازار نہو
قسمت غیر مین گر طالع بیدار نہو
وصل کی رات اگر وصل پہ تکرار نہو
سامنے دشت نوردی مین جو کہسار نہو
میری گردن مین اگر رشتۂ زنار نہو
کیون گران مجکو گران جانیِ اغیار نہو
لطف کیا گر طلب بوسہ پہ انکار نہو

وہ نہ آئے کبھی نساخ جو تاریکی مین
وعدہ کی رات برنگ دل اغیار نہو

کچہ خوشی آتا نہین غیر انکو
بیمار مین بھی ہو اوسکے ظلم نہان
وصل کو کیا کہون وہ جانتے ہین

بیٹھے بٹھائے کیا ہوا مجھکو
ہنس ہنس کے کہتے ہین ہوا مجھکو
پاکباز اور پارسا سمجھکو

وعدہ کی رات مجھ سے جو تشریف لائے وہ
نکلیگی جان اپنی بھی آہ سحر کے ساتھ

کیا اس سے بڑھکے ہوویگی بیغیرتی بھلا
جاتے ہیں کوے یار میں ہم راہبر کے ساتھ

بیٹھے نہ مجکو کوئی بھی اونکی ہے غرض
ورنہ وہ اور آسکتے بھلا نوحہ گر کے ساتھ

خط لیکے شہریار کو ہوتا ہے حسد اتنا
جان خط کے ساتھ جاتی ہے دل نامہ بر کے ساتھ

ہر چند یون پیام میں واہے ہوئے زبان
خنجر کو لاگ ہوتی اگر میرے سر کے ساتھ

کیا دیکھتے ہو آنکھوں میں اب کیا ہے چارہ گر
دم بھی نکل گیا مرا خون جگر کے ساتھ

اب میں ہوں اور خانہ صیاد ہم صفیر
دل سے گئی ہوا ہے چمن بال و پر کو ساتھ

کیا کشمکش میں جان ہے دونوں کی دیکھیے
الجھی ہوئی ہے آہ ہماری اثر کے ساتھ

نساخ دھیان زلف کا دل سے نہ جائیگا
جبتک ہے جان تن میں یہ سودا ہے سر کے ساتھ

ردیف یاے تحتانی

انہیں شرم آتی نہیں ہے جفا سے
میں کیونکر بھلا باز آؤں وفا سے

ہے یہ حال نفرت ہے مجکو دوا سے
مرض کا یہ اپنا سمجھتا ہے شفا سے

مجھے تا لب گور پہونچا ہی دینگے
یہ امید ہے نالہاے رسا سے

نہ یون بندگان خدا کو ستانا
جو ڈرتا وہ کافر ذرا بھی خدا سے

کوئی نام کیا اوسکا لے اونکو آگے
عداوت ہے اونکو مری بددعا سے

گلہ کیا جو چھپا یار میں گر نہیں ہے
مری آہ لڑنے لگی کیوں ہوا سے

مری جان پھنسی ہے کشمکش میں
اولجھتا ہے شانہ جو زلف دوتا سے

یہ خواہش ہے گھر میں عدو کی بجائیں
مرے گھر وہ آئیں نہ آئیں بلا سے

گیا ارا تو چھپکے بزم عدو میں
کھلا راز پنہان ترے نقش پا سے

کیا خون عالم کا مہندی لگا کر
لیا کار شمشیر رنگ حنا سے

مری خاک پہونچیگی کوی بتان مین
توقع نہ تھی طالع نارسا سے

شکایت مرے نالونکی کیا کرینگے
وہ لیتے نہین نام میرا حیا سے

بھلا کچھ بلا ہے کہ قہر خدا ہے
اثر ہو گیا ہے ہماری دعا سے

مجھے مے پلائین یہ ہے فکر انکو
بڑا کام نکلا مرے اتقا سے

گریبان ہوا چاک آخر
اولجھنا نہ تھا اونکے بند قبا سے

ہو ارادت ناسخ رہی جنت
یہی وہ بھی تو چاہتے تھے خدا سے

روز بدمستی و مے خواری ہے
اس پہ بھی دعوی ہشیاری ہے

نوح سے کہدو کہ ہشیار رہین
آج پھر رونے کی تیاری ہے

ہے یہی شغل مرا ہجران مین
کبھی نالہ ہے کبھی زاری ہے

لاکھ عزت سے سوا ہے دلکو
کوچۂ عشق مین جو خواری ہے

دل مین کیون درد اٹھا کرتا ہے
کسی بیدرد سے کیا یاری ہے

دل ستانے کے سوا ای کافر
دلبری تجھمین نہ دلداری ہے

نشہ مین بھی نہین کھلتا مجھے
یہی اس مست کی ہشیاری ہے

کیون ترا حال ہے ابتر ناسخ
کیا تجھے عشق کی بیماری ہے

کیا وقت سیر خلق نہ پہنچے قتل عام سے
شمشیر ہے خجل تری تیزی گام سے

خلق خدا کو جلوہ دکھاتے ہو بام سے
محروم ہمکو رکھتے ہو کیون لطف عام سے

کم تجبین جبہہ مین نہ ہم آب حرام سے
زمزم جو لاکے دے کوئی بیت الحرام سے

گھبراتے ہین نگاہون سے جو تو دیا نام
جلوہ بھی اب دکھاتے نہین ہین جو بام سے

کرتے ہین جب سلام سناتے ہین ... فقط
کیون دشمنی ہے انکو ہمارے سلام سے

کیا میرے اضطراب سے مضطر ہوے ہین وہ
تسکین آج کیون ہے مری دل کو شام سے

بیتاب ہو نہین عشق بت شوخ و شنگ مین
ناموس سے ہے ننگ تو ہے عار نام سے

کیا تنگی قفس سے گلا گھٹ نہ جائیگا
صیاد مجکو تو نہ نکال اپنے دام سے

رہرو کو میرے نالون نے ہے صور کا گمان
برپا ہوا ہے حشر جو تیرے خرام سے

مالک ہین میری جان کے اور ہین مال کے
مفہوم ہوتا ہے یہی اونکے کلام سے

کچھ اونسے پوچھیے تو خفا ہو کے کہتے ہین
تو کون تجکو کام ہے کیا میرے کام سے

دین اپنے ہاتھ سے جو عدو کو وہ بزم مین
مجکو نہ کیون عداوت قلبی ہو جام سے

ہردم ہے کیون تڑپ رگ گردن کو اسقدر
نکلی ہے آج تیغ ستمگر نیام سے

ہے فوج آہ و لشکر فریاد ساتھ ساتھ
جاتے ہین کوی یار مین ہم دہوم دہام سے

گویا کہ وصل یار کا پیغام آگیا
ہجران مین خوش ہوا وہ اجل کے پیام سے

آنکھون مین شاعرون کی گڑ گئی ہے جا بجا
تشبیہ تیری زلف کو دیتے ہین دام سے

سمجھین گے راہرو یہی ہم بہی ہین وشنا
شرما نہ جائین کیون وہ ہمارے سلام سے

دیوان مین کاٹ دیتے ہین وہ دیکھکر
نساخ نفرت اونکو ہے کیون میرے نام سے

کی صفت اونکے بے دہانی کی
دہوم ہے میری نکتہ دانی کی

روز اک غم کی میہمانی کی +
اس طرح مین نے زندگانی کی

بوسے سے اونکے منہ کو بند کیا
دی یہ تحریر بدگمانی کی

سبکے سنتے ذکر ہے یہ ہنستے ہین
ہے یہ صورت مری کہانی کی

حسرت عمر رفتہ ہے دل مین
اب کہان شوخیان جوانی کی

جسم کا نام رہگیا ہے فقط
کچھ نہ پوچھو غم نہانی کی +

شکر کا ہے مقام میرے لیے
اوسنے دشمن پہ مہربانی کی

ہم در یار سے نہ اوٹھینگے | ہے قسم اپنی ناتوانی کی
اوسکے غصہ کا کیا گلہ آخر | ہے شکایت تو سخت جانی کی
ہم قفس کیا بتائین ہم تمکو | ہم نے کس طرح زندگانی کی
ساری باتین تھین عمر ہی تک ہم | اب کہان ہم ہوس لنترانی کی
کوئی کب تک سہے زمین ہو تو ہین | حد بھی کچھ جور آسمانی کی
ایک بھید سے نہین آتی | کیا کہون مرگ ناگہانی کی
دن بھی پیری کے جاتے ہین جنکو | شب نہ سمجھو اسے جوانی کی

کی جگہ اوسکے دلمین اے تسلیم
دیکھ تدبیر بدگمانی کی

یہ نہ تھی ہم کو توقع یار سے | سنتے ہین حال اپنا ہم اغیار سے
کام تو ہے یار سے اغیار سے | کیا غرض ہے کافر و دیندار سے
اشک حسرت پھرتے ہین میری طرح | تنگ ہے پر چشم در و دیوار سے
ساتھ اوسکے سونے کی تدبیر ہے | کام لینگے طالع بیدار سے
اسقدر شوق شہادت ہو مجھے | دم لپٹتا ہے تری تلوار سے
جام عمر اپنا نہ چھلکے کیون کہ وہ | لب بلب ہے ساغر سرشار سے
موت بھی بہتر ہے اے وعدہ شکن | مجھکو تیرے وصل کے اقرار سے
اوسنے مین ہون ہم سخن منہ کہان | باتین کرتا ہون در و دیوار سے
تھک گئین آنکھین ہوئین اپنی سفید | [illegible] دیدہ خونبار سے
ہون جو وارفتہ تری رفتار کا | حشر برپا ہے مری رفتار سے
اوسکے دامن سے اولجھ پڑتا ہے وہ | کیون ہون دست و گریبان خار سے
دوست کو دشمن نہ سمجھین کس لیے | ربط اب حد بڑھ گیا اغیار سے

چشم روزن سے لگی ہے اونکی آنکھ
میرے سر کو ربط ہے دیوار سے

زیست کرنا ہجر مین اے چارہ گر
سخت تر ہے مردن دشوار سے

اے خوشا طالع زہے خوش قسمتی
مجکو کہتے ہین وہ دشمن پیار سے

اوسکو اللہ جانے کیا آزار ہے
موت ڈرتی ہے ترے بیمار سے

جاتے ہو ناسخ سوے بتکدہ
آج آتے ہو نظر ہشیار سے

شغل ناسخ آج جو ہین نکتہ فہم
لطف اٹھاتے ہین مرے اشعار سے

جلوہ یکرنگی وحدت کا گل و خار مین ہے
ایک ہی تار عیان سبحہ و زنار مین ہے

تیرے غصے مین ہے ایجاد ترے پیار مین ہے
لطف جو کچھ کہ دل آزاری اغیار مین ہے

کیون نہ قبضے مین ہو ملک دل عشاق تمام
نقش تسخیر کا جوہر تری تلوار مین ہے

صاف آتی ہے نظر صورت قتل عاشق
آب آئینہ ترے خنجر خونخوار مین ہے

سے کمان لی ہے نکلتی نہین کیون سینہ سے بات
پیچ تاب کیلیے لکنت تری گفتار مین ہے

ناوک آہ فغان نے کیا پردہ فاش
نے سب آج ہے رخنہ تری دیوار مین ہے

کسقدر شوق سے لپٹا ہے گلے سے تیرے
رشتہ عمر مرا رشتہ زنار مین ہے

پاؤن کسکے دل سوزان پہ رکھا تھا تونے
کچھ عجب طرح کی گرمی تری رفتار مین ہے

نزع مین آنکے مشکل مری کیجے آسان
اب فقط ایک یہ ارمان دل بیمار مین ہے

سنکے احباب جو گریان ہین تو دشمن خندان
کس قیامت کا اثر آہ دل زار مین ہے

دامن یار سے کیا دست و گریبان ہے خار
خندہ زن ہر گل تر کیلیے گلزار مین ہے

مستی و بیکسی و رندی و توبہ شکنی
اور کیا اسکے سوا خانہ خمار مین ہے

بوسہ لے لب جانبخش کا ہے ایسا فیض
آب حیوان دم عیسی مری گفتار مین ہے

ہو گیا بکتے ہی بکتے سر واعظ خالی
اور مشغول وہ آرایش دستار مین ہے

مرگ دشمن کی خبر مین نہین ہرگز وہ بات ۔ دل کو حاصل جو مزا وصل کے اقرار مین ہے

ہمدان کو نہین بے شبہہ کبھی جا تو سخن ۔ گفتگو ہیچدان کو دہن یار مین ہے

سینہ و دل کو ہمارے ہی جلاتی ہو مدام ۔ واقعی خوب اثر آہ شرربار مین ہے

نوک خنجر مین ہے نے نوک سنان مین نساخ ۔ بات چبھتی ہوئی جو یار کے انکار مین ہے

وہ مرا حال زار کیا جانے ۔ وہ غم روزگار کیا جانے

وہ جو قول و قرار کو بھولین ۔ دل ہمارا قرار کیا جانے

جسکی کٹتی ہین وصل مین راتین ۔ صدمۂ انتظار کیا جانے

زاہد خشک اپنے گوشے مین ۔ لطف ابر بہار کیا جانے

ایک ہو وصل مین جسے شب و روز ۔ دور لیل و نہار کیا جانے

گردش چشم یار کے غمزے ۔ گردش روزگار کیا جانے

کیف مستی کو پوچھ مستون سے ۔ مردم ہوشیار کیا جانے

اپنے افعال مین جو ہو مجبور ۔ کہیے تو اختیار کیا جانے

محو غم عاشق فراق نصیب ۔ لطف بوس و کنار کیا جانے

لاکھ اٹھنے تو آپ ہو نازان ۔ میرا نالہ ہزار کیا جانے

ہمنشین کسکو کہتے ہین تسکین ۔ یہ دل بیقرار کیا جانے

گہر افشانے قطرہ نساخ ۔ رنگ ابر بہار کیا جانے

کرنہ عشق اے دل ناکام برا ہوتا ہے ۔ کہ بد آغاز کا انجام برا ہوتا ہے

مجھسے کیونکر وہ ملین خوف ہے رسوائی کا ۔ کہتے ہین عاشق بدنام برا ہوتا ہے

دن کسی طرح سے کٹ جاتا ہے ملنے سنکر ۔ حال دل کا تو سر شام برا ہوتا ہے

عشق مین کسکو کیا اپکا بندہ نے شریک
اسپہ بھی کہتے ہو اسلام برا ہوتا ہے

ہو سکے راہ دل یار مین تو کراے شوق
قاصد و نامہ و پیغام برا ہوتا ہے

مجھسے ملنے مین نہین اونکو تامل لیکن
عشق کا جانتے ہین نام برا ہوتا ہے

دل دیا بت کو کیا ہے بخدا تونے برا
سن سے نساخ برا کام برا ہوتا ہے

روز پہلو مین یار رہتا ہے
شغل بوس و کنار رہتا ہے

آنکھون مین اب بجای بینائی
یار کا انتظار رہتا ہے

ذکر کرتا ہے جب کوئی انکا
دل کو نے قرار رہتا ہے

تیری نظرون سے جو گرا اے دوست
سبکی آنکھون مین خار رہتا ہے

آج کیا پوچھتا ہے اے ناصح
کبھی دامن مین تار رہتا ہے

دل ہے وہ چیز ہجر کی نہ کہو
وصل مین بیقرار رہتا ہے

کیا ہے اوس شہسوار کی آہٹ
کیون پریشان غبار ہوتا ہے

وعدہ کرکے جو وہ نہین آتے
نالہ بھی شرمسار ہوتا ہے

اب بھلا اونکے جھوٹے وعدون کا
دل کو کب اعتبار ہوتا ہے

ہمہ تن گوش ہون تمام جہان
راز دل آشکار ہوتا ہے

توڑتے بھی تو ٹوٹتا ہے کہان
عہد جب استوار ہوتا ہے

کیا سبب ہے فقط غریبون پر
ستم روزگار ہوتا ہے

ہے کہین آمد بہار کہ آپ
پیرہن تار تار ہوتا ہے

تنگ آغوش مین کب آئے تہے
قبر مین کیون فشار ہوتا ہے

سرمہ دیدۂ شب ہجران
تیرے دل کا غبار ہوتا ہے

گلگشت ہے زلف مشکسا کی
اب خوب بن آئی ہے صبا کی

کچھ پوچھ نہ حال فتنہ زا کے
پتلی ہے وہ دیدۂ بلا کی

کیون خاک ہو دے مثال اکسیر
ہو جسکو تلاش کیمیا کی

اوس بت پہ فدا ہین جان و دل سے
سچ کہتے ہین ہم قسم خدا کی

کر بوسے سے مہر اوسکے لب پر
عاشق ترا اندنون ہو شاکی

اشکون مین ہے جلوہ رخ زرد
تسبیح نہین یہ کہربا کی

پرپیچ ہے راہ کوچۂ زلف
گم ہو گئی عقل رہنما کی

بوسے کف پا کے لے رہی ہے
تقدیر لڑی ہے کیا حنا کی

تنگ آ گئے سخت جانیون سے
اب ہم کو تلاش ہے قضا کی

سر پر سے اوڑ رہا ہی کم بخت
آئی ہے مگر قضا ہما کی

دل مین تو نہان صنم صنم ہے
ہے لب پہ صدا خدا خدا کی

وہ پھر گئے میرے در سے آکر
تاثیر مری دعا نے کیا کی

اوس کوچے مین جو گذر نہین ہے
مٹی ہے خراب اب صبا کی

برسون کا یہ تجربہ ہے میرا
درد اور بڑھا اگر دوا کی

گذرا مین اثر سے وائے تقدیر
اب مجھکو تلاش ہے دعا کی

اب لب مین نہین ہے رنج کوئی
کیا بات ادائے غمزہ زا کی

گم ہو گیا قافلہ ہمارا
آتی نہین بانگ کیون درا کی

گر شرم نہین جفا سے اپنے
کچھ شرم ہماری ہو وفا کی

بے پردہ وہ ہوے عدو کے آگے
نساخ ہے آپنے حیا کی

نساخ صنم پرست ہو جائے
بیشک ہے یہ شان کبریا کی

ہے جو منظور دل آزاریِ اغیار مجھے
بزم میں اپنے بلاتا ہے نہیں یار مجھے

چپ ہوں ہے مد نظر خاطر دلدار مجھے
غیر سمجھے ہیں نہیں طاقت گفتار مجھے

باغ میں پھول دیے غیر کو اور خار مجھے
یار نے دیدۂ دشمن میں کیا خوار مجھے

ضد خو ہے جوش سے ادا بیانی ہی بس پیچ
ہے پسند آپ کے اقرار سے انکار مجھے

جھانک کے دیکھنے کا یار کو کیجے بھی قصد
آنکھ دکھلانے لگے روزن دیوار مجھے

گرم ہے صحبت اغیار ترے گھر میں لگا
دھوپ سے کیوں سوا سایۂ دیوار مجھے

آنکھ میں جلوۂ وحدت کی سمائی ہے بہار
ایک آتا ہے نظر آج گل و خار مجھے

صحبت شیخ و برہمن سے حذر کرنا بلت
کہ پھنسائیں نہ کہیں سبحہ و زنار مجھے

عدل و انصاف ہوا آپ ہی کو ذات حکیم
جرم ہو غیر سے ٹھہراو گنہگار مجھے

بخت خوابیدہ سے کچھ دیکھیے بدل القابین
ملتا بازار میں گر طالع بیدار مجھے

جھوٹ ہی پر ہے عجب راست نما لطف فزا
آ کے قاصد نے دیا مژدۂ دیدار مجھے

واعظا تو ہی تو کہہ میں نہ پیوں وہ ساقی
ہاتھ سے اپنے جو دی ساغر سرشار مجھے

پاس رہتے ہیں کہاں اب تو ان صبح فراق
چھوڑ جاتے ہیں شب ہجر میں غمخوار مجھے

نالوں سے ہوگا جدا حشر بپا حشر میں بھی
گر میسر ہوا جلوۂ دیدار مجھے

اونسے پنہاں نہیں حال دل ناکام گراز
خلوت خاص میں کیا حاجت اظہار مجھے

حال دونوں کا ہے یکساں شب تنہائی میں
میں دل زار کو بہلاؤں دل زار مجھے

نہیں معلوم کہ کون ہوں کیا ہوں نساخ
کہ جگہ دیتے نہیں کافر و دیندار مجھے

جان کیوں لیتی ہے اے جان محبت تیری
کچھ محبت تو نہیں ہے شب فرقت تیری

کوئی اعجاز ہے یا ہے یہ کرامت تیری
تنگئ لب پہ ہے شکر شکایت تیری

تجھ سے اک ربط تو ہے خاص کسی طرح کا ہو
نہیں الفت تو غنیمت ہے عداوت تیری

کیا ہے تو کون ہو تو کس سے بہلا پوچہین ہم
کہ کسی کو نہین معلوم حقیقت تیری

حیف آغاز محبت مین یہ معلوم نہ تہا
کہ بدل جائیگی دو دن مین طبیعت تیری

جان پہر لاشۂ عاشق مین تڑپ کر آئی
قتل کے بعد اگر دیکہی ندامت تیری

غیر سے ملتی ہو کیون تیری نظر بدلی ہو
کیا ہوا خلق ہوئی کیا وہ مروت تیری

تو نے رسوائی مگر نام اسی کا رکہا
میرے باعث جو ہوئی خلق مین شہرت تیری

خوف ہے ہمکو جو تا رسکے و تنہائی کا
قبر مین ساتہ لیے جاتے ہین حسرت تیری

گر شب وصل ہوئی ہمسے خطا کر دے معاف
رکہکر سر پاؤن پہ ہم کرتے ہین منت تیری

ہاتہ زلفون کی طرف شب جو بڑہایا مین نے
بولے جہنجہلا کے کہین آئے نہ شامت تیری

وصل مین کیسے مزے سے مرا رستہ بند کیا
حشر مین بہی نہین کرنے کا شکایت تیری

جان سے اپنی بہلا کیون نہ رکہین سبکو عزیز
کہ نشانی ہو محبت کی عداوت تیری

مر گئے غالب[۱] و آزردہ رہا ہے اک تو
ذات نساخ بہت اب ہو غنیمت تیری

دیکہو لب لعل آئنے مین
پوچہو نہ ہماری آرزو کی

کیا دفع ہو تشنگی خنجر
دل مین نہین بوند تک لہو کی

کیا پڑ گیا اوس پہ میرا سایہ
تقدیر بگڑ گئی عدو کی

خود گم ہوے ہم تلاش دل مین
کیا بات ہماری جستجو کی

وہ چہرے کے دل کو قتل کے بعد
کرتے ہین تلاش آرزو کی

ہر بات پہ گالیان ہین لب پر
خوبی تو یہی ہے گفتگو کی

ہم جائین جو میکدے مین نساخ
گردن نہ جہکے بہلا سبو کی

جسکو عادت ہے دلآزاری کی
کیا امید اوس سے ہو دلداری کی

[۱] غالب تخلص مرزا اسد اللہ خان دہلوی ۱۲۸۵ھ ... [illegible] آزردہ تخلص مفتی صدر الدین خان مرحوم دہلوی

اب شکایت ہے عبث خواری کی — ایسے بیدرد سے کیون یاری کی

رکہدیا گردن ساقی پہ ہاتہ — نشے مین خوب ہی ہشیاری کی

خوار ہون دیدۂ اغیار مین بہی — ہے سزا اپنی وفاداری کی

زلف سے اونکی اولجہتے ہین ہم — ہے خبر کس کو گرفتاری کی

آن کر دیکہ گئے وہ آخر — رہ گئی بات میری خواری کی

نہین جو سوئی کمر کا شیدا — سمجہے کیا شعر کی دشواری کی

کاکل مشکین مین گرہ ہین نساخ
شوخیان آہوے تاتاری کی

ملین وہ یا نہ ملین پوچہتے تو ہین احوال — خوشی یہی ہے کہ اونکو مرا خیال تو ہے

تیرے کوچے کی جو گدائی کی — ساری دنیا کی بادشاہی کی

جس سے نساخ آشنائی کی — اوسنے آخر کو بیوفائی کی

دل ہوا خون لکہا تہا قسمت مین — کیا شکایت کف حنائی کی

ہے زبان پر دعا قفس مین بہی — قطع امید ہو رہائی کی

خواب خوش سے جگا دیا اونکو — نالون نے خوب ہی رسائی کی

دیر مین پہونچے راہ کعبے سے — گمرہی نے یہ رہنمائی کی

بوسے اونکے لبون کے شب لیے — مل گئین نعمتین خدائی کی

منہ لگاتی نہین ہے دختر رز — بات بگڑی ہے پارسائی کی

محو آواز یار ہون نساخ
دہوم ہے میری خوش نوائی کی

تری دوستی کا اسے یار پاس — عداوت اگر مجکو دشمن سے ہے

خاک بہی حاصل نہو تدبیر سے — آدمی ناچار ہے تقدیر سے

یار کیون آنے لگا تدبیر سے ‏ ‏ زور چلتا ہے بھلا تقدیر سے
ہر قصور غیر پر انصاف ہے ‏ ‏ تم خفا ہو عاشق دلگیر سے
تو نہین جو پاس جوش شوق مین ‏ ‏ باتین کرتے ہین تری تصویر سے
ہجر مین آتی نہین ہے موت اگر ‏ ‏ کام لیجے زہر سے شمشیر سے
جل گیا سب کچھ بجز اغیار دل ‏ ‏ میری آہ گرم کی تاثیر سے
آہ ہم بھرتے ہین نالے کرتے ہین ‏ ‏ شب نہین کٹتی کسی تدبیر سے
حال وصل غیر سے واقف نہ تھا ‏ ‏ کھل گیا ہے آپکی تقریر سے
کیا دکھایا ہے مجھے روز سیاہ ‏ ‏ بھر گیا جی نالۂ شبگیر سے
وہ جوان ہو جب مری سنتا نہین ‏ ‏ کیا توقع آسمان پیر سے
کیا چھپے گا راز قتل عاشقان ‏ ‏ خون ٹپکتا ہے تری شمشیر سے
ہمنشین گر وہ نہ آئے تو نہ آئے ‏ ‏ موت کو لاؤ کسی تدبیر سے
غیر سے ملنے کا ہے اقرار اوسے ‏ ‏ ٹکڑے ہے دل شوخی تقریر سے
کیمیا گر کو بجز افلاس رنج ‏ ‏ خاک بھی حاصل نہین اکسیر سے
میری صورت کیون جلاتے ہو بھلا ‏ ‏ دشمنی کیون ہو مری تصویر سے
قاصدا تو جلد آنا دیکھنا ‏ ‏ مر نہ جائین ہم تری تاخیر سے
بااثر نالون سے کر گرمی ہو بات ‏ ‏ کام لیجے آہ نے تاثیر سے

ہوتا اگر نساخ اس عہد مین
اس غزل کی داد لیتے میر سے

نساخ خضر راہ نا نشۂ شراب ‏ ‏ شب بھول کر وہ راہ مرے پاس آ گئے
کوچے مین ترے یار کوئی خاک بسر ہے ‏ ‏ دل سوختہ کوئی ہے کوئی تفتہ جگر ہے
ناکام ہین وہ جو ہین فن عشق مین استاد ‏ ‏ بے شبہہ فلک دشمن ارباب ہنر ہے

ممکن ہے کہ ہو بال سے باریک و لیکن
کہتے ہین نہین اوسکی کمر اسمین نظر ہے

بتلاؤ تو کیا عشق برا ہے کوئی آزار
کیون ہم نفسو مجھے بہلا تمکو حذر ہے

کیا پڑ گیا ہے میرے تن زار کا سایہ
کانٹے سے سوا باغ مین ہر ایک شجر ہے

سوتے ہین پڑے چین سے وہ ساتہ عدو کے
شاید یہی آہ دل محزون کا اثر ہے

نساخ نہ کیون جاے کفن باندہ کے سر سے
عشاق کا خون کوچہ قاتل مین ہدر ہے

نساخ ادڑاتا ہے تو کیون خاک بیابان
گہر مین ترے مہمان ہے وہ کچہ تجکو خبر ہے

گر گئے اونکی نظر سے واہ کیا تاثیر ہے
خاک مین ہم مل گئے ہین سر تقدیر ہے

مطالع

نساخ کو جو تو نے دیے داغ دلکشا
یہ داغ دلکشا ہین کہ ہین باغ دلکشا

روز روشن کو سیہ جو تیرے بالون نے کیا
ہجر مین یک حشر برپا میرے نالون نے کیا

ملا ہے لطف شہادت سے زندگانی کا
ہزار شکر ہے خنجر کی قدردانی کا

افسوس کہ شب مر گیا بیمار تمنا
لیکن نہ کیا تجھسے بہی اظہار تمنا

کیا کہین حال شب ہجر مین ہم بستر کا
نالہ گرم سے اک ڈھیر ہے خاکستر کا

ہو گیا ہے گم میرا دل بارہا
پڑ گئی ہے دلپہ مشکل بارہا

دامن غیر ترے ہاتہ سے گر پاک ہوا
بزم مین رشک سے میرا بہی جگر چاک ہوا

ہجر کی رات کو دم بہر بہی نہ آرام لیا
بات کچہ دل نے اگر کی تو ترا نام لیا

اوسکے کوچے مین دل کا خون ہوا
غم سے نساخ کو جنون ہوا

جسم زار شمع صفت شب جو گہل گیا
راز نہان سوز غم عشق کہل گیا

مین گرفتار کبہی اور کبہی آزاد رہا
کبہی ناشاد رہا اور کبہی شاد رہا

مقتل مین ہے اسی سے مرے دلکو اضطراب
کسواسطے ہے خنجر قاتل کو اضطراب

کوئی دنیا مین نہین رنج جراحت کا شریک
کہنے کو تو ہر کوئی ہے رنج و راحت کا شریک

